آخر آب تا ہو گوہر ثمر مین
برمین تا دل ہو اور دل مین خوشی
تا ہری ابر سے ہو شاخ شجر
تا ثمر سے زبان کو لذت

ایک عالم ہے خرم و شادان
مرجع کل ہے آپ کا دربار
ایسے دریا سے مین پھرون پیاسا
پر نہ جے چند قطرے ہاتھ آئین
مجھکو آب بقا نہ آیا ہاتھ
ہر طرح کے کمال سے آگاہ
فیض پاتے ہین عالم و جاہل
کچھ قباحت نہ آئیگی لازم
پر فراوان ہے آپ کی ہمت
آبرو اس حقیر کی بڑھ جائے
راہ پر آئے طالع مسعود
نظم کین مین نے حسب امر جلیل
ہوئے صفحہ کی آئے زیبائش
بھیجتا ہے یہ خادم مجبور
آبرو میری بڑھ کے دریا ہو
اس دعا پر کرون مین حال تمام
تا سحر مین ہو روشنی کا اثر
تا گھٹا کے سحر ہے بر مین
تا خوشی سے ہو کشت عمر ہری
تا شجر مین ہون گل گلو مین ثمر
تا کہ لذت سے دل کو ہو راحت

راحت و عیش ہو نصیب حضور
ہوں فریدون و جم نقیب حضور
صحت و عافیت ہو روز افزون
حشمت سلطنت ہو روز افزون
سکہ و خطبہ ہو خداوندا
ہر طرف ہو حضور کا ڈنکا
خضر کی طرح پائین عمر ابد
رہے سرکار پر خدا کی مدد
ہو چکا ختم اب تو ہے مطلب
رہے قلم لکھے زیادہ حد ادب
تابع حکم ربع مسکون باد
خانہ آباد و دولت افزون باد
شوکت و حشمت سلیمان ہو
ملک عالم مطیع فرمان ہو
نظم معروضہ حقیر ہے یہ
التماس دل منیر ہے یہ

لفافہ

یا الٰہی یہ عرضۂ احقر
باندھے ہین خاص کوٹھی کے اندر
پیش ابر مطیر فیض و کرم
ناخدائے سفینۂ عالم
روسائے کریم کے افسر
امرائے عظیم کے سرور
آسمان شکوہ عرش جلال
نازش دین و دولت و اقبال
فیض بخش جہان ملک آداب
میرے نواب اعظم الالقاب
وہ جو دریائے فیض کے در ہین
ذوالفقار علی بہادر ہین
ضاعف اللہ حشمت و اجلال
زادہ اللہ دولت و اقبال
پہنچے جاکر بڑی حفاظت سے
ہو شرف نگاہ حضرت سے
سامنے لیکے نامہ بر جائے
نظر خاص سے گذر جائے
عرضۂ کمترین عجز آگین
ننگ اہل سخن منیر حزین
بارہ سو چونسٹھ اب ہین سال عیان
آج ہے بست و پنجم شعبان
پہلا پیک تیز پا اسکو
فتح آباد سے لکھا اسکو

عرضی منظومہ از شہر فرخ آباد بخدمت خداوند نعمت سکندر حشم امیر الرؤسا رئیس الامرا سردار عالمیان نواب علی بہا در یکتا متخلص بعلی دام اقبالہ

مسند آرائے عز و جاہ و جلال | قمر برج دولت و اقبال
آسمان علوم و دانائی | دُر دریائے فیض و یکتائی
جم حشم قدردان ہمایون جاہ | حاتم نامور بنجوم سپاہ
زاد اجلالہ بہ بخت قوی | دام اقبالہ بحق نبی
بعد تسلیم و اشتیاق حضور | عرض کرتا ہے خادم مہجور
جب سے رخصت ہوا مین حضرت سے | جان جاتی ہے درد فرقت سے
یہی حسرت ہے کسطرح پہونچون | بوسہ آستان والا لون
آپ کا خلق یاد آتا ہے | صدمہ پر صدمہ دل اُٹھاتا ہے
در دولت سے گو جدا ہون مین | دل سے پر خادم آپکا ہون مین
جیسے رہتی تھی پرورش کی نظر | وہی اب بھی کرم رہے مجھ پر
فیض مشہور ہے امیرون کا | یہی دستور ہے امیرون کا
جس سے ربط تمام کرتے ہین | اُسکی عزت مدام کرتے ہین
اپنے خادم کو شاد رکھتے ہین | دور ہو تو بھی یاد رکھتے ہین
بسکہ خارش کے جال مین ہون اسیر | ہوئی عرضی کے لکھنے مین تاخیر
ہون جو بے شغل از بس ان روزون | ہے خیال خمس ان روزون
آئے گا جب جواب عرضی کا | حال اپنا حقیر لکھے گا
میرے نواب کا بڑھے اقبال | دوست ہون شاد ہر عدو پامال
شہ سے آگہی بحق پیغمبر | خضر کی عمر بخت اسکندر
کاتب عرضداشت غم تصویر | دور افتادہ غریب منیر

لے خدا شہر اندیشے کے اندر | میری عرضی بحق پیغمبر
پہنچے نواب باقتدار آخر کو | پیر و مرشد ہمارے بہادر کو
پہنچے قبضہ میں [illegible] سکون ہو | عمر و اقبال و جاہ افزون ہو
یہ عریضہ [illegible] | فرخ آباد سے روانہ کیا
بارہ سو [illegible] ہجری سال | ہے فلک پر مہ سوم کا ہلال
تیسری [illegible] ربیع الاول کی | چاشت کے وقت لکھی عرضی

ایضاً بنام نامی نواب ممدوح

بسم اللہ صحف سخاوت | مقصود و معاج فیض و ہمت
خورشید سپہر بے نظیری | زیبائش مسند امیری
فیاض زمان و نیک اختر | سرتاج سران دہر پرور
شایان سریر بادشاہی | آئینۂ قدرت الٰہی
اللہ بڑھائے عمر و دولت | صحت سے ہوں تا بہ سلامت
پہنچے آداب خانہ زاد | [illegible] شوق طواف آستانہ
سر سجدۂ بندگی میں رکھکر | لکھتا ہوں میں ایک تازہ دفتر
عرضی ہے یہ ایک خوشہ چین کی | عرضی ہے یہ ایک کمترین کی
عرضی ہے یہ ایک مدح خوان کی | عرضی ہے یہ ایک نیم جان کی
عرضی ہے یہ ایک باادب کی | عرضی ہے یہ ایک جان بلب کی
محروم سرور کی ہے عرضی | مشتاق حضور کی ہے عرضی
عرضی ہے یہ اس شکستہ پا کی | جس پہ تقدیر نے جفا کی
پابند سلاسل مصیبت | یعنی کہ اسیر ہے حقیقت
خدمت سے حضور کے جو ہے دور | دل ہے بے صبر آنکھیں ہیں بے نور

[illegible]لے ہے غم مفارقت سے
[illegible]ت مرا اگر مددگار
تقدیر کر نہین سبب ایسی
[illegible]ت ہوتی اگر مددگار
[illegible] شکر جناب حق تعالے
حضرت کا آج شقہ آیا
شقہ ہے کہ دفتر عنایت
شقہ ہے کہ وحی آسمانی
شقہ ہے کہ دفتر کرم ہے
[illegible]شا ہر دل افسردہ
[illegible] وقتر رنگین
آنکھون سے لگا کے رکھ کے سر پر
سنبل ہے کہ زلف حور سطرین
ہر نقطہ ہے خال روے لیلی
مضمون ہے نقطون مین ہویدا
[illegible] سطرہ مین لطف صد عنایت
[illegible]ت سے ملا امیر ایسا
[illegible]ب سے سوا ہے تحفہ بیشک
[illegible] لطف و احسان
اس تحفے نے قدر یہ بڑھائی
ہے فرط طرب سے چہرہ گلرنگ

جب تک ہے سدا ملازمت سے
دیکھون دربار عرش آثار
سرکار کہان کہان یہ عاصی
کس واسطے چھوٹتا وہ دربار
جینے کا یہ سبب [illegible] نکالا
بیجان تھا مین مجھے جلایا
شقہ ہے کہ مصحف کرامت
شقہ ہے کہ مسیح زندگانی
شقہ ہے کہ خط جام جم ہے
طغراے بیاض صبح نوروز
گویا ہین نجوم عقد پروین
تعویذ گلو کیا اسد اسے
یا دود چراغ طور سطرین
ہر نقطہ ہے قطب چرخ معنی
ہو آب گہر مین جیسے پیدا
ہر لفظ مین ہے معنے مروت
کیون کر نکرون مین شکر حق کا
ہوے نہین آپ شکوہ اتنا
خورشید کو ذرہ کا [illegible] بیان
تا عرش ہوئی مری رسائی ٭
پیراہن دو جہان ہوا تنگ ٭

کرتا ہون یہ عرض بے تصنع ۔ مضبوط ہوی مری توقع

معلوم ہوا تری جو توقیر ۔ کچھ راہ پر آئی مری تقدیر

اخلاص جو دور سے ہے مجکو ۔ امید حضور سے ہے مجکو

دیکھون مین صبح و شام شقہ ۔ بھیجین حضرت مدام شقہ

منظور جو پرورش ہو میری ۔ شقہ بھیجین حضور جلدی

داعی ہون تو مین حضور کا ہر دن ۔ راجی ہون تو مین حضور کا ہون

دل کا ہے یہ مدعا ہمیشہ ۔ واللہ ہے یہ دعا ہمیشہ

یارب بحق نبی و حیدر ۔ نواب کو سلطنت عطا کر

شاہی کا مرتبہ ہو حاصل ۔ خورشید سے چتر ہو مقابل

سکہ زر و سیم پر جگہ پاے ۔ ڈنکا ہندوستان مین ہو جائے

اے دل یہی راتدن دعا کر ۔ اے لب تو حضور کی ثنا کر

اے سر اسی در سے آنکھون کو مل ۔ اے پاؤن تو باندہ کی طرف چل

اے نور نگہ ہو فرش دربار ۔ اے ہاتھ ہو جلد چتر بردار

اے آنکھ تو نقش کفش پا ہو ۔ اے جان حضور پر فدا ہو

پونچا مجکو شتاب یارب ۔ مین بھی رہون ہم رکاب یارب

ہر وقت حضور مین رہون مین ۔ سایہ کی طرح جدا نہ ہون مین

تطویل نہین ہے عقل کا داب ۔ لکھ خاتمہ پر زیادہ آداب

دولت افزون مدام ... بادا ۔ اقبال بہان بکام ... بادا

ناکام و شکستہ حال ہیجان ۔ ننگ شعرا اسیر نادان

فخر علما و حبر اعظم ۔ تحریر معظم و مکرم

شمس الابرار خضر ایمان ۔ ہنگام افادت ابر ... نیسان

تشئید مبانی و مبادی | یعنی کہ جناب عبد ہادی
محدود ہوا انکا سایۂ علم | طوبے رفعت ہو پایۂ علم
تسلیم میری قبول فرمائین | ابر الطاف و فضل برسائین
کیا شرح کرون حکایت شوق | واللہ ہنسین نہایت شوق
کیونکر کرون طول شوق کو ختم | دفتر ہو ختم یہ نہو ختم
باقی نہین اب بیاض نامہ | ریشہ سے ہے خار پاے خامہ
لازم ہے ضبط اپنا نفس کن | بس کن ز حدیث شوق بس کن
انشاء اللہ میرے عریضی | پہنچی باندہ مین جلکے جلدی
خدمت مین امیر جم حشم کی | قدسی سیرت مسیح دم کی
دریاے کرم کے بے بہا در | نواب جری علی بہادر
حیات آیتہ سائے تھے | عمت برکاتہ آئے تھے
نوبت آئی ملاحظہ کی | دولت پائی ملاحظہ کی
مکتوب مسرت بنیاد | آوارۂ شہر فرخ آباد
واقف ہو خبر پا سکے | بلغ باخبر پا آئے
بست و ششم ربیع الاول کے | چوتھے تھے بارہ سو سی بالا
شقہ سے ہو کامیاب فدوی | ہے منتظر جواب فدوی

عرضہ منظومہ بحضور پرنور ایضاً متضمن جواب شقہ و رسید
یعنی عطایا از فرخ آباد

آرائش بزم تاج عالم | تاج سر سروران عالم
در یکتاے آفرینش | سر و زیباے آفرینش
حیان بخش مراد بخش و زر بخش | دریاے سخاوت دگر بخش

نواب فلک جناب و ذی جاہ — بحر فضل و کمال [illegible]

اقبال حضور کا ہو دائم — خاقان سے کہے صحیح و سالم

لاکھوں تسلیم لاکھوں آداب — ہوں شوق ملازمت سے بیتاب

بس غم میں ہوں زندگی سے بیزار — دیکھوں میں کس طرح وہ دربار

ہوسکے تو نہیں حضور مجھکو — دل سے سمجھیں [illegible]

لیکن مطلب مرا یہی ہے — شقوں کے آنے کی خوشی ہے

شقہ سرکار کا جو آیا — گویا کہ کیا ہما نے سایا

کیا نظم ہے کیا زبان فارس — بوئے گل بوستان فارس

ہر مصرع تر لب فصاحت — قند شیراز کی حلاوت

تاریخ کے مادے بھی نادر — نایاب و بدیع و عجب زاہر

دیوان آیا جو ریختی کا — دل کو راحت ملی سراپا

واسوخت ہے حضرت قلق کا — انشا بہار ہوش افزا

واسوخت امانت سخنور — ہے دفتر داستان سے بہتر

ان سب میں صنم کدہ ہے نایاب — بتخانہ لطف طبع کا باب

بس قطع جو دیکھے یہ حواشی — آذر بھی ہوئے بت تراشی

بعد اسکے مخمس و مسدس — پہونچے خوش ہو گیا دل ازبس

چادر شالی ہے سبز زرین — کشمیر کا کام عشرت آگین

کمخواب کا تھان بھی ہے بھاری — زربفت کی جسمین ... آبداری

پیرہن دوشالہ لاجوردی — سوسن دیکھے تو چھپا زردی

رنگ چمن اسکے سامنے زرد — یہ جوڑا ہے اپنی وضع میں فرد

قیمت میں گران تو رنگ میں خوب — ہے اطلس آسمان سے محبوب

ہے سہ صد و شصت سیم مسکوک
لایا قبضہ مین عبد مملوک

صفحہ زرین لفافے کا گلزار
پھولا آنے سے اُنکے گلزار

مضمون ہوا مین اس عطا کا
مرہون ہوا مین اس عطا کا

کاغذ نادر لفافے نادر
کار اہل فرنگ ظاہر

ہر صفحہ مین آئینہ کا سامان
جس نے دیکھا ہوا وہ حیران

بھیجی جو غزل حضور نے اور
اُسکا بھی لکھا جواب فی الفور

تاکید حضور نے جو کی ہے
عرضی مین غزل لپیٹ دی ہے

مہمل ہے لطف سب کی سب ہے
قابل وہ ملاحظہ کے کب ہے

عاصی نے قصد یہ کیا تھا
اس بحر مین نظم ہو سراپا

پر حکم حضور کا یہی تھا
یعنی کہ ہو وصف زلف و رخ کا

وصف رخ و زلف مین نہ بھیجا
ہو صرف کی خواہش سراپا

شقہ مجکو شتاب لکھیے
عرضی کا بھی جواب لکھیے

آزردہ جو ملول سے ہون حضرت
کرتا ہون تمام یہ حکایت

اقبال حضور کا ہو کامل
ہو عمر صحیح و خضر حاصل

اسکندر عصر آپ ہو جائین
دنیا کو اپنے قبضہ مین لائین

سرکردہ عارفان ذی حلم
استاد حضور قلزم علم

آداب کرین قبول میرا
تا مطلب حصول میرا

لفافہ

یارب بحق نبی ہادی
باندہ مین جائے میری عرضی

فیاض زمان غریب پرور
امید بر آر اہل جوہر

سند آرائے بزم ہمت
زینت دہ ملک مال و دولت

دونون عالم صدف ہین وہ دُر — نواب سخی علی بہادر

حاصل ہو تخت شاہی اُنکو — دے عمر خضر سے آگے اُنکو

عرضی کو ملاحظہ فرمائین — اغیار کہین نہ دیکھنے پائین

مکتوب منیر خانہ برباد — خار صحرائی فرخ آباد

عرضی شنبہ کے روز لکھی — بائیسوین ہے یہ صفر کی

سال ہجری ہین اسکے شاہد — پینسٹھ ہین بارہ سو سے زائد

شقہ کا بھیجنا ہے لازم — مشتاق جواب کا ہے خادم

شروع غزلیات

قصد ہے پہلے شاہد مضمون اگر توحید کا — شانہ کر زلفون مین بسم اللہ کی تشدید کا

ہے خوشی قربان ہو سکی خدا کی راہ مین — نیمچہ درکار ہے جسکو ہلال عید کا

ورد اسم ذات کہولا چاہتا ہے یہ گرہ — میرے دل پر دانت ہے اللہ کی تشدید کا

سیکڑون آئینۂ دل ہین حضور روے صاف — ایک ہین جلوہ نہین پاتے ہین تیری دید کا

سب ہین نقش تختۂ مشق تحیر ہین — مرغ سدرہ بھی ہے طغرا کلمۂ توحید کا

اس نبی کی نعت مین کیونکر نہون رطب اللسان — ہر نبی دانہ ہے جسکے خرمن تقلید کا

روضۂ پرنور کا اور استعارہ کیا کرون — بنگیا موتی سمٹ کر نور صبح عید کا

ابرو محراب در کرتا ہے ایماے سجود — گیسوے زنجیر گویا لام ہے تاکید کا

تو اگر چاہے تپ عصیان مری کافور ہو — جام آب آتشین کا ہے نسخہ تبرید کا

صندل پیشانی ہر حور ہے روضہ کی خاک — ہے وہان کی خاک کا جل دیدۂ ناہید کا

ایک ہین معنی مین بیشک مصطفے و مرتضی — بہر نعت و منقبت مضمون ہو توحید کا

خضر کو تحقیق بیعت مین یہ عقدہ کہل گیا — ہر فلک سبزہ ہے ملا کی رہ تقلید کا

گر نہو وے ذات پاک آفرینش کا سبب — گیسو تصویر ہوتا سلسلہ تولید کا

تیری خلوت اوج بخشِ گوشہ گیری ہو گئی | بوریا ہے چرخِ اطلس عالمِ تجرید کا

حسرت در ضعف میں بسکہ گریاں ہے مدام | ہے مرض چشمِ صدف میں آبِ مروارید کا

ابروئے محراب جیسے کیونکر آنکھیں ملیں | ناخن ہے چشمِ گردون میں ہلالِ عید کا

نسبتِ حق میں علی سے تا بہ مہدی لے ہے ضمیر
سلسلہ ہے نالہ کی زنجیر [illegible] بھی تقلید کا ✤

مرہم ہے زخم پہ کفِ جامِ شراب کا | کافور لاؤں مغزِ سرِ آفتاب کا

رنگِ فنا دکھلاتے ہیں نشۂ شراب کا | ہر جامِ مے ہے پھول کدوئے حباب کا

دل پر لکھا ہے دخترِ رز کے مزاج [illegible] | سکہ بنا ہوں اشرفی آفتاب کا

پھر جہان میں بادشہی کرے فنا [illegible] | وہ خضر ہوں کہ چتر لگایا حباب کا

مہرِ فلک کو داغِ جگر سے جلا دیئے | سونا گلا دیئے ورقِ آفتاب کا

سر پر اٹھا لیا فلکِ بے ثبات کو | تو زیست میں ستون ہے قصرِ حباب کا

پی جاؤں زہر آئے جو برسات بحر میں | افیون گھولنے کو ہو پینہ سحاب کا

بعد فنا بھی سوزشِ باطن ہی رہیگی | تربت ہماری سینہ ہے مرغِ کباب کا

ہنستے ہیں لوگ رنگ ترا عذار پہ | تختہ ہوں زعفران زرِ آفتاب کا

پیری میں بھی ہے داغِ جوانی سے دل سیاہ | دھبا لگا ہے سر پہ رنگِ شباب کا

ان کو جو تم بہرہ تو تجلی ہے اس قدر | ہر ذرہ پھول ہو سپرِ آفتاب کا

کھٹے ہمارے دانت ہو سے خوفِ شیب کے | اترا کبھی کہاں نشۂ شباب کا

اس سال دور دورِ فنا ہو جو الخیر | نوروز میں اڑائی انڈا احباب کا

باہر ہوا ہوں جامۂ فانی سے تن میں | ہو نیکو ٹھیکرا ہو سبو سے حباب کا

سب کس کے نام رکھا قرارِ بیکسی | پرچہ لکھا ہے کیوں ورقِ آفتاب کا

پانی ہو تو مہر اگر دیکھے روئے یار | فوارہ چھوٹتے آبِ زرِ آفتاب کا

صحبت یہ بے ثبات ہے اُس بحرِ حسن کی
شام وصال سایہ ہے چترِ حباب کا

جلوہ ہے جوشش دل بریان فزون ہوئی
حسن ملیح یار نمک ہے کباب کا

پیری مین خیر زینت دار فنا ہون مین
قد خمیدہ طاق ہے برجِ حباب کا

شاید کبھی چلی تھی ترے وحشیونکی چال
ابتک ہے پاے موج مین چھالا حباب کا

زلفون کو رشک خط شعاعی بنایئے
روغن لگایئے سپر آفتاب کا

عشق ذقن کی آگ سے جلتا ہے دل مدام
مسکن ہے چاہ باغ مین مرغ کباب کا

کاسہ کو دست یار مین اتنا ہوا عروج
سرپوش بن گیا قدح آفتاب کا

روشن ہین تجھسے شاہ سوارونکی محفلین
تیرا قدم چراغ ہے طاق رکاب کا

خورشید پایمال ہو دور شراب مین
پیمانے گردشون سے عقیق آفتاب کا

گر گشت تو کرے تو یہ بڑھ جاے آبرو
ہو ایک ایک پھول قرابا گلاب کا

اے گل نہین ثبات کسی رنگ کو یہان
پایا ہے باغ دہر نے پانی حباب کا

لاؤن کباب حوت فلک تم پیو شراب
دونا بناؤن برگ گل آفتاب کا

ڈنکے کی چوٹ آتی ہے بحر جہان مین موت
نقارہ بج رہا ہے شکست حباب کا

ایسی غزل بلند کہون اس زمین مین
ہر شعر خط بنے قدح آفتاب کا

غزل

غصہ مین بوسہ لون دہن لاجواب کا
سب [illegible] رنگ عتاب کا

ناحق کنار نہ ارادہ ہے خواب کا
چونکو گے سنکے شور شکست حباب کا

تو ہو اگر سوار تو عاشق ہون نالہ کش
تو مین چھپین جب نکلے مہ نو رکاب کا

لایا خطوط یار کرون شکر نامہ بر
کلمہ پڑھون ہمیشہ صاحب کتاب کا

گھوڑا ترا سمند نسیم بہشت ہے
گیسوے حور کیون نہو تسمہ رکاب کا

پانی ہوے ہین شرم سے سنبل آپکے حضور
فوارہ چھوٹ رہا ہے چمن مین گلاب کا

چمکی ہوی ہین خوب تری شہسواریان
بجلی ہے نور خندۂ زخم رکاب کا

حسن بتان کو بحر جہان مین نہین ثبات
گویا ہے آفتاب سپہر حباب کا

ہوتا ہے جسکی پنجۂ خورشید دست ہیچ
ہنوا حسین بند زر آفتاب کا

یاد خط عذار مین آتی نہین ہے نیند
چبھتا ہے پاسے خواب مین کانٹا گلاب کا

ٹھکاؤ آسمان کو ہنگام ترک تاز
اس قصر مین لگاؤ دریچہ رکاب کا

ہے سبزۂ عذار نہان جوش حسن مین
خط پر لفافہ ہے ورق آفتاب کا

کپڑے بساؤن خون تن وا عذار مین
چھلکے سے گل کے عطر نکالون گلاب کا

گھیرے ہوے ہین میری سیہ کاریان مجھے
برپا ہے دشت حشر مین خیمہ سحاب کا

گلگون ہوی ہے یار کی پوشاک ہولی مین
کیا چھوٹتا ہے رنگ گل آفتاب کا

مضمون بے ثباتی عالم رقم کیا
باندھا عروس فکر نے جوڑا حباب کا

رحمت خدا کی نشۂ افلاس مین ہے
اوڑھا فقیر مست نے کمل سحاب کا

دریا کنارے آپ جو قلیان کشی کرین
ہو رنگ بد سے رشک سے چہرہ حباب کا

مستو نہین پھوٹ پڑ گئی آتے ہی یار کے
لڑتا ہے آج شیشہ سے شیشہ شراب کا

غنچے چٹکتے ہی ہین ہجوم بہار ہے
میلے مین بج رہا ہے کٹورا گلاب کا

دنیا تمام دورۂ غفلت مین قید ہے
آنکھون کو حلقہ جانیے زنجیر خواب کا

پیتے ہین ہاتھون ہاتھ نزاکت سے می پرست
رقص فرنگ ہے کہ ہے دورہ شراب کا

غفلت زمین مین لیے جاتی ہے خلق کو
ہر قبر کو نشان سمجھ پاے خواب کا

تردامنی سے اتنی ہین موجین گناہ کی
دریا کا پاٹ بند ہے میرے حساب کا

غفلت کو چھوڑ دہر مین منزل کی فکر کر
اچھا نہ جہان راہ مین چلنا شراب کا

لطف وصال کہہ نہین سکتا زبان سے
نقشا بنا ہون خلق مین گونگے خواب کا

اس تنک مغز کو گرمی سے ناگوار ہے
نسخہ لکھین طبیب بجار شراب کا

رکھا لحد میں نامۂ اعمال اپنے ساتھ
باندھا کفن کے بند میں پرچہ حساب کا

پائی جگہ میں لغزش مستانہ کیون نہو
دیکھا ہے مین نے خواب مین ساغر شراب کا

تیری گلے سے چھوٹ کے نکلا فروغ مے
گوٹے کا ہار ہے کہ یہ موجہ شراب کا

دنیا مین مین چلا بھی ہون تو معصیت کی راہ
جادہ ہر ایک بند ہے میرے حساب کا

طوفان مے تنور فلک سے بھی بڑھ گیا
بال فرشتہ کیون نہو موجہ شراب کا

ہو بے میان یار تصور مین ہے مدام
ہر پارہ جگر نہین پرزا ہے خواب کا

کی سیر سب بے ثباتی ایام رات دن
رکھا گھڑی پہ آپ نے شیشہ حباب کا

ہر ایک شعر آیت اعجاز ہے منیر
قائل ہو مین تیرے سخن لاجواب کا

غزل

رفتہ رفتہ پست اتنا ممسک دون ہوگیا
عقدۂ امساک قفل گنج قارون ہوگیا

جب کبھی لیلی نے دیکھا رنج افزون ہوگیا
صورت خواب پریشان حال مجنون ہوگیا

نخل وحشت ہوگیا سرسبز عشق زلف مین
جو اٹھایا پیچ شاخ بید مجنون ہوگیا

بسکہ مین پامال فکر معنی رنگین ہوا
ہڈیون مین عالم یاقوت مضمون ہوگیا

عالم بالا کی زینت میری بربادی ہوئی
بوریا اڑ کر بساط بام گردون ہوگیا

بچ سکو خم مین پا سے طوفان حوادث سے نجات
قلزم مے کشتی عمر فلاطون ہوگیا

ناتوان ایسا کیا اس سروقد کی یاد نے
طوق قمری خاتم انگشت مجنون ہوگیا

غافلو جمعیت زر باعث نخوت ہوئی
سونے کا پتلا بت پندار قارون ہوگیا

بیت ہندی مین اگر مضمون گریہ بندھ گیا
ریختی کا پل عیان بالائے جیحون ہوگیا

کسکے تین چھنکتا ہے زیر داغ جنون
مال پولا اضطراب دل جو افزون ہوگیا

انگلیون پر چرخ نیلی کو نچایا اسقدر
تیرے فیروزہ کا چھلا دور گردون ہوگیا

رنگ شوکت سے ہے شفق گون ہے فکر منیر
لکھنؤ میخانہ ہے یا مضمون جو نکھیا

گذر ہر تحریر میں ہوتا ہے شعر طبع موزون کا — ہمارا کالہو بنجر اپنا دریائی نعمت اپنا کا
نہافت زا ہوا سودا یہ کسکی زلف شبگون کا — ہوئی زنجیر میں عالم ہے نبض سست مجنون کا
عمل ہے قافیہ تا قافیہ دیوانون کے مضمون کا — اڑا سکے تخت پریون سکے جو ہمنے تڑپ دیکھی نکا
شب میں شبنم دورہ رہا جام شفق گون کا — سفیدا صبح کا چہرہ بنا بینا سٹ گرد و نگا
دکھاتا ہے بہار تازہ پرتو رشک گلگون کا — بھری پھولوں کی سایہ ہے تمہارے قد موزون کا
آزو ہم سکل تمہاری کٹ گیا دل ہے اپنے سنگون کا — پڑا ہے دو دکے ہاتھ میں شاید شیشہ گردون کا
لیا التجہ سے آفات سے پیمانہ گردون کا — طلسم تازہ ہے لبریز رہنا جام افلاطون کا
نگاہ یار کا دھوکا ہوا ہے موجب چمن — خط ساغر کو میں سمجھا ہوا تھا شیشہ چشم سیگون کا
مہوش سرگیا رنگ سلطانی سکے نظارہ میں — بنا گو گرد سرخ ایک ایک سیلا چشم پرخون کا
کمال عشق نشہ ہے ملا ستون کو طے ناہید — سبو بادہ ساقی ہے خم فلک افلاطون کا
زمین میں سکون کا مال ہو کیا کیا چھپاتی ہیں — خط ہر جادہ مدن عالم ہے ما گنج قارون کا
لب نگین کی ہستی شاعرون کو دہ دکھاتی ہے — ارادہ کر رہی ہے فوج مضمون پر شبخون کا
شروع رقعہ ہی میں ہے سپہری عمل جو جاتی ہیں — دو پہر میں نکہت پاش کوئی بحر جیحون کا
کنار شعر کس نے دانت ایک کلید ان کیسی میں — گلستان میں چھپا انوارہ آب رنگنون کا
غضب سے ولیون یاد ہے آتش نو شانی — بنا سر چپڑا ہوا ان پر بگولا میرے ہامون کا
زبان ہیچ آب زر میں تقریر کرتی ہے — کرنہ شور ہے تھلا ہے غاغا وسکہ فریدون کا
تماشا ہوا تیر ادہ کیفیت اٹھاتا ہے — عزا خندق سکے پھر وہیں پایا حباب فیلون کا
شرابناب کے نشہ میں مگر شعر لازم ہے — ربط سے سی لگا یا جاسکے جو ذرا مرغ مضمون کا
یا طوفان اٹھایا بعد مرون جوش کرتے — کہ پانی پر چڑا نہ تیرنا پھر تا ہے قارون کا

پسینے مین وہ تر ہو جائینگے بالون کی گرمی سے
بسیگا ابر گوہر بار سایہ زلف شبگون کا

اثر سوز محبت کا پس قتل آشکارا ہے
لب شمشیر پر چھالا ہے ہر قطرہ خون کا

پسند آئی ہے سوزش دل کو شعر گرم کہنے مین
زبان چسکا پڑا ہے جب سے کباب مرغ بریان کا

قد خم گشتہ کی تعریف تیرے ہونٹون سے لونگا
عقیق لب سے ثمر پیدا کریگا بید مجنون کا

نہ مٹنے پائے نقش لوح وحشت بعد مردن بھی
ہماری قبر پر تعویذ ہو بازوی مجنون کا

فروغ آتش رخ سو رچپل پر رنگ لایا ہے
بنا طاؤس آتشباز پرتو روے گلگون کا

سوے برج فلک طفلی مین اکثر پر اڑاتے تھے
کبوتر شانہ ٹھہرایا ہے بنگلا بام گردون کا

نہ دین ساتھ اپنے دیوانون کا یہ غنچہ دہن یارب
بھرین کلیان تو دامن تنگ ہوگا کوہ و ہامون کا

منیر ایسا نہین جو حکم موسیٰ سے نکل جائے
نہ چھوڑا ہے نہ چھوڑیگا یہ دامن اپنے ہارون کا

چمن مین زرفشان ہے نور کس خورشید ثانی کا
نظر آتا ہے کیا کیا بیل بوٹا کامدانی کا

بقا کے پرتوے مین دیکھا تماشا دہر فانی کا
میری عینک نہین چشمہ ہے آب زندگانی کا

سیہ بختی نے سارا لطف کھویا زندگانی کا
نصیب زاغ تھا میوہ مرے باغ جوانی کا

قد خم گشتہ اپنا ٹھوکرون کے ساتھ چلتا ہے
بنا ہون بہر پا بے سو رہا تا ناتوانی کا

چراغ ساغر مے آئنہ پر رکھ کے ساقی نے
کنول تالاب مین روشن کیا ہے تیل پانی کا

عرق آلودہ چہرہ خواب مین آکر دکھا جاؤ
پڑا ہون غش مین چھینٹا دو مجھے منہ پر پانی کا

نظر آئی جو مجکو بیخودی مین دھوپ یہ سمجھا
اوڑا ہے رنگ کس گل کے لباس زعفرانی کا

ضعیفی آگئی لیکن شباب آنکھون مین پھرتا ہے
ملا پلکون کو عہدہ شانہ زلف جوانی کا

کھلا پڑتا ہے اسرار نہانی راست بازون پر
ہوا قفل جھوٹا ان بتون کی بیدہانی کا

مٹائی بعد مدت کے شکن ابرو پر خم کی
نکالا تونے بل لے ترک تیغ اصفہانی کا

فراق یار مین ہم سست بخشی جائینگے کیونکر
کڑا مہر و رتو یہ بنا چھلا نشانی کا

کیا خون شفق مہندی لگا کر آپ نے ناحق
عبث کھینچا عرق گوگرد سرخ آسمانی کا

نئی گلکاریاں کین نور شمع روے جاناں نے
کہ ہر فانوس پر ہے بیل بوٹا جامدانی کا

مری فصل شباب گل ہنسی میں کٹ گئی ساری
لگا ہے قہقہہ دیوار زنداں نقش جوانی کا

ریاض نور سے پھولا رخت زریں تم نے جب پہنا
کھلو بوٹے ہوا پر جہاز روشن کا مدانی کا

نئی تعزیر مشتاق تجلی کی مناسب ہے
ہمارے ماتھے پر گہدوا و فقرہ لن ترانی کا

مے رنگیں نہ پینا غوطہ کھاؤں کہیں شوق تقدس سے
عمامہ باندھیے موج شراب ارغوانی کا

الگی ہیں اطلس گرجے عنبر کی پتیاں اے گل
کنارہ ہے تری شملہ میں آب زندگانی کا

بدل کر قافیہ تازہ غزل ایک اور بھی پڑھ دے
منیر خوش بیان شہرہ ہے تیری خوش بیانی کا

طلسم نو بنے گا فکر سے مضمون عالی کا
پری بن کر اڑے گا رنگ تصویر خیالی کا

بجا ہے حسن کی گرمی سے دعوی بے مثالی کا
پسینا آپ کا روغن ہے تصویر نہالی کا

بڑھا افتادگی سے مرتبہ آشفتہ حالی کا
تن کاہیدہ سنبل بن گیا گلزار قالی کا

اثر ہے بد زبانی میں تری ہونٹوں کی لالی کا
شرار آتش یاقوت ہے ہر لفظ گالی کا

پھڑکتی ہے تمہاری بوٹی بوٹی بسکہ ڈوریں
زیادہ دام ماہی گیر سے پردہ ہے جالی کا

شب گیسو میں کیا کیا روشنی بندوں کی ہوتی ہے
کنٹھی الماس انجم کی ہے ہیرا انکی بالی کا

بطے مرغ بسمل ہو گئی ساقی کی فرقت میں
رگ حلق بریدہ خط بنا جام سفالی کا

طلسم تازہ دیکھا جعد عنبر بو کے سایہ میں
گہن میں آ گیا چاند آپ کے رومال شالی کا

اڑایا آتش خورشید عارض کی تجلی نے
ہوا شبنم کی صورت کف شراب پرتگالی کا

معطل ضعف نے افتادگی میں ہم کو کب کہا
قد خم گشتہ کو ناخن بنایا شیر قالی کا

شرارے آتش مہ کو اڑا دوں فصل بارش میں
جلا دوں تیغ دریا موج ہوائے برشگالی کا

تری تقدیر کا رتبہ بڑھایا بد زبانی نے
بنایا جوہر تیغ زبان ہر لفظ گالی کا

تمہارے پیٹ کا کرتی ہے نکلا تو چمن پیکر
نگین ماہ کا خانہ بنا ہر خانہ جالی کا

مربع بیٹھنے سے فرش کی زینت بڑھاتی ہین
پری رو جو کھٹا بنتی ہے تصویر نہالی کا

پڑا ہے عکس کرتی کا جو ہنگام خود آرائی
نظر میں جو کھٹا آئینہ کا اوڑھا ہی جالی کا

تکلف بڑھ گیا ہے بیت جو بیخانہ میں ہوتا ہے
بنا کا فور میت کف شراب پرتگالی کا

جلال آتا ہے اس مخفی کو جو نام اسکا لیتا ہے
سر ٹی ہو کر موکل ہو گیا اسم جلالی کا

گرفتار طلسم نا امیدی سے ہے تردد میں
نہیں کشت امل جو ہمکو ڈر ہو خشک سالی کا

جوانان چمن خلعت کے طالب ہین مستانیرو
گلستان پہ حرپلا دو حاشیہ دو شالی کا

تکلم مین سر محفل جو تونے گل فشانی کی
لگن پہ شمع سے دھوکا ہوا پہ ولونکی ڈالی کا

تمہاری بالیاں یاقوت کی زلفونمین جب چمکین
چراغوں سے ہوا ظلمات مین عالم دوالی کا

مسالا اسنے خرم پہ جو ٹکوایا محرم مین
تو عالم ہر کٹوری پر ہوا گوٹے کی تھالی کا

پڑا ہے کسکے حسن سبز کا پرتو شب وصلت
چراغ خانہ پر شک ہے زمرد کی پیالی کا

کسی نخوش چشم کے کوچہ کا سودا ہو گیا شاید
صبا کی چال مین عالم ہوا نبض غزالی کا

اسیر گردش گردون ہین بیکشلی سے زمانہ مین
ہمارے واسطے ہے طوق دورا جام خالی کا

نہ پہنچے گا ضرر تیغ نگاہ اہل عالم سے
زرہ بنجائیگا کرتا تری پیکرین جالی کا

چبا کر ہونٹھ غصہ مین غضب کی بدزبانی کی
عقیق لب پہ انکی کھد گیا ہر لفظ گالی کا

منیر اس شہر میں اوج کمال نظم پر پہونچا
الٰہی لکھنؤ بھی عرش ہے مضمون عالی کا

آئینہ کے عکس سے گل سا بدن میلا ہوا
صبح کے پرتو سے رنگ یاسمن میلا ہوا

ہو گیا نام کدورت بھی لطافت کو خلاف
عطر مٹی کا لگایا پیرہن میلا ہوا

ہو گیا بنا غبار راہ جسم صاف پر
رنگ نکھرا اور بھی جتنا بدن میلا ہوا

ملگجی پوشاک لیجاتی ہین حورین مانگ کر
حلہ جنت ہوا جو پیرہن میلا ہوا

صاف ہی عریانی وحشت کہی دیتا نہین — پوست کھینچونگا اگر میرا بدن میلا ہوا

خاکساری سے ہوئے جزو زمین ہم بعد مرگ — خاک کا پردا بنا ایسا کفن میلا ہوا

خاکساری نے کیا آزاد قید ننگ سے — ہوگیا خاکستری جو پیرہن میلا ہوا

لگ گئے کپڑے پسینے مین معطر ہوگئے — عطر مین ہو گیا جو پیرہن میلا ہوا

بعد مردن بھی تکلف سے کدورت دلمین ہے — صحبت کافور سے اپنا کفن میلا ہوا

ہوگیا مسی کا دہوکا صاف اہل دید کو — دود قلیان سے لب غنچہ دہن میلا ہوا

طبع رنگین کو مکدر سرد آہون نے کیا — لو نسیم صبح سے رنگ چمن میلا ہوا

شیشۂ ساعت کی کیفیت دکھائی یار نے — دلمین جب اسکے غبار آیا بدن میلا ہوا

کیا تری تلوار بھی مجھسے غبار آلودہ تھی — خون دل کا رنگ کیون ہے تیغزن میلا ہوا

ہوگئی بیحس غبار آمد صیاد سے — خاک تودا لوگ سمجھے جو ہرن میلا ہوا

کیا کدورت لائین حسن ملیح نمک کی گرمیان — شمع کافوری سے رنگ انجمن میلا ہوا

شاعرو مین گفتگو آئی کدورت کی بہم — صاف کہتا ہون کہ اب رنگ سخن میلا ہوا

کیا لطافت ہے کہ غلطی مین مکدر ہوگیا — منہ لگاتے ہی ترا رنگ دہن میلا ہوا

سالک راہ بتان آخر کو تیرہ ہوگئے — ہوگیا بھاری جو رخت برہمن میلا ہوا

وصل کی شب باتون باتون مین مکدر ہوگئی — گفتگو سے بوسے سے رنگ دہن میلا ہوا

خاک مین ملا کر نہ چھوڑا بوسۂ دیوار یار — بنگیا روزن اگر رنگ دہن میلا ہوا

کوچۂ گیسو مین کسکی خاک اوڑا لائی صبا — سایۂ پری ہوا عنبر جعد پرشکن میلا ہوا

صاف گوئی سے غبار آئینہ مین آیا منیر
میری باتون سے دل اہل سخن میلا ہوا

لکھتا ہون وصف گیسوئے بیچان بال بال کا — لیتا ہون آج جائزہ موذی کے مال کا

جلوے دکھا رہا ہے تصور جمال کا — سایہ پری ہوا ہے ہمارے خیال کا

هنگام شکوہ منہ بت زہرہ جمال کا / مطلع ہے اختر عرق انفعال کا

واعظ پیے تو گھونٹ شراب وصال کا / پھر پوچھ لینگے حال حرام و حلال کا

پاؤں مسی کو دخل نہیں بزم حسن میں / بیرنگ ہے ہنوز مرقع جمال کا

ایک جام دیکے خون رلایا تمام عمر / تھا گرم تر مزاج شراب وصال کا

روکی ہے آسمان نے راہ وصال یار / رہزن ہے آبلہ مرے پائے خیال کا

طوطی کا ناطقہ ہے تو رفتار کبک ہے / عالم فریفتہ ہے تری بول چال کا

کھویا کیے ہیں دولت دنیا شراب میں / چکھا کیے ہیں مال ہم اس پیر زال کا

دم بھر ہے حباب نمط کائنات میں / اس زندگی میں نام نہیں ماہ و سال کا

مرتا ہوں تا ملے قد دلدار کا لباس / کپڑا کفن کو چاہیئے طوبی کی چھال کا

سرکش ہوں زلف یار سے یا رب معاف کر / حقا گناہ گار ہوں میں بال بال کا

بھجائے مجکو بام بت عرش مرتبہ تک / روح الامین خطاب ہو پیک وصال کا

منگوائینگے بہشت سے جام می طہور / جھگڑا بہت بڑا ہے حرام و حلال کا

قائم مزاج رہتے ہیں سب بے فکر دہر میں / تصویر کو خیال نہیں اعتدال کا

نقل مکان کی دیتے ہیں ترغیب اہل دہر / خواہاں ہے ایک ایک مرے انتقال کا

دیوانہ ہوں نہیں گیسو پیچاں کا اے پری / گنڈا مرے گلے میں ہو زلفوں کے بال کا

لازم ہے تجکو گوہر دندان کا انتظام / ان گوٹیوں میں چلتے ہیں دو ڈر اخلال کا

جرأت کا جامہ قطع ہے مردونکے واسطے / خرقہ فقیر رکھتے ہیں شیروں کی کھال کا

آغاز عشق میں نظر آتا ہے خاتمہ / وقت آگیا کمال سے پہلے زوال کا

بجلی گرائی پرتو رخسار یار نے / پیدا ہوا جمال میں عالم جلال کا

ٹکڑے بدن کے اڑتے ہیں شرم گناہ سے / تیزاب سے سوا ہے عرق انفعال کا

انکار ہے خزانۂ قارون سے اے کریم / طالب ترا گدا نہیں مردے کے مال کا

دیوانون کو نہین خبر دوزخ و بہشت
اللہ کو ہی علم ہے ہمارے مآل کا

نامہ کے ساتھ آئی ہے تصویر یار کی
مونہہ دیکھتا ہون قاصد فرخندہ فال کا

ذمہ کیا ہے ناز کا مہندی کے چور نے
ضامن ہوا ہے دزد حنا کو توال کا

طفلی سے مشق کرتے ہین لوح مزار پر
ہم ابتدا سے لکھتے ہین نقشہ مآل کا

بس کے گلون کے ہیے فصل بہار مین
رنگ انہین تہا حضور کے ایک ایک گال کا

دنیا کو لات مارتے ہین آپکے فقیر
پا پوش کے تلے ہے سر اس پیر زال کا

دیکھا کرے تصور کا ل دہان تنگ
مسی تمہارے سرمہ ہو چشم خیال کا

لے کردگار کاتب اعمال اور ہیچ
افسانہ بڑہ گیا ہے بہت میرے حال کا

غصہ مین مونہہ پھلاؤ تو حسن اور بڑہ چلے
دلدار آئینہ ہو تمہارے جمال کا

ہوتا ہے نحس ایک ستارے کا دیکھنا
اچھا نہین ہے شوق تماشاے خال کا

گیسو کو چھوڑ کر خم ابرو پر آپ نے
ظاہر کیا طلسم خسوف ہلال کا

صیاد کو شکار ربط مے پسند ہے
پھندا ضرور چاہیے شیشہ کی بال کا

سرمہ ہے چشم کہک دری مین اعجبا
ایسا پسا ہوا ہوں حسینون کی چال کا

کاجل بہت سیاہ ہوا آنکھون کیواسطے
اے گل چراغ چاہیے چشم غزال کا

امرد ہی کشیدگی سرو قد یار
سایہ زمین پر نپڑا اس نہال کا

گلدستے سوا ہے تمہارا اوگالدان
فیض دہن سے پھول بنایا اوگال کا

پریان اڑ رہی ہین کوچۂ گیسو مین اے صنم
کہٹکا ہے طائران ہوائی کو جال کا

بادۂ شراب ناب بہرے ہے میکشو مدام
شیشہ ہے آبلہ مرے پاے خیال کا

تصویر کہنچی جاتی ہے کس خوش جمال کی
پھرتی ہین رنگ حضرت یوسف کے گال کا

سینچا ہے باغ دہر کو زہر آب مین مگر
بے وجہ رنگ سبز نہین ہر نہال کا

پابند دام شوق نشانی سے ہوگیا
چھلا تمہارے ہاتھ کا پھندا ہے جال کا

کہتے ہین تیرے طالب دیدار الامان
اے ذوالجلال وقت نہین ہی جلال کا

ایک ایک ہاتھ کاسۂ چشم کلیم ہے
سائل ہو نمین تجلی حسن جمال کا

کچھ مانگتے نہین ہین خدا سے بھی ہم فقیر
مذہب مین اپنے حکم نہین ہے سوال کا

گدر اگر بنائے ہین طوبا کے ای صنم
لیزم مین بھی ضرور ہے کہنا ہلال کا

قاتل کے ہجر مین شب فرقت یہ تیرہ ہے
مہتاب کو مین پھول سمجھتا ہون ہال کا

اسرار حق بھرے ہوے ہین بیت بیت مین
اپنا سفینہ سینہ ہے اہل کمال کا

مادام لکھنؤ ہے آباد اے منیر
مجمع ہے اس دیار مین اہل کمال کا

دیگا جو بوسہ دشمنون کو پور پور کا
پیجیاؤنگا لہو تری منہدی کے چور کا

زاردن کے آگے خم ہے سر اہل زور کا
زنجیر فیل نقش ہو رفتار مور کا

کوس رحیل نام ہوا میرے شور کا
پروردہ ہون مین حلقۂ آغوش گور کا

ای گل لگائے زخم و نمک تیغ نے ساتھ ساتھ
پانی ہے تیغ تیز مین دریائے شور کا

کیا دیکھتا ہے وہ جو نہین دیکھتے ہین ہم
پوچھین کسی بصیر سے کچھ حال گور کا

تسخیر کرلین عالم فانی کو جیتے جی
بازو پہ اپنے چاہیے تعویذ گور کا

شیرین لبون کے عشق مین کیا ناتوان ہون
عالم ہے میری نبض مین رفتار مور کا

سارا جہان دیدۂ روزن مین ہی سیاہ
جالا لگا ہے گھر مین مری چشم کور کا

سر طاعتون کی دید کو اڑتا ہے ساتھ ساتھ
جوڑا ہے مرغ رنگ پریدہ چکور کا

قید الم کو نام پیا اللہ توڑ دے
دست خدا سے آج مین طالب ہون زور کا

پونچا مین تیرے کوٹھے تک اے آسمان مقام
رشتہ ملا کمند کو تکل کی دوڑ کا

اس ماہ رخ کی عشق مین جلتا ہون شعلہ سان
میرا ہر ایک عضو ہے طعمہ چکور کا

پھندے سے چھڑائین طائر رنگ حنا کے آج
چھلا اتار لین جو تری پور پور کا

دل سے متاع ہوش و خرد آپ لے گئے — اب خانہ خدا میں ہوا دخل چور کا

اس ماہ وش کے گھر میں ہوا مرغ دل اسیر — بن تو قفس ہے ہماری چکور کا

غیروں کو پھیر آپ کرو دن بناتے ہیں — طالب میں ایک کا ہوں نہ خواہان کرور کا

کرتا ہے کیوں وہ اور وہ وحشی قیس داغدار — جنگل میں دیکھتا ہے کوئی ناچ مور کا

روشن ہیں تجھسے دہر میں صید افگنوں کا نام — تو ہے چراغ مرقد بہرام گور کا

منہ دھونے میں جو افعی گیسو کو ہو گزند — سینے کی آفتاب میں ہے زنگ مور کا

ہر قوت سے اسعد تجھے اعزت ہوائی منیر
مضمون باندھتا نہیں مہندی کے چور کا

گھلتا ہے تب ماہ میں اعجاز تمہارا — زہرہ سے بڑھا شعلہ آواز تمہارا

طفلی سے کیا کرتے ہو اعجاز کی باتیں — بہتر ہے مسیحا سے بھی اعزاز تمہارا

ہم بھی گئے تمنے جو اشارہ میں کیا قتل — اعجاز ہمارا ہے کہ اعجاز تمہارا

کسطرح نہ زیبندہ ہو دعوائے خدائی — کونین سے اٹھتا ہے نہیں ناز تمہارا

آتشتے ہو فلک پر وہم رفتار حسینو — پریاں نہ اڑا لیں کہیں انداز تمہارا

[illegible] تو پڑھتے ہو [illegible] محبت — حیرت سے چھپاؤں میں کہاں راز تمہارا

واقف ہے ہوا انداز [illegible] — راز ہمارا سبنے ہمراز تمہارا

تم گاتے تو بیہوش ہوے سارے فرشتے — [illegible] ملایا ہے مگر ساز تمہارا

ملتی ہو اگر وضع کسی سے تو بتاؤں — انداز میں آتا نہیں انداز تمہارا

مصحف میں بھی مضمون کمر کا نہیں آیا — اللہ نے پوشیدہ رکھا راز تمہارا

ایسی نہیں تر بحفظ منیر اشک فشانی
ڈرتا ہوں نہ کھل جائے کہیں راز تمہارا

حال دل وحشت میں اخفا ہو گیا — پیرہن پھٹ پھٹ کے پردہ ہو گیا

چنپئی رنگون کا سودا ہو گیا
رخت عریانی سنہرا ہو گیا

خوب ہم روئے شکستہ دل کے ساتھ
ٹوٹ کر آئینہ دریا ہو گیا

اے صنم اللہ ری تیری سرکشی
مشتری ماتھے کا ٹیکا ہو گیا

تیرے چلنے مین پسا مجنون کا دل
نقش پا لیلی کا چہرہ ہو گیا

او صنم دیکھین بلا گردانیان
برہمن صدقے کا پتلا ہو گیا

پر لگائے خواہش پرواز نے
طائر رنگ اڑ کے عنقا ہو گیا

قتل ہو کر بھی نہ پہونچے تیرے گھر
کیا در فردوس تیغا ہو گیا

کھا گیا مجھکو زمانہ بے خطر
مین طعام خوان یغما ہو گیا

تیرے آتے ہی نہ شعرا باغ مین
اے پری ہر پھول پتا ہو گیا

قرب گوش یار کا اللہ ری شوق
چرخ اخضر گھٹ کے سبزا ہو گیا

تا فلک آخر تعلے سے گئے
ہمسے تو اڑ کر فرشتا ہو گیا

دشت وحشت بنگیا مجنون کا دل
خیمۂ لیلی سویدا ہو گیا

سرد آہین بھر رہی ہے عندلیب
آشیانہ خس کا بنگلا ہو گیا

تیغ قاتل مین نگر ہے آب چاہ
زخم ہر بسمل کا گہرا ہو گیا

دیکھ لین گے کج کلاہی آپ کی
آسمان ابکی جو سیدھا ہو گیا

ناامیدی کا جما اتنا ہی رنگ
جسقدر خون تمنا ہو گیا

گال پر انگلی جو رکھی آپ نے
دور خط سینے کا چھلا ہو گیا

سب سے لوٹے نکلے جلوہ کو مزی
شربت دیدار جھوٹا ہو گیا

رشک سے گے فیض تلمذ سے منیر
شاگردن مین تو بھی یکتا ہو گیا

جلوہ فرما باغ مین جب وہ سہی بالا ہوا
طوق قمری نور سے مہتاب کا ہالا ہوا

آبلہ پائی سے آخر موت کو رحم آگیا — رہزن ملک عدم ہر پاؤن کا چھالا ہوا

لیکے بد ہی ہاتھ مین تلوار کھینچی آپنے — بار پھولون کا سر دہی کے لئے نالا ہوا

دیکھکر سوز درون جگر مین آئے سب طبق — شعلۂ نار جہنم صاف جو الا ہوا

سرد مہری آپ کی ٹھنڈا کلیجا کر گئی — یہ نئی گرمی ہے ہر لخت جگر ژالا ہوا

شکل نورانی دکہائی کیا سحر دم صبح نے — لو شب تاریک تنہائی کا منہ کالا ہوا

خون مین تر ہوکے برچھا یا بنا خورشید صبح — مرتبہ اعلی ہوا جو زخم دل آلا ہوا

راہ ہم خستون نے پائی جادۂ شمشیر پر — پاؤن کا ہر آبلہ تلوار کا چھالا ہوا

گو یہ تیرہ ہے سیہ خانہ شب مہتاب مین — میرے گھر مین چاندنی کا رنگ بھی کالا ہوا

تیرے جلوے سی سنہرا ہو گیا رنگ چمن — صورت طشت طلا ہر نخل کا تھالا ہوا

مردے نکلے قبرون سے زندے ہو پیوند خاک — آپکی رفتار سے عالم تہ و بالا ہوا

زاہدونکو جلوۂ حسن بتان کرتا ہی کور — نور خورشید آنکھہ مین خفاش کے جالا ہوا

خون اپنا خشک ہے بزم غنای یار مین — نعرۂ شیر نیستان سے کا ہر نالا ہوا

کسقدر ہے گرمی نام بت آتش مزاج — برہمن کے ہونٹھ پا قوس تبخالا ہوا

حضرت ناسخ کی اصلاح اس غزل پر یہی منیر

آج رتبہ تیری فکر پست کا بالا ہوا

تصویر زلف و عارض گلفام لے گیا — مرغان قدس کے لئے گلدام لیگیا

دنیا سے داغ زلف سیہ فام لے گیا — مین گور مین چراغ سر شام لیگیا

کی ترک مین نے شیخ و برہمن کی پیروی — دیر و حرم مین مجکو ترا نام لیگیا

کیا کیا دکھائی سیر سفید و سیاہ دہر — کس کسطرف کو ابلق ایام لے گیا

اعجاز مین نے رجعت خورشید کا کیا — بالائے بام اُسکو سر شام لے گیا

بہٹکے پھرے دو عملۂ دیر و حرم مین ہم — اس سمت کفر اُسطرف اسلام لیگیا

چڑھاے کے گل چڑھاے کوئی میری قبر پر
مین آرزوے وصل گل اندام ہوگیا

پستان نو دمیدہ سے ملوائی خوب ہاتھ
مین داغ حسرت ثمر خام لے گیا

دیدار دوستان وطن کا دکھا دیا
مجھکو عدم مین ابلق ایام لے گیا

پہنا کفن تو کوچۂ قاتل مین پائی راہ
کعبہ مین مجھکو جامۂ احرام لیگیا

راہ عدم مین میر چراغان نظر پڑی
تربت مین داغ غم دل ناکام لے گیا

دوزخ مین جل گیا کبھی جنت مین خوش رہا
مرکر بھی ساتھ گردش ایام لیگیا

نفرت ہوئی دورنگی لیل و نہار سے
مین صبح و شام اسکو لب بام لیگیا

زیر زمین غروب ہوا آفتاب آج
تربت مین داغ بادۂ گلفام لیگیا

تیر ستم سے ملکے اوڑا جانب عدم
پر آپ کے خدنگ سے مین دام لیگیا

مین جستجو سے کفر مین پہنچا خدا کے پاس
کعبہ تک ان بتون کا مجھے نام لے گیا

ساقی کے پاس وسعت مشرب نے راہ دی
مین کاسۂ فلک عوض جام لے گیا

کچھ لطف عشق کا نہ ملا جیتے جی منیر
ناحق کا رنج مفت کا الزام لے گیا

جب ہم بغل وہ سرو قبا پوش ہوگیا
قمری کا طوق حلقۂ آغوش ہوگیا

اشعار میرے سنکے وہ خاموش ہوگیا
غنچہ برنگ گل ہمہ تن گوش ہوگیا

پی غیر نے شراب مجھے بیخودی ہوئی
نشا چڑھا کسیکو مین بیہوش ہوگیا

اسدرجہ بیخودی نے دکھائین تعلیان
گردون غبار قافلۂ ہوش ہوگیا

تیغ اجل کی کاٹ سے ڈرتا نہین ہون مین
زخمون سے جسم زار زرہ پوش ہوگیا

اے بت خیال وصف دہن مین نہ پائی راہ
بھٹکا پھرا سخن جو مین خاموش ہوگیا

خونخوارون کے حضور نہ آیا ہمارے طرح
آئینہ جوہرون سے زرہ پوش ہوگیا

طلائع جنگ نے آپنے ارباب عشق کے
یوسف کا حسن خواب فراموش ہوگیا

پنہان ہے زیر سبزۂ خط آتش عذار
شعلہ فسون حسن سے خس پوش ہوگیا

حوریں گلے لپٹتی ہین آ کے رات دن
جنت کے راہ کوچۂ آغوش ہوگیا

آمد ہے مست حسن کی نگہ گرم کے حضور
آئینہ جام بادۂ سرجوش ہوگیا

بے لطفیون سے تم جو ملے میری جان ہی
پھانسی گلے مین حلقۂ آغوش ہوگیا

ابر سیہ کے سایہ نے سرمہ کھلا دیا
سبزہ تمام طوطی خاموش ہوگیا

کاندھون سے میرے کاتب اعمال گر پڑے
تڑپا ہون اس قدر کہ سبکدوش ہوگیا

کانون کا حسن جلوۂ عارض سے بڑھ گیا
رنگ آفتاب صبح بناگوش ہوگیا

اٹھتا ہون عشق مین لب لعلین کے ای منیر
گویا شرار آتش خاموش ہوگیا

سبزہ تمہارے رخ کے لئے تنگ ہوگیا
طوطی کا عکس آئینہ مین زنگ ہوگیا

پست و بلند دہر مین کھاتا ہون ٹھوکرین
ایسا سمند عمر روان لنگ ہوگیا

بسمل کی بھی تڑپنے کو ملتی نہین جگہ
کیا عرصۂ حیات جہان تنگ ہوگیا

ہمزاد سے بھی یہ تن لاغر ہوا سبک
تولا تو اپنے سایہ کا پاسنگ ہوگیا

جوش جنون نے جسم کے پرزے اڑا دیے
رخت برہنگی بھی مجھے تنگ ہوگیا

اس بت سے جسم زار جو لپٹا شب وصال
عالم کو احتمال رگ سنگ ہوگیا

مضمون آہ گرم نے جلوہ دکھا دیا
اڑ کر ہوا مین نامہ مرا پتنگ ہوگیا

نالے کئے تصور گیسو مین رات بھر
دل ہمصفیر مرغ شب آہنگ ہوگیا

سر کٹ کے گر پڑا اسی قاتل کے پاؤن پر
جلاد سے ملاپ دم جنگ ہوگیا

اترا کے میرے چہرہ پہ سے شوخ رنگ گیا
مرغ شکستہ بال مرا رنگ ہوگیا

کرتا رہا لغات کی تحقیق عمر بھر
اعمال نامہ نسخۂ فرہنگ ہوگیا

بند تک بھی ضعف سے نہین آ سکتی جو کی
دروازہ گھر سے سینکڑون فرسنگ ہوگیا

محروم ہو نہین خدمت اُستاد سے منیر
کلکتہ مجکو گور سے بھی تنگ ہوگیا

خط سے موزون ہو جمال اور بطرِ جہارونکا
مینہ کے کانٹو نہین سونا تلے رخسارونکا

رنج سے کم نہین احسان بھی خونخوارونکا
دہوپ سے تیز ہے سایہ ہمین تلوارونکا

آب آئینۂ عارض سے جو محفل بھیگی
فرشی جہاڑون پہ اُنہین شبہ ہے فوارونکا

نردبان کی نہین حاجت تری کوٹھی کیلیئے
زار ہون چاہیئے سایہ مجھے دیوارونکا

دانت چمکی جو ہنسی مین تری ہنگام شنا
موجون پر شبہ ہوا موتیون کی ہارونکا

کوچۂ یار مین سرگرم تماشا ہین سرمست
باغ فردوس مین میلا ہے گنہگارونکا

ظرف کا دہیان شبِ غم مین بھی ہے اے ساقی
پیلے کیون ہونگے اُٹھ رہی میخوارونکا

نبض گر دیکھے تو خالِ کفِ عیسیٰ ہوجائین
تیرہ بختی سے گھلا جسم یہ بیمارونکا

عشق رخسار طلائی مین مجھے رلوا کر
یاد دلا مانگتے ہین آنسوؤن کے تارونکا

مشتری حسن کی بکتی ہے سہارا ہاتھو
آج نیلام ہے یوسف کی خریدارونکا

تیرگی تھی یہ شبِ غم مین عیاذاً باللہ
راستا بھول گیا قافلہ سیارونکا

یاس ایسی تھی شبِ غم کے بسر ہونے سے
صبح کو سمجھے ہین ہم نور اُڑا تارونکا

کیون نہو یاد صبا کی مجھے ہر لحظہ منیر
دوست ہے دوستون کا یار ہے وہ یارونکا

تار بوسون کا لبِ یار سے کیا کیا باندہا
شوق نے زخم دہن پر مرے حلوا باندہا

نفس ظالم کو کیا قتل فقیری کے لیئے
دیو کے پوست کا آزاد نے تسما باندہا

شمع تربت سے جو پروانہ نہین مل سکتے
نخل ماتم مین مگر موت نے کہنکا باندہا

زلف مین آس نے دل عاشق مضطر پہنسا
شست مین ماہی بے آب کا کانٹا باندہا

لوگ فوارۂ آب دُر دندان سمجھے
جہاڑ باتون کا جو تمنے لبِ دریا باندہا

بال انگشت حنائی مین لپیٹے تمنے
سبحۂ زلف مین یاقوت کا شمسا باندھا

طائر روح سے ہے نوک مژہ پیوستہ
جسنے اپنے قفس جسم مین کانٹا باندھا

مرغ دل قید ہے ای سرو ترے گیسو مین
نخل طوبی مین مگر حسن نے پھندا باندھا

دیکھکر کشتون کے انبار لب بام ہنسو
سب کہین قہقہہ دیوار کا پشتا باندھا

گیسوی یار کا پابند رہا توسن عمر
عشق نے خانۂ زنجیر مین گھوڑا باندھا

شعر مین کی نہ کشش تیر نگہ کی بندش
جسنے مرغ نظر یار کا کانٹا باندھا

کمر شب مین پڑی تاب در غلطان کی
اس نے جب موتیون کے ہار سے جوڑا باندھا

نہ کھلا حال طبیعت کی تعلی کا منیر
اس غزل مین کوئی مضمون نہ اعلی باندھا

بیخودی سے جو ترا حسن مجھے یاد آیا
طائر ہوش مرا بنکے پریزاد آیا

نہ بچی تجھ سے ہستی مین اگر تیغ ادا
چشم سبز زخم مین کیون نشتر ایجاد آیا

سبزۂ باغ آج دکھا جائیگی کاہی پوشاک
خضر کے بھیس مین گلگشت کو صیاد آیا

خط مین ابھرا ہی ہے اس حسن قد کی تصویر
خلد سے میرے لئے مصرع شمشاد آیا

آج ہے ہچکیون مین قلقل مینا کی صدا
اے خدا کونسے میخوار کو مین یاد آیا

ایسی مہندی ملی تصویر کرانی بولا
ہاتھ مین طائر رنگ رخ بہزاد آیا

کسقدر جلد ہوئی سبزۂ عارض کی نمود
ڈاک مین کیا خط رخسار پریزاد آیا

گرد مین ہوگئین انگشت اشارت سکی
کھینچکر تیغ مہ نو جو وہ جلاد آیا

بال اترے ہوسے پیچو مجھی اس غش قد نے
سیری بگڑی کے لئے طرۂ شمشاد آیا

آب شمشیر زبان شور نہ ہو جائے کہین
فصل گل آئی نہین موسم فریاد آیا

ہم بجا لائے منیر امر علی اصغر خان
جنکا فرمان حدیث اور ہر ارشاد آیا

تیرے وعدہ غلط اے حور شمائل سمجھا
جو ہر تیغ زبان کو خط باطل سمجھا

لب جان بخش کو دی آب بقا سے تشبیہ
خضر کو سبزہ پشت لب ساحل سمجھا

خوب اس غیرت زہرہ سے لپٹ کر سویا
شربت وصل کو آب چہ بابل سمجھا

سر کو پیٹا تری محفل میں جو ای رشک چمن
جس نے دیکھا مجھے گلدستہ محفل سمجھا

آنکھوں میں پھرتی ہے اس غیرت لیلی کی شبیہ
پردہ چشم کو میں پردہ محمل سمجھا

چشم گریان سے جو کی خواہش طوفان شب ہجر
کشتی نوح کو میں کاسہ سائل سمجھا

بھولی باتیں مجھے یاد آئیں جو اسکی شب ہجر
صبح کاذب کو میں پیشانی قاتل سمجھا

میری زنجیر کا غل جس نے سنا ازتوں کو
چاند کو شعلہ آواز سلاسل سمجھا

اڑ گیا وصل کا دن برق جھنڈی کیطرح
پرتو مہر کو رنگ رخ بسمل سمجھا

بیقراری دل پروانہ کی یاد آنے لگی
رقص طاؤس جو دیکھا طپش دل سمجھا

شوق فریاد نے تا گور مجھے پہنچایا
الف آہ کو میں جادہ منزل سمجھا

تیرے رخسار کا فانوس میں پرتو جو پڑا
گردن شمع میں مترآن حمائل سمجھا

تفرقہ اسلام نے مقصد کو پہنچنے نہ دیا
کعبہ و دیر کو سنگ رہ منزل سمجھا

عکس خورشید کو دریا میں جو اس نے دیکھا
وقت گرداب میں سونے کے حباب سمجھا

تیرے پنجہ کا مخمس میں جو باندھا مضمون
ہر گرہ شعر کی میں عقدہ انامل سمجھا

چاند نہیں مرے نالوں سے کدر و ہوا
کہ کو دود چراغ مہ کامل سمجھا

موج زن خون کا دریا جو ہوا ای قاتل
دامن زخم کو میں دامن ساحل سمجھا

دل سے کیونکر نہ ہوں مداح کمالات عروج
اے منیر اس کو میں ہر علم میں کامل سمجھا

تا دیدوں کو قدرت کا تماشا نظر آیا
اس پردہ میں اللہ ہو نکو بھی کیا کیا نظر آیا

دل میں نہ گیسو رخ زیبا نظر آیا
اس آئینہ میں شب کو بھی چہرہ نظر آیا

عکس رخ گلگون سے تماشا نظر آیا ۔ آئینہ انہین پھولون کا دونا نظر آیا
خوبی مین وہ بالا وہ سراپا نظر آیا ۔ ہر لوز بدن پیکر جوزا نظر آیا
دل خوش گہر دن کا ہمین صحرا نظر آیا ۔ کیا گرد یتیمی کا بگولا نظر آیا
نیرنگی حیرت سے روان رہتے ہین آنسو ۔ تصویر کا دریا ہمین بہتا نظر آیا
نکلا جو ہوادار مین وہ رشک سلیمان ۔ اڑتا سوئے افلاک فرشتا نظر آیا
بالیدہ ہے ہر شیشہ ابکی یہانتک ۔ ایک ایک فلک پنبہ مینا نظر آیا
تھا دامن جیب وحشت نے دیا وسعت دلکا ۔ جادہ مین مرے دامن صحرا نظر آیا
نظروہ انہین یہ پہیلا یا ہے غبار دل عشق ۔ ہر آنکھ مین آنسو مجھے ڈھیلا نظر آیا
دہ آئینہ سیماب ہے دل سخت عدو مین ۔ بوتل مین اترتے ہوئے شیشہ نظر آیا
عاشق ترے پلکو نکا ہوا زندہ جاوید ۔ سولی کا خریدار مسیحا نظر آیا
تا پہنچے بھی دندان کیا بنت عنب کے ۔ جنت لب طرے مرغ مصلا نظر آیا
برگشتہ نصیبی صدف دلکی کہون کیا ۔ موتی کے عوض اسمین پھپولا نظر آیا
آئینہ گیتی مین وہی عکس ہے ہر سو ۔ جدہر اس شوخ کو دیکھا نظر آیا
کرتے ہو مرے پیکر وہی کوئی تا ۔ ناوک مین تمہارے پر عنقا نظر آیا
اس بت کے نہانے سے ہوا صاف یہ پانی ۔ موتی بھی صدف مین تہ دریا نظر آیا
اسی نور کی رنگت اڑی رونق دیجھارے ۔ رنگ گل فردوس بھی کچا نظر آیا
شیشے مے گلگون کا آنہین مد نظر ہے ۔ تیغ نگہ مست مین چھالا نظر آیا
ہو جاینگے سب کوہ جہان سنگ فلاخن ۔ وحشت مین جو عالم تہ و بالا نظر آیا
شمعین جو جبین نرم طلعات کو دیکھا ۔ آنکھین جو ہوئین بند تو کیا کیا نظر آیا
کیون خوش نہو دل بیٹھے کے بستران تلک مین ۔ ہونٹون تدرسے یار کا پلا نظر آیا
کیا جل گئی ہین خاک مین لاکھون دل روشن ۔ ہر ذرہ مجھے عرش کا تارا نظر آیا

آنکھوں نہیں کھلتی ہی رہی دولتِ دنیا
ہر سکّے کی مچھلی مین بھی کانٹا نظر آیا

ہے بود جہان نقش سر آب نظر مین
یہ کھیل ہمین بنکے بگڑتا نظر آیا

حیرت کدہ دہر ہوا مجھسے مکدر
آئینہ ایجاد مین دھبا نظر آیا

خوش آتے نہین ہوانت کسی حور کے مجھکو
چاک گل فردوس مین بخیا نظر آیا

مدت سے نظر دوختہ رہتی ہین گرفتار
گیسو کی بھی زنجیر مین ٹانکا نظر آیا

پینا گلی اُس مستِ مے حسن کی دیکھی
گردن کی صراحی کا یہ مینا نظر آیا

مدفون ہوا زیر زمین آپ کا لاغر
چشم بحد تنگ مین جالا نظر آیا

کلکتہ مین ہر دم ہے منیر آپ کو وحشت
ہر کوٹھی مین ہر بنگلے مین جنگلا نظر آیا

خواب مین بھی جوشش دیکھا دیدہ پر آب کا
پنبہ بالش بنا پنبہ کف سیلاب کا

دور ہے بعد فنا بھی دیدہ پر آب کا
گنبد مرقد پر اپنے شبہ ہے دولاب کا

واہ ری تعبیر اُلٹا مجھسے پہونچا اُسکو رنج
گل وہ یوسف خوب رو یا سنکے قصہ خواب کا

بھاگتا پھرتا ہے اس تفتیدہ سے وہ شعلہ رو
آتش گل نے اثر پیدا کیا سیماب کا

غافلو ہشیار ہو دنیا مین ہشیاری شرط ہے
نام ہے مشہور اس منزل میں رہزن خواب کا

ہر قدم پر سجدہ کرتا جاونگا اے شہسوار
نعل توسن پر ہے دھوکا کعبہ کی محراب کا

گرمی زخم جگر ہوگی برودت پر قوی
مرہم کافور مین ہوگا اثر تیزاب کا

رفع غفلت کے لئے کیونکر بجاؤن گور مین
توڑتا ہے لوح تربت سے طلسم اس خواب کا

فرض ہے دریا دلون پر خاکساروں کی مدد
فرش صحرا کے لئے لازم ہوا سیلاب کا

موت کو دیکھ متاع زندگی غافل ہون مین
میں وہ ہون رہزن کو سمجھا ہون میں اسباب کا

پیستی تھی پارس ہوائے مضطرب گر برگ حنا
بن گیا تار طلا تار آہنی مضراب کا

خون لاکھوں کرتے ہو کوئی نہیں ہے داد خواہ
حال جلاد و تمہارا بھی ہوا قصاب کا

قید اگر منظور ہے زنجیر در پہنا سے جسے
مین تو ساجد ہون ترے دروازیکی محراب کا

دہوے جب دست حنائی سرخ دریا ہو گیا
ہر حباب بحر پر دہو کا ہوا سرخاب کا

طبع روشن سے سنادے اب غزل ایسی منیر
جسکے ہر مصرع مین ہو مضمون آب و تاب کا

جوش ہے سیر چمن مین دیدۂ پر آب کا
تھامے پر ہے شک کنوئین کا سر ہر دولاب کا

رک گیا پلکون سی موجہ دیدۂ پر آب کا
بند ان تنکون نے رستہ کر دیا سیلاب کا

میرے آنسو رک گئے حیرت سے ای دریائے حسن
آب آئینہ یہان پانی بنا سیلاب کا

چشم عبرت بین دکہاتی ہے طلسمات جہان
دیکھتا ہون عین بیداری مین عالم خواب کا

چین سے سوئے نہین روز گرم غم مین اونکہ
تا نتا ن لون دامن آنچل چادر مہتاب کا

ہمکنار آکر ہوا مجہسے جو وہ دریائے حسن
حلقۂ آغوش حلقہ ہو گیا گرداب کا

شب شب تاریک فرقت مین چمک کر [illegible]
ڈہنگ ہر تار ہے نے سیکہا کرمک شبتاب کا

آشنائی بحر بے پایان سے بیتابی رہی
جب سے میرے پاؤنکو چکر ملا گرداب کا

لے پہر یہ وضع تیری لحظہ لحظہ ہے نئی
تجھکو ہر نامہ لکہا جائے نئے القاب کا

آبرو ئے ناتوانی چشم تر سے رہ گئی
حلقۂ ہر چشم تر حلقہ بنا گرداب کا

رات بھر چشم نجوم و مہ جہپکتی ہی نہین
کیا دیا ہے سرمہ خاک عاشق بیخواب کا

اور کر گلچینی مضمون رنگین لے منیر
طبع مین عالم ہے رنگ گلشن شاداب کا

حلقہ حلقہ گہر بنا لخت دل بیتاب کا
زلف جانانہ نہین ہے عالم سیماب کا

سونے مین نظارہ کر لون روئے عالمتاب کا
خوف کیا در ذنگہ کو ہے شب مہتاب کا

[illegible] بیتاب تھا طفلی مین حسن بیتاب کا
پر اڑاتا تھا ہوا پر ماہی بے آب کا

رک نہین سکتا ہے دریا دیدۂ پر آب کا
پاٹ ہے رومال میرا دامن سیلاب کا

خواب مین یاران رفتہ سے ملاقاتین ہوئین — سب ہے سمجھا خضر غفلت کو رہ احباب کا

کہتے ہین سب دیکھکر بیتاب میرا عضو عضو — آدمی اینک نہین دیکھا کہین سیماب کا

نیند کی صورت نہین دیکھی بجز داغ جگر — پردہ میری آنکہ مین شاید ہے کمخواب کا

لگ گئی آگ آتش رخ سے نقاب یار مین — دیکھو جلتا ہے کونا چادر مہتاب کا

مجلس شمع وہ مین شمع بے مجلس ہوئین — غم مرا احباب کو ہے مجکو غم احباب کا

ہجر جانان کے الم مین ہم فرشتے بنگئے — دہیان مدت سے چہٹا آب طعام و خواب کا

اہل تسلیم و رضا سے سربلندون کی ہے [illegible] — خوش نما [illegible] زیب ہے محراب کا

جہک کے ہینے بوسہ ابرو کی جب مانگی دعا — حلقہ آغوش [illegible] سالم ہوا محراب کا

اسقدر فریاد محشر خیز اسے بلبل نکر — دیکھنا [illegible] گلشن شاداب کا

مہر دست آویز غم ہے ہر بشیر کا داغ غم — دل ہے محضر [illegible] گم کردہ احباب کا

سینے کدورت آگیا وہ [illegible] سخن — رکہا پاس اوس نے قافیہ آداب کا

پیروش تقدیر کرتی ہے [illegible] قضا — ذبح کو [illegible] کرنا کام ہے قصاب کا

نشۂ جرأت زیادہ ہو گیا اے میکشو — ساغر [illegible] سر محراب کا

ہو سے آتش دیدہ سان [illegible] — مین جو لکہون گر مضمون اوس [illegible] کا

ہو گیا ہون مین نقاب روئے روشن [illegible] — چاہیے تہ بند مجھکو چادر مہتاب کا

خال خط سے عیب [illegible] اقدس کو نہین — حسن ہے مصحف مین ہونا نقطۂ اعراب کا

دوست دشمن سے زیادہ نیز رکھتی ہین جری — ہم بہی بیتاب کرنے لگے قصاب کا

ہونٹ پر انگشت نگین رکھکے وہ کہنے لگے — شاخ مرجان نے ثمر پیدا کیا عناب کا

لاغری کے ساتھ بیتابی بہی اے بحر حسن — خار ہے یہ جسم لاغر ماہی بے آب کا

تیری فرقت مین جو آئی بھولکر [illegible] نیند — مردان چشم [illegible] پھر منہ نہ دیکھا خواب کا

سینے سے مرغ دل کی بیتابی اڑائی کسطرح — [illegible] ایسا [illegible] ہے حال [illegible] سیماب کا

خدمت [illegible] میں جا کر یہ غزل پڑھو اے منیر
شہرہ ... اکثر ... ہے تیرے نواب کا

مطلب دل ... ناسور ہوگا
ناخن شیر سے حل عقدۂ مشکل ہوگا

اشک خون کے ... میں ... ہوگا
شمع ... یاقوت مرا دل ہوگا

تیرے ہاتھوں کی صفائی سے ... جوہر
جوہر تیغ قضا دیدۂ بسمل ہوگا

دم ترے میں سینے آئینہ لوح یاقوت
تیغ ... سے جو رنگ ... قاتل ہوگا

...گا کبھی سودائی طلب ...
سر شوریدہ مرا کاسۂ سائل ہوگا

اژدہا کاہکشاں ... شب فرقت میں
... کی صورت مہ کامل ہوگا

دیکھے گا جان کر آئینہ جو وہ غیرت حسن
داغ نور رخ مہتاب سے زائل ہوگا

جو بھی باتوں سے کہ ... کبھی ...
خط تقدیر یہاں بھی خط باطل ہوگا

ٹوٹنے کی دل مجنوں کی صدا آئے گی
چاک لیلیٰ کا اگر پردۂ محمل ہوگا

دوست دشمن اثر جذب سے ہو جائیں گے
آ کے خنجر مری گردن میں حمائل ہوگا

شب مہتاب میں بے یار کے ہوگی وحشت
چشم آہو مجھے داغ مہ کامل ہوگا

یہ غزل ناسخ مرحوم کی اصلاحی ہے
اس کی ہر بیت سے رتبہ مجھے حاصل ہوگا

تو غلام اسد اللہ ہے کیا فکر منیر
ناخن شیر سے حل عقدۂ مشکل ہوگا

کعبہ کا سجدۂ شرف عرش جبیں ہو جائے گا
کاسۂ سر ساغر ناف زمیں ہو جائے گا

عاشق و معشوق میں ... ہو جائے گا دوئی
چشم احول اس کے خاتم کا نگیں ہو جائے گا

تیرے زخمی سے لپٹ ... فرشتہ ...
صاف ہر بیاباں پر روح الامیں ہو جائے گا

کعبہ ابرو کے غم میں نام ہوگا تیرہ بخت
سنگ اسود دیکھنا سنگ نگیں ہو جائے گا

قطع ہوگا جامۂ تن دست نازیار سے
کوچہ مقراض چاک آستیں ہو جائے گا

نام عاشق کہدکے ہوگا ناتوانی پرگواہ ‏ ‏ دیکھنا موئے نحیف خط نگین ہوجائیگا
سجدۂ زاہد ریائی ہے تماشا دیکھنا ‏ ‏ داغ پڑکر قالب خشت نگین ہوجائیگا
صفحۂ دل پر کھنچ گی ایکدن تصویر رخ ‏ ‏ کندہ یہ قرآن بالائے نگین ہوجائیگا
سرد مہری عشق گیسو کے جو ہوگی وقت ذبح ‏ ‏ خون مرغ روح ہم کرشمہ نگین ہوجائیگا
مہر کے حرفون سے عشق خط کہلیگا دہن ‏ ‏ لے گل خوبی ہر از خم نگین ہوجائیگا
دورۂ حسن دہنکی گرمیان لائینگی رنگ ‏ ‏ شعلہ جوالہ لعل آتشین ہوجائیگا
جب پڑیگا عکس خط روئے روشن جام مین ‏ ‏ ابر دود شمع دزد تہہ نشین ہوجائیگا
ملتے ہیں کہدوائینگے وصف خط بیخال یار ‏ ‏ دیکھ لینا بے نقط خط بہین ہوجائیگا
دیکھ لونگا لامکان تک جدقتل اے جودوش ‏ ‏ کاسۂ سر اوڑ کے جسم نشین ہوجائیگا
نقشہ کھینچیگا ہماری ناتوانی کا اگر ‏ ‏ مو قلم دست کرام کاتبین ہوجائیگا
قند لب سے یہ حلاوت پائیگا منہ کا اگال ‏ ‏ نخل شمع طور کا گوندا انگبین ہوجائیگا
پردۂ وار چشم ہوگی تقطیر مین افتادگی ‏ ‏ بوریا مجھ سے لپٹ کر پوستین ہوجائیگا
پھول بنجائینگی ہجر یار مین داغ سفید ‏ ‏ کونڈیالا مار شاخ یاسمین ہوجائیگا
عشق زلف عنبرین پر کھال کھنچوائینگے تو ‏ ‏ ایکدن بوریا اپنا پوستین ہوجائیگا
رال ٹپکیگی لب بام فلک سے آپ پر ‏ ‏ آج اس چھت سے پیدا انگبین ہوجائیگا
اے مغنی تو اٹھائیگا جو گھونگھٹ سو چرخ ‏ ‏ آبروئے زہرہ ہلال قاشش زین ہوجائیگا
ٹوٹ کر بھی دل نچھوڑیگا تجھے اے شہسوار ‏ ‏ یہ وہ میوہ ہے ترش کر قاش زین ہوجائیگا
دیکھ کر پردہ حیا کا بزم عیش یار مین ‏ ‏ کاسۂ طنبور چشم شرمگین ہوجائیگا
خاک اڑیگی حسن کے منہ پر ہوا دہر سے ‏ ‏ گرد باد دشت خط عنبرین ہوجائیگا
جلوۂ رخ سے بنیگا قرص مہ خال ذقن ‏ ‏ چاہ غبغب کا تو ماہ مبین ہوجائیگا
تل ہر ایک ابرو کی گوشہ پر اگر ہوگا نمود ‏ ‏ صاف مطلع مستزاد لے مہ جبین ہوجائیگا

تیرہ روزی ہو گئی نورانی تمہارے حسن سے
زنگی بخت سیہ طفل حسین ہو جائیگا

چاند سمجھے گا زمانہ عکس گوش یار کو
چاہ نخشب وزان دُرِّ ثمین ہو جائیگا

سبزۂ خط کو سمجھے گی وصف رخ ور زبان
حفظ اس طوطی کو قرآن مبین ہو جائیگا

ریشۂ ہر زلف سے دم بازی تمہاری کم نہین
کوئی دہاگا دو ہمین حبل المتین ہو جائیگا

بوئی گیسو مین کدورت ہی بسا دیگی مجھے
تیرے دل ہی مین میں آکر مشک چین ہو جائیگا

شعبدہ پیدا کریگا حسن چشم و زلف کا
ابلق لیل و نہار آہوی چین ہو جائیگا

لے اڑیگا جیب [illegible] تمہارا سب ناز
طیلسان مشتری دامان زین ہو جائیگا

نازکی سی جو بغل تر جائیگی دست سعادت مین
سوئی چینی تار تار آستین ہو جائے گا

نخل سوسن خاک سے نکلیگا جیسے [illegible] گڑ گئی تم
نیلگون اس ضرب سے روی زمین ہو جائیگا

شعر مین مضمون جو دیکھینگے میری بیت مین
نکتہ چین میرے سخن کا خوشہ چین ہو جائیگا

مرتضیٰ کے عشق سے تسکین یان کر منیر
رشتۂ عمر روان حبل المتین ہو جائیگا

زہرا سے فلک نظر مین ترا مال ہو گیا
سونا تنک آفتاب کا ہرتال ہو گیا

مقتل مین گر گئی تری تلوار سرفراز
عاشق کو آج خلعت رومال ہو گیا

تیرا فراق عید مین داغ جبین ہوا
ٹیکا کلنگ کا مہ شوال ہو گیا

چہانا کئے جو خاک تمہاری تلاش مین
کاسہ ہماری عمر کا غربال ہو گیا

تلوار کا نیام بنا میری کہال سے
نخل قضا کو پوست میرا ڈہال ہو گیا

نقشہ تمہارے کوچہ کا کہینچا جو بعد مرگ
بین السطور نامۂ اعمال ہو گیا

موزون کیا جو صدمۂ ساعات ہجر کو
مضمون شعر بحر مین گہڑیال ہو گیا

قسمت مین عشق تھا جو تری دام زلف کا
کاغذ خط جبین کا مہا جال ہو گیا

بسمل تڑپنے مین تری رفتار ناز کے
کشتہ تمام نعرۂ خلخال ہو گیا

گرمی نئی ہے آتش حسن و جمال کی — بریان تیون کا دانۂ ہر خال ہو گیا

لکھا جو اضطراب مین مضمون خط یار — خط شکستہ طوطیون کا جال ہو گیا

پلہ سنبل ہے چیتے مین خیمیون کے دل — کشتون کا کھیت مفت مین پامال ہو گیا

گلگون ہوا ہے خون جگر سے شگاف دل — منہدی سے سرخ آئینہ کا بال ہو گیا

چہرہ تمام سرخ ہے محرم کے رنگ سے — انگیا کا پان دیکھ کے منہ لال ہو گیا

محروم وصف گوہر دندان سی ہے منیر
راجہ سکے گہر مین موتیون کا کال ہو گیا

خود بین تماشہ ہے وصف خط سبزہ رنگ کا — گویا ہے طوطی آئینہ رخ مین زنگ کا

گھر بیٹھے مجھ سے غیر کو دعوی ہے جنگ کا — اپنی گلی مین شیر ہے کتا تفنگ کا

چکھائیے ہین مال بت خانہ جنگ کا — خالی کیا ہے ہمنے خزانہ تفنگ کا

جادو ہے جام مے مین خط سبزہ رنگ کا — دستار آفتاب مین طرہ ہے بنگ کا

چہرہ ہوا سے ہے مین جانہین چھپاتی ہین داغ — یارب چراغ پا نہو گھوڑا تفنگ کا

چھلوان کے گھنگرو نہین ہے بندوق کی — توڑا ہے تیرے ہاتھ کا توڑا تفنگ کا

زخمی تمہارے گولیون سے سب جہان ہے — جام جہان نما ہے پیالا تفنگ کا

گولی جو ہم سے بچکے نکلتی ہے آپ کی — چلتا ہے آنکھین پھیر کے طوطا تفنگ کا

وہ کھیلتے ہین ہار جانکا شکار آج — پھیلا ہے جال گیسوی دل تفنگ کا

تیر سے ہر فسم چاہیے زینت سینہ کی — خال رخ پری ہے بنے چھترا تفنگ کا

ہون سرخرو زمانہ مین خوبان لکھنو — بنا لگائین حضرت یوسف کے رنگ کا

محفل مین شمع بجھ مین موتی جو نہین گول — جلوہ دکھا رہا ہے وہ بت رنگ رنگ کا

روزن جگر مین پڑتے ہین تسبیح یار سے — دانتون مین ہے لعاب نے بان خدنگ کا

ہر مہ چہ کا اسکے قریب اثر جام ہے — عالم ہے آب آئینہ مین آب گنگ کا

دانتون کا تمکس وقت تبسم محیط ہے
ہیرے کا ساز کیون نہو تیری سنگ کا

زخم بدن کہین انا لیلی تو کیا عجب
لوہا ہے تیغ یار مین ناقہ کے تنگ کا

جوش جنون سے شیرونکے نشا ہرن ہوے
پیتا ہون پوست لالہ و داغ پلنگ کا

آئی قیامت آپکی تحل اگر اڑی
قرطاس صبح حشر ہے کاغذ پتنگ کا

وسعت تمہارے بزم طرب کی مین کیا کہون
جام فلک پیالہ بنا جلترنگ کا

افسردہ دل نہین بت ترسا کی یاد مین
کافور ہے سپیدی حسن فرنگ کا

حیرت زدہ ہان سے ہوش اڑا دے حضور نے
آئینہ ہے کہ حوض ہے ہولی کی رنگ کا

غیرونکا نقرہ کرتے ہین بوسے وہ نطے
چھینٹا حضور دیتے ہین صحبت کو رنگ کا

زریلے اشک قین جو پڑہ جاتے نجد مین
لیلی کی مانگ ارتو ہو پشت نہنگ کا

پھلی تمہاری کان کی پھرتی ہو آنکھو مین
پلکین ہماری ارہ ہین پشت نہنگ کا

کچھہ اس غزل مین جی نہ لگا خوب اے منیر
مضمون ایک بھی نہ ملا اپنے ڈھنگ کا

یہی کعبہ یہی قبلہ یہی مرجع ہے عالم کا
ترے کوچہ مین ہو چہرہ کا وا ہی بت آئینہ عالم کا

بنا دون خار صحرائی سے میوہ موسم غم کا
بناؤن گو کہ ہو پاؤن اگر گوڈا محرم کا

لپٹ کر خواب مین لوٹون مزا اس جان عالم کا
مری غفلت کا پردہ پوست ہو بادام توام کا

کبھی پرتو نہ دیکھو گا مرے خورشید عالم کا
ہزار آنکھین نکالین لوٹکر آئینہ شبنم کا

ہماری آبرو نقش نگین بے ثباتی ہے
مٹا دے نام کو انگلی سے موجہ رنگ خاتم کا

ترے دولت سرا مین جز تلون کچھہ نہین دیکھا
بنا ہے سوانگ گھر ہر ایک خانہ نقش دیہم کا

مری آوارگی کا رنگ جم جائے زمانہ مین
الٰہی نیل رسوائی کا انگ بنجائے نیلم کا

جوانان چمن مین کشت و خون ہو تم اگر آؤ
ابھی غنچہ طمنچون مین بھرین سیماب شبنم کا

ترش رو تم ہوے گرمی مین مسی لگی ماری
ترنج مہر کی ترشی سے ٹوٹا تار شبنم کا

نمو پاتینگے اہل آبرو روشن ضمیروں سے
لہو گے کا چاندنی کی کہیت مین ہر دانہ شبنم کا

چہپاتی ہو نہ غصے مین اگر اُس پاکدامن نے
اثر دانتون کا بخیہ ہو سکیگا دامان مریم کا

تجیر سے تمہاری حسن کے ہو بے ثبات ایسا
سنے آئینہ خورشید شیشہ آب شبنم کا

گلو نکا خون ہوتا ہے ترے دست حنائی سے
لہو سکتے چہپا دیتا ہے چمن مین پنجہ مریم کا

چمن نیلا ہوا ایسا تمہاری سرد مہری سے
کہ دندان مسی آلودہ ہر قطرہ ہے شبنم کا

کہلے گا باغ عصمت ہاتھ تم جس پر اُٹھاؤ گے
طمانچہ کا اثر منہ پر سنے گا پنجہ مریم کا

دکہا خوابیدگان خاک کو تلوار کے جوہر
چہرے گا زمین سبزہ تری تیغ دو دم کا

جراحت مثل گل کیا کیا مرے دل کی کہاتا ہون
نمک زخمون کے کہاتا نہیں ہے شور شبنم

تمہارے نام پہ ہر سنگدل کی جان جاتی ہے
بنا پیروزہ مردہ نگین اے جان خاتم کا

کسی با آبرو کشتہ کا روز قتل ہے شاید
لہو سے سرخ ہر دانہ ہوا تسبیح شبنم کا

تعلی ہے اہل آبرو کو بعد گردش کے
فلک پر لگیا آخر کو آئے دانہ شبنم کا

علاج زخم سے پردہ رہا میرا زمانہ مین
لباس زیست کا پیوند ہے پہایا مرہم کا

تمہارے بال اگر دیکھے تو ایسی پائی پائی ہو
بچہوڑی زلف سنبل کو چمن مین پنجہ مریم کا

سکوت رنج سے چاک ہین کیونکر نہ سلجائے
کہ مہر خامشی اس زخم کو پہایا ہے مرہم کا

مگر یہ آنسوؤن کے قطرے ہین کہ دین گردون
میری ہر آنکہ گہوارہ ہے طفلان توام کا

مہکتے ہین جو اے گل بیل بوٹے ہر کٹوری کے
بنا پہولون سے بنگلا آج شب کو تیری محرم کا

کیا کعبہ کو سرسبز اُس بت عیاری نے آکر
بنایا آب زیر گاہ پانی چاہ زمزم کا

ہوئی بے قدر یہ ہر زینت کی شے جو نیکی حیا میسے
بنا دو دی کا پتا خشک ہو کر پان محرم کا

خریدار آپ کے جلتے ہین برق حسن گلگون سے
اثر ہے گرمی بازار مین نار جہنم کا

سمند نشہ یہ عیش کی سواری مین جرأت ہے
ہماری تر دماغی ہے پسینہ خشک شبنم کا

اُڑی ہے رنگت لکہوڑی کی طلوع مہر ساغر سے
گلو رین ہگرہ ہوتا ہے مردارید شبنم کا

لیا نام علی ... بچھڑ کے / ملے گا ... علیہ اسم اعظم کا
غم احباب میں ... کے داغ کا مرہم / لباس سوگ کو رنگنے کو گھولا نیل ماتم کا
نہ ہوگا کوئی ایسا درد کا طالب مانند / ہمارے زخم کو کھجلانے کو ناخن ... کا
سکوت انفعال جرم کا ہر دانہ شاہد ہے / ہوا اشک چاک گشتہ ... خاموشی دم کا

ضمیر اب یہ غزل خورشید کو چھپا کر سناتا ہوں
کہ جو مصرع ہے آویزہ ہے گوش عرش اعظم کا

مرقد میں سیل اشک نے ہشیار کر دیا / سوتے نے خواب مرگ سے بیدار کر دیا
زنگ آئینہ کا عکس سے گلزار کر دیا / شاداب تم نے سبزہ زنگار کر دیا
کھوئی نہ سے بیتیہ نے گرمی عتاب کی / ٹھنڈا چراغ شعلہ رخسار کر دیا
اپنے سیاہ بختوں کو مارا جو تیر سے / ستی سے نیلگون لب سوفار کر دیا
حسن ملیح دیکھ کے دل ہو گیا خنک / شورے نے سرد شربت دیدار کر دیا
بکائی زبان مرغ چمن جرم نالہ پہ / گلگون لہو سے کوچہ منقار کر دیا
تعریف روز لینے ہوا اپنے غرور کی / تجکو برہمن بت پندار کر دیا
ابرو کی قتل کی دہوم نے مرد جلاد / زاغ کمان کی شور نے بیدار کر دیا
باتوں میں لاغروں کو اوڑا نیسے فائدہ / ان چیونٹیوں کو آپ نے پردار کر دیا
پایا طبیب نے جو تیرے زلف کا مریض / شامل دوا میں مشک شب تار کر دیا
کیا لائیں ہم احاطہ مضمون کی قید میں / آزاد سرو قامت دلدار کر دیا
زلفیں ہٹاتے ہوا آنکھوں کی پاس سے / سنبل کو تمنے سایہ بیمار کر دیا
قائم نہ کیے دانت حسینوں کی شیب نے / ان موتیوں کو اختر سیار کر دیا
دولت کی دانت کند کیئے میری حرص نے / کھٹا تمام شربت دینار کر دیا
قامت کی ساتھ کھینچی تصویر حشر کی / تضمین مصرع قد دلدار کر دیا

شبنم سے نے روسکے رنگ بہایا بہار کا
پانی سے تر مرقع گلزار کردیا

منہہ پر نقاب ڈالی جو سبزہ ہوا نمود
بند اِس خریطہ مین خطِ رخسار کردیا

سب کا ہے دانت بوسۂ لب کی امید
کوڑی کا تمنے لعل شکربار کردیا

چہیڑا ستار محفلِ عشرت مہک گئی
تونبی کو تمنے طبلۂ عطار کردیا

گردش سے آسمان نے دین سرفرازیان
چاکر کو اس نے صورتِ دستار کردیا

نالان ہین عشق عارضِ رنگین مین آمدنی
آہون کو سرد گلشنِ رخسار کردیا

ارض و سما ملا دیے نالون سے ای منیر
پست و بلند دہر کو ہموار کردیا

مضطرب عاشق بیجان نہوا تہا سو ہوا
مرغِ تصویر پرافشان نہوا تہا سو ہوا

تنگ ہے جامے سے باہر وہ ہوا غصہ مین
جو کہ پردے مین بہی عریان نہوا تہا سو ہوا

عشقِ رخسارِ کتابی نے بڑہائی عزت
جزو دل پارۂ قرآن نہوا تہا سو ہوا

جلوہ یاقوت کی بجلی کا ہوا بالون مین
شبِ گیسو مین چراغان نہوا تہا سو ہوا

داغ پنہان ترے آنے سے ہوا افسردہ
گل چراغِ تہ دامان نہوا تہا سو ہوا

الفتِ اُس عارضِ سیمین کی گلوگیر ہوی
نقرۂ طوقِ گریبان نہوا تہا سو ہوا

لے گیا کون عقیقِ لبِ جان بخش کی آب
خشک لب چشمۂ حیوان نہوا تہا سو ہوا

دشتِ وحشت مین بہا خون کفِ پا کو سے
سرخ دامانِ بیابان نہوا تہا سو ہوا

اپنی آتش قدمی بہی ہے طلسمِ تازہ
بیضۂ آبلہ بریان نہوا تہا سو ہوا

آپ نے مفت کیا خون جوانانِ چمن
زرِ گل گنجِ شہیدان نہوا تہا سو ہوا

حکم والا سے منیر اب طبیعت اپنا
زرِ سخن غزل مین گہرافشان نہوا تہا سو ہوا

تیری فرقت مین شرابِ عیش کا توڑا ہوا
جام سے دستِ سبو کے واسطے چھوڑا ہوا

ناچ نے معراج پائی تمنے کی جب میکشی — دور ساغر بڑہ کے رقصِ ہرا کا توڑا ہوا

سے اڑی عاشق کی وحشت پاس سے معشوق کو — ناقۂ لیلی کو سایہ قیس کا کوڑا ہوا

رات کو ٹپکا کہین ہتا ہی پیراہن کہین — لال جوڑا آپ کا سرخاب کا جوڑا ہوا

داغ سوزان سے جگہ بہی دل بہی ہے گرم فغان — نالہ کش ہائے ہن آتش باز کا جوڑا ہوا

پستی موباف مین لپٹی ہین جو ٹیکی پیچ — سبز اپنے زہر سے اس سانپ کا جوڑا ہوا

شور کرتے کے تلخ گوئی تم جو کرتے لطف تہا — گالیون کے کہانے مین پہونمک تہوڑا ہوا

کہیت کشتون کا جو رہ وندا خونکی چہینٹین پڑے — دیکہئے گلدار سبزہ آپ کا گہوڑا ہوا

بوسۂ سیب ذقن طفلی مین لیکر کیا کرین — بدمزا ہوجائیگا کچا یہ پہل توڑا ہوا

ہوگئی اردگرد فوج جوانانِ چمن — داغ لالہ سے نسیم صبح کا گہوڑا ہوا

دیکہنا عیاریان زلفِ سیاہِ یار کی — صبحدم غائب نے رخِ خورشید کا توڑا ہوا

دل پکایا گرمیٔ روزِ فراقِ یار نے — آتشِ خورشید سے پکا مرا پہوڑا ہوا

اشرفی کا پہول ہی ڈہونڈہے کہین ملتا نہین — باغِ عالم مین زرِ گل کا مگر توڑا ہوا

ساری زینت مٹ گئی جب آپ پاسی چلے — دانۂ گوہر صدف کی کان کا پہوڑا ہوا

مارے رہزن سیکڑون اس وادی مین ہین اے خضر — کوچۂ گیسو کا رستہ ہم مرا چہوڑا ہوا

ہڈیان ٹکرائے باہم بکرے ٹکڑے ہوگئین — اضطراب اے جان تیری ہجر مین تہوڑا ہوا

دانت کا موتی نظر آتا نہین ہے زلف مین — شاید اس مارِ سیہ کا دانت ہے توڑا ہوا

خط مین سرمئی بوسون کی ہے دونون گال پر عیان — سبزۂ خط بانِ بینو کے طوطی کا جوڑا ہوا

آگئی سیر شعر گوئی پر طبیعت اے منیر
لکہنو کا ذکر رخشِ فکر کو کوڑا ہوا

دیکہیں پانی مین جو تیرا گل دہن سوسن تہا — ہو بہار چمن اے غیرت گلشن پہٹا

خوب ظاہر ہوے سے ہے سیمی کی جوہر — آپ کی تیغ تبسم ہوئی سوسن پہٹا

صاحب برگ و نوا شوق شہادت میں ہوا
اب نکالے مری شاخ رگ گردن پتا

آب شمشیر سو سرسبز نخل قامت
ہو گیا میری گل زخم کا دامن پتا

طوطی سبزۂ شمشیر کو مجہے پر ہوا
دہن زخم میں رکہہ لے اسے ہیئت پرفن پتا

نالہ گرم ہوا ہجر بتاں میں سرسبز
ہو گیا شعلۂ آواز مرا ہمین پتا

میں ہوں گل چیدہ تری گلشن جنت انجل مراد
شامیانہ سو ہوا ہی سر مدفن پتا

ترے جلوہ سو ہوا آری ظلمت عالم ای ترک
پرتو زینبی ہوا سایہ توسن پتا

چہانٹا نکلنے میں جو کوئی کانٹی بالی پہ سکی
ہو گیا سبزہ گوش گل روزن پتا

تنگ چشموں کو دکہایا جو ترا انگلیا کا پان
کانی بنجا پے چشمہ سوزن پتا

ٹوٹ جاتا کوئی پتا جو تری بالی کا
بہیجا بتیا شجر وادی ایمن پتا

باندہ کر دوشے میں رکہوں گل صفت عارض
دیا اگر کان کا وہ غیرت گلشن پتا

گلشن دہر میں ہمسایہ نہیں کوئی میرا
نہیں رکہتی ہی مری شاخ نشیمن پتا

نقد دل چہین لیا آج تیری بالی نے
میری قسمت سو ہوا دیدۂ رہزن پتا

شعلۂ شمع سر طور جسی کہتے ہیں
تیری بالی کا ہے وہ ای مہ روشن پتا

گلشن دہر میں پہولوں جو کوئی برگ نہیں
سختی بخت سو ہی پارہ آہن پتا

چاند کو زرد ترے سامنے جانی سمجہا
رات کو سرمۂ چشم سیہ قانی سمجہا

دل پریشاں نے سنبل سی جو آشفتہ ہوا
موسم گل کو مزاج خفقانی سمجہا

آبرو سے مری اوقات کٹی دنیا میں
عمر کی چال کو آنسو کی روانی سمجہا

روغن قاز لبی کو ملا کرتا ہوں
خوب ساقی عجب چرب زبانی سمجہا

رخصت تن شتر کو پہچان لیا عاشق نے
داغ کو جامۂ ہستی کی نشانی سمجہا

تیغ ابرو کے بہی زخم کہن یاد آئے
ماہ نو کو بہی میں ٹکڑا پرانی سمجہا

دل پروانہ کی فریاد کو سو یا وہ طفل
نالہ طاؤس کا چڑیا کی کہانی سمجھا

راستے سو گل و بلبل کی حکایت پائی
سرِ گلشن کو گلستان کی نشانی سمجھا

چلی اس گرم روی سے یہ عالم میں شراب
ساغری کو میں کشتیٔ دخانی سمجھا

دل حیران نہیں سرد سے افسردہ ہوا
آسیا آئینہ کو میں برف کا پانی سمجھا

مغز سنسان [illegible] میں سے پھر چکر پایا
خضر کے سر کو حباب یم فانی سمجھا

بیت [illegible] اس قدر ایام شباب بدل گئے
سایۂ مور کو میں شام جوانی سمجھا

کسی لنگر دست کے تصویر میں لگی چپکی
شب [illegible] کی بیت پیچ پانی سمجھا

کان پہ لیکر نہ سنی جہاں تیری کچھ تعریفیں
صفت انگلیاں وہ چڑیا کی کہانی سمجھا

اول روز ہی تھا انجم ہستی کو زوال
شفق صبح ازل کو سے فانی سمجھا

تو جو جاتا رہا پھر ضعف ہوا مجھکو وحید
تیری رخصت پہ امر آہوی جوانی سمجھا

تیرے پرتو سے مرقع جو ہوا روز وصال
دھوپ کو دیکھ رنگ رخ مانی سمجھا

یاد آیا جو تیرا مصرع قد موزوں
قامت حشر کو میں مصرع ثانی سمجھا

اس کی آنکھوں میں سمایا جو خط سبز اپنا
اطلس وہ بادام گرد ہانی سمجھا

تنگ سے پیچھے مجھے تختہ کا ہو کا جو ہوا
بانگ ناقوس کو میں مرثیہ خوانی سمجھا

آتش غم ہوئی فرقت میں جو آتش تیز
ساغری کو گل زخم نہانی سمجھا

ہر حیفے میں رہا جوش [illegible] سخن
بادلوں کو لب دریا سے معانی سمجھا

آگیا عہد شباب [illegible] کی نشانی آئی
توں کے چھلے کو میں دور جوانی سمجھا

بسکہ ہر رنگ سخن کا ہے تیری قابوں میں
جس نے جو بات کہی تیری زبانی سمجھا

دل لگاتے ہی اجارہ نہ رکھا اپنا
میں طبیعت کے علاقہ کو امانی سمجھا

خاتمہ پر ہوئی سرِ کہانی ایسی
پھر قصہ کی تمامی کو وہ دیوانی سمجھا

علم تحقیق میں انصاف سو جیسے دیکھا
رشک کو ناسخ مغفور کا ثانی سمجھا

سختی دہر ہوی بحر سخن مین آسان
قافیے آئے جو پتھر کے مین پانی سمجھا

منتظر تیرے نکلنے کے ہین شب بہر ایماہ
چشم انجم کی مین وجہ نگرانی سمجھا

ہمہ دانی کا تکبر ہے مجھے کیونکر ہو میسر
کونسی بات ہین جسے ہیچمدانی سمجھا

آبلہ سینہ پر داغ کا کیا کیا ٹوٹا
آج باغ پر طاؤس کا میوا ٹوٹا

دل نازک نگہ قہر سے میرا ٹوٹا
صدمۂ جنبش مژگان سے یہ شیشا ٹوٹا

خلش غم سے پھپھولا مرے غم کا ٹوٹا
اس نئے خانے سے آئینہ کا چھالا ٹوٹا

کھل گیا جوڑ سبھے آپ کی بیہوشی کا
خوب زنجیر رم ہوش کا ٹانکا ٹوٹا

نظر قہر سے تیرے مین ہوا نابینا
پڑگیا پاسے نگہ آنکھہ کا ڈہیلا ٹوٹا

اس طرف جوش طپش اور وہاں کثرت ناز
نبض دیکھی جو مری یار سے نے پونچا ٹوٹا

میری کہنے سے جو اس شوخ نے کی توبہ می
وان دشمن کیطرح شیشۂ صہبا ٹوٹا

جھو لینے مین ہوئی لغزش تو جلایا ہمکو
بنکے بجلی وہ گری آج جو جھولا ٹوٹا

تیرے گانے سے معطر ہوی محفل ایسی
لوگ کہنے لگے عطار کا طبلا ٹوٹا

لب جان بخش کو دیکھا تو ہوی زیست محال
سانس چلنے لگی الٹی دم عیسے ٹوٹا

مٹ گئی بیضہ دہانی کی خلش بوسہ سے
آج قفل دہن یار کا کھٹکا ٹوٹا

کر دیا ضعف نے یکدست معطل ایسا
بوجھہ سے کاتب اعمال کے مونڈھا ٹوٹا

شل ابلیس جلا غیر نشانہ سے ترے
آج بندوق کی ٹوپی کا ستارا ٹوٹا

بد زبانی جو چھٹی غم نکر اے شمع جمال
کیا ہوا گالیون کا جھاڑ جو ٹوٹا ٹوٹا

تیرے پلکون سے تن زار ہوا دو ٹکڑی
آج وحشت نگہ ناز سے تنکا ٹوٹا

کر گیا خون مرا انکا گنوار ہی گہنا
تنگ تیز چھری جو کوئی پیچھوا ٹوٹا

اے صنم یہ مرے نالون سے ہوا ہو اب
صفت آبلہ ناقوس کلیسا ٹوٹا

لکھنؤ کے کسی بت کی یہ امانت تھی منیر
فرخ آباد مین دل آپ کا بیجا لوٹا

وہ رنگ ضعف مین چہرے کا مرے رنگ اوڑا
اے پری طائر بے پر کی فرسنگ اوڑا

خال ابرو کا جو شہ پر لیے پتنگ اوڑا
نکل ہوا زاغ کمان سیکڑون فرسنگ اوڑا

پر گئی جان جو اس طفل نے پیچ باندھے
آج جگنون کی طرح ہر شرر سنگ اوڑا

کھیل مین تیر قتلی و تجلی دیکھی
بنگیا چودہوین کا چاند اگر تنگ اوڑا

سلطنت کا مرض عشق مین ہاتھ آیا سلف
اے شہ حسن سبا بنکے مرا رنگ اوڑا

شفق صبح سے ظاہر ہے یہ اے شعلۂ طور
تیرے آگے گل خورشید کا بھی رنگ اوڑا

رات شفاف تھی بزم شراب اے ساقی
رنگ مینائی فلک دیکھ کر مرا رنگ اوڑا

بسکہ کی دست درازی تو لڑی وصل مین شوخ
توسن ناز کی ہاتھ دم جنگ اوڑا

دل نالان نے کیا جسم گلی کو برباد
کیا قفس لیکے مرا مرغ خوش آہنگ اوڑا

لب جان بخش کے پرتو سے مگر جان پڑی
آج طوطی کی طرح ہر قدح بنگ اوڑا

سنتے ہین سینہ فگن کچھ سبب مرگ نپوچھ
طائر جان ترے ہاتھون جو ہوا تنگ اوڑا

زر پرستون کو دکھا تیغ نگہ کا عالم
ایکدن شکر کی پھلی کا بھی جو رنگ اوڑا

خاک مین ملگئی موجون کی روانی ساری
اس پری زاد کا گھوڑا جو لب گنگ اوڑا

ٹھوکرین کھا کے قلم نے رہ مشکل طے کی
نالیان سیکڑون اپنا فرس لنگ اوڑا

کیا اوڑایا ہے تمھین چتکو نے انکی منیر
خود سمجھو آج تمھارا کہو کیون رنگ اوڑا

تصور تھا جو روے لالہ گون کا
ہوا اشک چشم تر پر داغ خون کا

ہوا ایسا مرا طوق گلو تنگ
کہ چھلا بنگیا دست جنون کا

کہان شیرین نے دیکھا زخم فرہاد
عبث پھولا ہے لالہ بیستون کا

چھپایا میں نے چاک سینہ صبر
شب فرقت جسے سمجھے ہیں نادان
لہو رو کر غبار دل نکالا ہون
وہ ہے خالی ہوئے پھر بھی وہی دو
مٹے گا نقش کن آنکھوں سے آکے
میرے نالوں سے جنگل گونجتا ہے
بنے قیس کیسے کن کہکے صاحب یا ہو

رفو ہون دامن کوہ سکون کا
دیوان ہی آتش سوز دردن کا
کہین ٹاپو کٹے دریائے خون کا
فلک بنجائے جام واژگون کا
زمانہ ملک ہے وصل کاف و نون کا
بنا ہون شیر صحراے جنون کا
ہے ہین چلنے کا حقرا کاف و نون کا

منیر آسیب غم سر سے نہ اوترا
بہت سا اسم اعظم پڑھ کی پھونکا

آج کعبہ مین امیر المومنین پیدا ہوا
چودھوین کا چاند کعبہ مین نظر آنے لگا
خانہ دی میلاد حیدر خانہ مین رہی
ذوالفقار دست حق آئی سپر کے لئے
کونسے بندہ کا مولد کعبہ ٹھہرا جز علی
رمز معنی ید اللہ فوق ایدیہم کھلے
بڑھ گئی شہد قناعت مین حلاوت سب جواب
کعبہ کی جانب کو سجدہ اسلئے واجب ہوا
جس نے سائل کو انگوٹھی بخشدی وقت رکوع
ہے بجائے دعوی سلونی عن کتاب اللہ کا
حسن یوسف کی سفیدی آج کعبہ مین ہوئی
تہنیت کا غل ہے عرش و زمین پر بالائے فلک

شکر ہے اللہ کے گھر جانشین پیدا ہوا
آج ماہ بالا رتا ف زمین پیدا ہوا
ہو گئی زیب مکان عالم مکین پیدا ہوا
قوت بازوئے ختم المرسلین پیدا ہوا
خانہ حق مین نبی کا جانشین پیدا ہوا
آج بالا دست اصحاب یمین پیدا ہوا
چشمک گیر لسان حور عین پیدا ہوا
یعنی اس مین قبلہ دنیا و دین پیدا ہوا
خاتم بخشش کا نقش نگین پیدا ہوا
واقف اسرار قرآن مبین پیدا ہوا
خانہ معبود مین طفل حسین پیدا ہوا
مقتدائے حضرت روح الامین پیدا ہوا

کیون طناب خیمۂ ایمان نہو مضبوط آج — رشتہ دار مصطفےٰ حبل المتین پیدا ہوا
سنگ اسود مین تجلی چاند سی دو چند ہے — بدر حیدر برج دین امام مہ جبین پیدا ہوا
آج میلاد قسیم نادر جنت کی ہے دہوم — عرش کہتا ہے میرا کرسی نشین پیدا ہوا
گوہر نادعلی آویزۂ ہر گوش ہے — قلزم اعجاز کا دُرِّ ثمین پیدا ہوا
نفس پیغمبر کہا حق نے اسی قران مین — احمد ثانی امام الاولین پیدا ہوا
بیعت دست خدا کا سلسلہ ہاتھ گیا — آج پیر و مرشد اہل یقین پیدا ہوا
لکھ گیا طغرا اسامی کا حسین فخر سے — خلق مین استاد جبریل امین پیدا ہوا
قبلۂ حور و ملک کا نال کعبہ مین گڑا — آج وجہ شہرت ناف زمین پیدا ہوا
آج وہ پیدا ہوا جس کے ملئے قرینہ مین — چشمۂ شیرین شیر و انگبین پیدا ہوا
دیکھو ظلمات سواد کعبہ مین آب حیات — ساقی تسنیم و خضر راہ دین پیدا ہوا
جانشین مصطفےٰ بے فصل و زوج فاطمہ — کعبۂ اسلام کا رکن رکین پیدا ہوا
جان و جسم مصطفےٰ مصداق اقضی کم علی — ملک دین و شرع کا مسند نشین پیدا ہوا
صاحب لولاک کا یہ نفس جان و روح ہے — باعث پیدائش چرخ و زمین پیدا ہوا
خاکساری سی ملا جسکو خطاب بوتراب — آج وہ گلگونہ روے زمین پیدا ہوا
تشنگی روز محشر کا عبث ہے اضطراب — تشنہ کامون ساقی ماء معین پیدا ہوا
بیج حربانسی ہی ٹکرے دانہ گندم کا ول — جیسے یہ لذت کش نان جوین پیدا ہوا
نفس جان و خون و جسم مصطفےٰ ہے مرتضےٰ — ناصر حق وارث شرع مبین پیدا ہوا
دوستو نکو والِ مَنْ والاہ کے معنی کہئے — صورت اعجاز فخر مرسلین پیدا ہوا
دوسرا مصرعہ جو پایا نور کا مطلع بنا — ثانی محبوب رب العالمین پیدا ہوا
نور حق سے جامۂ اعجاز روشن ہو گیا — آفتاب صبح جیب و آستین پیدا ہوا
مقدم حیدر سے یہ کعبہ معنبر ہو گیا — غل ہی آہوی حرم سے مشک چین پیدا ہوا

نزع کے خوف اور فکر قبر سے چھوٹ گئیں نیر
عیسیٰ امراض وقت واپسین پیدا ہوا

زمانہ میں ہے دن آج اس مقدس کی ولادت کا
جو سورہ آخری آیا ہے قرآن امامت کا

پڑھا کلمہ کیا سجدہ دم میلاد مولا نے
ہوا اعجاز ظاہر سب کتابوں کی قرأت کا

زمین و آسمان میں شور مچا، حق کا پیدا تھا
خط باطل بنا مضمون ہر مکتوب بدعت کا

قدوم حجت حق سے ہوا اوج اسقدر حاصل
جبین عرش آئینہ ہوا صبح ولادت کا

کبھی کا گنبد افلاک بنتا بیضۂ عنقا
ستون قصر ہستی جو نہوتا پاؤں حضرت کا

فرشتے آئے مجرے کیلئے افلاک سبعہ سے
دیا کر دیبوں کو آپنے خلعت زیارت کا

نہوتے صاحب عصر و زمان موجود اگر ایدل
تو تقویم کہن بنتا ورق صبح قیامت کا

خدا جسطرح ہے لیکن نظر آتا نہیں ہرگز
یہی راز خفی ہے حضرت مہدی کی غیبت کا

انکھوں تشنہ کاموں کیلئے آب بقا ہوا
اندھیرا چھا گیا دنیا میں گمراہی کی ظلمت کا

منور کر دے اپنے نور سے ای آفتاب دین
سپہر شرع پر ابر آگیا شرک و ضلالت کا

ظہور اب جلد فرماؤ کہ شیرین کام ہوں خادم
دل منکر ابھی شیشہ ہے زہر ندامت کا

مسیحا و ملائک کی امامت کیجیے مولا
نبی مصحف کی سطریں حسن صفحہ ہائے عبادت کا

ہزاروں دن ہو گئے دجال سے مولا زمانے میں
غبار آگیں ہے زنگ شرک سے آئینہ وحدت کا

پڑے ہیں پردے آنکھوں پہ نہیں قوت دین نبی سے
ہوئی ہر خشت مدفن گو کہ ڈھیلا چشم عبرت کا

جدا اسباب ظاہر اسقدر ہیں لطف باطن سے
اگر سب ہے جوہر معنی سے ہر آئینہ صورت کا

غنی سب ہے فیض سے ہیں محتاج پھر بھی اہل ہمت ہیں
تہی ہے کاسۂ درویش میں چشم مروت کا

فقیروں کو بھی دنیا کی طمع ہے ساری شہرت کی
نہیں معلوم کس جنگل میں تکیہ ہے قناعت کا

وہ اندھے ہیں جو منکر ہیں تری ذات مقدس کے
سوا آنکھوں کے جالے سر ہے پردہ خواب غفلت کا

سزا دو سے صید گاہ دہر میں ہر ایک ظالم کو
تنکا اب کھیل تماشا ہیں ترازوے عدالت کا

دکھاوے جلوہ اپنا منکروں کو مجھکو سمجھا کر
مرے دامن سے چھوٹے داغ بیدینی کی تہمت کا

پیام مرگ ہے تیرا ظہور پاک منکر کو
صدا ہے کوس رحلت کیوں نہو آوازہ نوبت کا

پڑھا طوطی کی صورت اسنے کلمہ بھی تو کیا حاصل
جو منکر ہے ترے اعجاز قرآن فضیلت کا

ترے دشمن کو جا سے امن بھی ہو صرصر پہنچے
بنے آغوش گور تنگ ہر کوچہ ملامت کا

گلستان جہان ہے آپکے جلوہ کے صحرا ہے
رگ گلین نظر آتا ہے عالم خار وحشت کا

لب جان بخش سے اپنے جلا دو اہل بیانکو
جبین خضر سے ہمسر ہو پتھر لوح تربت کا

مفید زخمیان تیغ عصیان ہو وہی مرہم
جو تو کافور سے اپنے کف دریائے رحمت کا

رکاب پاک میں فضل خدا کا سایہ ہاتھ آئے
کہ چتر فرق اقدس میں ہے عالم کعبہ کی چھت کا

سواد لشکر دین سے عروج تازہ حاصل ہو
شب معراج ہو سایہ تری اعلام حشمت کا

زمینوں کو ملے اعراج اسقدر تیری سواری سے
سپہر عالم دین ہو غبار افواج شوکت کا

فتوح تازہ کا ڈنکا بجے گا عرش اعظم پہ
بنے گا گنبد چرخ نہم نقارہ نصرت کا

حضور آفاق میں ارشاد ہیں اعجاز مسیحا کے
ارادہ کیجیے اپنے مریضوں کی عیادت کا

بڑھے ہے یہ آبرو باغ جہان کی تیرے جلوہ سے
ابھی چھڑکاؤ ہو آب ندر گل کی رطوبت کا

اگر آب وضو پاک کا ان کو تصور ہو
دل حور و ملک کنز بنے عطر لطافت کا

کرے کسب صفا صبح تمنا راہ حضرت سے
ترے گرد قدم غازہ ہو رخسار صباحت کا

اگر پر قدسیوں کے ہوں پھریرے سب نشان نو کے
تو چوب رایت لشکر بنے ہر سرو جنت کا

تری تیغ قضا ہمدم کا زخمی بچ سکے کیونکر
اجل کے ہاتھ میں دامن ہے گھائی جراحت کا

مسخر کیوں نہوں جن و ملک احکام والا کے
تری زنجیر در میں ہے اثر سطر عزیمت کا

جو افلاطون بھی آتا تیری بستان نشینوں میں
پڑھا دیتی سبق اطفال غنچہ علم حکمت کا

ستون عرش اعظم کیوں نہو تو قد قدسی کو
کہ مرغ سدرہ بھی ہے فاختہ شمشاد قامت کا

سکھا دینگی زمین پہ خدا آپ کی خاطر
کلید حکم سے کھل جائے گا ہر قفل دولت کا

لب پیر فلک پہ رہتی ہی انگشت ماہ نو / اشارہ کر رہا ہے غافلون کو تیری حیرت کا
حبیب حق کا تو ہمنام ہی لخت جگر بھی ہے / جناب مصطفے کا دل ہی گوشہ تیری خلوت کا
زبان خاص ہی تو حضرت قرآن ناطق کی / کلام پاک ہی سہرا لآلی فصاحت کا
پڑہین گے آپ خطبہ منبر خیر الخلایق پہ / کئی زینے پہ ٹہہیگا مرتبہ بام بلاغت کا
خدا و مصطفے کا تو ہی نائب ہی زمانہ مین / ترا اجماع ہی آیہ ہی قرآن کرامت کا
زبان دان خدا و مصطفے ہی تو ہی عالم مین / حدیث پاک مین ہی لطف مصحف کی ہر آیت کا
ملے خلعت جو تیری گرد رہ کا خاکسارونکو / سند ہے دستار سر مین گوشوارہ عرش رفعت کا
مسیحا کو بھی وہ بیمار کا سایہ سمجھتا ہے / مریض عشق اقدس کب ہوا محتاج صحت کا
تری ہو وا ماندگان ادی خدمت کو ای مولا / بنے زانوئے حور خلد تکیہ خواب راحت کا
جلانیکو جو تو ہمکر انیگا ای قبلہ عالم / ہی گا سنگ اسود صفا پتہر مری تربت کا
مبدل ہونگے صدمے عیش سے تیری زمانے مین / بنے گا اختر اقبال نقطہ لون نکبت کا
زیارت پڑھتے ہین درگاہ اقدس کی طرف ہر دم / تری محراب د ستا حن ہی انگشت اشارت کا
جو تو فرمائی تو لیجائی مجکو بزم اقدس مین / حضر ہے منتظر ای نور حق تیری اجازت کا
حنائی پنجہ امید خون تن سی ہو جائے / یہ کیا ہے خاص مین خلعت ملی مجکو شہادت کا
مجاہد فی سبیل اللہ ہو کر ہون ترا خادم / نہین مشتاق ای مولا مین اسباب غنیمت کا
بہت گہبرا رہے ہین ظلمت عصیان سی دنیا مین / گنہگارونکو مژدہ دیجئے نور شفاعت کا
بچالو تم بلای چرخ گردان سے مجھے بابا / دکہایا زال دنیا نے اثر رستم کی طاقت کا
نظر آئیگی صورت غم کسطرح صبح تمنا کی / مری آنکہون مین سرمہ ہے سواد شام غربت کا
مری تاریک مژدہ ہو خانہ شہزادہ مانی ہون / اگر آنکہون سی مین دیکہون مرقع تیری صحبت کا
ابلاغت تیری بحر و تن ہی ای شمشاد باغ دین / بنا ہی فاختہ کا طوق حلقہ تیری بیعت کا
[illegible] کیا شیشہ شوق پاکی لوبی سے / میری دامان ہستی مین ہی بیٹہا تیغ فرقت کا

ترے پائے مقدس کو جو لپٹونگا نہ چھوڑونگا
قدِ خم گشتہ ہوگا ناخنِ آخر دستِ قدرت کا

مجھے بھی مسجد سہلہ مین یا کعبہ مین لے مولا
نظر آجائے پرتو آفتابِ برجِ قدرت کا

دکھا دے جلوہ اے دریائے رحمت تشنہ کامونکو
حباب آسا بہروسا ہے کسی دم بہر کی مہلت کا

ملون آنکھین جو مروارید نور حق نظر آئے
تماشا دیکھے یہ قطرہ تری دریائے رحمت کا

تمنا ہے ظہور خاص مین اے نور حق مجھکو
قیامت کا گذرنا ہے گذرنا ایک ساعت کا

تسلی دے دل غمدیدہ کو اپنی تجلی سے
گلِ دستار خورشید فلک ہو داغ حسرت کا

تمنا ہون ہے بچا کر شوق طاعات آلہی دے
مری گردن سی پہندا دور کر ضیق معیشت کا

خدا کیواسطے حل کر میری ہر مشکل اے مولا
کہ تو وارث ہے داماد پیمبر کی سخاوت کا

عطا ہو صحت کامل میرے بیمار کو جلدی
تجھے مین واسطہ دیتا ہون حضرت کی شہادت کا

فشار قبر و خوف نزع سے محفوظ ہو جاؤن
عنایت کربلا مین ہو جو گوشہ مجھکو تربت کا

منیر خستہ کو جلدی دکھا دے نور کا جلوہ
دل و جان سے بہت مشتاق ہے تیری زیارت کا

بسملون سے بوسۂ لب کا جو وعدا ہوگیا
خود بخود ہر زخم کا انگور میٹھا ہوگیا

فقر مین جب وا عذار اپنا سراپا ہوگیا
جامۂ تن لاکھ پیوندونکا خرقہ ہوگیا

لذت تقریر سے دل آج کھٹا ہوگیا
آپ کی باتون کا رس لیتی ہی سرکا ہوگیا

رنگ مقتل دیکھکر اہل ہوس گھبرا گئے
عاشقون کا سر جدا ہوتی ہی دو نیزہ کا ہوگیا

یوسفِ معنی کو دیکھا چشم صورت بند کی
آنکھ جھپکانا مجھے خوابِ زلیخا ہوگیا

ترک عصیان سے ملا مستونکو لطفِ طاعت
توبہ کا دروازہ گویا طاقِ کسریٰ ہوگیا

دیکھکر فرقے مین آنکھونمین تنکا پڑ گیا
اسقدر [illegible] آپکی نظر [illegible] بلکل ہوگیا

وصل مین مجھسے لپٹ کر اسنے کھائی شبیہ
اے منصور اس خوشی سے جسم دونا ہوگیا

آبرو ہے طاعتِ حق ہوگئی تر دامنی
بوریئے [illegible] ہوگیا

جوش وحشت ہے مجھے بارہ مہینے دامن
خاک اورانی اسقدر ہر شہر صحرا ہو گیا

چشم جوہر جو یہ مینائی نور دندان دیکھکر
پانی اترا آنکھہ مین آئینہ اندھا ہو گیا

خواب غفلت سے نہ پہنچا منزل مقصود تک
سائے غفلت سے رستہ مسافر کا کھوٹا ہو گیا

شرم کیا ہے بے تکلف خواب مین آ جائیے
دونون آنکھین بند کرلین مین تو سیدہا ہو گیا

چشم گریان کو لشر سے مدعی چلکر اسکے
تھمے جسکا دل پھر اگرداب دریا ہو گیا

آتش الفت مین جلکر آفتونسے بچ رہا
مجکو بسم اللہ کا گنبد ہیولا ہو گیا

آنکے دل کی کدورت بنگئی خاک شفا
کربلائی دیکھیے انگیا کا کنتھا ہو گیا

نالہ آتش فشان کا رنگت میں سے بڑا
ہر شرارہ بہجکے اس دنیا مین مونگا ہو گیا

سمونین بھنین تو بجلی ہر کلائی آپکی
موتیونکا بوجہ شاید لاکھہ منکا ہو گیا

نوٹ مین سب تیرگی دیکھی جو تلوار آپکی
زخمون کا کہانا طعام خوان یغما ہو گیا

پانی پانی ہو گئے یوسف تیری آگی شرم سے
طفل اشک دیدہ یعقوب گویا ہو گیا

وصل کیا اتھو سرخی آئی رخ کے پاس پر
تمنے کیا منہدی ملی خون تمنا ہو گیا

عشق ابرو رنگ لایا ای حسین خوشنویس
طائر جان مرغ بسم اللہ طغرا ہو گیا

جھڑ ولاینگ سے ہوا ایسا دل بیتاب ہے
خار غم اے گلبدن پھلی کا کانٹا ہو گیا

تنگ آئی تیرے ہاتھون سے حیات جاودان
چشم سوزن ساغر عمر مسیحا ہو گیا

دانتون کی جلوہ سے منہ کی اور رونق بڑھی
حلقہ میم دہن ہیرے کا چھلا ہو گیا

بعد مردن بھی نہ جاگی اپنی قسمت دیکھنا
سنگ مرقد بخت خوابیدہ کو تکیا ہو گیا

چہرہ بالون سے چھپایا مجکو روتی دیکھکر
آگئی برسات ابر زلف گہرا ہو گیا

دیکھہ کو شان عالی سایہ قدسی ملی
سرو مینا آج بڑھتے بڑھتے طوبا ہو گیا

الفت لب مین ہو کے گھونٹ پیتا ہی جان
دانہ یاقوت ہر گردن کا منکا ہو گیا

چینی رنگت نہین دیکھی کسیکی اسقدر
آپ کی گردن کا پکا تک سنہرا ہو گیا

ہو بکھر زلف آپ پیٹی ہیں شرابیں راتدن
آشنا اس سانپ سے ہی طاؤس مینا ہو گیا

کر دیا تاریک دل سوداے خال یار نے
سارے گھر میں ایک نقطہ سے اندھیرا ہو گیا

ملتی ہے کیفیت تازہ تمہاری فقروں سے
تمنے جو دہا گا دیا نشا کا دورا ہو گیا

خود بدولت بگڑ بیٹھے ہیں گر وصل
آپ کی دیوار کا پریون کو سایا ہو گیا

ناستے ہو وصل کے وعدہ کو ناحق رات
خود بخود جوڑا کھلا دیکھو اندھیرا ہو گیا

وحشت دل کو تیرے پرتو سے ملا حسن دو چند
گنبد مینا نظر میں برج جوزا ہو گیا

داغ دل پیدا ہوے شیریں لبوں کی یاد میں
میرے آئینہ کا ہر چھالا بتاسا ہو گیا

تمنے گردن میں جو ڈالے دستہاے نازنین
دیکھیے دو ہاتھ کا ہیرا کا جا ہو گیا

دق کیا جو منہ سے بچے کچھ دن مریض عشق کو
تیسرے درجہ سے بدتر اسکا درجا ہو گیا

زہر کھایا پائمالوں نے خرام ناز پر
تیری ہر جوتی کا پتا آج ہیرا ہو گیا

ہاتھ کانپے سرد ہیں سے کرتی تصویر یار
ابکی یہ سردی پڑی قرآن ٹھنڈا ہو گیا

پھر گیا پردہ کدورت کا کہاں لطف وصال
بیچ میں دیوار اٹھی دل جو میلا ہو گیا

دیکھتے ہیں لوگ بیلوں کو دوپٹہ کی بہار
آپکے دروازہ پر چھڑیوں کا میلا ہو گیا

سنتے ہیں اے مجنون یہ مضمون آوازہ جرس
ناقہ لیلےٰ کو گذری ایک گھنٹا ہو گیا

ناتوانی کا اثر باقی ہے آزادی میں بھی
میرے ملنے کا الف خم ہو کے نمرا ہو گیا

جھک گیا بازو یہاں زخموں کا لطف اٹھا یہاں
میں نے دعوت کھائی انکا ہاتھ جھوٹا ہو گیا

نزع میں ہونٹوں کا بوسہ مجکو دیکر کہتے ہیں
میرے حلوے کی قسم کھا منہ تو میٹھا ہو گیا

بالوں کے بھولے ہو گئے کیا پر آنچل کس لیے
دونوں پٹے تمنے جب چھوڑے دوپٹا ہو گیا

ہو گیا کامل بشیر استاد کے اعجاز سے
آج فرصت مل گئی دیوان پورا ہو گیا

فقیر ہو نہیں کسی بت کی پوپلی ٹھوڑی کا
لب مسیح بھی [illegible] ہے میری جھوڑی کا

تمہارے گانے سے زہرہ کے گلے نے تنکا پیا — مرے خیال مین ٹپا ہے ایک گولی کا
لگا کے منہدی بجاتے ہین چٹکیان ہر دم — مزا ہے طائر رنگ حنا کی بولی کا
مرے نصیب بھی پھر آئین ساتھ بھیون کے — خدا کے واسطے پردہ اُٹھا جھولی کا
حریر برگ گل خلد سے بھی ہے رنگین — نقاب حور ہے پردہ تمہاری ڈولی کا
وہ رشک حور جو فصل بہار مین کھیلا — گل بہشت بنا اُڑ کے رنگ ہولی کا
کفن کو مانی و بہزاد نے کیا گمرے — گیا جو چین مین نقشا تمہاری چولی کا
رخ صبیح کی تنویر سے سواری مین — سپیدہ صبح کا پردا بنا جھولی کا
ہر ایک پھول کی رنگت ہو رشک صبح بہشت — جو پائے رنگ نوازی تری کھٹولی کا
ہوے جو پان سے انگیا کو زرد سیب پان — نظر پڑا گل صد برگ رنگ ڈھولی کا
تفنگ یار کا ہر دم خیال رہتا ہے — دل ستم زدہ سانچا بنا ہے گولی کا
دکھا کے دُر دندان جو کھیلتے ہین رنگ — حباب آب گہر قمقمہ ہے ہولی کا
تغیر جان سے لڑواتے ہین رقیبون سے — عدو کو دیتے ہین لقمہ ہماری جھولی کا
تمہارے پاس جو تو دل مرا جلائے گا — ہر ایک بان چھٹے گا تری کھٹولی کا
ہزارون ہار گئے نقد دل سواری مین — ہوا نظر جو پڑا آپ کی جھولی کا
بہا ہے تیری سواری کے ساتھ قلزم اشک — کہ تھاہ سے نہین سکتا ہے بانس ڈونگی کا
ہمارے بخت نے سیکھی ہے ہیرون کی گردش — حضور چشم سے ہے عالم تری جھولی کا

سواری آنکی جو جائے گی سوئے مصر منیر
بنے گی قیمت یوسف کرایہ دولی کا

خاکساری سے جو غافل دل غماز ہوا — خاک کے پردے مین پوشیدہ ملا باز ہوا
لے گیا خط جو کبوتر کی طرح طائر دل — زلف کے جال مین پھنستی ہے گرہ باز ہوا
زمانے کے پردے مین کی تو نے حکومت سب پر — نئے قانون سے طیار ترا ساز ہوا

حیرتی فصل چمن مین ہوئی سر سبز ایسی
سبزہ رخسارۂ تصویر سے آغاز ہوا

رات شرمائے تری بالون نے روپوش ہوئی
زاغ شب کے لئے گیسو پہ پرواز ہوا

کوٹھے پر چہرۂ پرنور دکھایا سر شام
یاس سے رجعت خورشید کا اعجاز ہوا

چمن دہر مین تھے دیدۂ عنقا نرگس
جب سے مین شیفتۂ چشم فسون ساز ہوا

صفت آبلۂ مینا ہے فلک ٹوٹ گیا
کیا قیامت تری رفتار کا انداز ہوا

جب ہوا محو ادا باغ مین وہ خسرو حسن
پھولون کے عکس سے گلگون فرس ناز ہوا

آپ منھ دیکھتی کو آئینۂ دل مانگا
تصفیہ اس بت کا ہے خدا ساز ہوا

عرصۂ دہر مین باندھا جو طلسم الفت
دشمن جان فلک شعبدہ پرداز ہوا

جان لیتا ہے تری تیر نگہ سے سب کی
لے پری پیک قضا بھی قدر انداز ہوا

سنبل آہ ہوا طرۂ شمشاد بہشت
ہمبغل مجھ سے جو وہ سرو سرافراز ہوا

اس سے کچھ کہکے مجھے ذبح کیا ابرو نے
تیز تر تیغ اجل سے لب غماز ہوا

لوگ کرتے ہین کمال رخ زیبا کا وصف
خلق کیا تو ترا مصحف اعجاز ہوا

اے مغنی دل نادان نکل آیا باہر
آج بے پردہ زمانہ مین ترا ساز ہوا

روز فرقت نے کیا طائر دل کو بیجان
گل خورشید مجھے چنگل شہباز ہوا

بوسہ مانگا گیا ہونٹون کا ہی زنگ پری
زنگ مسی کا مجھے سرمۂ آواز ہوا

نشۂ غمزہ و انداز سے سرشار ہون مین
کاسۂ عمر رواں جام مے ناز ہوا

ترو دماغی جو برسے ہے نشۂ معنی کی منیر
کاسۂ سر مجھے جام مے شیراز ہوا

جلوہ سے ہے نیا بزم بت سیم بدن کا
کیون چاندنی پہ شبہ نہو صبح چمن کا

تر باغ مین ہوگا جو پسینہ سے وہ گلرو
سونگھینگے عروسان چمن عطر دولہن کا

شاید سر قبر آئیگا وہ خورشید درخشان
مشتاق مرا جسم ہے شبنم کے کفن کا

تو کان لگا کر جو سنے کوئی مرا شعر
پتا تری بالی مین پڑے نخل سخن کا

رفتار بتان نقش دل اہل جہان ہے
سکہ ہے زمانے مین حسینون کے چلن کا

بخشش ہو بلا کہین مقسوم کی ضد سے
مین گل ہون بیابانکا تماشا ہون چمن کا

اودھر ترے جلوے سے چہائی جو سفیدی
تہا جامہ مگر [illegible] جیبون کے بدن کا

بوسے کا اشارہ تو کیا منہ سے نہ بولے
بالکل مجھے کھٹکا نہ رہا قفل دہن کا

مسکن کے بتی پائے سفیدی کفن ہے
غربت مین سراغ آج ملا صبح وطن کا

وحشت مین بسر ہوتی ہین ایام شباب آہ
[illegible] جوانی ہے کہ سایہ ہے ہرن کا

بیتاب ہین گیسوے معنبر کو جو سونگہا
دم ناک مین ہے [illegible] ختن کا

بیٹھ اٹھائے ہین تا حشر نہ چھوڑین
ہاتھ آئے گریبان اگر صبح وطن کا

کیون دل سے غم عشق کی برچھی لگی ہے
ٹانکا کوئی ٹوٹا ہے مگر زخم بدن کا

چہرہ جو شب ماہ مین زلفون سے چھپایا
اندھیر ہوا چاندنی مین چاند گہن کا

ڈوب گئے عاشق ترے ہو ہو کے مکدر
پانی کبھی میلا نہوا چاہ ذقن کا

ٹوٹے کہین دل دیکھ کے آئینہ نہ غضب
بال آئینہ مین چاہیے [illegible] کی شکن کا

جب باغ مین آپ آئین تو ہو جائے عیان سب
رنگ اڑ گئے ہوا ہو گل نسرین و سمن کا

کہتی ہے ہلال مہ عاشور جسے خلق
لے ماہ یہ ہے طاق مرے بیت حزن کا

کی مشق اسیری جو تری زلف سیہ نے
ہر گانٹھ مین مضمون بندہا دام و رسن کا

آہن لعف کا سودا ہے [illegible]
پھندا مری گردن مین بندہ ہے سانپ کی من کا

بکھری ہوئی ہے ساری حسینونکی بناوٹ
اللہ رے عالم ترے بیساختہ پن کا

صدمے مین [illegible] کو مناگتے [illegible]
ایجان مین مبتلا ہون غم و رنج و محن کا

شبنم کی طرح دیکھتے ہی اڑ گئے آنسو
گرتی ہین مگر حال ہے سورج کی کرن کا

ہے نام مرا [illegible] مضامین
[illegible] دہن مین [illegible] نقاد سخن کا

لیجائینگے جنت مین منیر اوسکو پیمبر
جو عاشق صادق ہے حسین اور حسن کا

راہ کرکے اوس بت گمراہ نے دہوکا دیا
گر پڑے اندہے کنوئین مین چاہ ذقن دہوکا دیا

ہو گئے مغرور مجکو عاشق اپنا جانکر
ہائے ارمان کا برا ہو آہ نے دہوکا دیا

جانکر اوس بت کا گہر کعبہ کو سجدہ کر لیا
ہائے برہمن مجکو بیت اللہ نے دہوکا دیا

مینے جانا بال منہہ پر کہولکر آئے حضور
چہپکر ابر مین تہا قرص مہ نے دہوکا دیا

شیخ صاحب آپکو بتخانہ مین لایا منیر
پیر و مرشد بندہ درگاہ نے دہوکا دیا

بڑہ چلا عشق تو دل چہوڑ کے دنیا اوٹہا
خود بخود جوش مے نے لب شیشا اوٹہا

دست نازک سے رگ گل کا بہی اوٹہنا ہی تہا
یہ تو فرمائیے کسو جہ سے تو ڑا اوٹہا

جب پکارے لب جان بخش سے وہ مرتے ہم
ناتوانون سے نہ بار دم عیسا اوٹہا

خاکسارون مین نہین ایسی کسی کی توقیر
قد آدم مری تعظیم کو سایا اوٹہا

یاد اوس بت کی نمازون مین جو آئی مجکو
طپش شوق سے ہر بار مین بیٹہا اوٹہا

غم سہتے ہین پر غمزہ بیجا نہین اوٹہتا
مرتے ہین مگر ناز مسیحا نہین اوٹہتا

کب یان رقیبون کو عنایت نہین ہوتی
کس روز مرے قتل کا بیڑا نہین اوٹہتا

بل پڑتے ہین پہر پیچے مین لچکتی ہے کلائی
نازک ہین بہت پہولونکا گجرا نہین اوٹہتا

فرمائیے ارشاد پہاڑونکو اوٹہالون
پر رشک کا صدمہ نہین اوٹہتا نہین اوٹہتا

کوچہ مین منیر انکے مین بیٹہا تو وہ بولے
ہے ہے مرے دروازے سے پہرا نہین اوٹہتا

ردیف باے

جو ذوق ہے کہ ہو دریافت آبروی شراب — تو چشم جام سے اے شیخ دیکھ ہو سوی شراب
کبھی تو دے گل دستار شیخ بوے شراب — قبا کی بغل مین یارب لگے کدوے شراب
وہ مست ہین جو ہین مجروح تیغ موج سے — جگر کے چاک پہ اے گل بنے سبوے شراب
جو عاشق لب رنگون یار ہو فرہاد — تو بے ستون سے بھی جلائے شیر جوے شراب
وہ مست ہین کہ جو پیتا پس فنا ہو گا — ہمارے پھول نہین سگے گل کدوے شراب
ہمیشہ میکدہ مین خوش قدون کا مجمع ہے — ہزار دن سرو لگے ہین کنار جوے شراب
لگائین تاک سے اس مست نے جو تلوارین — دہان زخم بدن سے بھی آئی بوے شراب
ڈبو دیا مجھے طوفان مے نے اے ساقی — عمیق تر قد آدم سے نکلے جوے شراب
نماز شکر کی پڑھتا ہے جام توڑ کے شیخ — وضو کے واسطے لیتا ہے آبروے شراب
وہ رشک حور سے مشکبو کا خواہان ہے — گل بہشت ہے مشتاق رنگ و بوے شراب
صدائے قلقل مینا سے ہو گیا ثابت — کہ پیٹ بھر کے کرین مست گفتگوے شراب
بہ رنگ شیشۂ مے ابکی فصل بارش مین — کرینگے بیٹھ کے کشتی مین سیر جوے شراب
کھلا یہ شیشون کے جھکنے سے حال اے ساقی — کہ سرکشی نہین لازم ہے روبروے شراب
اسیر دام علایق ہون کس طرح میخوار — کہ رسیون مین نہین باندھتے سبوے شراب
نہو جو کشت عمل اپنی سبز اے ساقی — ریاض خلد سے ہم کاٹ لائین جوے شراب
علاج ضعف بصر تو یہ ہے مستون کو — ہماری آنکھون کی چشمہ بنی کی جوے شراب
پتا لگا کے گیا ہے گلشن جنت — کہان کہان نہین کی مین نے جستجوے شراب
کسی نے ساغر مے سے گلون کو دی تشبیہ — نسیم باغ سے آئی جو آج بوے شراب
ملین گے ساغر و مینا جو خالی اے ساقی — کرینگے دیدہ و دل اپنی جستجوے شراب
کیا جو شیشون نے عزم سیر عالم آب — تو بڑے تومون کے ہاتھ آگئی کدوے شراب
خبر ہے چشمہ شفاعت مین ہو گی یہ قسمت — ہماری گانٹھ مین ہے نقد آبروے شراب

بہک کے جاؤں جو مستی میں جانب کوثر
تو مجکو دست سبو کہینچ لائے سوی شراب

یہ کسکے آنے سے میخانہ میں ہوئی شادی
دولہن کے عطر سے ملتی ہے آج بوی شراب

بدن جو ٹوٹ رہا ہے ظروف مے کیساتھ
بنا ہے کیا گل آدم سے ہر سبوے شراب

وہ رشک مے کرے بالاے بام میخواری
الہی آج خط کہکشان ہو جوے شراب

ظروف بادہ گلگون ہو میرے کاندہونپر
فرشتون سے بہی مین اٹہواؤن ہر سبوے شراب

کہلا یہ پہولون کے ہونے سے حال اے زاہد
پس فنا بہی ہے رندون کو آرزوی شراب

سنا ہے پاس مسیحا کے آفتاب بہی ہے
کرینگے موت کے حیلہ سے جستجوی شراب

نہو سکے کوئی تعزیر یہ یکیشی ثابت
زیادہ حد سے بڑہی آج گفتگوی شراب

گدا ہے بادہ ہون الفت مین چشم میگونکی
ترے فقیر کا تو بنا بنا کدوے شراب

حضور دختر رز ہاتہہ پاؤن کانپتے ہین
تمام مستون کو رعشہ ہے روبروے شراب

منیر ساقی کوثر سے لون شراب طہور
کبہی مین آنکہہ اٹہا کر نہ دیکہون سوی شراب

تیرہ بختی سے دماغ عمر مین ہے جا شب
کیا ترے مجنون کا سر ہے خیمۂ لیلاے شب

رات کو ایسی لڑائی آنکہ اس نے چاند سے
ہو گیا بادام توام دیدۂ بینای شب

کیا لکہین ہم کلبۂ ویرانہ کی تنگی کا حال
سایۂ زاغ سیہ پڑ جاے تو ہو جاے شب

رات بل کہاتی ہے میرے نالہاے گرم سے
مین بناتا ہون کرل سے زلف عنبر ساے شب

صبح ہو چہرہ اگر کہولو تم آدہی رات کو
کوچۂ تاریک گیسو مین ابہی چہپ جاے شب

شام ہی سے ای فلک لاکہہ آفتونکا ہے ہجوم
ہر گہڑی اندہیر رہتا ہے مرے گہر جاے شب

کیا کرون شکوہ سیہ بختی کا تیرے ہجر مین
دیکہکر گرد کدورت خاک مین ملجاے شب

کر دیا ہے ہجر نے بخت سیہ کا پاسبان
ہے ہمارا نفس امارہ سگ لیلای شب

راتکو تم سر جو گندہواؤ تو اتنا پیچ کہاے
اے پری موباف چوٹی کیلیے بنجاے شب

باعث افتادگی ہے زور سیہ بختی ہون مین
قد مرا کاہیدگی سے بنگیا ہے پای شب

آئے مہمان آہون کی آئین وصل مین ہی ملا اگر
صاف دود شمع محفل کیطرح اڑجائے شب

مختصر لیتے ہو میرے گہر مین ضد سے وقت وصل
دیدۂ روزن کی خاطر مردمک بنجائے شب

مہر مکتوب عبادت ہے سیہ کاری مری
میری پیشانی مین داغ سجدہ ہے سودائے شب

رات بہاگی جاتی ہے کیا نیند آئی وصل مین
ایکدن سونے نہین دیتی صدا ہے پائے شب

یہ دعا ہے انتظار وصل مین ہر دن منیر
شام ہو جائے ٹلے روز فراق آجائے شب

ردیف بے

ہے خزان مین دل خراش آہ و فغان عندلیب
خار حسرت ہوگئی نوک زبان عندلیب

مکتبون مین جمع ہین طفلان گل روا اندنون
اب گلستانون مین ڈہونڈہین گے نشان عندلیب

دیکہہ چشم دل سے حسن و عشق کی یکرنگیان
مصحف گل مین لکہی ہے داستان عندلیب

پہولونکا پنکہا اگر بنوائے وہ صیاد خلق
دہوکے ٹٹی مین دیکہین آشیان عندلیب

اسقدر ہے موجزن آب رگ گل اندنون
بنگیا سونے کی چڑیا مرغ جان عندلیب

سر دہری پہولونکی کام آئی سوز عشق مین
خس کے بنگلے سے سوا ہے آشیان عندلیب

اپنے ہاتہون سے جو وہ رشک چمن کرتا ہے ذبح
ہے رگ گل برگ تر ہر استخوان عندلیب

ابکی فصل گل مین وحشت کی جو یہ کثرت رہی
شاخ آہو پہ بنے گا آشیان عندلیب

نکہت گیسو جو باغون مین اڑا لائی صبا
عنبر اشہب ہو ہر استخوان عندلیب

کیون نہ بنجائین گل تصویر گوش باغبان
ہے طلسم رنگ حیرت داستان عندلیب

لالے نے منہدی ملی ملبوس گل رنگین ہے
رنگ کیا کیا لائی چشم خونچکان عندلیب

بیشتر رکہتا ہے وہ رشک چمن محرم مین جو
اندنون انگیا کی چڑیا مین ہے جان عندلیب

اتحاد ایسا نہ دیکہا عاشق و معشوق مین
نکہت گل ہوگئی روح روان عندلیب

پھول چوٹی مین نہ رکھو تم خدا کیواسطے
سر چڑھیگا شاہد نامہربان عندلیب

پھول تپتا ہے خزانمین صید کرنے کیلئے
باغ مین کرتا ہے وہ گل امتحان عندلیب

غیر نے سی تھی قبا شاید ترے پھولام کی
آجتک قینچی سی چلتی ہے زبان عندلیب

حسن کے رتبہ سوا ہے اپنے آگے عشق کا
کیون زر گل سے بدلیے نقد جان عندلیب

گلبدن کا پائجامہ تمکو سلوانا جو ہو
مفت سے لو رشتۂ عمر روان عندلیب

عاشق و معشوق ہین وارد چمن مین ای منیر
میہمان گل ہین وہ ہم میہمان عندلیب

وصل کے دن کسطرح گھر مین ٹھہر پائے دھوپ
تیرے دامن کی ہوا سے کیا عجب اُڑ جائے دھوپ

دامن روز قیامت سے وہ آگے بڑہ چلے
پاؤن اپنے تیری فرقت مین اگر پھیلائے دھوپ

تیرہ روزی بھی شریک حیرت دل ہے یہان
میرے گھر مین سایۂ تصویر بنکے آئے دھوپ

صبح تک ٹھہرے لو اگر مجکو جلوۂ عارض کہان
بھاگ کر لے مہروش زاغ شب غم کہان دھوپ

یہ سیہ خانہ نگین خانہ سے بھی ہے تنگ تر
آئے میرے گھر تو تنگ پھر ایکا بنجائے دھوپ

ہجر مین اُس ماہ کے میرے جلانیکے لیے
کہدو اپنے ساتھ خورشید قیامت لائے دھوپ

اُس پری کے پائجامہ کی جو دیکھی دھوپ چھاؤن
کھول کر آغوش سایہ سے ابھی ملجائے دھوپ

پھونکتی ہے سیر گلستان ہجر مین اُس مہر کے
آتش رنگ چمن کو اور بھی بھڑکائے دھوپ

پرتو رخسار سے سورج بنے چشم کلیم
مثل برق طور ذرہ ذرہ کو چمکائے دھوپ

تم جو خونریزی کے مائل ہوا بھی اندھیر ہو
صاف ابر جوہر شمشیر مین چھپ جائے دھوپ

آتشی شیشہ کا شک ہو آفتاب چرخ پر
آتش رخسار ساقی سے اگر گرمائے دھوپ

پانی پانی چشمۂ خورشید کے مانند ہو
اُس پری پیکر کے سایہ سے اگر شرمائے دھوپ

قتل کر کے جلوہ فرما ہو بت خورشید رو
بسملون کے کھیت کو یار پکانے آئے دھوپ

اسکے گرد راہ کا دھوکا کبھی ہوتا نہین
جلوہ کر کے لاکھ صورت سے بھی جھمکائے دھوپ

زارا ایسا ہون تری فرقت مین اے خورشید رو
صاف پس جاؤن اگر سر پر مرے پڑ جائے دہوپ

زلزلہ ہے بیقراری سے در و دیوار کو
غیر ممکن ہے کہ میرے گہر ٹہر نے پائے دہوپ

بہول کر بہی دنکو قصد غسل اگر فرمائیے
آپکو آب زر خورشید مین نہلائے دہوپ

سایۂ دامن منیر خستہ پر ہو یا علی
آفتاب حشر کی فدوی نہ کہانے پائے دہوپ

ردیف تاے

از پے سیر تو آن سرو چراغان برخاست
شور حشر از نمک سبزۂ بستان برخاست

وحشی بے سر و پاے تو چو عریان برخاست
شور تحسین ز لب چاک گریبان برخاست

رخت از وادی ایمن چو کشیدم بیرون
گردباد از عقبم برزده دامان برخاست

نتوانست بپیش رخ او خود داری
آب آئینہ بجوش آمد و طوفان برخاست

چون توان ساخت بشوخیکہ قریب عشاق
بنشست آہ بصد مشکل و آسان برخاست

جوش زد گریہ و دل غرقہ خونست ہنوز
کشتی از آب برون آمد و طوفان برخاست

فصل گل آمد و صد رنگ طرب بخت ہوا
گرد غمہا بنشست ابر بہاران برخاست

رفت چون از بر من ماہ پری پیکر من
از کمین دو سیاہ شب ہجران برخاست

جلوۂ روے تو در خرمن گل آتش زد
دود غم از دل مرغان گلستان برخاست

دل اغیار چو بستی بکمند گیسو
مو بر اندام من از صدمہ پنہان برخاست

آب گردید دلم از اثر فصل خزان
ابر مژگان بہواداری بستان برخاست

زلف آشفتہ دمم صبح برآمد آن ترک
فتنہ از خواب چہ برخاست پریشان برخاست

بہواے سر زلف سیہت ہمچو منیر
ہر کہ از ترد تو برخاست پریشان برخاست

ایسی ہوتی سر سبز شکایت کہ نہ ٹہی بات
سبزے کیطرح کا نمین اس گل کو تری بات

کیونکر دہن تنگ سے ظاہر ہو کڑی بات
منہ آپکا چہوٹا ہے نہ نکلے گی بڑی بات

گلرنگ ترے ہونٹہ ہوے بار سخن سے
ایجان اُڑا لیگئی مستی کی ڈہڑی بات

تیرے سخن سخت مین ہے حسن نزاکت
کانون کو ہوئی پنبۂ مہتاب کڑی بات

اِس پیچ سے تم مجکو اڑاتے ہو دم نطق
زنجیر رم ہوش کی بنتی ہے کڑی بات

تقریر تری شاخ گل تازہ ہے اے مست
دیتی ہے کف بادہ مین پہولونکی چہڑی بات

وصف در دندان سے یہ ٹہر بجاتی ہین رتبے
رگ رگ کو بنا دیتی ہے موتی کی لڑی بات

ہر کان ہوا ہے سبد گل سے زیادہ
کیا پہول کے مانند ترے منہ سے جہڑی بات

دہوتا ہے سخن دل سے غبار غم دنیا
ہے گرد الم کے لیئے ساون کی جہڑی بات

کیا مہر بنائی ترے یاقوت سخن کی
مانند نگین ہے انگوٹھی مین جڑی بات

نقد سخن پاک دیا گرد قلق مین
گنجینہ کی مانند تہ خاک گڑی بات

جس روز مین گنتا ہون ترے آنیکی گہڑیان
سورج کو بنا دیتی ہے سونیکی گہڑی بات

استاد کا احسان کا کر شکر منیر آج
کی اہل سخن نے تری تعریف بڑی بات

ملگئی ہے شب گیسو سے مگر آجکی رات
کیون سے ہے سرگشتہ اندہیر مین قمر آجکی رات

شام سے دیکھ رہا ہے وہ پری آئینہ
جا چہپی سد سکندر مین سحر آجکی رات

وہان کپڑے وہ مہ برج صفا پہنے گا
چاندنی کہیت کریگی مرے گہر آجکی رات

آہوے چشم سیہ کے جو قریب آگئی زلف
چوکڑی بہولی رہی چار پہر آجکی رات

یہ تو فرمایئے چاند آج کدہر نکلا ہے
کدہر آ نکلے ہو اے رشک قمر آجکی رات

وصل کی شب یہ صدا آتی ہے گہڑیالون سے
ساتھہ لائی ہے قیامت کی سحر آجکی رات

تیری فرقت مین یہ سمجھا ہون تو ہنستا ہے
تارے نکلے نہین سارے رشک قمر آجکی رات

چاندنی اوڑہ کے چہپ جائے سحر لازم ہے
کوستے پُر نور فشان ہے وہ قمر آجکی رات

روشنی خانہ بجانہ ہے چراغ مے کی
گھر کے گھر پھونکتی ہے آتش تر آ چکی رات

نیفہ پر عکس پڑا دانتون کا ہنگام وصال
کیون نہو آب گہر تا بکمر آ چکی رات

کس اندھیرے مین گرہ بال کی کھولی ہے تمہنے
ناف کے ساتھ کیا وصف کمر آ چکی رات

شب فرقت مین خیال قد و عارض ہی غنیمت
ڈہونڈہ لائیگی قیامت کی سحر آ چکی رات

یاد گیسو مین یم اشک ہے طغیانی پر
مجکو درپیش ہی دریا کا سفر آ چکی رات

یاد گیسوی سیہ شام تہی رہنے مین
کالی پانی مین ہوئی مجکو بسر آ چکی رات

کل سے کھلاتے ہین کیون آپکے نظر کو تمکو
خواب مین جلینگے شاید ترے گھر آ چکی رات

نیند بھی بھول گئی راہ مری آنکھون کی
کیا اندھیرا ہے الٰہی مرے گھر آ چکی رات

بال بکھرے ہوے ہین دیکھتی ہو چار طرف
کون ہوگا ہدف تیر نظر آ چکی رات

شام سے کہانی فلک سیر شب وصل منیر
لطف معراج ملا چار پہر آ چکی رات

کرتا ہے باغ دہر مین نیرنگیان بسنت
آیا ہے لاکھ رنگ سے ملے باغبان بسنت

ہمرنگ کی ہے دون گل اشرفی کیا تھ
پاتا ہے آکے رنگ طلائی یہان بسنت

جوبن پر اندنون ہے بہار نشاط باغ
لیتا ہے پھول سب کے یہان جہولیان بسنت

موباف زرد رنگ ہے سنبل کی چوٹی مین
کھوتا ہے بوے گل کی پریشانیان بسنت

نواب نامدار ظفر جنگ کے حضور
گاتی ہے آکے زہرۂ گردون مکان بسنت

جام عقیق زرد ہے نرگس کے ہاتھ مین
تقسیم کر رہا ہے مے ارغوان بسنت

ہوتے ہین طائران چمن نرگسی کباب
کہدو کہ اسقدر نکرے گرمیان بسنت

کمرے تمام زرد ہین دولت کو رنگ سے
کوٹھی مین ہوگیا ہے سراپا عیان بسنت

نیلا ہوا ہے غنچۂ گل سوسن کا باغ مین
لیتا ہے اختلاط مین کیا چٹکیان بسنت

گڑوے دھرے ہوے ہین جو نواب کے حضور
باہر ہے اپنے جامہ سے باغبان بسنت

پکھراج کے گلاسون مین ہے الہ گون شراب
سونیکا پانی پیکے ہے رطب اللسان بسنت

سرسون جو پھولی دیدۂ جام شراب مین
بنت العنب سے کرنے لگا شوخیان بسنت

زیر قدم ہے فرش بسنتی حضور کی
مصروف پاے بوس مین ہے ہر زمان بسنت

مین گرد پوش ہو گئے بنا شاخ زعفران
لپٹا ہوا ہی میرے بدن سے یہان بسنت

کرتا ہون اب تمام دعا پر یہ چند شعر
آیا پسند مجمع اہل زمان بسنت

جبتک کہ محو قہقہہ ہون گل ہزار مین
رنگین تار ہے صفت زعفران بسنت

یارب ہزار سال سلامت رہین حضور
ہو روز جشن عید یہان جاودان بسنت

احباب سرخ رو رہین دشمن ہون زرد رو
جبتک منائین مردم ہندوستان بسنت

زردی کی طرح بیضۂ بلبل مین چھپ رہے
اس باغ سے نکلے میان خزان بسنت

تقدیر مین تھی فرقت یاران لکھنؤ
اس شہر مین منیر کہان تھا کہان بسنت

ردیف ٹے

نازک ایسا نہین کسیکا پیٹ
مخمل رنگ گل ہے گویا پیٹ

نظر آتا ہے عکس کرتی کا
آئینہ سے بھی ہے مصفا پیٹ

ورد سر کھو دیا صبیحون کا
صندل صبح کا ہے تختا پیٹ

یہ صباحت یہ حسن یہ جلوہ
ورق سیم سے ہے سارا پیٹ

ناف ہے ساغر ادائے گل
بادۂ حسن کا ہے مینا پیٹ

ڈر یہی ہے نہ چھلکے ساغر عمر
ہے مے ناب کا قرابا پیٹ

جام خالی نہین بھری سے کم
آج ساقی نے مفت کاٹا پیٹ

تنے دم سیکے جب ملایا پھول
خوب مثل حباب پھولا پیٹ

سیکڑون نگلے آدمی اسنے
نہ بھرا اژدر زمین کا پیٹ

سرخ کرتی سے ہو گیا معلوم
آفتاب سحر ہے اُنکا پیٹ

دم نہین سینہ مین سماتا ہے
یاد آتا ہے اُنکا گورا پیٹ

دیکھنے والے کیون نہون مجنون
رنگ مین ہے عذارِ لیلے پیٹ

چھاتیان ہین ترنج زر گویا
لوح سیمین ہے اُس پہ یکا پیٹ

لالِ نیفا دکھا کے گردون کو
ہالۂ مہ کا رنگ لایا پیٹ

شاد ہوتے ہین دیکھکر عاشق
سحر عید کا ہے نقشا پیٹ

موئے مژگان ہین بال سیلی کے
آنکھون کے سامنے ہے تیرا پیٹ

بات مستی کی ہضم ہو نہ سکی
شیشۂ بادہ کا ہے ہلکا پیٹ

جان و دل سے منیر صدقہ ہے
نہین دیکھا ہے اب تک ایسا پیٹ

ردیف ث

تری اُتر گیا منہ پر گلی کا نور کیا باعث
ہوا ہر بکر ہلال طوق بدر اے حور کیا باعث

نظر آئی نہین شکل اُس بت خونریز کی اب تک
پھرکتا ہے ہمارا دیدۂ ناسور کیا باعث

تجلی گاہ حسن مست جانانہ رنگ کیون لائے
گلابی ہو گیا دامان کوہ طور کیا باعث

بت شیرین بیان کھچین مستی مین کیا زخمی
ترش کیون ہے مرے ہر زخم کا انگور کیا باعث

بھرے ہین نیش زن میری لیئے شہد لب لاکھون
ترا گھر ہو گیا ہے خانۂ زنبور کیا باعث

دل مجروح کو تحریر مرکھا بوسے گیسو سے
نہ چھوٹا زخم پر مشک شب دیجور کیا باعث

کوئی کشتہ نہین نالان خرام ناز قاتل مین
نہ آئی حشر کے دن بھی صدائے صور کیا باعث

تمھین تو اہل حق کے نام سے نفرت ہمیشہ ہے
تمھارے کان مین ہے پنبۂ منصور کیا باعث

یہ کس برباد کی آمد ہے صحرا آئی قیامت مین
اُڑا جاتا ہے صبح حشر کا کافور کیا باعث

ترے کوچے مین مشتاق کب ہین باغ جنت کے
پھرتی تیری بنی ہے شاخ زلف حور کیا باعث

بتان بادہ کش کا ہمکو سودا کیوں ہوا یارب / ہمارا سر بنا ہے ساغر بلور کیا باعث
ہمارے پاس ہوکر عرش پے صورت دکھاتے ہو / نظر آتے ہو تم نزدیک سے سبھی دور کیا باعث

مقطع:
منے اس سال عزم لکھنو کسواسطے چھوڑا
نہ دیکھی چلکے قبر ناسخ مغفور کیا باعث

ردیف جیم

روز فرقت ہے برائی عاشق بیچارہ آج / گل سے گل ہو گیا ہے دل صد پارہ آج
کونسا ماہ دو ہفتہ خواب میں آئینہ کو ہے / کیک بنکر اڑ رہا ہے طائر نظارہ آج
جلوۂ قاتل سے روشن ہو گئے صد ہا مقام / آئینہ ہے اس دل صد پارہ کا ہر پارہ آج
چال ایسی دیکھتے چلتے ہو مجکو ڈر یہ ہے / پاؤں کے نیچے نہ آ جائے دہن نظارہ آج
آپکے چاہ ذقن کو دیکھکر سیری ہوئی / آب کوثر بیکے آیا طائر نظارہ آج
تم تصور میں نہ آؤ پاؤں میں چبھ جائیگا / شیشۂ صد پاش ہے میرا دل صد پارہ آج
سبزۂ خط دیکھکر سرسبز آنکھیں ہو گئیں / بنگیا سبزی کی صافی دہن نظارہ آج
بو شراب عشق کی بہو لی جو تم سے ہم ہوئی / گر کے نظروں سے ہوا مینائے دل پارہ آج
پیچ سے دیکھا ہے سیب ذقن اے پری / گیند پر ہے نے لپیٹا رشتۂ نظارہ آج
کیا شب فرقت کی تاریکی ہے یارب الامان / اپنے گھر کا ہے تہ بہولا ہر سیارہ آج
پلکوں کی جنبش سے پیچ اہل نظر کو دیجیے / سیخچہ مژگاں نے لپیٹے رشتۂ نظارہ آج
آہ آتش زا سے بدلا چنبر گردوں نے رنگ / بنگیا داغ پر طاؤس ہر سیارہ آج
زرد ہوکر باغ چکرایا تمہارے سامنے / لگیا سونیکا طفل غنچہ کو گہوارہ آج
کیسے جوڑا چاندنی کا شبکو پہنا اے فلک / بنگیا تہل بادلی کا صاف ہر سیارہ آج
گل ہلا دیگا زمیں اس حشمت طفلی کا جوش / اضطراب نبض سے جنبش میں ہے گہوارہ آج
ایک دن رو کے جو ہم طفلی میں جوش عشق سے / کہتے تہے سب نوح کی کشتی بنا گہوارہ آج
گیسوؤں نے رات کو تشبیہ کس شان سے دی / بنگیا دندان رزرات ہر سیارہ آج

[illegible]

نہر مین شاید پڑا تھا عکس وجۂ آتشین
چھٹ گیا مثل انار آتشین فوارہ آج

منتظر ہے آسمان اوس غیرت یوسف کا کیا
دیدۂ یعقوب ہے نظر و نہین ہر سیارہ آج

نہر مین اترا ہے شاید غسل کو وہ شمع رو
جہاڑ بنکر صاف ہے پر نور ہر فوارہ آج

دید یا دس بیس کو بوسونکا صدقہ کسلئے
مصحف رخ کا کیا وقف ہر سی پارہ آج

ذکر کس بحر لطافت کا کریگا دیکھیے
کلیان کرتا ہے گلشن مین جو ہر فوارہ آج

محتسب کا شیشۂ دل صبح سی ہی چور چور
شیشۂ مے توڑنیکا ہو گیا کفارہ آج

تونے اوڑہا آبرو پشمینہ کی ایسی ٹہری
حوض مین آبی دوشالے کی چھٹا فوارہ آج

اے صبا اوس لالہ رو کی آنیکا ڈنکا بجے
پوست سے غنچہ کو منڈہنا چاہیئے نقارہ آج

ماہ کامل پانی پانی ہو گیا تیرے حضور
کہکشان کیے نہر مین چھٹنے لگا فوارہ آج

وصل کی شب کسلئے پوچھی آکر میری گھر
صبح کاذب کو بھی دینا چاہیئے کفارہ آج

آنکھ تو تمنے چرائی چھینتے ہو دل مرا
مجھسے فرماتے ہو اپنی چوری کا کفارہ آج

مر گیا مین زادگان طبع سی کہدی کوئی
دوش پر گرد یتیمی کا دہرین پشتارہ آج

وادی وحشت مین ٹوٹا آبلہ پاؤنکا ہے
شاخ آہو سے بجایا چاہیئے نقارہ آج

آسمان اسدرجہ تہی بے سیر آب اشک سے
پاؤن پہیلا کر پڑا چلتے مین ہر سیارہ آج

خوب بکھروتی سنہری بنگلی انگیا کی پان
پرتو افگن چہاتیونپر ہے جو ہر رخسارہ آج

اس بیابان گرد کا ہرگز پتا ملتا نہین
ہو گیا میرے لئے پیک قضا آوارہ آج

تیرہی کوٹہی مین یہ جوڑی آئینہ کی نصب ہے
جلوہ گر ہے دلمین کج باطن کی ہر رخسارہ آج

کونسی خوش چشم کا لاتا ہے خط میرے لیے
ہے روان پا نظر سے ایک کا ہرکارہ آج

دیکھ کر تجکو گلستان مین بالیدہ ہوا
چھینٹے دیتا ہے رخ خورشید پر فوارہ آج

وہ خفا ہے کہینچ دیکہ الیسو مین اپنی مانی شبیہ
سرخ مثل آتش خورشید ہوا انگارہ آج

اب بدل کر قافیہ ایک اور بہی پڑہیے غزل
شاہد معنی کا ہے مد نظر نظارہ آج

غزل

ہو گیا زخم فراق دختر رز تازہ آج
کل سے افزون ہے خمار ہجر کا خمیازہ آج

لیتے ہی انگڑائی ٹوٹا آپ کا بند نقاب
کھل گیا جلد کتاب حسن کا شیرازہ آج

کو احسان ہے دل کو اگر زخمی کیا
تو نے کھولا اپنے گھر کا ای صنم دروازہ آج

کوئی سنتا ہی نہین شور قیامت کی صدا
ہے بلند ایسا تری رفتار کا آوازہ آج

شمع کافوری کے پرتو سی بدن میلا ہوا
اے پری تیری لطافت کا ہوا اندازہ آج

ہے دولہن کی بو عروسان چمن کے جسم مین
باغ مین بدلا ہی کس گلرو نے رخت تازہ آج

ہر گل فردوس کی رنگت مین سوہی ٹیکا ہی میل
کیا اوڑا لائی صبا چہرہ کا تیری غازہ آج

کیا پیادہ لیلی و مجنون گئے سوی عدم
نخل ماتم سے بندھا ہی نجد مین جمازہ آج

کہتے ہین عاشق حکایت عشق کی ای گلبدن
باب پنجم ہے گلستان کا ترا دروازہ آج

لیلی آئی خار خار دل نکالے قیس نے
خوب کانٹے چیر رہا ہے نجد مین جمازہ آج

دل کی حیرت سے کھلا عاشق کی پا مالی کا رنگ
آئینہ گلزار قالین کا بنا دروازہ آج

گالیان زخم کہن کو دیکھ کر دیتی ہو کیون
باسی کھانے مین ملا تے ہو طعام تازہ آج

عاشق قد پر چمن مین و انگلیان اوٹھنی لگین
سرو بھی آزاد بنکر کستے ہین آوازہ آج

تیر سے مجکو سوا ہے اونکی نش کا خمار
کھینچتے ہین وہ بہت مثل کمان خمیازہ آج

غیر کی جھوٹی صفائی کا ہی بندوبست
کیا بیاض صبح کاذب کا بندھا شیرازہ آج

کس تعلی پر ہے رتبہ تیری گرد راہ کا
عارض خورشید پر ملتی ہین علیسی غازہ آج

قیس کی وحشت کا دفتر منتشر مدت سے ہے
بھائی کے رشتہ سی باندھا چاہئیے شیرازہ آج

دھوم تیرے حسن کی ہی صبح سی ای رشک مہر
گنبد گردون مین پھیلا ہے ترا آوازہ آج

ہے ہمارے نام نوبت شاعری کی ای منیر
اپنی خوش گوئی کا ہے آفاق مین آوازہ آج

ردیف ے

نہ ہوئے صاف تری زلف گرہ گیر کے پیچ
بار ہا کھولدیئے گیسوئے تصویر کے پیچ

تار سنبل کیطرح تار نفس الجہا ہے
خواب میں دیکھے ہیں زلف بت بے پیر کے پیچ

آپکی زلف تو ہے دام [illegible]
خوب سیکھے ہوئے ہیں سنبل زنجیر کے پیچ

جعلسازو نہیں گرفتار نہ کیسے کوئی
رہتے ہیں پیش نظر زلف گرہ گیر کے پیچ

طایر روح چہٹا [illegible] ہوا پھر تیسرا
دام تزویر ہوئے [illegible] شہپر کے پیچ

باتوں باتوں میں گرفتار کیا [illegible]
گیسوے حور ہے رشتہ تقدیر کے پیچ

آپکی جنبش ابرو کی اڑائی ہے چال
کہل گئے موجۂ آب دم شمشیر کے پیچ

[illegible] کی محبت میں جو جی جلتا ہے
دم بدم دلمیں ہیں تری زلف گرہ گیر کے پیچ

طایر نکہت گیسو کو جولانی ہے صبا
ہیں کمند اثر نالۂ شبگیر کے پیچ

سر فرازی ہے [illegible] انکی سبب
جائے دستار ہیں سر پر مری تقدیر کے پیچ

وہ سہی قد جو دم سیر چمن کھولدے زلف
سرو آزاد کی چوٹی میں ہوں تسخیر کے پیچ

عشق گیسو مری قسمت میں ازل سے ہی لکھا
حاشیہ ماتھے میں سطر خط تقدیر کے پیچ

شوق کاکل کے لڑانے کو تو ہو دشمن جان
رشتۂ طینت میں [illegible] بت بے پیر کے پیچ

طایر دل کے پھنسانے کے لئے ہے یہ جال
جالی کی کرتی میں ہیں [illegible] تدبیر کے پیچ

دی جو تشبیہ ترے گیسو سے سودا ہو گیا
بال کے پھندے ہیں ہوئے گیسوئے زنجیر کے پیچ

ای معنی تیرے گا عنبر نوشتہ ہوئی ہو قید
زلف زہرہ سے سوا ہو گئی تحریر کے پیچ

آپکی آنکہوں کے ڈورے ہیں مجھے دام بلا
دیا گئی ہوتی ہیں یہ سر رشتۂ تقدیر کے پیچ

جی جلاتی ہے جبینوں کی پسینے کی چمک
بجلیاں بن گئی موج عرق شیر کے پیچ

منزل قبر ملی شوق عمارت کی سبب
کہل گئے سلسلۂ حسرت تعمیر کے پیچ

نامہ کو دیکھکے سمجھے کہ ہے بستہ دام
خط طغرا میں لکھوں زلف گرہ گیر کے پیچ

یا علی آئے مدینے ہیں روضہ تک کیا
دیکھیں پاؤں کی بیڑی ہوئی تقدیر کے پیچ

ردیف ح

نورِ اہلِ حق کی دنیا میں جو ہو مشہور صبح ✤ ہو ندامت سے سمٹ کر پنبۂ منصور صبح

بھاگتی ہے عاشق سو الٹے کو سوتے ہجر میں ✤ سیکھی ہے سیماب آتش دیدہ کا دستور صبح

ہے دلِ مجروح وقت جلوۂ رخسار صاف ✤ روئی میں کہتی ہے سیری زخم کی انگور صبح

کسکو ہے نوروز میں اندھی لٹانیکا خیال ✤ روز لاتی ہے بنا کر بیضۂ کافور صبح

تشنگی سرخی جو دیکھی تیرے روی صاف پہ ✤ شیر شبنم میں ملائے بادۂ انگور صبح

چشم نرگس میں نہاں ہو جائے اُس گل کی حضور ✤ صاف بنجائے بیاض دیدۂ رنجور صبح

ظلمتِ شامِ غمِ فرقت کو کرتی ہے سفید ✤ دھوتی ہے صابون سے زلفِ شبِ دیجور صبح

گھر ہمارا آتشِ فرقت سے ہو نہ بنگیا ✤ مثل نقرہ چرخ کھائی میں ہوئی مجبور صبح

دردِ سر ہے شامِ فرقت سے مریضِ ہجر کو ✤ ہو آئی صندلِ پیشانیِ رنجور صبح

میسے ساقی کی جو آنکھوں میں سمائیگی کبھی ✤ سانچے میں ڈھل کر بنیگی ساغرِ بلور صبح

صحبتِ اغیار میں جلوہ ہی تیری ہو فروغ ✤ چاندنی بنجائے [illegible] زنبور صبح

دستِ قاتل کی صفائی دیکھکر اے آسمان ✤ صاف بنجائے کفِ آبِ دمِ ساطور صبح

روشنی بخشِ شبستانِ جہان ہی یہ مقام ✤ ہے غبارِ خانۂ تیرا ای بتِ مغرور صبح

اے قمر سیما تیری تصویرِ عارض کے حضور ✤ میلے کاغذ کی طرح ہو جائیگی بے نور صبح

یہ غزل ضعفِ مرض میں ہم نے لکھی شیر ✤ کیا کریں ہم تیرہ بختی سے جو ہو بے نور صبح

یارب دکھا دے جلوۂ رخسارِ پیرِ صبح ✤ مارِ شبِ سیاہ نہ پی جائے شیرِ صبح

شیخِ صفا فروش ہے دنیا کا شیفتہ ✤ لازم ہے زالِ دہر سے ہو عقدِ پیرِ صبح

شرمائی میں صبیح ملاحت سے آپکے ✤ ڈرتا ہوں اس نمک سے نہ بہہ جائے شیرِ صبح

شبنم کے قطرے دیکھکے گلشن میں اہلِ ہوش ✤ ٹوٹی ہے کسکو عشق میں تسبیحِ پیرِ صبح

اُس رشکِ مہر کی جو کہوں سرد مہریاں ✤ اے آسمان برف میں جم جائے شیرِ صبح

آئے شبِ فراق میں یارب وہ رشکِ مہر ✤ جاری ہو کوہِ غم سے کہیں جوئے شیرِ صبح

دیتے ہین مجھکو آنکھ پر اہل صفا مقام
میرا قد خمیدہ ہے ابروئی پیر صبح

ایجاں وصف اپنی صباحت کا کیجئے
شیرینی کلام سے میٹھا ہو شیر صبح

پیری مین ربط اشک مسلسل سے کیجئے
تار نظر سے باندہیی دندان پیر صبح

اے رشک آئینہ تیرے دامن کی تار سے
نساج دہر کرتی ہین نسج حریر صبح

عکس رخ صبیح پیالے مین ڈال کر
صاحب ملا کی چائی مین پیتے ہین شیر صبح

نکلی کا تیری رنگ جو چہایا سحر کیوقت
غل پڑ گیا پتنگ مین رنگا حریر صبح

خواب سحر سے دولت فیض سحر نکھو
سوتی ہے اوٹھہ کی دیکھہ رخ دلپذیر صبح

کرتے ہو نفی اہل صفا کے کمال کی
مقراض لا سے کاٹتی ہو تم حریر صبح

اپنا ہی رزق کہوتی ہین خواب سحر سے لوگ
آتی ہے خوان مہر مین نان خمیر صبح

نور عطا ہی ملہم غیبی سے اے منیر
مطلع نظیر مہر ہین صفحی نظیر صبح

ردیف خ

عکس عقیق لب سے ہے جام شراب سرخ
ہے آتش شفق سے زرا آفتاب سرخ

پیری مین چاہیے می گلگوں سے اختلاط
ہوتا ہے وقت صبح رخ آفتاب سرخ

غصہ سے تو جو سیر چمن مین بھڑک اوٹھے
مثل حنا ہو آتش گل ہو نقاب سرخ

تو جو لہو بہائے جوانون کا اے حسین
پہنے لباس لیلئے شام شباب سرخ

زخم بدن سے دفتر ہستی کی زیب ہے
شنجرف سے کتابین ہین فصل و باب سرخ

اپنے شہید ناز کا لکھو جو ماجرا
مانند موج خون ہون سطور کتاب سرخ

تو نشہ مین اگر لب جان بخش سے دبائے
ہون لعل شب چراغ کی صورت کباب سرخ

ہر جام می بنا ترے جلوہ سے جام گل
اس روپ مین ہوا قدح آفتاب سرخ

ہو عشق میرے دل کو لب بادہ نوش کا
ہون آتش عقیق سے یا رب کباب سرخ

حسرت زدہ نکلا یہ دل خون گشتہ ہی مگر
کر مجکو قتل شوق جو ہے لال کپڑون کا
بنتی ہے دلمین خون تمہاری عرق کی یاد
سینہ ہے مثل آئینہ انگیا ہی لال لال
داغ جگر سے شوخ ہی چھلّے کی گل کا رنگ
دریا مین تم نے پھینکدی کیا پیک پانکی
ململ کے منھدی آپ نہاتی ہین ناز سی
غصہ سی لینگے وہ دل پر خونین چٹکیان
رلواکے مجکو رنگ جو کھیلو گے غیر سے
لکھا گیا جو تیرے شہیدِ ادا کا حال

اے میکشو جو گرتے ہین اشک کباب سرخ
کیا میرے خون سے ہے زیادہ شہاب سرخ
ہوتا ہے میرے شیشہ مین ہکر گلاب سرخ
حیرت سے ہے جو ی شیر سے اوٹھی حباب سرخ
لاے سی بھی ہے میری چمن کا گلاب سرخ
رنگ عقیق سے ہی کلاہِ حباب سرخ
کیون ہو نجاے تیغ ادا کا لعاب سرخ
منھدی کریگی ناخن تیغ عتاب سرخ
ہو جاے گی گلال سے زلف سحاب سرخ
مانند برگ گل ہوی فرد حساب سرخ

ڈوبے لہو مین مہر امانت جو ای منیر
کیونکر نہو شفق مین رخ آفتاب سرخ

ردیف دال

ساز عشرت سی نکلتی ہی نواے صبح عید
جشن ہے سرکار نواب نصیر الدولہ مین
جلوہ فرما آج کوٹھی مین ہی وہ خورشید جاہ
کوٹھی مین نواب گرد و نیر ہی طالع آفتاب
سیکھی ہی نواب سی عقدہ کشائی کا طریق
بزم عالم مین لب ساغر سی آتی ہی صدا
شعر نورانی جو فرما کر لکھا چاہین حضور
نور کا عالم ہے ہر کمرہ مین عشرت کے سبب

جای قلقل پڑھتے ہین شیشے دعاے صبح عید
اشرفی مہر منیر نذر لاے صبح عید
چاندنی اپنی تجلی کی بچھاے صبح عید
دوہری ہے وہ آفتاب و نسی ضیای صبح عید
غنچۂ دل باغ عالم مین کھلاے صبح عید
سن زبان موج می سی ماجرای صبح عید
نذر والا کو بیاض اپنی منگاے صبح عید
ہے جلا کے بدلے آئینونمین جای صبح عید

باغ عالی مین جو دیکھی گرمیٔ جشن بہار ہے
اپنی چاندی آتش گل مین گلائے صبح عید

رخش نورانی کی سرعت سے یہ ستی ہی خوشی
رنگ گشتی مین کہ چلتی ہے ہوائے صبح عید

جیسے پانی گرد راہ اشہب سیمین ستا
ہو گیا نقرہ سمند بادپائے صبح عید

دے اگر تشبیہ اس گلگونکی رنگت سے کوئی
اڑ کے پہونچا شفق دامن بچائے صبح عید

ہین اسکی چال سے خوش تو دلہائے حزین
تا محرم چل نہ پہونچے [illegible] صبح عید

شادمانی رہتی ہے ہرکاب خاص مین
ہے جلو مین شاہد فرح لقائے صبح عید

نورافشان فیل عنبر فام پر جب ہے حضور
سب نے بام کعبہ پر دیکھی ضیائے صبح عید

پیر گردونکو اسی دربار گوہر بار سے
ملتی ہے ہر سال خلعت مین قبائے صبح عید

بخشش نواب سے دنیا کا پیدا رنگ ہیا +
مادر ایام نے اوڑھی ردائے صبح عید +

سائل ستوپیر اگر دربار والا سے نہو
دست دامن کیا ہے پھیلا کے لئے صبح عید

فرش دربار معلیٰ سے ہی اسباب عیش
چاندنی کمر کے ہو بہر قبائے صبح عید

مدحت اقدس پہ اب ختم کرنا چاہیے
ہو گیا خامہ ہمارا آشنائے صبح عید

نیر عالم مین شب قدر ای خدا جبتک ہی
حسن ذات تک ہو دنیا مین بقائے صبح عید

تا کہ شاعرانہ ہین زلف یار کو شام مراد
سمجھے دلبر کو کہین جبتک صفائے صبح عید

ہو شفائے عاجلہ نواب عالی جاہ کو +
یا الٰہی ہو پذیرا یہ دعائے صبح عید +

تا ابد یارب صحیح و سالم و شادان ہین
ہو مبارک اسقدر لطف ہوائے صبح عید

عمر و دولت کی ترقی ہو بڑھے جاہ و جلال
روز اس دربار مین مجرے کو آئے صبح عید

چاند سا فرزند ہو اس سال فرخ فال مین
گوہر انجم تصدق مین لٹائے صبح عید

ہو بتا سیر مسرت خیر خواہونکے لئے
اور کافور لگے دشمن کو کھلائے صبح عید

بخشے دولت خواہونکی خورشید قسمت کو فروغ
حاسدونکی شمع ہستی کو بجھائے صبح عید

گرد کلفت سے رہے پاکیزہ یارب یہ مزاج
گوہر والا مین ہر دم ہو صفائے صبح عید

مدح حضرت کی کرے افیون پی پیکر منیر
نقل انجم اسکو نشہ مین کھلائے صبح عید

کرتا ہے میرے شعر وہ ابرو کمان پسند
شوق سلاح سے ہوئی تیغ زبان پسند

خط سے ترے عذار مین اے جانجان پسند
آیا چراغ طور کا مجکو دھوان پسند

پامال ہون تو ہڈیون کا مرتبہ بڑھے
سالے ہما کرین مزہ استخوان پسند

ایسے بصلح ہر مین نگین مزاج ہین
ابر بہار ہو جو کرین ہم دھوان پسند

جو خاکسار ہین انہین قدر لباس کیا
آب روان سے ہے ہمین ریگ روان پسند

دنیا سے رات دن چلے جاتے ہین قافلے
کیونکر مقام خوف کرے کاروان پسند

ملتے ہین خال ابروے جانان ذ کی جگہ
ہے دل کو آشیانہ زاغ کمان پسند

ہے خضر رہ کشش اسی دامان حرص کی
کیا کشتی فقیر کو ہو بادبان پسند

پڑتی نہین ہے ساغر خالی پر اپنی آنکھ
مفلس کیا کرین قدح آسمان پسند

تسخیر آفتاب جبین کا عمل پڑھون
ماتھے کا حسن ہے مجھے اے جانجان پسند

غفلت کی مشق کرتے ہین عاشق جاہلے
خوش چشمون کو ہے سرمۂ خواب گران پسند

ہونٹون پہ اپنے روز جمایا کرو دھڑی
ہے آتش عقیق کا مجکو دھوان پسند

ہنسے خدا کیواسطے پھولون کو دیکھکر
آتے ہین گوشۂ گل مین مجھے بجلیان پسند

زیبا ہے داغ عشق کا قد خمیدہ مین
آیا چراغ رکھنے کو طاق کمان پسند

کسطرح خوش ہون شام کو وہ چاند دیکھکر
آتا نہین ہے مشعل مہ کا دھوان پسند

چھوٹے ہو بار بار جو قلمین شراب کی
دست سبو کی آئین مگر انگلیان پسند

ہے بے علم شاعرون کا گلہ کیا ہے اے منیر
ہے اہل علم کو ترے طرز بیان پسند

دلمین طمع زر ہے جدا آہ جدا بند
اس شیشہ مین ہے سارے زمانہ کی ہوا بند

تو مہندی لگا کر جو چھوے ابرو پہ خم
تلوار کا رومال ہے بنے صاف حنا بند

نشہ مین تجھے گاتے ہوے دیکھی جو ابی بنا
مینا سے مئے ناب کا ہو جاے گلا بند

تا منزل گور اپنی رسائی ہوئی مشکل
شاید فرس عمر ہوا ضعف سے جا بند

اسدسی چمکتی ہے پر نور ضیا کی
برگ گل خورشید ہوا آج حنا بند

یاد آئی اگر اُس شہ خوبان کی کمر مین
ہو روح سے بیدے تفس تن مین ہوا بند

وہ طفل دبستان جو گیا بلغ سے باہر
ابواب گلستان [illegible] اسے باد صبا بند

رنگین لبون کو چومنے سے سینہ شفاف
تار رگ یاقوت کی انگیا مین لگا بند

اور بس ابھی رشتۂ جان نذر کو لاتے
درکار اگر آپ کو ہون بھر قبا بند

چھپتا ہے نہین رنگ حنا پاؤن سے آگے گل
مہندی بھی کف پا سے لگا [illegible] بند

کسطرح اُڑائے تری پوشاک کی خوشبو
اے گل تر ہوگئے ہے دم باد صبا بند

پیراہن ہستی ہوا ہی مثل کتان چاک
ٹوٹے تری چپکن کا جو اے ماہ لقا بند

مہمان اسیطرح ہین رہ جہان [illegible]
دم بھر کو ہے جسطرح حباب ہو نہین ہوا بند

پوشاک پہنتے ہی رکا جیسے وہ گل رو
باندھا ہے دریائے محبت مین بنا بند

برسات مین تو مہندی لگائی جو سر شام
ہو طاس گلگون شفق آکے حنا بند

اُس کوچہ مین کیا جائے منیر آہ ہمارے
وہ باغ ہے یہ جسمین کہ ہے راہ صبا بند

ردیف ڈال

اچھا نہین ہے او بت زرین قبا گھمنڈ
بدتر ہے خاک سے بھی جو ہو کیمیا گھمنڈ

کملی فقیر کی ہے شبستان سلطنت
کیون کر رہا ہے سایہ پر اپنے ہما گھمنڈ

پائے گی تیرے کوچہ مین بیجا نجات جو دل
انفاس عیسوی کا کریگی ہوا گھمنڈ

اُس بت کے پاؤن تک جو رسائی ہوئی نصیب
کرنے لگا شفق سے بھی رنگ حنا گھمنڈ

بازو نہ ہاتھ آئے در عرش قدر کے
کیا پا گئے جو کرتے ہین دست دعا گھمنڈ

دریا مین موج موج سے رہتی نہین جدا
بیجا ہے آشنا سے کرے آشنا گھمنڈ

پر چھا ہین بال بال کی زنجیر عرش سے — زیبا ہے جسقدر کرے زلف رسا گھمنڈ

تیر نگہ سے تیرے زمانہ ہوا ہلاک — کیا منہہ کرے جو تجہسے خدنگ قضا گھمنڈ

ڈھونڈہین جو زہر کہانیکو انکو عشق مین — ہیرے سے بھی زیادہ کرے سنکہیا گھمنڈ

آئے او جاے ہین لب جان بخش کے تصور — کرتا ہے کیا اندہیرے مین آب بقا گھمنڈ

منزل ہے تیری عرش پر ایجان مصطفے — زیبا مسیح سے بھی ہے تجہکو سوا گھمنڈ

سرکش جوان ایکدم کیلئے کیون حباب وار — کرتے ہین کس بساط پر اہل فنا گھمنڈ

وہ رشک ماہ ہالۂ آغوش مین رہا — تا صبح حشر کیجئے اس رات کا گھمنڈ

پہنے جو اسکے پہولون کا گجرا وہ رشک حور — رخسارہ پری سے کرے موتیا گھمنڈ

اعجاز کی جو چال چلو گرمیون کے ساتھ — خورشید حشر سے بھی کرین نقش پا گھمنڈ

تارے سے بنے ہین چشم زلیخا فراق مین — زیبا ہے تجہکو اے مہ یوسف لقا گھمنڈ

جو اس جگہ ہو دفن بہشتی ہوا منیر
کعبہ سے کسطرح نکرے کربلا گھمنڈ

ردیف ذال

ہجر مین خط کے لئے چاہیئے ہلکا کاغذ — کردیتا ہے تن زار کو موٹا کاغذ

خوب سینہ سے لگایا ترے خط کا کاغذ — بنگیا میری قبا کے لیئے دستا کاغذ

تیرے خاصہ کی گلوری کا جو لکہتے ہین وصف — اے صنم موتیون کے چوسنے کا بنتا کاغذ

تیری تکمیل ہوی مسترلج فلک نام خدا — قدسیون کا خط تقدیر ہے گویا کاغذ

دل غمناک کو ہوتا ہے تری خط سے سرور — روکتا ہے سپر برج کا مہرا کاغذ

بال بند ہوا وسکے کاغذ سے اگر تم شب وصل — کینچلی افعی گیسو کی بنیگا کاغذ

بہرہ گئی ۲ ب نشان خط عارض نرہا — مصحف رخ کا مگر آپ نے دہویا کاغذ

نظم مین لکھتے ہین اپنے دل غمدیدہ کا حال — بند ہے مرثیہ کا ہاتھ مین گویا کاغذ

خط ترا دل سے لگایا جو بہا خون جگر
منہہ پر اس شیشۂ تصویر کے باندہا کاغذ

اپنے دل کا مین اگر حال کدورت لکہون
صفحۂ روے زمین سے ہی ہو میلا کاغذ

کھینچا ہے رخ نازک کا تمہارے سایہ
ورقِ برگِ گل ترسے ہو ہلکا کاغذ

ہاتھ آتا جو سبھے مال تو مٹھاتا مین
آب زرین مری تصویر کا گہلتا کاغذ

تاک کر میرے خط شوق کو مارا پتھر
سنگ پاے نگہ مست سے چہاپا کاغذ

نقشۂ زخمونکا مرے صفحۂ تن پر کھینچا
آپ نے ناخن شمشیر سے لکہا کاغذ

لب جان بخش کا مانی نے جو نقشہ کھینچا
بنگیا دامن انفاس مسیحا کاغذ

ہوے مجنون تری تصویر کا دیکہا جو ورق
کیون نہو آئینۂ عارض لیلی کاغذ

وصف لکھہ کر ترے پامالون کی ای باغ مراد
ہمنے عطر گل قالین سے بسایا کاغذ

پائی نرمی تری تصویر رخ وقامت نے
پنبۂ صبح قیامت کا ہے گالا کاغذ

ترے نامہ کے جو بوسہ لین حسینان جہان
اے صنم پوست ہنے پستۂ لب کا کاغذ

ورقِ جبۂ جبریل کا طالب ہے منیر
چاہیے بہر سلام شہ والا کاغذ

ردیف رے

تبسم اس پری کو ہے مری حال پریشان پر
توجہ برق خاطف کو ہوئی ہے سنبلستان پر

نظر ہوتے ہے کبھی ہمنے نہ کی رخسار جانان پر
یہ مصحف دیدہ و دانستہ کہا طاق نسیان پر

ہوا جب حصر قیمت بوسۂ رخسار تابان پر
دیا خط غلامی مہر کی عنوان قرآن پر

دولے ورد سر جوش وحشت ہو گیا افزون
مگر صندل طبیبون نے گہسا تہا سنگ طفلان پر

تری تلوار سے قاتل مگر ابرو سے یوسف ہے
یقین چاہ کنعان ہے دہان زخم خندان پر

در و دیوار سے آنکہین ملین گی دید کی طالب
سفیدی چشم سوسی کی پہر گئی قصر ایوان پر

تن خاکی کا پردہ رہ گیا بخیہ سے جدا ہو
قبا اس موزنی کی ٹہیک آئی جسم عریان پر

تمہاری آرسی کا جلوہ ہے تا عالم بالا
یہی سورج کہی ہے گنبد گردون گردان پر

تری تقریر یوسف نے راتون کو ایسی کی گہر ریزی
کہ سہرا موتیون کا ہے سر شمع شبستان پر

نکلی چاندنی میری سیہ بختی سے فرقت مین
ہوا غالب یہ کمل چادر ماہ درخشان پر

شب غم مین ید بیضا کو بہولی داغ فرقت نے
چراغ دست موسیٰ ہمنے رکہا طاق نسیان پر

سفیدی چہائی سورج پر حضور عارض سیمین
ملمع ہوگیا چاندی کا جام مہر تابان پر

ہوا جوش جنون مین اس برس جوش نمو ایسا
کہ بیلین چڑہ گئین زنجیر کی دیوار زندان پر

یہی قطع و برید اے مہ اگر پوشاک کی ٹہہری
تری قینچی چلیگی اطلس گردون گردان پر

گدائی در ترا جن و پری پر حکم فرما ہے
بچہا دیتا ہے اکثر بوریا تخت سلیمان پر

پہریرے لشکر وحشت نے کہولے ہین نشانون کے
نہین پرزے مرے دامن کے ہر خار مغیلان پر

نظر آجاے پتلی دیدۂ خورشید محشر مین
تمہاری آنکہہ پڑ جاے جو میرے داغ سوزان پر

اوڑا لائی ہوا سے سر فرشتی سبکو مقتل مین
یقین گنج باد آورد ہے گنج شہیدان پر

تمہاری کفش کا گل دیکہکر قدسی یہی کہتے ہین
یہ طرہ چاہیے دستار خورشید درخشان پر

تجلی صاف برق طور کی ہے آتش گل مین
یہی بجلی جو آئی دہوپ دیوار گلستان پر

پری بنکر اوڑیگا جو نشانہ تم اوڑا دوگے
تمہارے تیر سے لیجائیگا مرغ سلیمان پر

قناعت ہے تو بجلی حافظ تخم امل ہوگی
کہنچیگا شامیانہ بادلی کا کشت دہقان پر

ہوا ہے خام پختہ ہوگی یہ میوہ کہ نوخیز ہے
نمود خط سے سبزی آگئی سیب زنخدان پر

خیال قامت و عارض کو وحشت ہے یہ ملتے ہی
ٹہہرا پنبہ صبح قیامت داغ سوزان پر

سواری مین گہر بخشی کرلے گردن بمقام اکد
عماری اپنی کہنچا فیل مست ابر نیسان پر

خفا ہو ہوکے اپنے ہونٹہ غصہ مین چباتے ہین
یہ کسکا دانت ہے شفتالو لب جانان پر

کسی خورشید کے جلوے سی نور اس نے چرایا تہا
فلک نے گل دیا ہے عارض ماہ درخشان پر

ہوئے ہے ابرو جلاد بنکر زلف سیہ آئی
اٹکا قشقہ گریبان ہلال عید قربان پر

مزا ہے سرکشی کا آپ کے حصے کو پینے میں
یقین قلقل مینا ہوا آواز قلیان پر

عیان ہے جوش خون کشتگان سے جوش شیشہ کا
کیا ہے تو نے خنجر تیز شاید سنگ طفلان پر

لگاؤں دوربین میں شیشہ گردون تو زیبا ہے
نظر جمتی نہیں ہے آفتاب حسن جانان پر

منڈیرون پہ چھڑکنے سے اپنی کشتوں کا لہو گل
اگے گا سبزۂ شمشیر و بیدار گلستان پر

دہان پاک کی خوشبو نے عطر آگین کیا ایسا
رشک کیوڑے کی بالی کا ہوا مسواک جانان پر

بہم آتے ہاتھ وہ قبرون پہ جب ہاتھ اٹھاتا ہے
ترکتے ہین کہ چھاپا مارے شہر خموشان پر

اگر سودائے گیسو میں کبھی رخصت سے چھنا
تمہاری مانگ کے دھوکا ہوا چاک گریبان پر

گناہ لائے دل ہے مگر نقصان جان ہوت
خطائے صاحب خانہ ہو غصہ تازہ مہمان پر

حسینوں کی نظر کے سامنے ہون کشتگان
پری زادون کا پہرا چاہیے گنج شہیدان پر

کسی خاموش کی کافوریت سے ہوتی پیدا
کہ حال دل نہیں آتا زبان شمع سوزان پر

پریشان روزگاری سے منیر اب دل نہیں لگتا
کتاب شوق نظم و نثر رکھ دو طاق نسیان پر

آؤ لپٹ کے سو رہو جانی پلنگ پر
دورہ رہے گی ہو تمام کہانی پلنگ پر

پوچھو پسینا بیٹھ کے جانی پلنگ پر
لازم ہے آج عطر فشانی پلنگ پر

منہ میں مرے زبان کبھی دی تو ہی کبھی
رد و بدل ہے یہ زبانی پلنگ پر

آنکھوں کی نیند اور گئی تکیوں کے پہر سے
پریوں کی کل کہی جو کہانی پلنگ پر

لپٹے جو ساتھ ہاتھ لگا بوسہ دہن
آیا عمل میں علم نہانی پلنگ پر

گل تکیہ نور میں ہوئے مانند آئنہ
سویا جو وہ سکندر ثانی پلنگ پر

منہ کو لگا کے سوتے ہیں کرتے تکیہ کا لوح
ٹوٹے طلسم گنج نہانی پلنگ پر

سیل سرشک سے تہ و بالا ہوا مکان
پانی پھرا ہے اب پلنگ ہے پانی پلنگ پر

دو گھڑی بھی ہیں بالش پہ صورت ہما
سویا ہے جب وہ عیسی ثانی پلنگ پر

سوئے ہے آپ سے مناسب پلنگ پوش
پہنچا ہے عرش تک جو ہالی پلنگ پر

شاید زمین بھی انہیں کرتی نہیں قبول
سوتے ہیں اہل عالم فانی پلنگ پر

جس پڑا ہوں ہجر میں چپکا میں ناتوان
تکیہ بغل ہے بند ہے نہانی پلنگ پر

گرگ بغل ہوئی بغلی تکیہ ہجر میں
یعنی زلیخا وہ یوسف ثانی پلنگ پر

شاید ہمارے زخم بدن ہو گئے ہرے
چادر سفید ہو گئی دہانی پلنگ پر

اونکی بلا سے خیر سے مجھے سانپ سونگھ جلئے
ہو باف چھوڑ جائیں نشانی پلنگ پر

اس غم میں سالے منیر ہیں ہم صاحب فراش
سوئے کبھی وہ جیسے ثانی پلنگ پر

حال پوشیدہ کھلا سامان عبرت دیکھ کر
پڑھ لیا قسمت کا لکھا لوح تربت دیکھ کر

اسقدر بیخود ہوا آثار وحشت دیکھ کر
آئینہ سے نام پوچھا اپنی صورت دیکھ کر

دیکھیے محشر میں بھی صورت دکھائی یا نہیں
صبح بھاگی ہے شب ہجران کی ظلمت دیکھ کر

جام کوثر دست ساقی میں نظر آیا مجھے
اوٹھ گیا آنکھوں کا پردہ ابر رحمت دیکھکر

ساتدن کے مخمصہ سے اے جنون پائی نجات
ابلق ایام بھاگا میری وحشت دیکھکر

تیرے کوچہ میں ترا جلوہ نظر آیا مجھے
صلہ باغ جنت کو دیکھا باغ جنت دیکھکر

لگ گیا دھبا بدن میں جسجگہ ٹھہری نگاہ
اے پری حیران ہوں تیری لطافت دیکھکر

منہ ہمارا جلوۂ دیدار کے لائق کہاں
اپنی صورت دیکھتے ہیں تیری صورت دیکھکر

بیار دیوار عناصر پہ سفیدی پھر گئی
آئینہ ہیں روشن ہو گئیں تیری صباحت دیکھکر

وحشت دل حشر کیدن بھی رہے گا دسطلب
کانٹے ڈہونڈے ہے ہم نے صحرا قیامت دیکھکر

چہچہے بلبل کے آواز کف افسوس ہون
رنگ گل اوڑ جائے میرا داغ حسرت دیکھکر

ابر اودہر آیا ادہر میخوار و نکا بیڑا ہے پار
کشتی مے ہول سکے دریائے رحمت دیکھکر

آنسو پونچھے یاد آیا جب جوانی کا مزا
آنکھیں ملتے رہ گئے ہم خواب راحت دیکھکر

برہمن کعبہ مین آیا شیخ پہونچا دیر مین
لوگ بے وحدت ہوے ہین تیری کثرت دیکھکر

ہر گھڑی آتی ہے کانونمین یہ آواز جرس
کون بنا ہے سفر کرتا ہے ساعت دیکھکر

نشا کے اسباب تجھ بن ہین بہی نشہ ہو ضرور
میری آنکھین چڑہ گئین میخانہ کی چھت دیکھکر

اب نہین نازک مزاجی سے توجہ کا دماغ
اے اجل آنا کبھی ہنگام فرصت دیکھکر

وہ موحد ہون نہ کہا دوسرے سے اتحاد
روح نے چھوڑا بدن کو ضد وحدت دیکھکر

خون بلبل سے مگر سینچا ہے باغ دہر کو
ہم لہو برساتے ہین پہولون کی رنگت دیکھکر

تیرے بندے سر جھکاتے ہین بتونکے سامنے
سجدے کرتا ہون الٰہی تیری قدرت دیکھکر

زخمی تیغ تغافل پر نظر جمتی نہین
چشم سوزن بند ہوتی ہے جراحت دیکھکر

جی لگا کر یہ غزل کسطرح سے کہتے امیر
بجھ گیا دل کوچ منزل کی عزیمت دیکھکر

خضر سے صحبت حباب کہن سے باہر
زنگ سے آئینہ صبح وطن سے باہر

ہر جراحت کے تری یاد مین ٹانکے ٹوٹے
دانت نکلے دہن زخم کہن سے باہر

لامکان جوشش جنون نے مجھے پہونچایا ہے
شش جہت سے مری سرحد وطن سے باہر

حسرتین بعد فنا قبر مین مری نکلین
نکلے مہمان در چاک کفن سے باہر

دونون زلفین اٹھین چہرہ سے منڈا خط سیاہ
تین راتون مین ہوا چاند کفن سے باہر

تشنۂ وصل مین ایسا ہون جو فریاد کرون
نکلے نالہ دہن چاہ ذقن سے باہر

زیب فرد خفگی کرتے ہو بوسونکا حساب
چلا ہے تجھی یہ رقم مد شکن سے باہر

اوچھلے میرا دل بیتاب اگر تو چاہتکے
نکلے سیماب تری چاہ ذقن سے باہر

ظل الطاف سے ہے اوپر جو نہ آئین گہر مین
سایہ اس سرو کا رہتا ہے چمن سے باہر

دون تری زلف سے تشبیہ تو یہ قدر بڑے ہے
نکلے مہرہ دہن مار رسن سے باہر

طالب عیش سے ہے تو عالم فانی سے نکل
مے عشرت سے ہے خم چرخ کہن سے باہر

تیرے کوچہ سے جدا روتے ہین شب کو عاشق
آجکل بارش شبنم ہے چمن سے باہر

منہہ ترا شمع جو دیکھے تو ہو پانی پانی
آبرو بہ کے گرے حوض لگن سے باہر

رنگ اوڑتا ہے صبیحونکا تری محفل مین
صبح جاتی نہین لبستان سمن سے باہر

سیر کو یار سہی قد جو چلا اے قمری
پیشوائی کو گئے سرو چمن سے باہر

لکھنؤ مجھسے چھڑایا مری قسمت نے منیر
کردیا بلبل شیدا کو چمن سے باہر

غزل

نیرنگ داغ دل ہے پس مرگ نور پر
اوگتا ہے سبزہ پر طاؤس گور پر

تکیہ ہے ضعف پر ہمین غفلت کی ہاتھ سے
سر رکھکے روز سوتے نیلگے پاے مور پر

معلوم ہو کہ کشتۂ دندان یار ہون
چونا بھرے جو موتیونکا میری گور پر

فندق لگاکے آپنے سلجھائی سر کے بال
شک لعل شب چراغ کا ہی پور پور پر

مرنے پر اپنے سب کی نظر ہی لڑی ہوئی
آنکھونکے ڈھیلے رکھین گے احباب گور پر

سوی کمر کا دھیان ہے چشم پر آب مین
نظارۂ صراط ہے دریاے شور پر

ہیبت سے داغ دل کی تجلی وکھائیے
رکھیئے چراغ چشم نکیرین گور پر

سوزش ہے اشک گرم سے چشم پر آب مین
تبخالے پڑگئے لب دریائے شور پر

رنگ حنا کے ساتھہ قرولی بھی چاہیئے
دستہ چھریکا بھیجیئے منہدی کی چور پر

صید افگنونکے خاک کا تودا ضرور ہے
ناوک لگاؤ مرقد بہرام گور پر

تنگ ایسے آئے ہین کہ دعا مانگتے ہین ہم
قہر خدا ہو نقد مضامین کے چور پر

مرنیکے بعد داغ جگر کا چمک گیا
روشن چراغ مردہ ہوا میری گور پر

بے یار جل گیا دل پر داغ نشہ مین
بجلی گرائی خندۂ ساغر نے مور پر

آنکھین ملا کے کہتے ہین نرگس سے باغ مین
ہم صاد کرتے ہین ورق چشم گور پر

سر سبز نام اہل سخن ہے پس فنا
ہے احتمال بیضۂ طوطی کا گور پر

ہیرے کی سی کٹ نجائین کہین پیچ اسے پری
پریون کا دانت ہی تری نکل کے ڈور پر

نرگس پر اونکی عشق کا سکہ بٹھائین گے
لکھو دین گے نقش جب قدح چشم گور پر

بعد فنا بھی فیض سخن ہے جہان مین
صدقے منیر حضرت ناسخ کے گور پہ

ہو گئین پلکون کی نوکین دل نخچیر کے پار
تیر سینہ سی ہوے عاشق دلگیر کے پار

پار بیڑا کہین ابرو کی محبت مین ہو
تیر کر پہنچین ہم آب دم شمشیر کے پار

غرق حیرت رہی آئینہ کی صورت ہم مست
کشتی مے نہوئی قلزم تصویر کے پار

تیری پلکون سے نکل آئین نگاہین باہر
اے بت تیر فگن تیر ہوے تیر کے پار

حال سے قیدی گیسو کے وہ واقف نہوا
عرش سی ہو گئی نالی مری زنجیر کے پار

زلفون والونکی بھی دل چھیدتی ہین وہ پلکین
ٹانکے ان سوئیونکی ہو جاتے ہین زنجیر کے پار

کینوسے لکھنؤ پہنچا تو ملا لطف سخن
کھلے جوہر مرے آئینہ تقریر کے پار

حکم نواب سی موزون سکئے یہہ شعر منیر
نہین آسان کہ باندہے کوئی تحریر کی پار

کیا چمکتے ہین لباس بت خونخوار کے تار
رشتۂ شمع بنی جامۂ زرتار کے تار

ٹیڑہی تارونکی طرح زلف سیہ مین ہی چمک
بال کے بال ہین ایجان جہان تار کے تار

فاتحہ پڑہنی مین کرتے ہین وہ زلفین برہم
کیون نہ ادہین کفن عاشق ناچار کے تار

نظر آتے نہین نشہ کے گلابی ڈورے
سرخ ہین پردۂ چشم بت خونخوار کے تار

موجۂ آب در گوش مین گیسو کا ہے پیچ
بٹے جاتے ہین لعاب دہن مار کے تار

چھن گیا سینہ جو آئی ہمین پوشاک کی یاد
کھنچ گئے جنتری مین پیرہن یار کے تار

نرگس باغ جو دیکھے ترے گالونکی بہار
رگ گل ہون نگہ دیدۂ بیمار کے تار

صحبت زلف مسلسل سے نئی سیکھے پیچ | تار سنبل ہین نقاب رخ دلدار کے تار

تیغ ابرو سے ہین مجروح ہوا اے جراح | ٹانکے دینے کو ہون کاٹے ہوئی تلوار کے تار

سب سے ملجاتی ہے بے پردہ ستاری تیری | کیا چڑھائے ہین خریدے ہوی بازار کے تار

کیا کہون تیری لب بام کے سبزہ کی چمک | باولا بنگئے موے سر دیوار کے تار

ہنسنے مین پھول جھڑے رشتۂ تقریر پھلا | کھنچگئے آج زر برق شرربار کے تار

مجکو چاک دل بلبل کا رفو ہے منظور | کھینچ لون اطلس رنگ رخ گلزار کے تار

باغبان سنکے دم سرد رہا کر دے گا | دہاگے دینگے قفس مرغ گرفتار کے تار

خلعت زر کا طلبگار مین کیونکر ہون منیر | روز ملتے ہین مجھے دامن سحر کار کے تار

ہے عید لاؤ مئی لالہ فام اوٹھ اوٹھکر | گلے لگاتے ہین شیشون کو جام اوٹھ اوٹھکر

ہوا چلی مری افتادگی کی اے ساقی | گرینگے فشار مین سب خوشخرام اوٹھ اوٹھکر

زمین و عرش و فلک پائمال ہوتے ہین | نہ جاؤ صحن سے بالائے بام اوٹھ اوٹھکر

کوئی بشر نہو مغرور جسم خاکی پر | کہ بیٹھتے ہین بہت قصر خام اوٹھ اوٹھکر

دم سحر نظر آیا ہے کسکا منہ یا رب | صنم جو کرتے ہین مجکو سلام اوٹھ اوٹھکر

ذرا اوٹھا کے تابوت اپنے عاشق کا | خدا کی راہ کا کرتے ہین کام اوٹھ اوٹھکر

قیامت آئی ہے ہل چل ہے آسمانو نپر | نہ پھرئیے بہر خدا بام بام اوٹھ اوٹھکر

پڑے ہین پاؤنکی صورت زبان مین گھٹے | یہ قاصد ونکو دیئے ہین پیام اوٹھ اوٹھکر

بنے گی شعلۂ جوالہ گردش قسمت | تمہارے گرد پھریگا غلام اوٹھ اوٹھکر

بڑہیگی بات نہ بیٹھینگے چپکے ہم اے بت | رقیب سے جو کروگے کلام اوٹھ اوٹھکر

رہینگی عاشقون کے دست و پا مین جبتک تاب | تمہاری لینگے بلائین مدام اوٹھ اوٹھکر

خدا اٹھائے اگر کربلا مین مجکو منیر | پھرون مین گرد مزار امام اوٹھ اوٹھکر

ردیف ڑے

کچھ نہین حاصل سپر کو چیر یا تلوار توڑ
ہے اگر طاقت تو میرے آنسوؤنکا تار توڑ

تیری چشم و زلف سی سودائے کجچشمی کیا
اے صنم بادام چشم آہوتا تار توڑ

زلف مین موتی پرونا میرے حق مین زہر ہے
آج اے مشاطۂ دندان دہان مار توڑ

سلسلہ گبر و مسلمانکی عداوت کا مٹا
اے پری بے پردہ ہوکر سبحہ و زنار توڑ

کبر بھی ہے شرک ای زاہد موحد کے حضور
لیکے تیشہ خاکساری کا بت پندار توڑ

آب گوہر سے بدن کی آب ہوتی ہی خراب
بوجھ ہے ای نازنین پہ موتیون کا ہار توڑ

شرم کبتک اے پری لا ہاتھہ کر اقرار وصل
اپنے دل کو سخت کرکے رشتۂ انکار توڑ

صبر کبتک راہ پیدا ہو کہ ای دل جان جائے
ایک ٹکر مار کر سر پہوڑ یا دیوار توڑ

اے زلیخا نقد جان ہم دین لگا تو گنج زر
قیمت یوسف کا ہو جائے سر بازار توڑ

وصف چشم یار لکھنے کیلئے ای دست شوق
چل کسی گلشن مین شاخ نرگس بیمار توڑ

چڑہ کے کوٹھے پر دکھا دے اپنی ابرو مین شکن
اے پری پیکر ہلال چرخ کی تلوار توڑ

آئنہ ہے مانع نظارۂ حسن و جمال
ہو سکے تو سد اسکندر کو ای دلدار توڑ

مانع مستی کو بدمستی دکھانا چاہیئے
محتسب کا شیشۂ دل ای بت میخوار توڑ

حسن پیشانی سے قصر چرخ کو برباد کر
لوح قرآن سے طلسم گنبد دوار توڑ

نام کو اے دل نرکھہ احباب اصلاح جنون
وادی وحشت مین چلکر نشتر ہر خار توڑ

آنکھین پہوڑا اوسکی جو دیکھے بجز جانب تیرا
شوق سے ای مست جام شربت دیدار توڑ

عشق زلف عنبر افشان کا نہ ٹوٹے سلسلہ
پاؤن کی زنجیر ای دست جنون سو بار توڑ

سائل بوسہ ہین انکو دیکھہ چشم قہر سے
آنکھہ کے ڈہیلون سے اے بت خاطر اغیار توڑ

حصن غم مین ایک مدت سے مقید ہی منیر
فکر دنیا کا حصار اے حیدر کرار توڑ

ردیف زے

ہر چاک دل سے ہے الفت خط مین کمال سبز — سنبل کیطرح ہین مرے شیشے کے بال سبز

پہنے جو پائجامہ بت نونہال سبز — ایدل ہو سرو قامتِ موزون کی چال سبز

تو بیدلی سے دے تو بنے میری تخمین ہر — اے گل ہو مثل تربتِ مینا او گال سبز

مریخ کی طرح جو ہے خنجر لہو مین لال — ہو کاسۂ سپہر کے مانند ڈہال سبز

مینا کیا ہے ساغر خورشید حشر پر — خط زہر دین سے نہین تیرے گال سبز

جاڑے مین آئیگا جو مری گہر وہ سبزہ رنگ — بنجایگی گلیم شب ہجر شال سبز

اوس سبزہ رنگ نے جو کیا مجکو پائمال — کیمخت کیطرح نظر آتی ہے کہال سبز

جنگل ہرا ہوا میرے رونے سی اے جنون — برسات آئی ہو گئی شاخ غزال سبز

ابرو عرق مین تر ہوئے اوس سبز رنگ کے — بہجے ہی زہر مین ہوئی تیغ ہلال سبز

رنگ اثر دکہائے اگر حسن سبز یار — طوطی خط کے سایہ مین ہو زاغ خال سبز

وہ سبز رنگ سمجھے خجل ہو جو بعد صلح — ہو جاے شیشۂ عرق انفعال سبز

دریوزہ گر ہوا گل بوسہ کا اون سے مین — دونے کیطرح کیون نہو جام سوال سبز

وہ سبز رنگ سمجھے جو آزردہ ہو گیا — زنگار کیطرح ہوئی گرد ملال سبز

تشبیہ جوہرونکو جو دون خط سبز سے — کائی سے آب تیغ ہوا ہی نونہال سبز

مشتاق مرغ دلکو ترے خط کا دیکھکر — پہیلا دیا ہے باغ مین سنبل نے جال سبز

درخواست خط سبز کے چومنے کی جو کرے — شاخ شجر کیطرح ہو دست سوال سبز

آزردگی مین ہے اثر عشق خط یار — ہوتا چلا ہے دامن کوہ ملال سبز

ایجان ہولی کہیلو جو مسموم عشق سے — ہو جاے صاف سر سے ملکر گلال سبز

غم مین جناب سید مسموم کے منیر
سمجھے ہین رخت عمر کو آشفتہ حال سبز

ردیف سین

مجکو اپنے ساتھ ہی تیری سلانے کی ہوس
اس طرح ہے بخت خفتہ کو جگانیکی ہوس

باتون باتونمین تجھے چھیڑ کا دونگا ای خوش مزاج
ہو گی انگشت زبان سے گدگدانیکی ہوس

شیشہ سے پتھر لڑا اگر توڑنا منظور ہے
ہے عبث نازک دلونسے دل لگانیکی ہوس

کعبہ کی جانب شفق پھولی ہے کیون ای ماہرو
خون دلسے ہے مگر مہندی لگانیکی ہوس

ہو گئے دشمن یگانے اوس پری کی عشق مین
نازبردارونکو ہے تابوت اوٹھانیکی ہوس

آبرو مستونکی زاہد چاہتا ہے کبر مین
ہے بت پندار پر پانی چڑہانیکی ہوس

پہنے ہین مہندی لگاکر موتیونکی دست بند
طایر رنگ حنا کو بھی ہے دانیکی ہوس

زلفین آڑہی آتی ہے ایجان ہنگام ادا
ہے سمند ناز کو شاید دہانیکی ہوس

جب کبھی مسکی کٹوری کیا صدا پیدا ہوئی
کرتی ہے انگیا کی چڑیا چہچہانیکی ہوس

پیچ کرتا ہے جو تو اے شمع رو ہنگام شب
کیا پتنگون سے ہوئی ہے کل لڑانیکی ہوس

مین وہ مرغ غم طلب ہون بوستان دہر مین
چشمہ دام بلا مین ہے نہانے کی ہوس

ڑکی چھینٹے غیر سے چھینٹا ہے مجھے دینے لگر
کرتے ہو دریا مین تم مینڈہی لڑانیکی ہوس

باغ مین تجھکو جو ہو جگنو پکڑنے کا خیال
برگہائے گل کرین تالی بجانے کی ہوس

نقشہ اپنا چرخ چارم پر جماتے ہین حضور
ہے زر خورشید پر سکہ بٹھانیکی ہوس

پھولون کو شرما کے تمنے پانی پانی کر دیا
کیا ہوئی آب زر گل مین نہانیکی ہوس

دامن نور نظر مین چھانتے ہین خاک راہ
آپکی کوچہ مین ہے آنکھین بچھانیکی ہوس

نشہ ہو جائے ہرن مستونکا ای صیاد خلق
ہو اگر تیر نظر کے آزمانے کی ہوس

گالیون سے جی نہین بھرتا ہے ای سفاک دہر
تیری مہمانون کو ہے زخمونکی کھانیکی ہوس

شہرگ گردن رگ گل ہو گئی ای تیغ زن
آب شبنم مین ہے کیا خنجر بجھانے کی ہوس

پان کھا کر میان کرتی ہین غیرون سے حضور
آتش یاقوت سے ہے جی جلانے کی ہوس

کرتے ہین اپنے دل پر خونکو نذر دستِ غم
شیر کے نیچے مین ہے منھدی لگانیکی ہوس

گوہر دریاے بخشش کا ہون جو با ہی منیر
ہے غمِ شبیرؑ مین آنسو بہانے کی ہوس

ردیف شین

سو سو طرحکے رنج اوٹھائی برائے عیش
ہم خاک مین سلے نہ ملی کیمیاے عیش

روز سیہ مین دیکھے حسن صفائے عیش
ظلمات مین ضرور ہو آب بقاے عیش

آتی نہین ہی نگہت بستان سرائے عیش
چلتی ہے پاس غیر سی شاید ہواے عیش

عشق چہ ذقن مین کہان لطف زندگی
ڈوبا کنوئین مین شاہد یوسف لقاے عیش

غم کھا کے اسقدر تو ہون طیار ہجر مین
ہوجائی تنگ میری بدن پر قباے عیش

دولت سے ہاتھ آتی ہی عشرت جہانکی
کوڑی کی مول بکتی تھی کیمیاے عیش

ایام وصل نالہ کشی مین گذرتے ہین
اوراق مرثیہ مین مری روزہاے عیش

کیفیت سرور سے فقر سے ملی
خرقے کی بوٹیون سی بنی کیمیاے عیش

تیری خیال وصل مین کرتا ہون سلطنت
روز سیاہ ہجر ہے ظل ہماے عیش

سب ڈہونڈہتی ہین ایک کو ملتا نہین سراغ
عنقا کا آشیانہ ہی خلوت سراے عیش

جلوہ تمہاری قد کا کدورت مٹا گیا
صابون صبح حشر نے دہوئی قباے عیش

ہوتا ہی گاہ گاہ بُری وقت مین شریک
افزون ہو عمر رنج سی یارب بقاے عیش

ہوگی شکست دل جو تری دست لطف سی
شیشہ صاف ٹوٹ کر دیگا صداے عیش

پہنچے جہنمون مین تو جنت ہوئی نصیب
سات آنچ مین درست ہوئی کیمیاے عیش

غمخانہ کا پنور اگر ہے تو ہو منیر
صد شکر لکھنؤ تو ہے دولت سراے عیش

ردیف صاد

تڑپ مین وہ لگی جو پائے آئیگا کسیکا رقص
کرینگے سینہ مین طاوس داغ سو دا رقص

جو تیری چال سے ہو جونکو کوئی دے تشبیہ
کرے وہ بہار کو سینہ حباب دریا رقص

ہوای باغ جو سیکھے تمہارے ناچ کا رنگ
شرار آتش گل کا اوڑاے ڈہیر رقص

اگر دکھائے وہ گل گرمیان دم رفتار
کرے چراغ بہار چمن کا شعلار رقص

غبار سوختۂ برق حسن ہو بیتاب
دکھاے وادی ایمن مین یہ بگولا رقص

کرے جو اہل جہانکو تو ناچ مین پامال
خوشی سے کرنے لگے پیر زال دنیا رقص

سوار ہو کے بتا ئینگے شوخیونکی چال
دکھاینگے ہیم توسن کی تیلیونکا رقص

سے پیے شراب جو برسات مین وہ غیرت گل
کرے بہار مین طاوس سبز مینا رقص

برای سیر جو تو دشت نجد مین جائے
دکھاے تجکو پری بنکر وح لیلا رقص

تری حضور ہے خورشید اسطرح بیتاب
فروغ مہر سے کرتا ہے جیسے ذرا رقص

ہمارے نالۂ موزون سے لہراتین ساکنان بہشت
صدا سے کرے بار زلف حورا رقص

وفور آہ سے اوڑتا ہے یون تن لاغر
ہوای تند مین کرتا ہے جیسے تنکا رقص

رقیب ہے جو وہ خونریز گنجفہ کہیلے
برات مین نظر آجاسے بسملون کا رقص

ہزارون ہوگئے بیہوش صورت موسئے
تڑپ سے ہے صاعقۂ طور کی کسیکا رقص

بلاے جان شعرا کو ہے ناچ کا مضمون
زمین شعر مین کرتا ہے فتنہ برپا رقص

کبھی تو ناچ سے گرجای آبروی رقیب
کبھی تو کھینچ دے عطر گل تماشا رقص

بدن سے ناچ مین ٹپکینگے قطرہای عرق
لٹائیگا زر انجم کا آج تو ڑا رقص

تمہین ہے شوخی نظارہ حورون نے پائی
تمہین ہے مردم چشم پری نے سیکھا رقص

علاقہ وحشیونکو عیش دنیوی سے کیا
کھینے خانۂ زنجیر مین نہ دیکھا رقص

بنا لیا پر طاوس آسمان کا قلم
مصورون نے جو اوس ماہ و کا کھینچا رقص

تڑپ رہا ہے منیر آج وہ کرے پامال
کئی برس ہوسے دیکھا نہین ہے جس کا رقص

بتکده کی ہو حکومت بادشاہی کی عوض | ایک بت درکار ہے ساری خدائی کی عوض
تیری الفت ہے گلوگیر حسینان جہان | پڑ گئے پھندے نئے طوق طلائی کی عوض
او نگلیان اوٹھینگی کس کس کے دل خون گشته پر | ماہ نو دیکھا ہے انگشت حنائی کی عوض
بوسے گیسوئے سیہ سے آنکھ مین سرمہ لگا | چاہیے منقار زاغ شب سیاہی کی عوض
دن چھپے تم جاؤ میرا خون ہو جا کہین | شیر آئے آہوے شام جدائی کی عوض
ہاتھ مل کر کہا کرتی ہین حورین خلد مین | تیرے دروازہ کا بازو ہو کلائی کی عوض
دل ہی کے ٹکڑے کیے تمکو مکدر دیکھکر | توڑ ڈالا ہے نے آئینہ صفائی کی عوض
رہ گیا پردہ جو تمنے رات کو زخمی کیا | چادر آب تیغ کی اوڑھی رلائی کی عوض
چشم تر کے ہوتے دلکو سوز عشق آیا پسند | آگ مین یہ شیر رہتا ہے ترائی کی عوض
باتین میٹھی کر کے جنت مین تماشا دیکھیے | جان شیرین دینگی حورین اوس مٹھائی کی عوض
ہونٹون سے بوسے کے بدلے کڑوی ہو نہ عبث | زہر کیون دیتے ہو پستہ کی مٹھائی کی عوض
گل فشان ہین شعلہ رو اپنے لب شیرین کی | پھلجھڑی شربت مین ڈالی ہی ہوائی کی عوض
جان کو عاشق کی بھر حسن کرتا ہی ہلاک | غوطے دیتا ہے حقوق آشنائی کی عوض
باتکپن کا شکوہ سنکر اور بھی برہم ہوئے | سید ہیان لاکھون سنائین کج ادائی کی عوض
چھٹ کے قید زیست سے وابستہ گیسو ہوئے | کس بلا مین پھنس گئے شوق رہائی کی عوض
جان دیکر کیجیے دریوزہ حسن جمال | کاسہ سر لیجیے جام گدائی کے عوض
روغن قاز آج میرے مرغ دلکو ملتے ہین | چکنی چپڑی باتین کرتے ہین کہائی کی عوض
ہم فقیرون کو نہین اس سے زیادہ دسترس | دولت کونین ہے تو دو دہائی کی عوض
آپکے ہونٹون کے ہوتے کیا غرض یاقوت سے | شاخ مرجان کیا کرون دست حنائی کی عوض

اے خدا عشق علی مین رکھ یہ سرخستہ کو
بس ہے یہ بندہ ترا ساری خدائی کی عوض

ردیف طا

مجنون ہون کیا مجھے غمِ دوران سے اختلاط
رکھتا ہون لیلئے شبِ ہجران سے اختلاط

اے رشکِ ماہ دیکھین جو تیری گلی کا حسن
تارے کرین ہلال گریبان سے اختلاط

ہنس ہنس کے زخمیون سے لپٹتے اگر حضور
ہوتا تبسمِ نمک افشان سے اختلاط

اوس شعلہ رو کی وصل مین بہی جوش آہ ہے
ہے آندہیون کہ شمعِ شبستان سے اختلاط

تیرے خدنگِ ظلم کی صحبت مین شاد ہون
کرتا ہون طفلِ غنچۂ پیکان سے اختلاط

پلکون کے عشق مین نہین محتاج رہنما
رکھتا ہون خضرِ سبزۂ مژگان سے اختلاط

ممکن نہین کہ خرمنِ امید بچ سکے
ہے مجکو برقِ جلوۂ دندان سے اختلاط

دستِ جنون مین بہی نہین ہنے کا ذانیس
کاسے نٹے کرینگے گوشۂ دامان سے اختلاط

مفلس کے میہمان سے کیا آنکہہ چار ہو
کیا بیدلی مین ہو غمِ جانان سے اختلاط

رہتا ہے روز صدمۂ غربت کا سامنا
کرتا ہون دیو شامِ غریبان سے اختلاط

مرتا ہون کیا سکوت کے انداز پر عبث
کرتا ہے اہلِ شہرِ خموشان سے اختلاط

حسنِ صبیح یار کے دیکہے ہو مین کیا عجب
کیک نظر کرے مہِ تابان سے اختلاط

پابندِ عشق قامتِ جانان ہے ہر فقیر
آزادون کو ہے سروِ گلستان سے اختلاط

کہیلا کیا مین عالمِ طفلی مین سانپ سے
تہا مجہکو مارِ زلفِ حسینان سے اختلاط

ہے دل بیارِ دوست پکارا تہو جنون
رہتا ہے روز دستِ و گریبان سے اختلاط

ساغر ہے لب بلب لبِ جان بخش یار سے
ہے دخترِ رز کو عیسیِ دوران سے اختلاط

بہتر ہے کربلا مین کرو چل کے اے منیر
خدامِ قبرِ شاہِ شہیدان سے اختلاط

ردیف ظا

ہر دل کو اے صنم ہے تری بات کا لحاظ
کعبہ کو بہی ہے قبلۂ حاجات کا لحاظ

پامال تو کرے تو نہو سرکش ایک بت
عزّا تو کیا ہبل بھی کرے لات کا لحاظ

چہرے سے آپ نے لف ہٹاتے نہین کبھی
کیونکر بلا سے جان نہو دن رات کا لحاظ

آتے نہین ہین دیدۂ گریان کے سامنے
بادل بھی کرتے ہین مری برسات کا لحاظ

آئینہ منہہ لگا ہے بہت بس الگ کرو
ابتک کیا تمہاری ملاقات کا لحاظ

اے شاہ حسن غیرون کو کافی ہے ایک آہ
کرتے ہین ہم فقیر کرامات کا لحاظ

سیکھے تکلف آپکے صحبت مین سب حسین
صدقہ کی شرم پاکی ہے خیرات کا لحاظ

مسی پر اونکے ہونٹونکے مرجاتے صاف خضر
آب بقا کا پاس ہے ظلمات کا لحاظ

یہ سینہ و کمر ندیے ایک حور کو
تہا صانع ازل کو تری گات کا لحاظ

ہاتھون سے اپنے کعبۂ دلکو کیا خراب
کیا کیا سے کئے بت بدذات کا لحاظ

آنکھین تمہاری چرخ مشعبد کی ہین شریک
ان پتلیون کو بھی ہے طلسمات کا لحاظ

راضی ہون ہنسکے برق تبسم گراؤ جلد
عاشق کو کب ہے مرگ مفاجات کا لحاظ

بھیجا او گال آپنے ہم سرخرو ہوے
کیونکر رہا حضور کو سوغات کا لحاظ

جام و مے و کباب و گل و شمع و ماہ و یار
ہر ہفتہ مین ضرور ہے ان سات کا لحاظ

فقرہ ہون صاف مصحف عارض کے وصف مین
قرآن مین ضرور ہے آیات کا لحاظ

تقریر مین ہے قلقل مینائے مے کا لطف
نشہ ہوا کیا جو تری بات کا لحاظ

وہ نیچی نیچی آنکھین وہ شرمائی گفتگو
آتا ہے یاد پہلی ملاقات کا لحاظ

روح نبی کا پاس نہین کرتے ای منیر
اہل جہان کو اب نہین سادات کا لحاظ

ردیف عین

وصل کی شب مجکو خلوت مین نہین درکار شمع
بنگیا ای جان تیرا جلوۂ رخسار شمع

تو جو جاتا ہے ترے گھر روشن کرین سردار شمع
سکہ کی مچھلی کی چربی سے ڈھلا اے یار شمع

پستی قسمت مری ظلمت کدہ کی دیکھنا
صحن مین گہر دون تو ہو خار سر دیوار شمع

جلوۂ قد اوس مسیحا کا جو دیکھون بعد مرگ
سایہ افگن قبر پہ ہو بنکے نخل دار شمع

نالہ کش تیری تجلی سے ہین اے گل بلبلین
کیون نہو روشن بیان کو چہ منقار شمع

دولت دیدار تیری لوٹ لی ہنگام شب
سمجھے اپنے آنسوؤن کو شربت دینار شمع

مشتعل ہے میری آہ آتشین سے ہجر مین
بنگئی گویا گلو سے مرغ آتش خوار شمع

اوسکا جلوہ دیکھکر کیونکر نہو مغرور شیخ
اے برہمن ہو گیا قد بت پندار شمع

کس گل سرکش نے اپنے ہاتھ سے روشن کیا
آج بجھکر دیتی ہے بوے گل دستار شمع

شعلہ رویون کی شمیم زلف سے ایسی بسی
اپنے دود دل کو سمجھے سنبل گلزار شمع

عکس ہو باقی رہی ہے آئینہ سے پیٹ پر
اسے بہم خوبی مگر روشن ہے دریا پار شمع

بیٹھتے ہین صورت پروانہ دل خستہ بزم
تیری صحبت کو ہے برق گرمی بازار شمع

ہے مرض عشق دہن کا یون نہین ملتی شفا
اے مسیحا رکھ قریب عاشق بیمار شمع

بزم جان روشن ہو تو مجھکو اگر زخمی کرے
میرے فانوس بدن مین ہو تری تلوار شمع

دیکھکر اوس بت کا جلوہ اپنے تار اشک سے
ڈالدیگی گردن فانوس مین زنار شمع

میکشو ڈہالی ہے کافور کفن سے مگر
کرتی ہے ساقی کی خاطر گرمی بازار شمع

کسکے منہ سے ہمسری کرنیکی یہ تقصیر ہے
جا بجا تشہیر ہوتی ہے سر بازار شمع

تیرے اوصاف بر دندان کا کرتی ہے شمار
پڑھتی ہے تسبیح لیکر موتیون کا ہار شمع

میرے نالہ کی علم مین بزم جانان کیلیے
لائی چلہ باندہنے کو آنسوؤن کی تار شمع

محفل عشرت تری فرقت مین جنگل ہوگئی
جہاڑ مین سے نور ہے اے گل بسان خار شمع

قبر عاشق پہ جو لایا نام روشن ہوگیا
ڈہالی ہے موم نگین سے شاید آ دلدار شمع

نالہ ہے آتش فشان یاد رخ پر نور مین
تیرے جلوہ سے ہے میری آہ آتشبار شمع

بدزبانی مین پسند آتی ہے میری آہ گرم
گالیون کی جہاڑ کو شاید ہوئی درکار شمع

بزم عیش ایسی معطر تیرے جلوہ سے ہوئی
سمجھے فانوس اُن کو لے گل ہاے عطار شمع

آتش تر کی تجلی سے ہے روشن میکدہ
کیون نہ سمجھے گردنِ مینا کو مے خوار شمع

تنگ ایسا تیری فرقت مین خانہ ہوا
میرے گھر ناسور کی بتی بنی اے یار شمع

دستِ رنگین سے جو تو روشن کریگا اے گنہ
صاف پھولونکی چھڑی بنجائیگی اے یار شمع

کربلا مین ہو جو فراشی کی خدمت اے منیر
قبر اقدس پر چڑھاؤن شبکو سو سو بار شمع

ردیف غین

جزوِ ظلمت اے فلک ہے جوشِ سودا مین چراغ
دیدۂ خفاش ہے شبہاے یلدا مین چراغ

داغِ دل مٹنے لگا عشقِ دہانِ تنگ مین
کسطرح ٹھہرے ہواے بالِ عنقا مین چراغ

میکدہ مین جلوہ گر داغِ دلِ روشن ہوا
عرش کا تارا بنا فانوسِ مینا مین چراغ

ہے شبِ غربت مین برقِ داغِ سودا کی چمک
بنکے جگنو اُڑ رہا ہے میری صحرا مین چراغ

ہے دلِ تاریک حاسد مین ہمارا داغِ رشک
اے شکر لب بند ہے مسی کی ڈبیا مین چراغ

چھاتیونکے نور سے روشن ہے شبکو پیرہن
ہر کٹوری بنگلی ہے تیری انگیا مین چراغ

ہے دلِ صد چاک مین داغِ شرابِ لالہ گون
دخترِ رز نے جلا رکھا ہے جھنجیا مین چراغ

تجھسے روشن ہے مگر بزمِ رقیبِ تیرہ روز
آج دیکھا آشیانِ مرغِ عیسیٰ مین چراغ

تیرہ بختون کی جو داغون کی تجلی دیکھلی
تو شرر آسا نہان ہو سنگِ موسیٰ مین چراغ

دشتِ وحشت مین سرِ گیسو دکھائیگا فروغ
کفچۂ افعی بنیگا جوشِ سودا مین چراغ

آرزوے مے سے ہاتھ آیا فروغ اے میکشو
جلوا مینا بنگیا دستِ تمنا مین چراغ

زرد ہے داغِ جگر کا رنگِ ساغر حضور
ہے گدو کا پھول گویا بزمِ صہبا مین چراغ

ہے بہارِ داغِ دل فصلِ خزان مین اسقدر
پھولون کا دونا بنا ہے باغِ دنیا مین چراغ

رنگ مقتل ہے فضاے آرزوے وصل مین
جام پرخون ہے شبستانِ تمنا مین چراغ

تم شب تاریک مین جاؤگے بہر غسل اگر
جام عمر خضر ہوگا عین دریا مین چراغ

اپنے مجنونون کے داغ دل جو دیکھو وہ پری
ہم چڑہائین مسجد ابروے لیلا مین چراغ

وصف لعل لب کو لکھکر کیون لفافہ کرتی ہین
باندہتا بھی ہے کوئی کاغذ کی پڑیا مین چراغ

داغ دل کو جلوۂ دندان دکھانا چاہیئے
دہوے آب گہر ہائے ثریا مین چراغ

ہے عیان نیرنگ چرخ شعبدہ گر چاند سے
دوڑتا دیکھا طلسم چرخ مینا مین چراغ

اپنے ہاتھون سے جو تو اے مہر گل کرتا رہا
بنگیا طشت فلک شہ جڑہ کر دنیا مین چراغ

ہوگیا دلچسپ گوہر جلوۂ رخسار یار
بنگیا بطن صدف کی ناف دریا مین چراغ

کہو دیا داغ جنون کو سر دہر سے منیر
برف سے ٹھنڈا کیا بزم تمنا مین چراغ

ردیف فا

دنیا کے سوزیون کی زبان زد ہے نام زلف
ہے مثل لام دلمین بلا کے مقام زلف

کرتے نہین ہین دل سے عدو مشق لام زلف
سیٹھی چھری سے چھیلتے ہین لکھکے نام زلف

چھیڑینگے داستان جو باتون کی طول کی
شام ابد سے بڑہکے سلے گا کلام زلف

بالون کی یاد رہتی ہے دور شراب مین
پکتا ہے آفتاب مین سوداکے خام زلف

کرتے ہین قطع خنجر ابرو سے اپنے بال
انگشت ماہ نو سے مٹاتے ہین نام زلف

بالون کا عکس چاہیئے جام شراب مین
کہدوا عقیق مہر پہ اے ماہ نام زلف

دونون کے طول مین سر مو فرق کچھ نہین
لکھون سیاہی شب ہجران سے نام زلف

دروازہ بند کرکے وہ کنگی کیا کرین
زنجیر در ہو سلسلۂ انتظام زلف

زلف سیہ کی یاد ہے بروکر عشق مین
نالے پر اس سرو ہی کے جیتا ہون بنام زلف

شانہ حلب سے آئینہ دار وہین آپ کے
کرتا ہے بادشاہ ختن انتظام زلف

خوشبو مین بسکہ شیفتۂ زلف ہوگیا
بنوایا صنم کو مشک چراکر غلام زلف

سہے رات دن مناظرہ طول موے یار — پڑھتے ہین ہم رسالۂ علم کلام زلف
آتا ہے بیان بالون کا ماہِ صیام مین — افطار صوم کیجئے ہوتی ہے شام زلف
پہنچتی نہین کہون جو کرے مرغ دلکو قید — کاسئے کی شکل ہو قفس تن مین لام زلف
کہتے ہین لعل لب مین وہ اکثر وباکی بال — ہوتی ہے آج شہر بدخشان مین شام زلف
بالون کا وصف ہے خط پیچیدہ مین رقم — مارسیہ کی شکل ہے طغرا ے لام زلف
زلف سیہ کا رنگ بڑہیگا شباب مین — فصل بہار آتی ہے پہوے گی شام زلف
بالونکی یاد عشق لب و چشم مین رہی — بادام کی مٹھائی مین ہو مشک شام زلف
مشق خرام ناز مین بالون کو کہولدو — دیدو سمندِ حسن کے منہ مین لگام زلف
سوداے زلف یار مین ہین تلخکام ہم — افیون زہر غم مین ملے مشک شام زلف
گرتے ہین زلفون مع ابلے سارسر مین مین — مسی وہان گور کو ہے مشک شام زلف
دیکہا جو بال کہول کے کرڑوی نگاہ سے — بادام تلخ ہو گئی ہر چشم دام زلف
بالون کا تذکرہ نہ کرے کوئی وصل مین — قبل سحر نہ بول اوٹھے زاغ شام زلف
تصویر موے یار دم میکشی ہے پاس — پیتا ہون گہول گہول کے مین نقش جام زلف
اے گردگار کو نسے مجنون کے سوگ مین — ابتک سیاہ پوش ہے لیلاے شام زلف
بالون کے حلقہ حلقہ مین چہرے کا نور ہے — قندیل شمع طور کی جالی ہے دام زلف
دیوانے تیری زلف سیہ کے ہمین نہین — تیلی ہے چشم قیس کی لیلا ہے شام زلف
زلفین بناؤ دیکہہ کے آئینۂ فلک — اتو گلاہ مہر کو ہو عکس دام زلف
اولجہا ہے سبزۂ کان کا بالون کے پیچ مین — بہٹکا رہی ہے خضر کو ظلمات شام زلف
بالون کا نقشہ کہہ کے دل اعدا مین — بودون چمن مین سنبل طغرا ے لام زلف
کہولین وہ بال ہو دل پر داغ گرم آہ — طاؤس نالہ کش ہو گرے ابر شام زلف
بالون کا چشم تر سے تصور نکل گیا — دریا سے پانی لیکے چلا ابر شام زلف

مردان عشق خشک ہین بالو کی عشق مین
کی مشق نفی ہمنے جو انکار وصل مین

پیتا ہے شیر دن کا لہو آہوے شام لف
شاید ملادیا الف قدسی لام زلف

آفت کے بتان فرنگی محل معنیر
باتین دم مسیح چلیپا ہے دام لف

ردیف قاف

اے دل ہوا جو زخمی تیغ جفائے عشق
داماں زخم دل سے بھی آئی ہواے عشق

ممکن بدون گریہ نہین مدعاے عشق
برسات کے سوا نہین چلتی ہواے عشق

دریوزہ گر ہون دولت حسن و جمال کا
تو بادشاہ حسن ہے مین ہون گداے عشق

پابند آبرو سے محبت کو کام کیا
کہاتا ہے استخوان گہب ہماے عشق

عاشق ہون پائجامہ و دوپٹہ پر آپکے
جوڑی سے جھکو ہاتھ لگی کیمیاے عشق

آسیب عاشقی سے نہون شعلہ ور بلے
پریون کے سر چڑہا رہی دیو بلاے عشق

الفت نے آپکی یرقانی بنادیا
ہر چشم تر ہماری ہے جام طلاے عشق

دیوانے ہم فریب محبت سے کیون نہ ہون
آئی پریکا روپ بدل کر بلاے عشق

دل جنکے شیر ہین وہی کرتے ہین عاشقی
اے غافلون گرون کیلئے ہے طلاے عشق

عاشق کے مردہ پر ہین الفت کی شدتین
مردار سنگ ہوگئی سنگ جفاے عشق

اللہ رے اضطرار دل بیقرار کا
پہلو مین میرے کوئی نہ ٹھہرا ہواے عشق

تھوڑی سی بھی اذیت الفت بہت ہوئی
بڑہکر پہاڑ ہوگئے سنگ جفاے عشق

سبزہ کے بدلے مہر گیا کیون نہ ہو نمود
چلتی ہے میرے گلشن دل مین ہواے عشق

آلودہ ہے جو خون دل وا عذار مین
یاقوت آفتاب ہو سنگ جفاے عشق

دل مین اسکے عین سے ہے نظارہ کی دلیل
یہ واقعی کہ آنکھ سے ہے ابتداے عشق

خاموش جی جلائے آنسو بہائیے
سنلو زبان شمع سے یہ ماجراے عشق

ہے حرف قاف قربِ اجل کی بڑی دلیل
یعنی ہے قبر عاشقون کو انتہائے عشق

آزردگی مین بھی وہی الفت کا جوش ہے
توڑا جو دل حضور نے نکلی صدائے عشق

ملکِ عدم کا کوچ کرو لیکے زاد پاس
لے تازہ واردان مصیبت سرائے عشق

سرمہ سواد گور ہے عاشق کے واسطے
خلعت کفن ہے خونِ تمنا حنائے عشق

مرنا ہے تلخکام محبت کو امر سہل
زہر اجل ہے سبزۂ تیغ جفائے عشق

قول اے منیر پڑھتے ہین نواب مہر کا
ہے دل مین آمدِ غم بے انتہائے عشق

ردیف کاف

سو گیا خاک مگر ہوتی ہے تشہیر ابتک
مٹ گیا رنگ کھنچی پھرتی ہی تصویر ابتک

آپکی چوٹی کے موباف کا اللہ رے عروج
کینچلی سانپ کی ہے عرش کی زنجیر ابتک

تیغ ابرو کے سخنور ہین ازل سے مداح
طرح ہوتا ہے یہان مصرعِ شمشیر ابتک

چودھوین سال بھی پوری نہوئی قتل کی مشق
نہوا بدر ہلالِ لبِ شمشیر ابتک

عشق گیسو مجھے چھوڑے ہوئی مدت گذری
سطرِ تقویم کہین رہتی ہے زنجیر ابتک

حسرتِ قتل مین مدت سی ہوین چومتے ہین
دانت سے کاٹ رہے ہین لبِ شمشیر ابتک

فصلِ گل جا چکی باقی ہے بہارِ سودا
عشق پیچان کیطرح پھولی ہے زنجیر ابتک

ناطقہ حسن فصاحت کا ازل سی ہی مقر
کلمہ پڑھتی ہے ترا طوطیِ تقریر ابتک

بیڑیان برسون سے ہلتی ہین سر گیسو مین
لے پری کھیلتے ہین افعی زنجیر ابتک

شبنم صبح سے کس روز گیا جوش جنون
کیون فلک کھینچ رہا ہے عرقِ شیر ابتک

کھا گیا سیکڑون کو روز ازل سے آترک
پیٹ خالی نظر آیا خمِ شمشیر ابتک

مدتون سے ہے جبیبون کی سبھے حسرتِ وصل
ہے مرے دستِ تاسف مین کفِ شمشیر ابتک

شیب مین بھی ہے تری چاہ تو نہین دولتِ حسن
خوب ان ناریلون مین رہی اکسیر ابتک

حال بے پروا کہوئے شمع رخون کا کیونکر
دل کو کہلتے نہین دیکہا لب گلگیر ابتک

رابطہ ابرو و مژگان مین کبہی دیکہا تہا
شامل نقطہ کمان ہے الف تیر ابتک

شاہد قتل کسی عاشق مژگان کی ہین کیا
شکل انگشت شہادت ہین تری تیر ابتک

نیند کہوئی گئی مدت سے اُسے ڈہونڈہتے ہین
شمع ہاتہون مین لئے نالہ شبگیر ابتک

کہیلتے رہتے ہین ہر روز وہ ڈہیوڑی مین شکار
گہر کے دروازہ مین ہین باز و نخچیر ابتک

کبہی خونریزون کو حاصل ہوا لطف شباب
ابتدا سے ہے سفید ابروی شمشیر ابتک

وصل اُس بت سے ہوا تمکو مبارک ہو منیر
کسلیئے شکر کے سجدے مین ہے تاخیر ابتک

ردیف گاف

کیجیٔ اس غزل مین جی نہوا آشنائے رنگ
پہٹ جائے یہ زمین الٰہی سمائے رنگ

تیرے حضور باغ مین کیونکر سمائے رنگ
ملتی نہین ہے حسن کی کثرت سی جائے رنگ

وہ خوش دماغ جبسے ہوا آشنائے رنگ
عطار کہینچنے لگے عطر حنائے رنگ

ہونٹون کو اوسکے لعل نہ بیچے خدا کرے
تیغ ہلال لب سے کہین کٹ نجائے رنگ

اے عندلیب باغ جہان مین ہے تنگ شمع
گل بہی ہوا تو مین نہوا آشنائے رنگ

بلبل کا فصل گل مین چہکنا عجب نہین
ہے جام گل مین بادہ صبر آزمائے رنگ

سیلاب ہے رطوبت فصل بہار کا
طاؤس سکے پر ونکا کہین بہہ نجائے رنگ

اپنی بہار دیتی ہے ہولی کی نذر مین
تیرے حضور فصل چمن کیون نہ لائے رنگ

زیبا نہ تہرے ضعف سے زردی بہی جسم پر
ڈہیلی ہوئی ہمارے بدن مین قبائے رنگ

رنگی جو اپنے ہاتہ سے وُہ آبروی باغ
عطر بہار بنکے وہ ویٹہہ پر آئے رنگ

گلشن کا روپ دیکہے وہ نازک دماغ اگر
دامن مین اپنے باد صبا چہان لائے رنگ

دو رخمین داغ عشق اگر پختگی دکہائین
بہٹی سکے چڑہتے سی بہی گلونکا نجائے رنگ

چاک جگر مین چاہیے خط شعاع حُسن
ہے عکس تا کمرِ گلِ رخسار یار کا ٭ ٭
تار نظر کے بوجہہ سے مسکی جو بار بار ٭
تیری نگاہ گرم سے جلتی ہین دلمین پہول
تیرے حضور خشک جو ہو جائین شرم سے
نشہ ہے بہار کا یارب خزان مین بہی
ایجان تیری چینپی رنگت سے کیسو بہرو ٭
تشبیہہ دون جو یار کی مِسّی سے لے فلک
در باقی اُسکی ڈہونڈتے ہین شاہدان گل ٭
بعد زوالِ حُسن بہی اُس گُل کا عشق ہے
ایجان دیکھ لے جو ترا حُسن سادگی
آب بدن کی موج بنے گا کرن کا عکس
دیکھون جو بے ثباتیِ باغ جہان کی سیر
شیخی یہ کرکری تیرے آگے ہے باغ مین
باغ جہان مین حُسن کی رونق ہی خلق سے
بیج بستہ آبروے گلِ تر ہو بلبلو ٭٭
بے لطفیان سوای حنا کس سے اوٹہہ سکین
بڑہ جائے تیرے یمن قدم سے یہ اوج باغ
تیرے حضور پہولونکا زہرہ ہے آب آب
آئینہ سان ہرن جو کہلے سیر باغ مین
رنگین میرے شعر سُنین ہے جو قصد باغ

اس جنتری مین کہنچیے تارِ طلائے رنگ
اُنچی ہوئی ہے سرو کے قد پر قبای رنگ
پوشاک بہر حضور کی کیونکر اُٹہائے رنگ
تیغِ نظر سے کیون نہو کشتہ طلائے رنگ
پہولون کے جسم سے اُتر آئے قبائے رنگ
بنکر شراب شیشۂ دل مین سمائے رنگ
گلہائے اشرفی کا ہے کہوٹا طلائے رنگ
اُودی گہٹا بنے گلِ سوسن کا چہائے رنگ
زنجیر در کی بیل ہو بہر قبائے رنگ ٭
ہم مثل عندلیب نہین آشنای رنگ
کج کر کے اپنے جام کو ہر گُل گرائے رنگ
انگیا کی چپکی آج چینے کی قبائے رنگ ٭
ایدل ہوا تبسم گل کی اُڑا اُسے رنگ ٭
خاک اُڑ رہی ہے فصل بہاری مین جائے رنگ
خوشبو بہی تہوڑی چاہیے ایگل برائے رنگ
وہ رشک گل جو باغ مین اپنا جمائے رنگ
ٹہیرا ہے کون پاس تمہاری سوائے رنگ
ٹیکا جبین مہرِ فلک پر لگائے رنگ ٭
پائے نظر مین دیکھ کہین بہر تجائے رنگ
اُس رشک گل کو سرخ دوپٹا اُڑہائے رنگ
بالی مین وہ پروئین گلِ مدعائے رنگ ٭

ایسی بہار باغ جہان بے ثبات ہے
دامن اگر ہوا کا لگے چھوٹ جائے رنگ

ہو حسن آتشین سے تلاطم میان باغ
پھولون کے ساغرون مین ابھی جوش کھائے رنگ

کرتا ہے تیرے سامنے پرواز حسن گل
دیوار باغ پھاندتے ہین باولائے رنگ

اس شاہ حسن سے جو کرین پھول ہمسری
کھا جائے استخوان رگ گل کھلائے رنگ

پڑ جائے میری پختہ مزاجی کا عکس اگر
سو شوب پر بھی اطلس گل کا نہ جائے رنگ

موتی دکھائے کان کا وہ گل جو زلف مین
چھالا دہان یار کا ڈھونڈھے حنائی رنگ

ہر باغ کو ہو خوبی ابرو سے پیچ تاب
تلوار کی جو آنچ لگے جوش کھائے رنگ

فصل خزان نہین کسی بلبل کے سوگ مین
سوسن نے مسی لائے نے چھوڑی حنائے رنگ

رنگے جو اپنے کپڑے وہ مطرب پسر کہین
زہرہ گل قمر کا ابھی کاٹ لائے رنگ

مرتا ہون لکھنؤ کی تمنا مین اے منیر
اللہ عیش باغ کا مجھکو دکھائے رنگ

ردیف لام

رخت زری پہن کے گئے دن چمن مین پھول
سلمے کی بوٹیان ہون ترے پیرہن مین پھول

خوشبو سوا ہو پہنے جو تو موتیون کے ہار
اپنی قبا بسائین ترے پیرہن مین پھول

تو سیر کو جو آئے تو گلشن سفید ہو
لائے گل سفید داغ بنین ہر چمن مین پھول

پہناؤ تم جو غیر کی گردن مین اپنے ہار
لائے گل قبائے رنگ اوتارین چمن مین پھول

ملبوس زیست ذرہ افشان سی جل گیا
اوڑ کر چراغ رنج سے پڑا پیرہن مین پھول

اوس گل کو شوق بادہ کشی ہو جو باغ مین
مینائی رنگ توڑ کے نکلین چمن مین پھول

مخمل بدن مین پھول گئے میرے ہاتھ پاون
غیرون کے ساتھ تمنے پیا جب چمن مین پھول

بعد فنا بھی داغ جگر مین گلے کے ہار
گویا پرو دیے مرے تار کفن مین پھول

بازو پہ اپنے رکھکے جو بیٹھے وہ روے سرخ
یاقوت آفتاب کا ہو نور تن کا پھول

سودا رہا بہار کا مجکو چمن مین بھی
سمجھا مین چشم غول کو دیوانہ مین پھول

ہر زخم پہ چھڑک عرق عارض صبیح
دامن بسائین عطر گل یاسمن مین پھول

سبزہ چرین جو وحشی عارض کی قبر کا
ہوون نافہ غزال سے پیدا ختن مین پھول

اوراق گل مین لکھے ہین صفت رخ صبیح
رکھتے ہین ہم بیاض گل نسترن مین پھول

گلشن مین کر کے وصف صباحت حضور کا
بھر بھر لیے ہین جیب گل نسترن مین پھول

گدوا کے نقش عارض محبوب تیغ زن
جنت سے کے جڑ لیے سپر داغ تن مین پھول

کوٹھی پہ آج صبح رہا کون گل فشان
او لجھے ہوے ہین مہر فلک کی کرن مین پھول

مجلس مہک گئی سخن آبدار سے
موتی کے دانے بنگئے درج دہن مین پھول

ملے عندلیب جز گل زخم جگر کہین
دیکھے نہین ہین گلشن چرخ کہن مین پھول

ہین خال خط مین گال نہان گیسو مین ہار
دیکھا ہے کس نے چاند خزا مین گہن مین پھول

فصل خزا مین داغ جنون کی بہار ہے
اے عندلیب باغ مین کانٹے ہین نہین پھول

ڈوبین گے اس کنوئین مین جو عشاق واغدار
اے گل کہلین گے سبزۂ چاہ ذقن کی پھول

اے حور تیرے گالو نسے تشبیہ دیتمہی
صبح بہشت ہو گئی شاخ سمن مین پھول

تم ہوگئے گل فشان تکلم جو نشار مین
تر نے پھرینگے موج شراب کہن مین پھول

یارب شراب پیکے وہ گل گرمیان کرے
پیدا ہون آگ کے چمن نار دنمین پھول

مین کیا دکہائی دیتی نہین بلبلون کو بھی
پہنے تو ایسے ملگئے تیرے بدن مین پھول

اہل صفا جو دیکھینگے تیری بہار حسن
جوہر بنینگے آئینۂ انجمن مین پھول

ہین خار خار غم مرے سینہ مین اسقدر
اے گل نہونگے بعد فنا بھی وطن مین پھول

ابھی بہار حسن بتان ہے کمال پر
تا قوس ہو نہ جائے کف برہمن مین پھول

تقریر آبدار مین شامل ہے وصف رخ
اے گل بہائے جاتے ہین تیغ سخن مین پھول

فیض بہار عارض رنگین کے نور سے
اے گل کف شراب بنے انجمن مین پھول

دیکھو بہار شہر خموشان کی غافلو
پھنسے تھا کے بارجو تو نے پلنگ پر
جلتی جو آتش گل رخسار یار سے
رنگینی کلام ہے ہونٹون کے وصف مین
پہنا تو قدر بڑھ گئی پھولون کے گہنے کی
شرما گئے وہ باغ مین شادی وصل سے
او لپھا تو بالو نمین دل پر داغ عاشقان
طرفہ بہار ہے چمن انتظار کی
کرتا جو گریبان دل پر داغ عندلیب
کانو نمین سینکین ہین رگ گل کی جو اے پری
ہر شاخ تیر مین جگر واعدار ہے
ہو بوئے مشک شب نمک زخم عندلیب
بے آب بیقرار دجگر چاک تیرے ہین
جھگڑینگے باغبان و نکیرین و عندلیب
وہ شمع رو جو شب کو کرے شغل میکشی
ایدل کبھی سما نہ سکے تو بہشت مین

یعنی چراغ گور ہین باغ وطن مین پھول
اے بحر حسن بیٹھ گئے سیج رسن مین پھول
تا صبح نخل شمع سے گرتے لگن مین پھول
ڈوبے ہوے ہین رنگ عقیق یمن مین پھول
سو کھنے ہو گئے بدن یاسمین تن مین پھول
چشم رقیب سے بنگئے دولہا دولہن مین پھول
پھولینگے شاخ زلف شکن در شکن مین پھول
داغ جگر بنے مرے بیت الحزن مین پھول
چنبر کیطرح رنگ بدلتے چمن مین پھول
زیبا ہے بالیونکی عوض بالی پن مین پھول
آتین ہین جیب قبضۂ ناوک فگن مین پھول
رکھو جو صبح تک چمن انجمن مین پھول
پارہ کنوئین مین کانمین ہوئی چمن مین پھول
رکھنا تم اپنے ہار کی میری کفن مین پھول
اے باغبان چراغ سحر ہون چمن مین پھول
ایسا اسیر عشق حسین حسن مین پھول

کیا کام ذکر بلبل و گل سے ہے اے منیر
کس کو پسند آتے ہین رنج و محن مین پھول

عاشق سے او لجھے وصل بہت فتنہ گر مین بال
چپ چپکے دیکھتے ہین عبث آپ گھر مین بال
پھرتا ہے سر جو گرمی وحشت مین انکھون
سو بار بگڑے اور بنے رات بھر مین بال
پڑ جائینگے حضور کی تیغ نظر مین بال
حلقہ و پیٹین کے بنتے ہین دوران سر مین بال

ہرسو برس رہا ہے نگس ران سی آج نور ✣
کیا چینی قمر کے ہین تیرے چتور مین بال ✣

مثل سواد شہر عدم آتے ہین نظر ✣
بیدرفتہ رفتہ ٹرہ گئے میرے سفر مین بال

دنیا کے خوبرو ترے دروازہ پر ہین قید ✣
اُلجھے ہوے ہین گیسو زنجیر در مین بال ✣

سہرا بنے ہے سونیکا آشفتگی دل ✣
شاید تمہارے دہوئے گئے آب زر مین بال

دل کی شکست خوب ہی زلفون کے عشق مین
ٹرہ جائے آبرو جو پڑے اس گہر مین بال

نشہ مین اپنے عاشق لاغر کو تاک کر ✣
کہتے ہین چہید گیا مرے تیر نظر مین بال ✣

چہیدینگے پلکین لخت دل اہل آبرو ✣
روزن کرینگے دانۂ لعل و گہر مین بال ✣

پیری مین راہ موت کی چلتا ہون سر کو بل
اُڑتے ہین ملکے دو دچراغ سحر مین بال ✣

مدفون زلفون والے ہوے باغ دہر مین
ریشون کی بدلے نکلینگی شاخ شجر مین بال ✣

دیکہینگے حسن گرم کی آتش فشانیان
پریان لبائینگی گل رنگ شرر مین بال ✣

آغاز خط مین سیب ذقن کی شکست مین
پڑتے چلے ہین شیشۂ رنگ ثمر مین بال

اہل عدم کو پیچ مین لانے سے فائدہ
ہر بار کیون اُلجہتے ہین موے کمر مین بال ✣

درد گلو ہوا لب شیرین کو چوم کر ✣
شاید کہ کہا گیا ہون کوئی اس شکر مین بال

قاتل کی زلفین ڈالے روغن مین ملگتین
مانند موج بہرتے ہین رنگ سپر مین بال

چہر لیسے بہورسے بال نہین ہوتی کیون جدا
پیوستہ مثل رگ ہوئی گلبرگ تر مین بال ✣

گنڈا بنا کے ہمنے جو پہنا جنون گیا
تعویذ کے خطوط ہوئے ہین اثر مین بال ✣

زلفون کو اپنے آئینہ مہ مین دیکہکر ✣
کہتے ہین پڑ گئے ہین نگین قمر مین بال ✣

حد سے زیادہ وحشی مژگان ہے ناتوان
فصاد چہیدتا ہے عبث نیشتر مین بال ✣

سیپنج سے حضور نے ٹالی ہے آدہی رات
کنگہی ہوئی بنا لئے گئے دو پہر مین بال ✣

مرغ دل منیر کو پہندے مین پہانس لو
باندہو گلوئے عاشق خستہ جگر مین بال ✣

ردیف میم

سرِ حلقۂ رندان پس مردن نہوئے ہم
پیمانہ کا سرِ شیشہ کی گردن نہوئے ہم

اے بخت سیہ یون ہین بہا خون ہمارا
ہندو بچۂ خال کے چندن نہوئے ہم

کہتے ہین ترے شوق قدمبوس مین اہد
کیون گوشہ نشینِ زہِ دامن نہوئے ہم

انسان بنے محنتون سے اے شہِ خوبان
پر مردمِ چشمِ سیہِ توسن نہوئے ہم

سب سنگ لحد کہتے ہین گردش کی ہوسین
پروردۂ آغوشِ فلاخن نہوئے ہم

ملجاتے ترے کان کے پتو نہین سے طرح
برگِ شجرِ وادیِ ایمن نہوئے ہم

کہتے ہین یہ اے ترک مرے مغنیٔ نازک
نکتہ ہوئے پر قابلِ توسن نہوئے ہم

داغِ غمِ زلف ایک شہ چمکا دمِ گل گشت
مہتابِ شبِ سنبلِ گلشن نہوئے ہم

آزار دیا ضعف مین بھی غیر کے دل کو
کب مورچۂ پارۂ آہن نہوئے ہم

پنہان نہوا عشق بسی مین تن پر داغ
گلدستۂ طاقِ گلِ سوسن نہوئے ہم

اے گل نہوا عشق دہن باغِ جہان مین
عنقا کے لئے شاخ نشیمن نہوئے ہم

گو ضعف بڑہا پر کبھی دشمن سے نہ الجھے
صد شکر کہ خارِ سرِ دامن نہوئے ہم

سنکھو نسی سوا آبلون کے رکھتے ہین ناخون
اے بت تری نظرون مین برہمن نہوئے ہم

تقدیر نے احباب کا مجمع نہ دکھایا
دانہ ہوئے پر شاملِ خرمن نہوئے ہم

کہنے سے کسی کے نہ کیا آپ سے دل سخت
عاری ہوئے سب پارۂ آہن نہوئے ہم

جمعیتِ خاطر نہوئی زلف سے حاصل
زنجیر کے دانون کو بھی خرمن نہوئے ہم

غیر آئے ترے کوچہ مین پرہیز نہ رہ کا
اے بت سفرِ کعبہ کے رہزن نہوئے ہم

کانٹے ہوئے پر حسرتِ دیدار نہ نکلی
اے گل مژۂ دیدۂ روزن نہوئے ہم

آغوش مین نقشہ سی لب کا نہ کہا
فانوسِ چراغِ گلِ سوسن نہوئے ہم

ایک اور غزل پڑھتے ہین اس بحر مین بھی
کیونکر دُرِ الہام کے معدن نہوئے ہم

غزل

خواہان ہند رنگی پس مردن نہوئے ہم
پیر فلک گنبد مدفن نہوئے ہم

اے بت غم گیسوئے نہ لگا ہمین افسوس
مار شب آفت سکے سائے من نہوئے ہم

ہے دوش سر نیزۂ مژگان سے سراپا
اے گل ثمر شاخ نشیمن نہوئے ہم

ملبوس ہم حسن سکے بوسو نہین مزا تہا
افسوس لب چشمۂ سوزن نہوئے ہم

کہتے ہین تجہے دیکہ کے یون دانۂ انجم
تیرے رخسار کے خرمن نہوئے ہم

جی بہر کے گلے خنجر ابرو کو لگاتے
یارب ہمہ تن کیسائے گردن نہوئے ہم

مرغان جنان کہتے ہین وش بت کی ہوسین
کیون بیضۂ ناقوس برہمن نہوئے ہم

پلکون سے شکن رخت حسینا نکی مٹاتے
جاروب کش گوشۂ دامن نہوئے ہم

اوس کوچہ کی جاکر کے لئے کہتے ہین بت
یارب صنم سنگ فلاخن نہوئے ہم

ای ترک عقیق دل پر خون سے بدستے
حکاک نگین سم توسن نہوئے ہم

دروازہ گلستان کا خزان پر نہ کیا بند
بخیہ گر چاک در گلشن نہوئے ہم

داغ دل سوزان کا ہے عشق مین صرف
صراف زر شعلۂ گلخن نہوئے ہم

دعوے مسی کرنے نہ دیتے تری آگے
قفل دہن غنچۂ سوسن نہوئے ہم

کیا تفرقۂ بخت ہے یون ہی نہوا میل
پارس نہوئے تم پارۂ آہن نہوئے ہم

بت ہوگئے حیرت سی کسیکو نہ ستایا
تیہر ہوئے لیکن دل دشمن نہوئے ہم

گل کہاتے رہی وصل کی حسرت مین سراپا
ای گل تری کمخواب کی چکن نہوئے ہم

دی جان مگر ہاتہہ نہ آئے تری بازو
تعویذ لحد سنگ جوشن نہوئے ہم

اے بخت سیہ کہل گئے بوسکی ہوس
پر خال لب طفل برہمن نہوئے ہم

آنسو مری کہتے ہین ہوئے عطر تو کیا لطف
ای گل تری تصویر کے روغن نہوئے ہم

ہیسا ہی جلایا ہی ہمین بخت سیہ نے
مسی نہوئی آپ کے منجن نہوئے ہم

سب ہے نام تو مشہور منیر اہل سخن میں
گو بزم جہان میں پس مردن نہو کچھ ہم

ردیف نون

ہوا کھاتے پھرا کرتے ہیں صبح و شام بگھی میں
جسے ٹھنڈی سڑک پر بیٹھتی ہو تو چھٹ جاتی ہیں
ہوا کھانے میں اشعار کر پڑھ ہوا یہی سب تجھے
تری بگھی سے پر جوش چشم آنکھیں ملکے روتا ہے
کمر میں قلاب کس کے وہ ہوا کھانے نکلتے ہیں
اودھر مرتا ہوں جیتا ہوں ہوا کھا کر ادھر بت
بت ترسا کے طعنوں سے سواری میں ہوا بیخود
خفا ہو ہو کے کہتے ہیں کہ عاشق کچھ نہیں کھاتا
سواری میں چڑھانا ابروے پر خم کا لازم تھا
سواری وس بت ترسا کی کیفیت سے چلتی ہے
سواد کعبہ کے مانند رنگت شب کی کالی ہے
تیرے بالوں کے ملنے سے اودھر اگھو ڑا سوار کا
ہوا کھانے میں میری جان پہنچی وس فرنگن سے
ہوا کھانے میں شوق بوسہ پہنچی مجھ ماری

لگایا ہے بتوں نے ابلق ایام بگھی میں
شراب بیخودی کی چل رہی ہیں جام بگھی میں
ہوا ہے غیب کے مضمون کا الہام بگھی میں
ملا جاتا ہے ای بت وغن با دام بگھی میں
کیا ہی عاشق و معشوق نے آرام بگھی میں
سحر تابوت میں ہوتی ہے مجھکو شام بگھی میں
برانڈی نے نہ لگی کیفیت دشنام بگھی میں
ہوا کھانیکا بھی دیتے ہیں وہ الزام بگھی میں
کمانی چاہیے تھی ای بت خود کام بگھی میں
بنی ہیں گرد شیشے ہیو نگی دور جام بگھی میں
ترا سایہ بنا ہے جامۂ احرام بگھی میں
بنی چابک سی ہمسر زلف عنبر فام بگھی میں
سمند عمر عاشق کا کیا نیلام بگھی میں
نہ آیا راس مجکو یہ خیال خام بگھی میں

منیر اپنی سواری میں اگر نواب لیجائیں
ہلا کر میں حضور ملکوں کا لوں انعام بگھی میں

غزل

از رشک مرا سوخت بت سرو قد من
خاکستر قمریست غبار لحد من

از عیسیٔ خود عمر دوباره هوسم نیست | این جنس گرانمایه بود مسترد من
مستانه برون تاختم از غمکدهٔ دهر | جز سبزهٔ مینا ندمد از لحد من
سنجیدگیٔ طبع محیط دو جهانست | شد کفهٔ میزان قیامت سبد من
تکمیل جنون گشت زوال خرد ما | خضر رہ سودا شده پیر خرد من
گلچین جمالت شدم از همت عالی | در گلشن ایجاد نگنجد سبد من
گل کرد پریشانیم ای فصل بهاران | سنبل شده آشفتگی حال بد من
در معرکهٔ بیکسیم یافت چو تنها | برخاست دو صد فتنه برای مدد من
در ضعف شکسته دل غمدیده عیانست | موازیٔ آئینه بود عکس قد من
در سلسلهٔ هستیٔ جاوید اسیرم | زنجیر بود گیسوی شام ابد من
جان داد حسود از اثر رشک به تلخی | شد زهر فنا سبزهٔ تیغ حسد من
دل کشتهٔ شمشیر بتانست در آغوش | تابوت شهید است تو گوئی جسد من

اینست تمنای منیر از تو شب و روز
در دشت نجف باد الٰهی لحد من

غزل

کعبہ سے مجکو لائی سوادِ کنشت مین | اصلاح دی بتون نے خطِ سرنوشت مین
پھرتے ہین کوچۂ بتِ قدسی سرشت مین | دیوانے لاتین مار رہے ہین بہشت مین
کفارہ کہ شراب مین دیتا ہون نقد ہوش | سرگرم ہون تلافیٔ اعمالِ زشت مین
اکثر جزای سجدہ مین کھاتے ہین ٹھوکرین | لکھا ہے کیا خطِ کفِ پا سرنوشت مین
حورون سے گرمیان جو کرون اوس شریر کی | لگجای آگ آتشِ گل سے بہشت مین
سنتی ہے روز نغمۂ زنجیر عاشقان | وہ زلف بھی ہے سلسلۂ اہلِ چشت مین
زندان سے آنکھین سینکنے اوس گل کی گھر گئی | دوزخ سے آگ لینے چلی ہم بہشت مین

بیگانہ اک ہمین نظر آئے پس فنا
بیدردون کا ہجوم ہی باغ بہشت مین

بتخانہ مین سفیدئ حسن فرنگ سے
گرجے کی روشنی ہی سوادِ کنشت مین

جلجل کے خاک ہوتی ہین پا اشکِ آہ ہم
آب و ہوا نہین ہے ہماری سرشت مین

گرمی مین تیری کوچہ نشینونکے واسطے
سنکھے ہین قدسیونکے پر جھلکے بہشت مین

سونا کساؤن اشرفی داغ سجدہ کا
سنگ محک لگاؤن بنائے کنشت مین

بجلی چمک گئی جو ہنسی مین پھڑک گئے
شوخی بھری ہوئی ہے تمہاری سرشت مین

تصویرین تیری دست حنائی کی لیگئی
چھاپے لہو کے ہمنے لگائے بہشت مین

کرتے ہین خون چرخ بتونکی تعلّیان
رنگ شفق لگاتی ہے سقفِ کنشت مین

ابرِ بہار جوہر شمشیر یار سے تھے
گلہائے زخم کھل گئی اردی بہشت مین

تقدیر مین ہے تیری دہان و کمر کا عشق
سرِ نہان لکھا ہے مری سرنوشت مین

دی جان ایک حور کی بوسیکی چاٹ پر
قسمت نے مجکو زہر دیا در بہشت مین

چھوڑون نہ گفتگوئے خطِ سبز یار سے
طوطی کسیکا بول رہا ہے بہشت مین

ادنیٰ غلام شاہِ ولایت ہون اے منیر
دشتِ نجف کی خاک ہے میری سرشت مین

غزل

اور مجھسا جان دینے کا تمنائی نہین
اوسکا شیدائی ہون جسکا کوئی شیدائی نہین

صاف ہین ہم گو تجھے میل خود آرائی نہین
دل وہی آئینہ ہے پر تو تماشائی نہین

قائل وحدت ہون شرکت کا تمنائی نہین
تو جو تنہا ہے تو مجکو فکر تنہائی نہین

ناصحو کیون صبر کرنیکے لئے کرتے ہو تنگ
اس قدر دل تنگ ہو جائے شکیبائی نہین

ڈھونڈھتے پھرتے ہین کمر باندھو تو پاؤن قصر لا
بے محل ہے لامکان کہتا وہ ہرجائی نہین

سچ ہے حق ناحق نہین ملتا کسیکو مرتبہ
دار پر منصور کو اوج مسیحائی نہین

یا کرو اپنا کسیکو یا کسیکے ہو رہو
چار دن کی زندگی مین لطف تنہائی نہین

زار ہون طاقت سے ملجانیکو طاقت چاہیے
ناتوانی سے جدائیکی توانائی نہین

دشت وحشت مین نہین ملتا ہے یہ سودا کا پتا
مین ہون سودائی مرا ہمزاد سودائی نہین

آتشی شیشہ کی عینک ہو ہماری آنکھ مین
ہم تمہاری گرمیان دیکھین یہ بینائی نہین

مصر کے بازار مین کیا بڑھ گئی یوسف کی قدر
حسن کو بے پردگی مین عیب رسوائی نہین

بے مے و میخانہ و ساقی جو آئی مجکو موت
حلقۂ ماتم ہے دورِ چرخ مینائی نہین

ہوگیا خاموش جو شہر خموشان کا ہوا
ہے وہان گور موجود اور گویائی نہین

دونون نشاؤن سے ہین باہر مست صہبائے الست
اپنے میخانہ مین دورِ چرخ مینائی نہین

پائین کیا دیوانۂ مژگان بتِ ترسا مین لطف
سوزنِ عیسی مین نوک خاک صحرائی نہین

ہے مرے دل کی تجکو بیجا ہے شکایت غیر سے
اپنے گہر کا حال کہنا طرز دانائی نہین

نشہ مین زندہ ہین ہے عیسی نفس اپنا خمار
جان اعضا مین چلی آتی ہے انگڑائی نہین

ہوگئی پیری ہے اگر ہمنے جگایا نیند سے
آپ در پردہ اکڑتے ہین یہ انگڑائی نہین

میکدہ پر سقفِ ابر رحمتِ حق چاہیے
احتیاج سائبانِ چرخ مینائی نہین

بیخطر ہین مستی اندام سے نازک مزاج
جستجوی بادہ مین شیشونکی انگڑائی نہین

سر کو ٹکرا کر مٹایا اپنی قسمت کا لکھا
دیر مین کعبہ مین اب فکر جبین سائی نہین

آپ سے یوسف ہزارون ہمسے عاشق سیکڑون
حسن کا توڑا نہین قحطِ تماشائی نہین

پیر گردون سے زر انجم اوچک کر چہین لین
ہمتین عالی ہین فکر چرخ بالائی نہین

ہے مرا دشت جنون سات آسمانون سے دو چند
ربع مسکون وادی وحشت کی چوتھائی نہین

دختر رز مثل افلاطون ہے جبتک خم مین ہے
نشہ مین اسکے باہر ہون یہ دانائی نہین

لکھنؤ کی آرزو مین جان دیتا ہون منیر
سلطنت کا بھی زمانہ مین تمنائی نہین

غزل

خورد و کلان ہین طاعتِ ربِّ ودود مین
گردون کو ہے رکوع زمین ہے سجود مین

باتین کرو مشیتِ ربِّ ودود مین
نقشہ دہن کا آئے عدم سے وجود مین

مدفن کہان ہے دورۂ چرخِ کبود مین
یہ مشتِ خاک ڈالدو چشمِ حسود مین

اے چرخ سست ہے رشتۂ جان تو لیا کیا
دیکھا تو اک کفن ہے ترے تار و پود مین

سبزہ حوالیِ دہنِ تنگ اوگ چلا
پہونچا خضر سوادِ عدم کے حدود مین

اوس نازنین کے زلف مین ملتا ہے مسکا عطر
پیوند یاسمن کا لگاتا ہون عود مین

بالیدہ ہون عنایتِ پروردگار سے
ممکن نہین سماؤن جو چشمِ حسود مین

شمشیرِ حسنِ یار کے جوہر نکل پڑے
کیا کیا نمودِ رخ ہوئے خط کی نمود مین

آخر تو نقلِ کفر نہین کفر واعظو
کلمہ پڑھون بتون کا زبانِ ہنود مین

مردونکی انجمن مین دلیری ضرور ہے
آوازِ شیر چاہیئے مطرب کے عود مین

ہر روز عمرِ عاریتی مین ہوا ہے وضع
ہمنے ادا کیا ہے زرِ اصل سود مین

شمعونکی روشنی مین لگاتے ہین منہدیان
ملتے ہین آپ عطرِ حنا زلفِ دود مین

میخوار مستفیض ہے سب تجھسے عمر بھر
ہے خطِ جام تیرے کفِ دستِ جود مین

پیدا ہوا ترے رخِ بیخال کے لیئے
نقطہ کہان سے آ گیا حروفِ درود مین

پھبتی کبھی ہے نشہ مین بادل کو دیکھکر
جاسے لگے ہین گنبدِ چرخِ کبود مین

بیت

مہمان یکدم کی ہین کیا اعتبارِ زیست
وقفہ کہان منیر قضا کے ورود مین

غزل

عشق مژگان مین صفائی کا مزا لیتی ہین
چشمے رستون عیسی مین بہا لیتی ہین

گرمی حسن کی مدحت کا صلا لیتے ہین
مشعلین آپکے سایہ سے جلا لیتی ہین

تیرے مقتولونکی مقتل مین یہ ارزانی ہے
ہڈیان کوڑیونکے مول ہمان لیتی ہین

ملتے ہین وقت غضب جو نہی سر ابرو کے
آب شمشیر سہ نوک کا لیتے ہین

سجدے کرتے ہوی جاتے ہین بشر سوی کنشت
یہ صنم جائزۂ خلق خدا لیتے ہین

خشک کردیتی ہین ایک آہ مین ہم آنکھونکو
نفس سرد سی دریا کو جما لیتے ہین

گرنے پاتے نہین جو پہیرتے ہین برق نگاہ
آپ گرتی ہوئی بجلی کو اوٹھا لیتے ہین

کبھی چورنگ جو کرتے ہین یہ بحر خوبی
مچھلیان عرش کے دریا سے منگا لیتی ہین

چھپتے ہین تیرے خط عارض تابانکو اگر
چشمۂ خورشید کا ایچان لگا لیتے ہین

آبلے پاؤنکے کہوتے ہین تری کوچہ مین
خاک گلزار سے ہم کار حنا لیتے ہین

ہمت پست سے مزدور ہوے ہین منعم
سر پہ اپنے زر قارون اوٹھا لیتے ہین

داغ عشق رخ نازک سی مہکتا ہی لباس
گل تصویر سے پوشاک بسا لیتے ہین

اپنے بگڑی ہوے اوضاع کو کرتی ہین درست
روز ہم کاغذ تصویر بنا لیتے ہین

عاشق زار لیئے پہرتے ہین اوس مہ کا پلنگ
مور بھی تخت سلیمانکو اوٹھا لیتے ہین

ذوق مشق خط تقدیر ہے اونکو اکثر
لوح محفوظ کو گردون سے منگا لیتے ہین

ہم اسیر ذنکی مقدر مین ہین لوہی کی چنے
ای جنون دانۂ زنجیر چبا لیتے ہین

نام کو بھی نہین ملتا مجھے دنیا مین ثبات
دیکھنے والے میری مہر اوٹھا لیتے ہین

عرق شرم مین جو رونکو ڈبوتے ہین حضور
آب رنگ گل فردوس چرا لیتے ہین

شاعری کا نہین دعوی ہمین اللہ منیر
بزم احباب مین آنے کا صلا لیتی ہین

غزل

تو ہے تو تیری طالب دیدار بہت ہین
یوسف ہے سلامت تو خریدار بہت ہین

تشنہ دہن شربت دیدار بہت ہین
سچ ہے کہ انار ایک ہی بیمار بہت ہین

منصور کے مانند سردار بہت ہین
حق ایک کا ہے کہنے کو حقدار بہت ہین

پردہ نہین ہے سامنے کا ابامی برق تجلی
موسے کی طرح طالب دیدار بہت ہین

مجھ پر ہے نہین گرمی بازار جہنم
اللہ کے تھوڑے سے گنہگار بہت ہین

اس راہ سے میرے دل زخمی مین نہ آئے
بے پردہ ہے گھر روزن دیوار بہت ہین

پھر جائے خدائی تو بتون سے نہ پھرین ہم
پتھر مین بھی اللہ کے اسرار بہت ہین

وحدت کے طلبگارونکو کثرت سے علاقہ
مین ایک ہون تو ایک ہے اغیار بہت ہین

دریوزہ گر رحمت باری ہین گنہگار
پیمانہ لئے ہاتھو مین میخوار بہت ہین

زنجیر ہے ایک اور کئی لاکھ ہین قیدی
عاشق تیری گیسو مین گرفتار بہت ہین

باہر نہین اس سلسلہ سے اہل عدم بھی
وابستہ موی کمر یار بہت ہین

کیا زخمیو نمین شور ہے حسن نمکین کا
صد شکر کہ قاتل کی نمکخوار بہت ہین

امساک کی دولت نظر آتی ہے تونگر
قارون کیطرح دہر مین زردار بہت ہین

مین آل محمد کے تصدق مین بچونگا
اللہ کے گھر مین مرے مختار بہت ہین

میخانۂ ہستی و عدم دونو ہین آباد
بیہوش بہت ہین کہین ہشیار بہت ہین

زاہد کو مبارک ہین غلمان بہشتی
بستان جہانمین گل بیخار بہت ہین

تعویذ لحد بنتے ہین نقش قدم پر
کیون حشر نہو فتنۂ رفتار بہت ہین

رستے ہین لب بام پرای حور تیرے زار
فردوس مین خار سر دیوار بہت ہین

اسعد ہمین لکھنو لیجا رے میرے رب
مدت ہوئی کنبو مین دل افگار بہت ہین

غزل

قید فکر دو جہان سے بیکلم آزاد ہین
آبروئے عشق کل مجنون و فرہاد ہین

دوست ناشاد ہین میری کسقدر دشمن شاد ہین
نامہا تعزیت خط مبارکباد ہین

دوستان رفتہ کی شکلین سراپا یاد ہین | داغ سینہ جوہر آئینہ ایجاد ہین

طالبان فقر محو نالہ و فریاد ہین | مدّ بین آہونکی خط پیشانی آزاد ہین

تو امان اللہ نے پیدا کیے عشق اور حسن | عاشق و معشوق سایہ کیطرح ہمزاد ہین

اور کے آئین سگے گل زخم جگر پر دیکھنا | شہپر بلبل شریک ناوک صیاد ہین

وحشیونکی ہے ولادت ور رحلت ایک سے | کب جلبگار کفن عریان مادرزاد ہین

حلقہ حلقہ ہین ہوے ہین شاعرونکی دل اسیر | دام مرغان مضامین گیسوے صیاد ہین

کیا لکھون تیری کڑی تانونکو ای مطرب بسیر | زمزمے گویا صریر خامۂ فولاد ہین

پیچھے پیچھے پھرتے ہین وڑا ورکو مرغان چمن | نقش جادو نقشپائے نازک صیاد ہین

ہین تہیدستی کی باعث فخر ارباب فقر | مردم آزاد سرو گلشن ایجاد ہین

آبرو ہر صید کی بڑہتی ہے دریا سے سوا | کیا پر ماہی شریک ناوک صیاد ہین

خیرہ چشمی بسملونکو وار پر کہچوائیگی | دیدۂ قربانیان محو قد جلاد ہین

زخم رنگین سے مرقع ہوگیا سارا بدن | ناوک جلاد کلک مانی و بہزاد ہین

یاد مین شیرین لبونکی کاٹتا ہون کوہ غم | ہچکیان میری صدائے تیشۂ فرہاد ہین

میری خار غم نہین بہولا ہے کوئی سخت دل | تیز یان نوک زبان خامۂ فولاد ہین

نیند جز فرش گل تر اب وسے آتی نہین | کیا پر بلبل میان بالش صیاد ہین

فاختہ کا درد دل ہے سنبل گلزار مین | خوش قدونکی گیسوئین شانۂ شمشاد ہین

کسطرح کرتے ہین آہ ہن مزاجونکو گداز | گرمیان ہم دل جلونکی آتش حداد ہین

مسکن لالہ رخان سینہ مرا ہی منیر
داغ دل گویا چراغ خانۂ آباد ہین

غزل

تیغ نگاہ کاٹ کرے مستفید ہون | یارب گلا کسیکا کٹے مین شہید ہون

قصد عدم سے ہے سالک راہ جدید ہون
مین ہرزہ گرد کوچۂ حلق شہید ہون

عالم کے عیش کو ہین مری سینہ کو بیان
یارب مگر مین نوبت ایام عید ہون

دوران سر سے گردش لیل و نہار ہے
مین ہر گھڑی کیواسطے مثل کلید ہون

عاشق وہ ہون کہ رتبۂ معشوق پا گیا
دل سے جو ہون قریب نظر سی بعید ہون

تصویر میری کھینچیے جنبر کے رنگ سے
نیرنگ سوز عشق سے ہر دم جدید ہون

جو بادشاہ ہے وہ تمہارا غلام ہے
ہر سکہ کہہ رہا ہے کہ مین زرخرید ہون

آنکھین چڑھی ہین نشاء وحدت سی عرش پر
اپنی نظر سے آپ مین کوسون بعید ہون

دیکھی جو وہ سکندر ثانی چمن کی سیر
ہر گل کہی مین کوکب بخت سعید ہون

سچ ہے کہ بیخودی سے نہایت نمو ہے
ظاہر ہے جبتک آپ مین ہمن ناپدید ہون

بیعت خلاف عقل گوارہ نہین مجھے
روز ازل سے پیر خرد کا مرید ہون

مصحف مین یہ کہتی ہین ورق اپنی شیشہ کا
پھر کہتے ہین مین جزو کلام مجید ہون

تل پھر جگہ بنائین پھر آنکھو نہین تپلیان
نظرو نہین تم سماو تو محتاج دید ہون

مضمون عرش سے چلے آتے ہین منیر
فیض سروش غیب سے مین مستفید ہون

غزل

ہم بغل یار ہے جینے کا مجھے ہوش نہین
ہے گریبان کفن حلقۂ آغوش نہین

باعث ضعف تری تار کمر سے لپٹا
چشم سوزن ہی مرا حلقۂ آغوش نہین

زاہد و فشائین سرشار ہین ارباب خرد
سر بیمغز سبوی مے سرجوش نہین

دور ساغر سے اوڑ ہی پر فلک کی رنگت
کہکشان کیا ہی اگر موج رم ہوش نہین

میکدہ مین نظر آتی ہے تجلی تیری
ید بیضا ہے کف بادۂ سرجوش نہین

دل اسیر زقن یار ہے کیا سے نکلے خط
چاہ سیماب ہے اسواسطے خس پوش نہین

کان سے آ کے لپٹے ہوئے بال نظر آتے ہین
دانت سے ہے افعی گیسو کا دُرِ گوش نہین

قدر ہونٹونکی گھٹائی تری چھپ ہنسنے نے
اے دُو بلکہ یہ نگینہ لبِ خاموش نہین

جا چکا حسن اوڑاتے ہو عبث ہاتو نہین
سبزۂ خطِ خضر قافلۂ ہوش نہین

دورِ خط سے مری نالونکی رسائی ہی محال
قابلِ بانگِ اذان صبح بنا گوش نہین

پڑ گئے آنکھو مین جالی تری روپوشی سے
مردم دیدہ سوا کوئی زرہ پوش نہین

عیب مین سب نظر آتے ہین زمانہ مین منیر
کوئی دنیا مین عطا پاش خطا پوش نہین

غزل

گر رہی ہے ماتھے سی افشان تمہارے ہاتھہ مین
آتے ہین عرش معلی کے ستارے ہاتھہ مین

کر گئے تاثیرِ وحشت کے اشارے ہاتھہ مین
چلتی ہے نبضِ غزالی اب ہمارے ہاتھہ مین

ہاتھہ کس چنچل کا آئیگا ہمارے ہاتھہ مین
گدگدی نبض کی جنبش ہے سارے ہاتھہ مین

مدتونسے چھٹ گئی ہی پابوسی یار کی
ہتکڑی کے بدلے بیڑی ہو ہمارے ہاتھہ مین

جان پڑ جائے بچاؤ ایک چٹکی تم اگر
طایرِ رنگِ حنا بولی تمہارے ہاتھہ مین

خلد مین رضوان نکیون لیجا ہمکو ہاتھون ہاتھہ
تیرے دروازہ کا بازو ہی ہمارے ہاتھہ مین

ہاتھہ اوٹھا کر بھی دعا ہمنے کبھی مانگی نہین
ہتکڑی کس جرم پر ڈالی ہمارے ہاتھہ مین

دستِ نازک کی صفائی سے ٹھہرنا ہے محال
خالِ کف بنجائینگے سیارے ہاتھہ مین

ڈر کے مارے دستگیری کوئی کرسکتا نہین
ٹوٹ کر نشتر رہے اسنے ہمارے ہاتھہ مین

اوس پری پیکر نے بھی ہاتھو مین پہنا شوقِ بند
شوق سے اب ہتکڑی ڈالو ہمارے ہاتھہ مین

طایرِ رنگِ حنا سرخاب کی صورت اوڑے
تم ملو مہندی جو دریا کے کنارے ہاتھہ مین

خونِ ناحق کی شہادت اے پری چاہو اگر
طایرِ رنگِ حنا حق حق پکارے ہاتھہ مین

سوزِ غم کو عشق کردیگا گلستانِ خلیل
پھول بنجائینگے گلچین شرارے ہاتھہ مین

سنگریزی کی ٹکڑی ٹکڑی فرط جنبش سے ہوئے
قوت بازو ہوا رعشہ ہمارے ہاتھ مین

لطف لالہ سی سوا شاخ گل شببو مین ہے
مہندی کیون ملتی ہو تم اس پیارے پیارے ہاتھ مین

ہاتھ دہو سکا ہاتھ سے جسم پھر جدا ہوتا نہین
قول کا چہلا بنا ہر گل ہمارے ہاتھ مین

صاف دبینی دکھا جائیگی اعجاز کلیم
آئینہ ہو گا ید بیضا تمہارے ہاتھ مین

کس قدر ہے شعلہ افشان آتش رنگ حنا
بنگئے ہین پہونچیو نگ شرارے ہاتھ مین

چور پونسی دیکھ لیتی ہین تجھے نظارہ باز
کرتے ہین زد حنا تیرے نظارے ہاتھ مین

رفتہ رفتہ شکر ہے قاصر ہوئی دست طلب
باعث آرام ہے رعشہ ہمارے ہاتھ مین

چاک سینہ کرتے کرتے عقدۂ جرأت کھلی
شیر ناخن سے بنے ناخن ہمارے ہاتھ مین

پھر بہار آئی ہے گل کھائینگی پھر گل کھائینگے
بعد مدت تمنے چہلی پہنی باری ہاتھ مین

دست نازک مین ہوا زیور بنی نرک اے پری
بنگئے توڑے زر گل کی تمہارے ہاتھ مین

چھوتا ہے خال و خط پشت لب حجام آج
شہد کا زنبور یارب ڈنک مارے ہاتھ مین

آستین صبح سے باہر نہ نکلے گا اگر
ہو گی دست غیب کی صورت ہمارے ہاتھ مین

سر بکف ہین ہم تمہارے گر تم خنجر بکف
کیا ہمارے ہاتھ مین ہے کیا تمہارے ہاتھ مین

لکھنو سے تا نجف پڑھتے ہوئے جائین منیر
دفتر تعریف حیدر ہو ہمارے ہاتھ مین

غزل

ہیچ فقرہ پر کیا جاتا نہین
کوئی دہاگا دو بٹا جاتا نہین

بوسۂ لب غیر کو دیتے ہو تم
منہہ مرا میٹھا کیا جاتا نہین

ضعف نے یکدست توڑی پائے زیست
نبض مردہ ہون ہلا جاتا نہین

زلف سے سنبل کرے کیا ہمسری
پیچ چوٹی کا کیا جاتا نہین

تیغ حسن یار سے مجروح ہے
طوطی خط سے اڑا جاتا نہین

قبر کا طالب عبث ہے جسم زار
چشم دشمن مین سما جاتا نہین

کیا کشیدہ صورتِ تصویر ہون
ناتوانی سے کہنچا جاتا نہین

ضعف سے پہنچینگے کیونکر آپ تک
آپ سے باہر ہوا جاتا نہین

کہنچ سکے تصویر بیتابی مین کیا
ایک صورت پر رہا جاتا نہین

روح کو بھی بوسۂ لب کی ہے چاٹ
مر گئے لیکن مزا جاتا نہین

مُردے سے بدتر ہون گو جیتا ہون مین
رنگ ہستی مین ملا جاتا نہین

رنگ کیا قدِ خمیدہ کا کھلے
چہلے کے گل سے کھلا جاتا نہین

روز انگیا ہوتی ہے آراستہ
کب نیا بنگلا سجا جاتا نہین

پیچ مین آنے کو طاقت چاہیے
تیر سے دم پر بھی چڑھا جاتا نہین

عطر کہنچتا ہے ہماری خاک کا
ہاتھ سے ملنے کا مزا جاتا نہین

چٹکیان سیر سے سراپا مین نہ لو
جامۂ ہستی چینا جاتا نہین

کوئی کیا ہمکو بنائے گا منیر
ایسے بگڑے ہین بنا جاتا نہین

غزل

ہوتی ہے ہار جیت پنہان بات بات مین
جو بیٹھ بچھی ہے انجمن کائنات مین

رکھ فکر جسم عاریتی کائنات مین
چوری نجائین مانگ کے کبڑی برات مین

پیاسے مرے لہو کے ہین سب کائنات مین
کشتی عمر چلتی ہے آب فرات مین

بے عقل ہو کے آ گئے ہستی کی گھات مین
دیوانے بنکے پہنس گئی قید حیات مین

ساقی سے کہدو سبزۂ تر مین بہا شراب
لٹانے لگے کدو کی بیل قبا ہے نبات مین

کی تلخ گفتگو لب جان بخش سے مدام
افیون گھولی آپ نے آب حیات مین

قائم مزا جو نہین بھی غفلت محیط ہے
سہنے خواب مرگ مخمل رنگ ثبات مین

ہونٹون کا عشق تمہارے ہی بڑی کی بات
مر دیکو غسل دیجئے آب حیات مین

پونہچا جو تیرے کوچہ مین ہم درفتہ ہوگیا
جاتا رہا مین آپ سے راہ نجات مین

ملتے ہین خوبرو تری خیمہ سی چہاتیا
انگیا کی ڈوریان ہین مقرر قنات مین

ہستی مین ترک کیجیے زلفونکی عشق کو
زنجیر بن دو ہری توڑے قید حیات مین

سوسے خضر نے تری بٹنے کیواسطے
کہولا ہے برق طور کو آب حیات مین

غارت کیا اخیر جوانی مین دہر کو
دنیا تمام لوٹ لی تہوڑیسی رات مین

جز داغ زندگی مین نہین اور کچھ سرور
افیون کب ہی لالہ رنگ ثبات مین

مدت سے ڈیرہ جادۂ پاک نجف مین ہے
تکیہ ہے اس فقیر کا راہ نجات مین

شادی ہوئی جو رات کو کہیلوہ گنجفہ
روشن کیا غلام نے اکا برات مین

کوچہ مین کہد کے عاشق مضطر کی ہڈیان
مچھلی کے کانٹے بو دے راہ نجات مین

دلکی صفا ہو جامہ ہستی مین جلوہ گر
جیب صحر اگاؤن قبا سے حیات مین

ساون کے بدلے لگائیے حافظ شعر تر
جھولا ضرور ڈالئے شاخ نبات مین

ہستی کی قید سے دل بیتاب چہٹ گیا
مچھلی نہ ٹھہری بازوی شمع حیات مین

مردے جلائے سیکڑون ٹہکراکر ای صنم
دست مسیح کا ہے اثر تیری لات مین

شیرین ادائیان بھی ہون رفتار ناز بھی
کافور صبح حشر ہو قند و نبات مین

ہونٹونکی مستی دور کی توڑی کہٹائی سے
لیموکی چاشنی ہی تری میٹھی بات مین

اندہا بنائینگے وہ دولا کر عتاب سے
رہتی ہین روز آنکھ چرا اسکی گھات مین

موت آئے مجھکو ہجر مین احمد کی ای منیر
واللہ کچھ مزا نہین ایسی حیات مین

غزل

اس قدر نا شنوا کون ہے انسانو نمین
ہر گھڑی پنبۂ غفلت ہی تری کانو نمین

کیون نہو قیس کی وحشت کی ترقی دیوانو نمین
چشم لیلی کے چکاری ہین بیابانو نمین

لال ہین وے کتابی ستم ایجاد و نکے
سرخی دیدۂ مریخ ہے قرآنو نمین

ابکی اسباب جنون نے یہ ترقی پائی
تا کمر سنبل زنجیر ہے زندانون مین

تیرہ بختو نکو عطا کیجئے بٹنا ملکر
تبیان میل کی روشن ہون سیہ خانو نمین

دہن زخم ہین مداح رخ وقامت یار
نمک شور قیامت سے نمکدانو نمین

سرخ آنکھین لب لعلین کے تصور سے ہون
رنگ یاقوت کا ٹپکائے پیمانو نمین

دل صد چاک ہو زلف کی سودے مین سیاہ
شانۂ یار نے مسی ملی دندانون مین

تیرے دیوانے ہوئے بہول بہلیو نمین اسیر
سیکڑون خانۂ زنجیر ہین زندانو نمین

آپ نے روند کر شتا قو نکا پردہ رکہا
نعل شبدیز کے کنٹھے ہین گریبانو نمین

تیرے دیوانو نکو وحشت کی خلش رہتی ہے
مژۂ قیس کے کانٹے ہین بیابانو نمین

غیر کچھ بہونک رہے ہین متبسم ہو کر
جہوٹے موتی نظر آتے ہین ترے کانو نمین

دل شفاف سے ہو داخل سرکار حضور
چہرے آئینو نکے لکھے گئے حیرانو نمین

عظمت عاشقو نکی دیکھی جو وہ غیرت شمع
چہپ کے طاؤس فلک آکے ملے پروانو نمین

سبزۂ رنگو نکے خط سبز مین جہپ مارے
بو ڈرے آپنے لوہے کی جہینٹو ہانو نمین

ہاتہہ ملواتے ہو ترسا کے گلوریکے لئے
کف افسوس نہ ملجائے کہین پانو نمین

جہوٹی باتو نکی تجلی نظر آئے ایسی
صبح کاذب کی سفیدی ہے بہر دالانو نمین

لکھنؤ مین بہی نہین بہولتی ہے یاد عروج
جی سے لگے خاک منیر آرہ سخندانون مین

غزل

کیا مزا ہے ای مغنی نشہ کے آغاز مین
بجتی ہے سنبری جو بتی لگتی ہے آواز مین

مطرب حق کہو بزم بت ومسا مین
نیئہ منصور بہر دو پردہ ہائے ساز مین

حاسدان نے روروکے روندی ہے وقت خرام
پتلیاں سونیکی ہون پائے سمند ناز مین

اے مغنی اس قدر شفاف ہے تیرا گلا
منہ نظر آنے لگا آئینہ آواز مین

کوک کر باجے کو اپنا حال دل گانے لگو
لگ گئی ارگن کی کنجی قفل ضبط راز مین

روز بسم اللہ ہے کیا پر سالہ ختم تھا
آ گئتین ساری وظائین عشق کی آغاز مین

زلفین ہونٹون مین دبا کر تم نہ گاؤ عیب ہے
بال پڑتے ہین عقیق شعلۂ آواز مین

دیکھ کر آئینہ گانے مین جو گھاؤ گرمیان
بیضۂ فولاد ہو تو شعلۂ آواز مین

کھولتی ہو کسلیے زلفونکو ہنگام ادا
بیکڑی پڑ جائیگی پائے سمند ناز مین

کھیل میں اوس طفل ہنخو نے کیا تھا مجھکو قتل
بازیان کہین میری مرغ روح کے پرواز مین

آنکھین بچھتی ہین تمہری رستے مین اے نازک خرام
ہے چکن تارنگہ کی فرش پا انداز مین

پنجۂ مژگان نہین ہے روح القدس کا دل اسیر
مرغ سدرہ پہنس گیا ہے چنگل شہباز مین

حسن صوت حسن صوت اللہ نے تجھکو دیا
پاش ہے دامان یوسف کا تری آواز مین

مین وہ مرغ نرم دل ہون صید اگر مجھکو کرے
موم جاے مغز پیدا ہو سر شہباز مین

گانے کے پردے مین کھلجائے بہار باغ حسن
رنگ رخ چھانو حریر شعلۂ آواز مین

تیری صیاد نظر کے قبضہ مین ہے دو جام
ہے تدرو شعلۂ می چنگل شہباز مین

چھپ گیا نور سحر گانا جو چھایا آپ کا
ملگئی چاندی طلائی شعلۂ آواز مین

بیٹھتے ہو سب کا دل صحبت مین ہنگام غنا
چکیونکی گرد شین دیتی ہو تم آواز مین

دیکھکر داغ دل سوزان وہ تابع ہو گئے
نقش جب دیکھا پر طاوس آتش باز مین

وجد مین لاتی ہے ہیکل کی صدا ای شہسوار
راگ گویا بج رہے ہین با دیا کی ساز مین

گھنگھرؤنکی طرح تیری گفتگو مین لطف ہے
پیجنی ڈالی ہے پائے طائر آواز مین

لطف موزنکی کھینچ لی تصویر باہم ای بہار
چلہ باندھا ہے تیرے مصحف اعجاز مین

فارسی مین دیکھکر نواب کے مضمون نو
لشکر ہا دینہان ہو رہے شیراز مین

شعر وصف خال پستان کسلیئے گاتے ہین آپ ۔ داغ سے لگتے ہین ترنج شعلۂ آواز مین

بے سبب پائے نظر مین کسطرح کانٹا چبھا ۔ کیا کلاغ کو دیکھا تمنے خواب ناز مین

نشۂ اشعار حافظ مین بڑہی عقل اے منیر ۔ تہا کف مغز فلاطون بادۂ شیراز مین

غزل

تیرے ہاتھون سے مٹیگا نقش ہستی ایکدن ۔ بارڑہ رکہدیگی چھری پر تیز دستی ایکدن

تیری آنکھون سے دل نازک گریگا نشہ مین ۔ طاق سے شیشہ گرا دیگی یہ مستی ایکدن

زاہدو پوجا تمہاری خوب ہوگی حشر مین ۔ بت بنا دیگی تمہین یہ حق پرستی ایکدن

آنکھین سوزش سے بہی سینکیگا ترا دلسوختہ ۔ آگ بنجائیگی یہ آتش پرستی ایکدن

کھوینگی شمشیر ابرو کا تماشا دیکھتے ۔ دونون باگون آپکی تلوار کستی ایکدن

خون میرا رائگان ناحق بہاتے ہین حضور ۔ کرنی ہے رنگ حنا کی پیشدستی ایکدن

جلد پستان تک مرا کبتک نہوگا دسترس ۔ ان ترنجونکی بہی قیمت ہوگی سستی ایکدن

زلف کافر کیش لپٹیگی قدم سے ای صنم ۔ ہندو شب بہی کریگا بت پرستی ایکدن

جان بخشو سر مری لاشہ کا ٹھکراؤ کبہی ۔ ساغر خالی مین بہرو شہد ہستی ایکدن

نیلگون کردیگی ملکر چہاتیان ای رشک مہر ۔ تیری انگیا کی کٹوری ہوگی جستی ایکدن

خوب کر تعریف نواب ظفر جنگ ای منیر ۔ کام آجائیگی یہ آقا پرستی ایک دن

غزل

شراب لالہ گونکی جم رہی ہے یخ پہاڑون مین ۔ ہوی جاڑے کی گلابی فصل مے جب آئی جاڑون مین

قضای سینۂ پرداغ مین سب کشتیان کہیلیر ۔ زمین اس چہینٹ کی زیبا ہے پریونکی اکہاڑون مین

بدن گریہ ور کشتی مے کا نہین ممکن ۔ مری پاس آئی ہے بنت العنب چڑہکر نوارون مین

وہ طفل برگ نہ اکثر چاکی جہیاؤنمین بنہاتا ہے
عوض کانٹو کے نشتر ابکی نکلین جگہ سنگہاؤنمین

چہرہا ہے کشتہ مین تدبیر اپنے عاشقونکی سر
نئی صورت کی تیغ مسیان باندہی ہین تاڑونمین

علاج زخم ہائے کہنہ کیا وحشت مین لازم ہے
چہرہاؤ بتیان ناسور کی کانٹونکی جہاڑونمین

اٹہا کر کوہ غم مونگری مین سیکڑون میکش
ہزارون بہٹے ریا نوش ہوتے مین پہاڑونمین

پڑی ہے لہا سوزان مین تیری بندونکی چہرے
تماشا ہے کہ لوہی کر چنے بہنتے ہین بہاڑونمین

پتہان لکہنو کی تجلی گاہ اے موسی ہے
چراغ طور کی ہے روشنی کلے پہاڑونمین

ورد دل پر ہمارے بند و بست اسطرح لازم ہے
لگاؤ زلف کی زنجیر چہاتی کی کواڑونمین

مصفا گفتگو انگیا سے پہنے مین مناسب ہے
کنول ہون چہاتیونکی آپکی تونکی جہاڑونمین

منیر افسردہ دل کیا اٹہین ہر بات تجہ کو
کہین تلوار کا پانی ہوا ہے جہاڑون مین

غزل

خواب مین بہی تجہکو وہ آتے ہین تو کیا کرتے ہین
جا سے لیتی ہے جو آنکہونمین پہرا کرتے ہین

گالیان دیکے وہ فرماتے ہین کیسا ہے مزاج
ہم یہ کہتی ہین کہ مرتے ہین دعا کرتے ہین

چٹکیان لیتے ہین بدخواہ ہمارے دلمین
گوشت ناخن سے بہی لوگ جدا کرتے ہین

کرتے ہین سجدہ نمین شکوہ بستان زاہد
یعنی آنکہون کا بہوؤن سے یہ گلا کرتے ہین

لگا نیکے پرونمین زرداروں سے ملجاتی ہین
یہ صنم ناچ مین توڑے جو لیا کرتے ہین

زر انجم کا ہمین خوب حساب آتا ہے
تارے ایجان شب غم مین گنا کرتے ہین

سیر ہستی و عدم صفت مین حاصل ہے ہمین
آپکے ہجر مین مر مرکے جیا کرتے ہین

دونون آنکہین صفت گنگ و جمن جاری ہین
اے صنم حسن و آبی مین رہا کرتے ہین

دست ہے آنکہونکی سیاہی بد نمین لگین
آپ اگر میری نظرونمین رہا کرتے ہین

کیا مزہ پڑہ وحدت مین ہے کہلتا نہین حال
آپ خلوت مین یہ فرما ہے کیا کرتے ہین

سنگ دے سپر نہین سکتے ہین رقیب اپنا سر
اس کسوٹی سے زر قلب کسا کرتی ہین

جلوہ فرما کے رقیبونکی صفونمین اپنا سا
شی کو آئینون کو آپ جلا کرتے ہین

کہتے ہین کوچ کا سامان کرو پیری مین
غلغلہ صبح کو گہڑیال بجا کرتے ہین

بوسہ سیب زنخ لیتے ہی گو خط نکلا
روز ہم میوۂ کہنہ کو نیا کرتے ہین

باندہتے ہین تر وتازہ انکے مضامین اکثر
شعر آمد کی ہم ایجان کہا کرتے ہین

سینکے قلقل کو دباتے ہین گلا شیشے کا
دختر رز کو عبث آپ خفا کرتے ہین

لکھنؤ تک تہی تعلی خیال اپنی منیر
فرخ آباد مین ہم صاف کہا کرتی ہین

غزل

ہاتہہ ملواتی ہین جوہرونکو تمہاری چوڑیان
پیاری پیاری ہی کلائی پیاری پیاری چوڑیان

بند کر دیتی ہین سبکو پیاری پیاری چوڑیان
بولتی ہین لاکہہ مین بڑہکر تمہاری چوڑیان

اے بت سرکش اگر ہو آتش رنگ حنا
شعلۂ جوالہ بنجائین تمہاری چوڑیان

بر ہی حلقہ بگوشونکی وہ نہین منظور ہے
پہوٹ ڈلواتی ہین لاکہونمین تمہاری چوڑیان

جو سنگی آنکہونکے حلقوا ہی پری جو ہین
ان بتانو نسی چڑہاؤ پیاری پیاری چوڑیان

دلمین چہد کر خونکی بوندونسی ہر ریزہ بہرے
ٹوٹ کر بنجائین بعندیکی کناری چوڑیان

سرو قامت ہین ہزارون دام الفت مین اسیر
طوق قمری ہین تمہاری پیاری پیاری چوڑیان

صدقے ہوتی ہین برابر ان کلائی پہنچون پر
گرد پہرتی ہین خوشی سے باری باری چوڑیان

دست نازک زنانہ کو کیا حلقہ بگوش
کیا سے کہلے نہ دن نظر آئین تمہاری چوڑیان

اے فلک لا انکو نہین بہاتا ستارونکا بہی جوڑ
کہتے ہین میری بلا پہنے گنواری چوڑیان

روے روشن پر جو تمنے ہاتہہ کہا ناز سے
چاند کا ہالہ نظر آئین تمہاری چوڑیان

حورین پہنین گی تمہاری رشک گل فردوس سے
لائینگی مشاطۂ فصل بہاری چوڑیان

کیون نہ نکلے نوک خونریز یکی ہر انداز مین — لوٹ کر بھی دلمین چبھتی ہین تمہاری چوڑیان
بل نکالا سیکڑون بانکونکا دستِ ناز نے — بانک سکے فنمین ہوئیں یکتا تمہاری چوڑیان
خونکی بوندین بنی ہین چتیان یاقوت کی — دلمین چبھہ کرد ہو رہی ہین خم کاری چوڑیان
کیون نہون حلقہ بگوش آکر حسینانِ بہشت — حور ونکے کانونکی بالی ہین تمہاری چوڑیان
سینے ہاتھا پائی جب کی سر مہر پیسو کہا — گرم جوشی سی ہوئین ٹھنڈی ہماری چوڑیان
دیکھ لو ای گلرخو مرغانِ دل پابند ہین — بالکی بندی کی صورت ہین تمہاری چوڑیان
کرتے ہین اپنی پانونمین تری ہاتھونکا و صف — بولتی ہین ایک منہہ ہوکر ستاری چوڑیان
ہر ستارہ کی چمک نورِ جہانِ حسن ہے — رکہتی ہین حکم جہانگیری تمہاری چوڑیان
جان پڑجاتی ہے دستِ ناز سی ہر چیز مین — رنگ بنکر چڑہتی ہین ہاتھونمین ساری چوڑیان
گو کھڑ ہوا ای پری نازِ نگاہِ حور کا — عینکِ ضو انکی حلقہ مین تمہاری چوڑیان
کرکے ہاتھاپائی ڈولی مین کیا اونکو سوار — صاف ٹھنڈی ہو گئین وقتِ سواری چوڑیان
بوندونکے حلقی نہین پڑتے ہین ایسے گل نہر مین — ڈالتا ہے ہندوا ابرِ بہاری چوڑیان
خون لاکھونکا کیا کرتے ہین ہر جھنکار سے — خوب سجا جوڑ چلتی ہین تمہاری چوڑیان
غیر ڈیوڑھی پر کیا کرتے ہین آرایش کا ذکر — حلقۂ بیرون در ٹھہری تمہاری چوڑیان
ناز سے فرماتے ہین کون کسطرح تیرا سلام — ہاتھ اوٹھہ سکتی نہین ایسی ہین بھاری چوڑیان
اوترے پڑتے ہین پھسلکر دستِ نازک سے تمام — کسطرح ٹھہرین کلائی مین تمہاری چوڑیان

مارڈالا آتشِ غم نے جلا کر اے منیر
ٹھنڈی کردین سوگئین اوس گلنے تمہاری چوڑیان

غزل

تیغ ابرو نے بھرا خونمین اپنا ناخن — آگئی رنگِ تمنا کی جھنتا تا ناخن
دلِ نالان مین تراسے ہمنے جو رکھا ناخن — بنگیا مدِّ الف آہ کے گویا ناخن

اوسکے ناخن کو مہِ نو سے بہلا کیا نسبت
عقل کی پیر خرد کیون نہین لیتا ناخن

ترک می سی خلشِ زخمِ جگر بڑہتی ہے
مجکو محراب درِ توبہ ہے گویا ناخن

قدمِ گشتۂ عشاق نرکہہ پیشِ نگاہ
اے صنم پنجۂ مژگان کے ترشوا ناخن

چٹکیان لیتے ہو تقریر نہین کرتے ہو
کہین انگشت نے پا نہین نہو پیدا ناخن

عقدۂ زیست مرا ہجر بتا نہین نہ کہلا
گہس گئے شیرِ اجل کے بہی خدایا ناخن

مشق تحریر مین کرتے ہین وہ خونریزیکی
خطِ شمشیر کے لکہنے مین ہین یکتا ناخن

اثرِ مرگ ہے بے یار حسینونکا سنگار
مسی کے رنگ سی ہے سبز ہو نیلا ناخن

نہ ہنسو عیش جوانیمین جوانون دیکہو
قد خمِ گشتہ ہین بوڑہے ہونکے سراپا ناخن

خون بنکر جو ترے ہجر مین بہتی ہی شراب
کٹ گیا دستِ سبو کا کوئی جیتا ناخن

ذایقہ مرگکا لون زخمِ جگر کہجلا کر
قرض دے مجکو جو دیو شبِ یلدا ناخن

زیب ہاتہونکی بڑہا جو سمجہے جراحت ایسے ترک
کوچۂ زخم کی مقراض سے کٹوا ناخن

گہٹ گیا نورِ قمر پنجۂ نورانی سے
داس ہین چاند نئے کہیت کو گویا ناخن

چٹکیان لیتی ہی ہر موجِ خضر کی دلمین
کیا ترشوائے تہے تمنے لبِ دریا ناخن

ناخنہ دیدۂ مجنون مین نظر آتا ہے
آنکہونسے چہنتی ہے شاید تری لیلا ناخن

قمریان طوقمین جڑوائینگی ہیریکی چاند
باغ مین پہینکدے ای سروِ تمنا ناخن

سوچ بہی کو سمجہتا ہون ترا ناخن گیر
لے رہا ہے فرس نشۂ صہبا ناخن

تیری ہیکل کو جو اے طفلِ حسین ہو درکا
شیرِ خورشید کا بہجوائے مسیحا ناخن

سینے شیشہ مین وتارا ہے محرم کا ہلال
دلِ نازک مین نہین پنجۂ غم کا ناخن

سرکے تعویذ کو درکار ہین چاند اے شہِ حسن
رکہہ نہ لے سر پہ اوٹہا کر کہین ہما ناخن

اونگلیان تیری لگاتے ہین حسین آنکہونسے
نعل ہین ابلقِ ایام کے گویا ناخن

تو جو چہیڑے دلِ مجروح کی ونق بڑہ جائے
ہو گریبانِ گلِ زخم کو کنٹہا ناخن

کاجل انگلی سے لگاتے ہین خلش کرنیکو | نبگیا مرغ نظر کیلئے کانٹا ناخن

ہاتھون سے جو چھپتے ہین آج پسینا وہ منیر
سحر ہی کھو دیتے ہین عقد ثریا ناخن

غزل

آنکھین لگجائین تری زلف معطل سی کہین
سب بھیگے پہ رات مری اشک مسلسل سی کہین

حشر کے دن شب بلا ایسی سیہ قسمت کو
شب تیرہ نہو یارب مری کمل سے کہین

مری میخانہ مین چلتی ہے تعلی کی ہوا
بڑھ گیا ہر کف مے و سبکے بادل سی کہین

رنج مردان محبت نہین تدبیر پذیر
درد سر شیر کا جاتا نہین صندل سی کہین

مین وہ دیوانہ ہون پابند جنون اے مجنون
نام وحشت بھی نہ نکلا مری جنگل سی کہین

قتل نامہ مری سفاک کو تاثیر دکھاے
خون پیدا ہو الٰہی رگ جدول سی کہین

خشک اس آگ سی ہو جائے مرا دامن تر
آنکھین سینکون تری یاقوت کی ہیکل سی کہین

اپنی درویش سی کچھ لطف جوانی کا نہ پوچھ
چھوٹی نکلی شب راحت مری کمل سے کہین

خانہ برباد ہی دل کا جو لکھا اکثر حال
اوراق کے خط ہو گیا دیجی تری مخمل سی کہین

وصل مین آپ نے وقت رخ روشن نہ دکھاین
گیسوے شب نہ جلے آتش مشعل سی کہین

تیری مژگان کے چپے کی بہار اے شمشاد
خوشنما ہی شجر طور کے کوپل سی کہین

روز و شب نے تری فرقت مین کھلایا مجھکو زہر
تلخ تاریخ مہ و مہر ہی حنظل سے کہین

رات کو یاد جو آئین تری آنکھین اے شوخ
خوشنما ظلمت شب ہو گئی کاجل سی کہین

چھوٹتی ہی نہین غفلت کو تن آسانی سے
خواب ان غافلو نکلا بڑھ کے ہی مخمل سی کہین

دل مکدر ہو تو تدبیر سے شفاف ہو کب
صاف آئینہ ہوتا نہین صیقل سی کہین

ہم فنا دوستو نسی قدر فنا کی پوچھو
نرم ہے سنگ لحد بالش مخمل سے کہین

آپ سا اور نظر آئے نگیون آئینہ کو
دور ہوتی ہے دوئی دیدۂ احول سی کہین

یاد ہی زخمیونکو تری ہمباحث اسی ماہ
چاندنی جاتی نہین گلشن مقتل سی کہین

روئے سینہ سی کہلی آنکھونکو ململ کی منیر
جا ملی آب وان کرتے کی ململ سے کہین

غزل

وصف پستان کہا ہی جو پریرو اندنون
گول بانونپر ہمارا دل لگے لٹو اندنون

فن غمخواری مین ناقص ہو گیا تو اندنون
تیغ ابرو تہی جو پہلی ہی وہ چاقو اندنون

چال سے خالی نہین اب قطع بہی پوشاک کے
گوٹ پر چوپڑ کا بنواتی ہین اتو اندنون

عاشق ابرو کی رونیسے ہی برسات آجکل
سبزۂ شمشیر ہے صحرا مین خودرو اندنون

غیر مہندی ونکی دونو ہاتہو مین ملنی لگے
سوکہتا ہے خون میرا دو دو چلو اندنون

زخم تیغ ناز کی سبب گلو ہون آجکل
ای صنم گردنکی پٹہی پر ہوا تو اندنون

دم خفا ہے بروالونکا ترے ہجر مین
مردم آبی کو بہی ہوتا ہے اچہو اندنون

فصل ہولی کی ہی ای گل رنگ لاتی ہی شراب
پہول پیتے چپتے بجاتا ہی ٹیسو اندنون

سرگرانی کہونیکو ہم بنگئی فراش یار
دردسر کا جہاڑتی ہین لیکی جہاڑو اندنون

نیش زن ہوتے ہین بنکر زخم کا بر مین رقیب
کاٹتے ہین غم کی ایجان بچہو اندنون

رہتے ہین گشت کا بیدی تمہارے کوٹھے پہ
آسمان بام پر نکلی ہے جہاڑو اندنون

پر تو ہی رخ سے بہوین بہوی لگی ہونے سیاہ
دہوپ مین کالے ہوئے جاتی ہین بچہو اندنون

جلوۂ تازہ شب گیسو مین برہم کرتے ہین
ای پری چہیا گلی کے نگ ہین جگنو اندنون

مجکو یاد آتے ہین کہانے پر رقیب بے ادب
جان کر کتا بلاتا ہے او نہین تو اندنون

آجکل غم [illegible] مین جان لیتی کر لیے
صید کا جو یا ہی شاہین ترازو اندنون

[illegible] کر [illegible] کا تا ہون لو انکو نیند سے
چہینٹے دیدے کر جگاتا ہون مین جادو اندنون

چہیرتی ہی سکیل کی کہتے ہین بالا سر
پکڑ لو نہین ہی نظر آتے ہین الو اندنون

جلوہ فرما قصر دل مین ہے وہ شاہنشاہ حسن
دلکشا کا طاق ہے ہر زخم پہلواندنون

شمع و محروم ہین یا نکو نسی بلواتی ہین تو نذر
اے صنم اکو نکی قبضہ مین ہے بازواندنون

آنسو آزادونکی عشق قد مین جاری ہتی ہین
ہر الف ماتم کا ہے سرو لب جواندنون

سرنگون ہکر سخن مین لبسکہ ہین سہنے لگا
کاسہ سر کا ہے سانچہ صاف زانواندنون

دیکھکر محو شنا اکثر تجھے اے بحر حسن
باتین کرنیکو پڑکتی ہین لب جو اندنون

ناک بہوچڑہتی ہے دریا نہانیمین بہت
باڑہ سے تلوار کے کٹتی ہین ہا پواندنون

بیدلی کا شکوہ کرتے کرتے یہ نوبت ہوئی
دل سی خالی ہوگئے باتونکے پہلواندنون

ایڑیون سے آگے چوٹی اوس سہی قد کی بڑہی
اوس سر سے پہنچی قیامت کی شب گیسو اندنون

غیر ان سے بنواتی ہین قلمین یہ طفل خوشنویس
کاٹنے کہاتی ہین مجھو انتو نسی چاقواندنون

مشق غم مین بخ ہے راحت فزا ہونے لگا
درد سے دل سے دباتے میری پہلواندنون

لاغری مین ہے دل سوزان پر اپنا اختیار
ایک تنکی کا جہنم پر ہے قابواندنون

خوش قدونکو اپنے قد پر تو جو ہونے دی فقیر
سرو ہون آزاد بنکر چارا بر دواندنون

چشم فتان کرتی ہے تعلیم افسون ادا
موہنی آنکھونکی ہے سرگرم جادواندنون

نوجداری غم کے دیوانے جنون کے ہین محیط
مدعی پر اس دو عملہ کا ہے قابواندنون

زلفونکو ورد زبان تعریف ابرو ہوگئی
بنچتے ہین مالا سرو ہی کا یہ ہندواندنون

جان بنکر کیا سمایا تو ہمارے جسم مین
رخصت تن مین ہے تری پوشاک کی بو اندنون

وہی ہے کیا تشبیہ تیری فرش ہے انجم شکاف ماہ
چاندنی سی کم نہین گلہای شببواندنون

میری سرو آہ کی شادابیونکی شرم سے
یاسمین صبح ہجران ہے لجالواندنون

تلخ کامی سی ہمین ملتی ہے تدبیر وصال
زہر غم ہے سبزۂ قبر ارسطواندنون

سینک تری ناک کی عطار نے پائی مگر
عطر خسمین چاہ خوشبوئی کی ہے بو اندنون

لاغری مین سعی میری دیکھکر فرماتے ہین
سے ہے یہ مورلنگ ہی صرف لگاپا اندنون

تیغ زنگ آلودہ قاتل سی لب تیری ہین بہر
سو رچے تلوار کے بنتی ہین بچہوّاندون

دامن صبح قیامت کی ہیگی خاک قدر
پا ئینچو نسبو دیتے پہر تیغ جہاڑواندون

مجکو پر لوا کر جو اے ساقی تو دیتا ہی شراب
بنتے ہین موتی صراحی در آنسواندون

قشقہ دیتے ہین مگر سر کے لہو اکثر آپ
سرخ صندل کیون نہو گھسن سرواندون

غیرون سے باتین اشارو نمین مگر ہونے لگین
کیون جہپکتی ہی تری چشم سخنگواندون

پہر کہنہ میٹہا ہوا جاتا ہے اب عناب لب
بوسے ہی مین جو ہو گئے ہو تر شرواندون

ساری دنیا چہان ماری پر پتا ملتا نہین
ہے فنا کی جستجو مین جو جفا جواندون

چہوڑ کر دیر و حرم دلمین کیا تمنے مقام
ہو گیا قصہ دوئی کا صاف یکسواندون

بیٹہ زلفونکو سلجہاتا ہی بازی گاہ مین
کہیلتا ہے سانپ سے وہ طفل بدخواندون

سوی مژگان دلمین اب ہنے لگی آٹہون پہر
ہو گئے سب تیر تری ہشت پہلواندون

گہٹتے ہی جوبن کی گیسو اور ابرو بڑہ چلے
بنگئی دولت تمہاری سانپ بچہواندون

چہلونی چہائی ہے فوج غم تو دلمین آج
کعبہ اپنا کیون نہو ہشت کہپواندون

گنجفہ کے کہیل مین اکثر چڑہاتی ہو ہوین
ملگئے شمشیر کے بازی مین پرواندون

تو جو ساکت ہو رہا ہے ناچ کر اندکو سے
پاؤن پڑ کر بوسے لیتے ہین تری گہنگرواندون

ریختہ گوئی سے استحکام کامل ہو گیا
نکتہ سنجو ریختہ ہی بازار اردواندون

سایۂ قاتل سے خون خلق ہوتا ہے منیر
بنگیا ہمزاد بہی اوس کا بلا کواندون

غزل

سب جلا پیچ مین لب ساقی ہین
ہشیارون سے ہتی یہ قیدی بلا کے ہین

کہتا قصہ کیک مین دار الشفا کے ہین
چومنے حضور کے مسیحی دوا کی ہین

مستی مین مرغ دل کو مرے کہہ سکو گی کیا
ہاتہ آشیانے طائر رنگ حنا کی ہین

لٹ سے حسین پیچ مین گیسوے آہ کے
پہیان بلائین لیتی ہین ہم بہی بلا کی ہین

کندن کی طرح رنگ محل کا ہی نور بخش
سکے جہان مین تری دولت سرا کے ہین

سلجھا رہے ہین دست حنائی سی سر کے بال
کھٹکے اندہیری رات مین گاز و حنا کے ہین

قصر بہشت عرش برین عاشقون کے دل
نقشے کہان کہان تری دولت سرا کے ہین

کنگا شہین لگین ہین عدہ بوسہ کی سیکڑون
فرد حساب بند تمہاری قبا کی ہین

نقشہ محل کا رکہتے ہین سر پر شہان دہر
تاج نہین کنگرے تری دولت سرا کے ہین

آنکہو نہین غافلو نکے کیا یار نے مقام
اندہے ہے کنو نہین گہر بیت یوسف لقا کی ہین

لاکہو کی جان جاتی ہے پوشاک دیکہکر
کوچہ فنا کے چاک تمہاری قبا کی ہین

قصر خراب دہر سے غافل ہین تاجدار
آنکہو نہین جالی گوشہ دولت سرا کی ہین

رستہ یہان تو حسن کا جلوہ ہو ہر طرف
آئینہ خانے سینۂ اہل صفا کے ہین

ہنگام نزع بہی ہے ہمین حسن مال و زر
خواب اجل کے نشہ مین جہونکے ہوا کے ہین

دم بہر نہ ٹہہری جان جگر لیکر اوڑ گئے
اسے گردگار تیر یہ کس بیوفا کے ہین

مستغرقان نشۂ ہستی کو کیا ثبات
کچے گہڑے حباب شراب فنا کے ہین

ظاہر مین خاک رہین دل صاف ہی مگر
مٹی کے گہر مین آئنہ اوس شمع دنما کی ہین

اسباب خضر ملک عدم کا ہے نہ زاد راہ
کملی مین و لیکن مخمل خواب فنا کے ہین

دیر و حرم مین کرتے ہین وہ دلفریبیان
دو باب یہ رسالۂ ناز و ادا کے ہین

ہنگام رقص پہرتے ہین ادہر بہی تہہ ساتھ
چکر تمہاری ناچ مین راہ خدا کے ہین

افتادگان خاک سمجہتے ہین پیشوا
گویا کہ ہم امام صف بوریا کے ہین

اے نامہ بر نہ پوچہ پتا قصر یار کا
لاکہون نشان لشکر ناز و ادا کے ہین

دربانو نکو ہے دست بہشت اوج سلطنت
دروازۂ حضور مین بازو ہما کے ہین

اے بت پیسے نماز کہ بے گناہ قتل کی
نیت ادا کی ہے کہ اشارے قضا کے ہین

اے بت ہمین ہین عاشق یکرنگ دہر ہین
سب برہمن حضور کے بندے خدا کے ہین

جو رنج آپ دیتے ہین ہوجاتی ہی خوشی
گرد ملال مین بھی اثر کیمیا کے ہین

ہین فرش راہ سینۂ عشاق ای پری
تعویز ہیکلو نہین تری نقش پا کے ہین

ہونٹونکا بوسہ دیکے خفا تمنے کردیا
پہندے سے گلے مین جرعۂ آب بقا کے ہین

بخت سیہ کو ساتھ لیے پھرتے ہین مدام
ہم ساربان لیلئ شام بلا کے ہین

وحشی تمہارے تشنۂ آب وصال ہین
کانٹے زبان مین خلش خار پا کے ہین

ڈوبے ہوئے ہین گوہر دندان کے عشق مین
لاکھون غریق آب دُرِ بے بہا کے ہین

کرتے ہین قتل پیار سے ہم کو پکار کر
کیا یاد جوڑ آپ کو حرف ندا کے ہین

ہے دور مے چمن مین نکلتی نہین ہی بو
شیشہ نہین ہین آبلے پائے صبا کے ہین

آنکھین حسین ملتی ہین پہلو کے زخم سے
ابرو بتونکی طاق مری دلکشا کے ہین

قاصد تمام مقتل دل کے گواہ ہین
پیغامبر شہید مری کربلا کے ہین

جس سے کہ دور ہو خفقان دل حزین
تیرے محل مین جھاڑ درخت اوس دوا کے ہین

اللہ رے تیری وسعت میخانۂ کرم
سرپوش جام دو طبق ارض و سما کے ہین

چھلے بھی دافع مرض رنج ہجر ہین
فقرے نہین حضور کے نسخے شفا کے ہین

دعوت تمہارے وصل کی کیونکر مزا نہ دے
پوشاک کے مسالے شریک اس غذا کے ہین

زنجیر موج نور کے پہرتے ہین کف بلب
دریا بھی وحشی اوس بت نا آشنا کے ہین

ای بت رموز جور کو ابتک نہ پوچھیے ہم
پتھر مزاج دان تری کوہ جفا کے ہین

انگیا کی موتی کھینچتے ہین ناتوانون کو
دانے تری انارو مین کیا کہربا کے ہین

پوجواتی ہین حضور کے ظلمونکی صورتین
ہم بت تراش آپکے سنگ جفا کے ہین

دام نگہ مین قید ہین خوبان سبز خط
یہ جال رشتۂ کشش کہربا کے ہین

حسن بیان سے کرتے ہو تم زرفشانیان
لچھے تمہاری باتونکے تار طلا کے ہین

اللہ ہی بچائے حریصانِ مال سے
عقبیٰ کا خوف اہلِ خطا کو ہے ہر گھڑی

برباد ہین غبارِ حوادث کے ہاتھ سے
بیکِ نگاہِ عاشقِ خطِ حضور ہین

حجّام صاف کرتے ہین آئینۂ جمال
اطفالِ اشک پیرِ فریاد ہین مدام

بدلا لیا ہے مہندی نے عاشق کے خون کا
اوس بت کے آگے جھکتے ہین تزویر سے رقیب

خوش قد ونکو تذرویِ شیون کا شوق ہے
لکھتے ہین حال آپ کو ترکِ لباس کا

بخشش بغیر پھر نہین سکتی کسیطرح
عریان اگر حضور ہوے وصل مین تو کیا

پورے ہی مراد ضعف مین وے اعضا سے ہو گئی
بشت لعب کے قطرونکو سب سے چھپا رے

دامِ بلا مین کرتے ہین فریاد رات بھر
بارانِ اشک کا اثر اسے جان دیکھنا

جامِ شراب سمجھے ہین خورشید حشر کو
اسکا عوض یہ ہے ہمین سونے نہ دیجیے

آسیبِ غم سے حُبِّ یداللہ نے دی نجات
قدِ خمیدۂ ضعفا ہین مدد طلب

بچپن سے کتفِ دایہ پر اپنا مقام تھا

کھانے کو دوڑتے ہین یہ کتّے سرا کے ہین
ااکھون ہی کھٹکے ساعتِ وزجرا کے ہین

ہم سب بگولے جادۂ راہِ فنا کے ہین
کانٹو نپہ انکو کھینچیے قابل سزا کے ہین

حیرت سے اُستری ہین کہ آلی جلا کے ہین
یہ قافلے ہی شیفتہ بانگِ درا کے ہین

باندھے ہین ہاتھ پاؤن کہ قابل سزا کے ہین
مجبر نہین سلام نمازِ ریا کے ہین

مشتاق سروآہ اسکے نشو ونما کے ہین
مضمون خط مین قصۂ دلق گدا کے ہین

ہم سنگ فتنہ چہرۂ اہلِ خطا کے ہین
باقی ابھی تو سیکڑون پردے حیا کے ہین

گھی کے چراغ طاق مین قدِ دوتا کے ہین
موتی یہ آبروے زنِ پارسا کے ہین

ہم پاسبان کوچۂ زلفِ رسا کے ہین
آثار خطِ سبز کے نشو ونما کے ہین

ہم ابتدا سے بادہ پرست انتہا کے ہین
بوسہ لیا ہے خواب مین قابل سزا کے ہین

ناخن گلے مین پنجۂ شیرِ خدا کے ہین
محتاج یہ مکان ستونِ عصا کے ہین

خانہ بدوش دہر مین ہم ابتدا کے ہین

اہل ہوس کو دیتی ہے افسردگی سزا
تقصیر حرص کی ہی طمانچے قضا کے ہین

کہتے ہین تم کو میری بلا پیار کرتی ہے
کیا ڈر ہے ہم بھی چاہنے والی بلا کے ہین

کیونکر اکیلی گذری ہی خالی مکان مین
ساکن جو آپ اس دل بیمدعا کے ہین

سرمہ ہو چشم حور کا خاک نبی اے منیر
یعنی غبار ہم قدم مصطفےٰ کے ہین

ردیف واو

جلتا ہے دیکھکر مری جرم عظیم کو
اللہ نے عذاب مین ڈالا جحیم کو

آہین مری ہلاتے ہین اوسکے حریم کو
ہے زلزلہ نسیم سے باغ نعیم کو

اک روز آؤ وادی ایمن مین بے حجاب
سمجھو قنات پردہ چشم کلیم کو

ہے نیک و بد پہ اوسکا کرم جانے شکر ہی
تخصیص ایک پر نہین خلق عمیم کو

کیا پوچھتا ہے ضعف کی شدت کو اے طبیب
رعشہ ہے نبض کی حرکت مستقیم کو

ہوش و حواس تحفۂ خوف و رجا ہوئے
نذرین ملین وعدۂ امید و بیم کو

ٹھہری ہوا آ کر دل چاک چاک مین
ہے جسنے قفس مین بند کیا ہی نسیم کو

اللہ رے غرور جواب سخن تو کیا
اک بت نے آنکھ اوٹھا کے نہ دیکھا کلیم کو

اپنے بنی کی فرض کرون کسطرح کمر
رشتہ کا نام ننگ ہی دُر یتیم کو

پردہ رہے فقیر کا لپٹے جو وہ حسین
ہے احتیاج ہوی کمر کی گلیم کو

دیکھے بہار شیشہ دل مین جمال دوست
عینک کی احتیاج ہی چشم کلیم کو

رکھا فلک پہ آپ نے جھنڈے کو دیکھے دم
باتون مین صاف ٹال دیا ہے کلیم کو

محشور ہونگے دیکھیے کس کس زمین سے
ہے تفرقہ ہوا سے عظام رمیم کو

دل مین خیال یار رہا کالبد مین روح
رکھا پری کو شیشہ مین خم مین حکیم کو

روز ازل سے بات نہ پوچھی ہماری واہ
یون کوئی بھولتا نہین پیچ قدیم کو

آوارہ روح جسم کی خاطر ہے بعد مرگ / کیا کیا ندیم ڈھونڈھ رہا ہے ندیم کو

آئی جدا جدا قد و زلف و دہن کی یاد / پڑھتے ہین فرد فرد الف لام میم کو

سینے مین تنکو ہے طلب سے کیا حصول / سکے کا داغ دیتے ہین کیون لوح سیم کو

سیدھی نکالتا ہون پری طلعتون کی مانگ / حاصل کیا ہے مشق خط مستقیم کو

مین پیرو علی ولی ہون صراط پر / پہچانتا ہون خضر رہ مستقیم کو

دیتا ہے آسمان ہمین زہر ای منیر / افعی کا کفچہ جانیے دست لئیم کو

غزل

کدورت بحر چشم تر سے ہی دلہا مردم کو / کہین ملتی نہین خاک ایک مٹھی بھر تیمم کو

پیام مرگ داغ شیب ہے دلہا سے مردم کو / چراغ گور سمجھو آفتاب صبح قاقم کو

ہمیشہ مستی ملنے مین ہے غبت قتل کی تمکو / بدلوا ڈالو سوسن تجھے سے تیغ تبسم کو

دو رنگی عیش و غم کی ہے بصیرت ہو اگر تمکو / دکھاتا ہے فلک شام و گلیم و صبح قاقم کو

لگا کر دانتو نمین مستی مناسب مسکراتا ہے / شب تاریک کا زیبا ہے کاجل چشم انجم کو

رہا کرتے ہین اہل ظرف فکر ظرف عالی مین / بط مے ڈھونڈھتی پھرتی ہے اکثر بیضۂ خم کو

مقام عشق تک آکر گلستا نمین ہوئی سست / کرینگے بند کیا قفل دہن سے باب پنجم کو

منور شمع مہ سے مثل نور آفتاب ہمین / فلک کے سانچے مین ڈھالا ہے کیا فانوس انجم کو

مین ہی جراح ہون اوس گلبدن گلفام کا عاشق / مرے زخم جگر سے میل ہے تار بریشم کو

ہماری پتلیان ہونگین لب نگین کے جلوہ سے / جلایا آتش یاقوت سے انبار ہیزم کو

سوار یمین ہمارا رشتۂ فریاد لازم ہے / چڑھا دے ساز پر کھولیگی اس تار بریشم کو

پڑا غفلت کا پردہ حضرت آدم کی آنکھون پر / نہ سمجھے کوچۂ زخم ندامت چاک گندم کو

جوانی کو ہے خوف عالم پیری زمانہ مین / کھڑے ہون کیلو گر ہو نگلو دیکھین جو قاقم کو

خلاف حکم حق کرکے بشر صدمہ اوٹھاتا ہے
سمجھیے چین پیشانی آدم چاک گندم کو

تمہارے گال نکلے وصف لکھے عشق گیسو مین
کہون زندان مار زلف تشدید ترنم کو

چہک انکی لازم پڑگئی ہے مسکرانے مین
ضرور آب گہر درکار ہے تیغ تبسم کو

ہنسا ایدل اوسی گلشن مین پیش بلبل شیدا
حریر رنگ گلمین جہان اوس شہد تبسم کو

دکھا کر زلف و ابرو جان لی اوس ناوک افگن نے
نئے چلّے کمانون مین چڑھانا میری چہلم کو

یہ مطلب مسکرانے مین ہے دانتونکی تجلی سے
کہ مالا موتیون کا چاہیے تیغ تبسم کو

مسیحا معجزہ مین حسن مین تو مہر انور ہے
سمجھتا ہون ترا جو منزلہ چرخ چہارم کو

مزا ملتا ہے دانائی کا میخوارونکو نشہ مین
بنایا ہے گل حکمت سے کیا خشت سر خم کو

تری گہونگھٹ کے پیچھے نالہ موزون مین کرتا ہون
تعجب کیا جو سرو آہ کی چوٹی کہون دم کو

کمال عقل ایسا بڑھ گیا کیفیت مے مین
کہ برج قرا فلاطون مین سمجھا گنبد خم کو

شکستہ دل ہمیشہ رہتے ہین بجز سوا سکی
ملو بال آئینہ کے تیری اسپ خاصکی دم کو

مناسب ظرف مے کا وصف ہے اشعار اردو مین
نظر آتی ہے حاجت پختگی کی گنبد خم کو

جو ہین کم قدر میخانہ مین تب اونکا عالی ہے
جبین دختر رز جانئے خشت سر خم کو

چمن مین آپ نے تعریف کی جب نارپستان کی
نئے میوے کی ڈالی سمجھے ہم شاخ تکلم کو

زیادہ نوح کو طوفان سے ایک ایک قطرہ ہے
کیا ہے آبرو نے زمرۂ دریا ہی قلزم کو

نشان پاے اسپ یار کعبہ کے برابر ہے
فرشتے گنتے ہین ناف زمین ہر حلقۂ سم کو

تمہاری ناف کا ہے دہیان ہمکو جوش گریہ مین
نئے ہر روز چکر دیتے ہین گرداب قلزم کو

لب رنگین سے کی رنگین بیانی آپ نے جس سے
رگ یاقوت سمجھا ریشۂ شاخ تکلم کو

چمن مین نشہ مین کر آپ جب گہومے اوڑا مین
کہ توڑا پہول کا بلبل سمجھ جاتی ہو ہر شلم کو

رقیب نیشزن تکتا ہے تجھکو ہر گھڑی انکھ
ملی ہے شیشۂ ساعت کی عینک چشم کژدم کو

تری نوک مژہ کا دیکھنا بھی زہر مجھکو تھا
کف پاسے لگی پھانس سمجھا نیش کژدم کو

اگر طوفان گریۂ عشق قیامت میں اوٹھاتی ہم
غبار صبح محشر ڈھونڈھتی نایاب تیمم کو

جلایا معجزہ سے تیرہ بختونکو تماشا ہے
بنایا مرغِ عیسیٰ طائر آواز قمقم کو

اوٹھا کر چوٹ مشقِ خاکساری مین ہوے کامل
طمانچہ سمجھے ہم استاد کا ضرب تیمم کو

مسیحا بنگئے آپ اکثر حسینونکو جلاتی ہین
بساتے ہین پریزادونسی کوہ قاف قم قم کو

نظر آتا طلائی رنگ اس عینک سے اوس گل
جو ملتا سونیکی پانیکا چشمہ چشم مردم کو

شبِ وصلت مین ہو بانگ جرس سے آمد گریہ
صدا گھڑیال کی ہو رکار ہو شور تلاطم کو

نظر کرنے ندی تجھپر کسیکو مین وہ شاعر ہون
زمین شعر کی ڈھیلونسی پہوڑا چشم مردم کو

عبث تم بیستی ہو انتونکو وقت خود آرائی
ترشنے کی کہان ہے احتیاج الماس انجم کو

اگر وہ شمع چمکائے ہنسی مین مسی دندان
کرین بے آب محفل کے کنول الماس انجم کو

رقیبون سے بھڑا کر تونے گوایا جو فقرے سے
ترے میٹھے سے لگانا سمجھو دریا کے تلاطم کو

تری مجلس پر اے مسی دانت کیون ہے پیر گردونکا
مگر تختون کا چوکا چاہیے دندان انجم کو

شبِ غم مین ستارے دیکھکر رونا مناسب ہے
کہ بے آبی مین شبنم چاہیے گلہاے انجم کو

پریزادون کی مستی مسکرا کر توڑ پسیلی کی
سلیمانی نمک سمجھا نظر ہے شور تبسم کو

ہنسی مے وہان کہا کر کام اپنا ہو گیا آخر
ہماری قتل کا بیڑا ملا تیغ تبسم کو

کرو مجروح اپنے تیرہ بختونکو ذرا ہنسکر
اسے مسی کی حاجت ہے لبِ تیغ تبسم کو

دھوان ہار آج مستی ملکے ہر دم مسکراتی ہو
بجا ہے نبض ودی سمجھے ہم صبح تبسم کو

بڑھی آب دندانسے زینت مسکرانے کی
مناسب ہے یہ شبنم سبزۂ تیغ تبسم کو

تکلف مسکرا دیکا بڑھا دانتونکے جلوہ سے
ہوئین جوہر نجف سے گردشین تیغ تبسم کو

نہین آیا نہانے حسب عادت وہ بتِ کافر
غضب کی آج بیتابی ہے دریا کے تلاطم کو

میسر دنی غلامونہین ہے کچھ اسکا بھی ہجو
کیا حقنے قسیمِ نار و جنت یاسے قلے ہمکو

غزل

دل سے وصل خضر رز کا اگر مشتاق ہو
حلقہ آغوش زاہد میکدہ کا طاق ہو

اوسکے جلنے مین قیامت وارد آفاق ہو
پانچا اوٹہہ جاے یارب آج کشف ساق ہو

عازم وادی اگر وہ لیلی آفاق ہو
حلقہ زنجیر مجنون دیدہ عشاق ہو

زندگانی فقر مین مجکو نہ کیونکر شاق ہو
کشتی عمر اے خدا مفلس کے گھر کا طاق ہو

باغ مین چلکر دکھاوے شورش حسن خرام
خندہ گل کا نمک کافور شمع ساق ہو

موج نسرین جسب ہو پیدا صباحت آپکے
زاغ شب نکلے کے پر سے بھی کہین براق ہو

حسن کی گرمی سے پیدا ہو چمک رفتار کی
زیر پائی کا ستارا اشک شمع ساق ہو

اہل دل سے عشق اگر لکھوائے خط بند کے
سرکشش الفت کی عدد فر آفاق ہو

بوسہ رخسے جبین مسموم زلف یار
صبح کافور مین خاصیت تریاق ہو

می کشی کرتے ہی یارب یا رہو شیرین بیان
پھول مینا کا گلو مین شربت اخلاق ہو

اے پری لکھون اگر اشعار مضمون عتاب
تیرے ماتھے کی شکن مسطر کشش اوراق ہو

آہ کو بیکار تم سمجھو اگر اے نوخطو
سطر تقویم کہن وہ دل عشاق ہو

غیر کا مجموعہ اشعار دیکھو حیف ہے
طاق نسیان پر بیاض دیدہ مشتاق ہو

زلف کا سودا جو آشفتہ دماغی مین بڑہے
کف دہان یار کا مغز سر عشاق ہو

زلف کے سایہ سے ہو صید افگنی کا معجزہ
اژدر موسیٰ تمہارے ہاتھ مین چقماق ہو

ایک فقرا جسکو لکھا ایک قلم بیخود ہوا
خط ساغر لکھنے کو اس دور مین مشتاق ہو

عہدنامہ ہو سند اوسوقت اے لوتکا آصف
دیدہ یعقوب اگر مہر خط میثاق ہو

ظلم کی باتین کلیجہ چہانتے ہین اے طیور
جنبش نوک زبان مجکو نہ کیونکر شاق ہو

باغ جلا دے تمہارے سرو قد کے سامنے
طوق قمری شعلہ جوالہ بے اغراق ہو

بے دریا مہمان ہو نوی مثل براہیم کو
تا بدل عجل سمن کا مژدہ اسحاق ہو

حلقۂ دام بلا سے وہ بھی چھٹنے پائیگی — گو جپہ گیسو خدایا مدفن عشاق ہو

جذب و تن ہو جائے پیراہن صفائی حسن سے — اوس قمر کا پائینچا دامان صبح ساق ہو

جام مے پیکر جو دیکہے تو درد سر اوڑ جائے صاف — درد اے گل صندل پیشانی عشاق ہو

پاؤنگا جلوہ جو بخشے پاپجامہ کو فروغ — ہر ستارہ مین بنت کی نور شمع ساق ہو

اوس سراپا حسن کو کہینچے اگر اپنی گہ نشتر — حور کی چوٹی کمند جذبۂ عشاق ہو

کوئی شاعر قد سینے کی دل سے نسبت دے اگر — عطر دان اوس کی رکا مجموعۂ اخلاق ہو

اے خدا خالی نجائیگی شیشونکا اضطراب — شیشہ رکھنے کیلئے مستونکی طاق طاق ہو

ہجر جانان فکر دنیا کثرت افیون منیر
اسپے صدمے نیکیون تن خشک گرقاق ہو

غزل

شور حسن پر نمک مقتل کے اندر کیون نہو — اے بت سفاک کہاری آب خنجر کیون نہو

وصل مین فتنے تیرے گا نیسے شب بہر کیون نہو — بہیڑ رین تو گا رہا ہی صبح محشر کیون نہو

یاد زیور مین بہرا کرتا ہون آہ پر شرر — دہگدہگی مین آپکے یاقوت اخگر کیون نہو

کہتے ہین وہ زینت چشم سیہ کی شوق مین — بارسیے کا جل چراغ صبح محشر کیون نہو

قامت و عارض کا تیری جلوہ ہے گلزار مین — ہر قبائے گل مین جیب صبح محشر کیون نہو

قد و عارض کے جو دیوانے ہین انکی قید کو — بیڑیون مین حرف سیم صبح محشر کیون نہو

عارض و قد کی صبا کی ہے حقیقت وقت فرج یاد — آب تیغ یار شیر صبح محشر کیون نہو

گوہر دندانونکے آگے سب بے حقیقت ہوگئی — کوڑی کوڑی عقد مروارید اختر کیون نہو

ہے تعلی پر تمہاری سوسنی ٹوپی کا رنگ — نیلگون مسی سے گوہر دندان اختر کیون نہو

آتشین ناخونکی رونق الفت دندانسی ہے — میری شمع آہ پر فانوس گوہر کیون نہو

چہاتیونکے سو دیسے وہ مہر نہین خالی دماغ — تیری انگیا کی کٹوری کاسہ سر کیون نہو

گردشِ چشمِ تمہاری میرے دلکی ساتھ ہی / گردنِ مینا کی ہنسلی دورِ ساغر کیون نہو

حُسن کی تیغون سی خونریز ہوتے ہین جو ان / تیری مستی وہمہ ابروے خنجر کیون نہو

یکقلم لکھا ہے وس لیلی کو حالِ ضعفِ دل / نبضِ مجنون رشتۂ بالِ کبوتر کیون نہو

قہر کی نظرونسے مارا نامہ برکو آپ نے / آبِ شمشیرِ نگہ خونِ کبوتر کیون نہو

خطِ پشتِ لب کا سودا ہی مجھی اے رگ زنو / نیشِ زنبورِ عسل ہر ایک نشتر کیون نہو

میکدہ کا ذرہ ذرہ ردِ زہرہ کا ہی تل / خشتِ خم رخسارِ خورشیدِ منور کیون نہو

بالونمین موتی پرونے سے ہوئی شفاف راہ / مانگ تیری کوچۂ سوراخِ گوہر کیون نہو

نقدِ دل ہمغزونکا وابستہ ہے سرِ بالمین / کوڑیالا مارِ گیسوے معنبر کیون نہو

ہے حسینونسے علاقہ فقر کے اسباب کو / کملِ اپنا ابرِ گیسوئے معنبر کیون نہو

آسمان آہِ شرر زا سے جلا اندہیر ہے / سرمۂ شب کشتۂ سیماب اختر کیون نہو

چاندنی مین بیٹھی باتین کرتے ہین یہ قند لب / شربتی رنگِ نگینِ ماہِ انور کیون نہو

عشقِ زلفِ عنبرین ہی مانعِ ترکِ شراب / توبہ کا دروازہ مجکو کامِ اژدر کیون نہو

نقشِ اوراقِ فلک سے ہے نتاج ترا ہی قمر / گردنِ نازک کا دورِ آتارِ مسطر کیون نہو

چھونے پہ لعلِ لبِ شیرین کے پیسی تمنے دانت / سودۂ الماس دندان لالِ شکر کیون نہو

ڈھونڈھ کر عاشق تہکو لیکن نظر آتے نہین / وصل کی شب سایۂ قدِ پیمبر کیون نہو

یہ صفائی یہ لطافت حسنِ یوسف مین کہان / آب کا چاہِ ذقن سوراخِ گوہر کیون نہو

کان سکے زیور کا پرتو تا قسمِ ملتا نہین / بالی کی مچھلی میانِ حوضِ کوثر کیون نہو

ہو جو لفظِ دام جزوِ نامِ جانان اے منیر / پہندہ مین پہر اوسکے مرغِ جان مضطر کیون نہو

غزل

صحت مریضِ غم کی نہین چارہ گر کے ہاتھ / مجبور ہین کہ نبض دوا ہے اثر کے ہاتھ

سے ملتے فراق میں کف افسوس روز و شب
ملتے اگر بلا سے نیسے شمس و قمر کے ہاتھ

سہتے ہیں بگڑ کے آپ کر دینگے بناؤ بھیا
مہندی کا رنگ ڈھنگ ہے خون جگر کے ہاتھ

پیوند شانہ چھوڑ کے پایا نیا مزا
دامن تک اوس حسین کے پہنچا اد ترکے ہاتھ

شب بھر بلا میں صبح سے تا شام دوڑ دھوپ
دن بھر کے پاؤں ہاتھ لگے رات بھر کے ہاتھ

شوق شراب اگر ہے تو رنج خمار کھینچ
گردش ہے جام بادہ کی دوران سر کے ہاتھ

حاصل نہیں ہے رنج تو راحت بھی ہے محال
بیمار کا علاج ہے درد جگر کے ہاتھ

کالونکو حسن کی سے ہے دو رنگی زمانہ میں
تدبیر روز و شب کی ہے شمس و قمر کے ہاتھ

لازم نگاہ پاک ہے دیدار کے لیے
عاشق کی آبرو ہے فقط چشم تر کے ہاتھ

پلکوں کی قدر بڑھتی ہے ترچھی نگاہ سے
تیر مژہ کی نوک ہے تیغ نظر کے ہاتھ

اوس گل کو خط غیر نہ پہونچا سکیں کبھی
اے کردگار خشک ہوں نامہ بر کے ہاتھ

داماں یار تک نہو دسترس کبھی
کوتاہ کس قدر رہیں جن و بشر کے ہاتھ

صاحب کمال پاتے ہیں پہل شغل رنج سے
شاخیں ہیں اس درخت کی اہل ہنر کے ہاتھ

کیا بیکسی میں ہو مریض تیرا علاج
صحت دوا کے ہاتھ دوا چارہ گر کے ہاتھ

سر پیٹنے کے بعد قدم لیں حضور کے
انعام ملتے ہیں یہی کام کر کے ہاتھ

اے سنگدل ورے میں تجھے کردگار نے
سونے کے پاؤں مع جڑے آب گہر کے ہاتھ

لینے وو زلف رخ کی بلائیں تمام عمر
سائل ہیں ہم نے خدمت شام و سحر کے ہاتھ

گلچیں نہ سمجھے حور ہمیں اپنے باغ کا
گلدستہ رکھتے ہیں گل داغ جگر کے ہاتھ

شاہان دہر کیوں نہوں سرکش جہاں میں
مٹی کے مورتونکو ملے زرد و زر کے ہاتھ

بچپن سے پہنے ہیں اسی منت ہنسلیاں
میرے گلے کے طوق ہوں اوس سیمبر کے ہاتھ

محروم حشر میں نہ رہیں گے ہمارے منیر
گنجینہ نجات ہے خیر البشر کے ہاتھ

غزل

دلمین رہ کر ہو خیال روئے روشن آئینہ ایخدا ہو جائے آئینہ کا مسکن آئینہ

ہو جو اوس چال ذبح اس ناوک افگن آئینہ سب اپنے سینہ بدلے میری گردن آئینہ

تیر منہہ کے عکس کو سب سے چھپا اے پری ڈالدے بالونکی اپنے آگے چلمن آئینہ

آبداری و لطافت دیکھکر پوشاک کی جاہے قلعی چاہتا ہے تجھسے دامن آئینہ

ہین جہات ستہ حیران فرس آئے شہسوار جس طرف کو رخ کرے ہے پیش توسن آئینہ

بے غلاف اوسکو جو آرایش مین کی تمنے نہیں رو رہا ہے اپنے منہہ پر رکھکے دامن آئینہ

شوق خود بینی کا ہے اے شہسوار حسن اگر خانۂ زین مین لگایا لائے توسن آئینہ

ہم سیہ بختونکو حیرت تمکو ہر ہفتہ یہ شغل کنگھی چوٹی سرمہ کاجل مسّی منجن آئینہ

حیرت دل جوش گریہ مین طلسم تازہ ہے کیلئے تمنے نہ دیکھا ساری ساون آئینہ

قطرۂ ناچیز ٹھہرا اوسکی ہستی کے حضور اے خدا ہو شبنم گلبرگ سوسن آئینہ

پانی پانی ہو گئے پہول اپنی صورت دیکھکر پرتو رخ سے ہوا جب صحن گلشن آئینہ

تمکو خود بینی مین ہو منظور سیر باغ اگر بیٹھہ پر لادے پہرے پہولونکا خرمن آئینہ

دیکھنے والونکو اپنا چہرہ آتا ہے نظر ہے تری تصویر کا اے شوخ روغن آئینہ

دیکھے وہ ماہ دو ہفتہ منہہ اگر آٹھون پہر صاف ہو جائے مدور سے مثمن آئینہ

عاشقان خط کدورت سے اگر کرتے نگاہ طوطی زنگار کا ہوتا نشیمن آئینہ

اپنے گہر مین ہی مگر مشتاق دید یار ہے ڈہونڈہتا ہے جہانکنے کو کوئی روزن آئینہ

سیر سے جلتی ہین پریان سمجھہ کر گہر ترا زشت روکی آنکھہ مین ہوتا ہے دشمن آئینہ

فیض ہمتا ہی سے پاتا ہے طلائے حسن گرم اپنے پارس سے بنا لیتا ہے کندن آئینہ

سختی و گردش اٹھا کر دل نے پایا لطف وصل کیون نہ ڈہونڈہے خانۂ سنگ فلاخن آئینہ

تجکو ہو منظور عکس قامت رنگی جو سیر ہو سمٹ کر صبح حشر اے شوخ پر فن آئینہ

تم جو دیکھو عکس حسن صاف ہنگام خرام
قلعی صبح قیامت کا ہو معدن آئینہ

حسن محبوبان رفتہ کا ہے میرے دلمین انقش
مدتون سے عکس خوبان کا ہے مدفن آئینہ

اپنے حیرانونکو لکھتے سنگساری کا جو خط
بڑھ کے ہوتا نقطۂ نون فلاخن آئینہ

چاہتا ہے وہ بت فولاد دل کے دلمین گھر
ڈھونڈھتا پھرتا ہے اپنا خاص مسکن آئینہ

مقتل اہل صفا ہے حیرت افزائی جہان
اندنون گنج شہیدان کا ہے مخزن آئینہ

عاشق بیتاب کا سر کاٹ صحن قصر مین
کشتۂ سیماب کا ہوجاے مدفن آئینہ

آپکی تصویر کا ہے دیدنی آنکھون نہین
نصب ہے بالائے طاق چشم سوزن آئینہ

یا الٰہی خط روی صاف کا پرتو پڑے
رنگ مے سے زنگار سے ہر جامۂ تن آئینہ

تیری پلکونکو نہین دیکھا جو اے آئینہ رو
ہوگیا گھل گھل کے غم سے مثل سوزن آئینہ

آپ کی تلوار سے ٹوٹا ہوا دل صاف ہے
بال اپنے دھوے لیکر آب آہن آئینہ

سر کو پتھر سے پٹکتا ہے جدا ہی بت گاہ گاہ
چاہتا ہے تیری پیشانی کا چندن آئینہ

دو دلہ سمجھین کے بت مجھکو طریق عشق مین
پہلوے دلمین نہ رکھا اے برہمن آئینہ

شب کے ہمصورت دغا کرتے ہین اپنا ہی نام
دوستی کو اندنون رکھتے ہین رہزن آئینہ

تیل ملکر بالو نہین دیکھو گے جاڑونمین جو تم
عکس کے منہہ پر ملے گا موم روغن آئینہ

ہے دل وحشی ہین کاوش عشق مژگان کی ہم
چھالون سے کیونکر نکالے خار سوزن آئینہ

اے بت ترسا ولانان کو رکھا ہو جو ساتھ
اپنے گھر مین روز بجواتا ہے ارگن آئینہ

اس قدر بے نور ہے پیش حسینان فرنگ
صبح کاذب ہے میان شہر لندن آئینہ

پھر گئے سکتے مین مجھکو جانکر منکر نکیر
رکھدیا کسنے مری بالین مدفن آئینہ

تو وہ یوسف ہے کہ تجھسے چھٹ کے اندھا ہوگیا
دیدۂ یعقوب ہے اے ماہ روشن آئینہ

چشم خواب آلودہ ہر جوہر نظر آنے لگے
دیکھ پائیگا جو وہ مخمل کی چیکن آئینہ

دیکھتا ہے منہ اندھیرے مین جو شاہنشاہ حسن
نام اسکندر کیا کرتا ہے روشن آئینہ

رخت ہستی سکندر چشم جوہر سے گرا رہے
بہر نظر دیکہے اگر اوس گل کی چیکن آئنہ

عکس گیسو بازوؤن پر حیرت افزا ہوگیا
بنگیا موی نجف کا صاف جوشن آئنہ

صحبت اعدا مین ہوگا دل ہمارا نالہ کش
سے ملکے پتہرسے کریگا شور و شیون آئنہ

کہیلتا ہے آج عکس طوطی خط کا شکار
دام جوہر سے ہوا ہے صید افگن آئنہ

حضرت موسیٰ کو ہو یکدست حیرت تم جو جا
ہو ید بیضا میان وشت ایمن آئنہ

دانتون سے کہولین گرہ زلفو نکی را شمین اب
سمجھے حلقہ حلقہ کو ہیر یکا کنگن آئنہ

سرفراز اسدرجہ ہوتا دیکہتا وہ بت اگر
گنبد دستار مین کہتا برہمن آئنہ

وصل مین دل کو گلے لپٹا لیا اوس شوخ نے
بنگیا لوح بیاض حسن گردن آئنہ

ملگئی یکسر صباحت اور رنگینی درسے
عکس رخ سے ہے جبین صبح گلشن آئنہ

وہ جو آرہے ایسی حیرت میکدہ مین چہاگئی
دختر رز کو ہوئی خشت سر دن آئنہ

مشق خود بینی مین کہیلا طائر دل کا شکار
دہوکے کی ٹٹی بنا اسنے صید افگن آئنہ

ادس بت کو لاؤ دل کے سامنے رہنے لگا
بنگیا میرے لئے دیوار آہن آئنہ

اسطرح کہڑکی مین ہے وہ مصفا جلوہ گر
چوکٹے مین جیسے ہو ماہ روشن آئنہ

ڈال لیتا میری آہ سرد سے منہہ پر نقاب
پہونکتی ہے منہہ چہپانا نہ پر دامن آئنہ

بیضہ فولاد مین زردی نظر آنے لگی
عکس عارض سے ہوا جسوقت کندن آئنہ

دل مرا افسردہ تیری سرد مہری سے ہوا
آب یخ بستہ بنا ایماہ روشن آئنہ

دل مرا دیوار مین رکہکر بڑہا نور و ضیا
اے پری چشمہ ہو بہر چشم روزن آئنہ

حوض کوثر مین نظر آتی ہے کائی رات دن
جیسے عکس طوطی خط کا ہے مسکن آئنہ

ایکدم دست حنا بستہ سے چہونا چاہیے
اپنے چھالون سے ہے تنگ اے شوخ پرفن آئنہ

آبرو سے تا بیا پائی مکان یار مین
قد آدم پانی مین کہتا ہے مسکن آئنہ

زخمیان عشق خط کا جوش حیرت دیکہکر
مرہم زنگار دے اے شوخ پرفن آئنہ

سبزۂ بیگانہ سمجھی دیکھکر طوطی کا عکس
ہو اگر محوِ خطِ رخسار روشن آئینہ

سر دُھنی مین جو بائے دل صفائی کا مزہ
ہر نمد پارہ کو سمجھے ابرِ بہمن آئینہ

آپکے نامہ کی پیشانی او سی مطلوب ہے
چاہتا ہے یہ فریم ایماہ روشن آئینہ

حیف ہے میرا دل حیرت زدہ باہر رہے
اور گھر مین وہ کے کوٹے اونکا جوبن آئینہ

وہ حلب مین اور یہ پہلو مین پہر آتا نہین
صورت دل ترک کر جاتا ہے مسکن آئینہ

ہمسری افعی گیسو سے کرے ای بت اگر
خشتِ فولادیسی کہاپے سانپ کا من آئینہ

ہو گیا ماہِ صفر روز سفر مجکو منیر
چہرۂ قاتل کا دیکہا وقتِ مردن آئینہ

غزل

زاہدونکو رہتی ہے کوثر کی چاہ
مجکو ہے دور مئی احمر کی چاہ

ہو مسی کی اوس بُت کافر کی چاہ
شیشۂ دل کو ہوئی پتھر کی چاہ

کون ہے عاشق قد دلدار کا
کسکو تھی اس فتنۂ محشر کی چاہ

رندونکو پابندیے دنیا کہان
کشتیِ مے کو نہین لنگر کی چاہ

بلبل خالِ رخ دلدار ہون
ہے گُلِ داغ مہ انور کی چاہ

نشہ مئی مین جو تو ابرو چڑہاےئے
گردن مینا کو ہو خنجر کی چاہ

دست بکیئے نکلا ہے خطِ پشت لب
مور چونکو ہوتی ہے شکر کی چاہ

کانٹے سے کب نکہتِ گل کو ہوا نشں
روحکو کیا ہو تنِ لاغر کی چاہ

ہے دل پرداغ کو سودای خال
مور کو ہے دانہ اختر کی چاہ

شمع سے پروانہ کو ہوتا ہے میل
کیلیے دلکو مغو دلبر کی چاہ

نقش کو نقاش سے رغبت نہین
کب کسی بت کو ہوئی آزر کی چاہ

تیر سے دل کا ہدف اے بت ا دہا
طائر بے پر کو ہے شہپر کی چاہ

تشنہ مے باغ مین آتا ہے یاد
پھول کو دیکھا ہوئی ساغر کی چاہ

تو جو ہو پیش نظر اے مہ جبین
کلک کو کیا ہو مہ انور کی چاہ

لوٹ سب ہے پیر فلک اون انتو پر
شیخ کو ہے سبحۂ گوہر کی چاہ

زلف سے نکلے اوتری ہوی بال ونکو دے
تاجرونکو ہے اسی عنبر کی چاہ

گوشۂ دل مین رہیگا حسن رخ
آپ کے آئنہ کو ہے گھر کی چاہ

وحشت عشق لب گل رنگ سے
ہو رگ یاقوت کو نشتر کی چاہ

قمریونکو سرو سے کیا پھل ملے
سبزہ ہے لاشۂ بے سر کی چاہ

دیکھتے ہین آپ کا چاہ ذقن
رکھتے ہین اس چشمۂ کوثر کی چاہ

کعبہ مین اوس بت کا ہے انکو خیال
حاجیونکو بھی ہوئی پتھر کی چاہ

ہو گئے استاد سے فرقت منیر
خاک ہو اکسیر کے یا زر کی چاہ

غزل

چشم کلیم سے کرم ذو الجلال دیکھ
اے بت ہماری آنکھ سے اپنا جمال دیکھ

در پردہ دیکھتے ہین ہمارا کمال دیکھ
موسیٰ کی طرح ہم نہین ٹلنے کی ٹال دیکھ

اے بے مثال آپ تو اپنی مثال دیکھ
ضد ہے تو آئنہ مین قوس ع جمال دیکھ

مدت سے پھرتی ہین مین فلک ترے
آئینۂ دو رویہ مین اپنا جمال دیکھ

دن ہو گئے مہینے مہینے ہوی برس
عبرت سے روزنامچۂ ماہ و سال دیکھ

ابرو پر آئنہ مین لب بام کر نظر
اے ماہ آسمان پر آکر ہلال دیکھ

اوس خوش خرام سے تو کہان اوڑ کے جائیگا
اے کبک چوکتا ہے عبث اپنی چال دیکھ

زلفین میں ہان تنگ پر آئین تو بول وشہو
عنقا تک اسمین قید ہوا ہے یہ جال دیکھ

اے دل یہ گاہوارہ جنازہ سے کم نہین
کیا ابتدا کو دیکھ رہا ہے مآل دیکھ

برسات کا جو شوق ہے مجکو سوا کی روز
ایجان ابر زلف مین برق جمال دیکھہ

اوقات کانپور مین ضائع نہ کر منیر
چل لکھنؤ مین صحبت اہل کمال دیکھہ

غزل

ہوئی تکرار نالے سے عجب نوبت مرے دلکی
سب ملے وداع جب باہم صدا نکلی جلاجل کی

نئی تشبیہ وصف ابروے پرخم سے حاصل کی
زبان اپنی بنی ہے دستگی شمشیر قاتل کی

سواری پھر گئی آنکھون مین کس لیلی شمائل کی
کہ پھانسین چبھہ گئین پائے نظر مین چوب محمل کی

فرنگستان مین بھی شاید چلی تلوار قاتل کی
نظر آتی ہے صحبت ناچ گھر مین رقص بسمل کی

مرے تار سوال وصل کے پھندے بنا ڈالے
نکالی تم نے جالی رشتۂ آواز سائل کی

اسیر گیسوے پیچان کیا نازک مزاجونکو
تمہاری زلف پھانسی ہے گلوے شیشۂ دلکی

نکلواتے ہین اپنے پاس سے عشاق مسکین کو
ہمیشہ آپ گردن ناپتے ہین شیشۂ دل کی

سخن مین پھول جھڑتے ہین مگر رستہ لب سے
ہوائی چھوٹتی ہے شربت دیدار قاتل کی

چڑھاکر تار قاتل نے رگ حلق بریدہ کے
ستاری مین گتین کیا کیا بجائین رقص بسمل کی

پڑا ہے سبزۂ خط ذقن کا عکس حیرت ہے
لگے ہین حوض آئینہ مین کائی چاہ بابل کی

بتونکے حسن کا شہرہ خدا کے کان تک پہنچا
مگر پرواز اوڑائے طائر آواز سائل کی

صدائے اشتیاق وصل نے پکڑی ہی نس مین ایسی
ترے دروازہ پر آواز بیٹھی تیرے سائل کی

دولائی اس چمک سے تمنے اوڑھی چاندنی چھٹکی
بنی اس جسم رنگین کے نسخہ سی چاندنی مہ کامل کی

کھلا کر پان تمنے تلخ گوئی سے مجھے مار
گلوری تیری پڑیا بن گئی زہر ہلاہل کی

جبین و عارض جانانکی الفت جان لے ڈالی
کہین توڑے ہے طلسم زندگی لوح اس حمائل کی

سر مو سے آرائش وہی اسباب تعلق کو
بہت دست جنون سے چوٹیان گوندہی سلاسل کی

اسیر اوس نے کیا درماندگان دشت وحشت کو
کلاوہ آبلہ مین ٹانگ دین بیلین سلاسل کی

نہ بھولوں تا کہ راحت میں بھی آزارِ محبت کو
نشانہ سے رہا کافورِ افسردہ دلی قائم
سوالِ وصل نے رستہ بنایا گوشِ نازک تک
جوانی پاؤں لگا بوسے تمہارے ہاتھ کی لیکر
ہوئی پوری مراد اوسکی لہو ملتی ہی ہاتھوں میں
کیا قتل اوس نے مجلس میں لہو سے بڑھا تزئین
لبِ دریا وہ اکثر زلف کو دہوتے ہیں چھپ چھپ کے
مرے ضیقِ غمِ فرقت سے دریا تنگ ہوتے ہیں
تری ہی آنسوؤں کی چاندنی نکلی تو کیا حاصل
ہماری بات کوئی کان میں کہکر وہ نہیں سنتے
خوشی جاتی ہے دل سے حاکمِ معزول کی صورت
تصور گرمجوشی کا ہے فصلِ اشکباری میں
ثبات اسکو نہیں ہے اکطرف ہر سمت پھرتی ہی
رسائی رہروانِ عشق کی مشکل سی ہوتی ہی
اگر چھاپا اوڑا لیگی مری رنگین بیانی کا
چمن میں دیکھ کر اوس رشکِ گل کو باغبان لوٹے
سلے جاتے ہیں تلوے دستِ حورانِ بہشتی سے
نئے نسخے سے زلفِ عنبر افشان صفا ہوتی ہے
پہنچ جاؤں لحد تک قبل پیری کے تو بہتر ہی
دکھا کر چاندنی میں جوشِ بحرِ حسن گردوں کو
تمہارے دولتِ دیدار شاید ہاتھ آئے گی

مری ہر بند میں غنچے گرہ دیدی ہے مشکل کی
تری بندوق کی گولی میں ہے تاثیر قلقل کی
نہ آئی راہ پر نیت بھٹک کر تیری سائل کی
بنے گی چوبِ چینی ہر گرہ شاخِ انامل کی
اوٹھائی زخموں کے کوچہ سے مہندی خونِ بسمل کی
ملی زنجیر کے نالے سے مہندی خونِ بسمل کی
ملیگا مشک گیسو چین میں دامانِ ساحل کی
شکنجہ ہوتی ہے مجکو مسک آغوشِ ساحل کی
پھپھوندی بنکے دوڑیگی سفیدی ماہِ کامل کی
کھلا ہیں بالیکی مچھلی کو گولی نقشِ عامل کی
سحابِ غم کا آجانا مگر بدلی ہے عامل کی
مری برسات کی رت میں ہے گرمی تیری محفل کی
عروسِ دہر کی ہے ناک موم شمعِ محفل کی
دلِ سنگین میں تیرے ہے صنم سختی ہے منزل کی
سے گل کتریگی مقراض منقارِ عنادل کی
لگائیں ٹہنیان نخلِ تمنا نے عنادل کی
کفِ پا میں یہ بت کھنچواتے ہیں شاخیں انامل کی
کھلی پڑتی ہے تیرے سر میں بوئے حور کی گل کی
سحر ہو گئے تو کھوٹی راہ ہو جائیگی منزل کی
کفِ دریا بنادوگے ہتھیلی ماہِ کامل کی
ہتھیلی شام سے کھجلا رہی ہے ماہِ کامل کی

کیا ہے بیدلی نے خانہ برباد ایک مدت سے
ہوئی ہے طائر بے آشیان ہر آرزو دلکی

تری محفل مین خوبان جہان پا تہار گڑتی ہین
شکن شاید چرایا چاہتے ہین فرش مخمل کی

ہماری انگلیان کاٹینگے وہ نامہ کے لکھنے پر
کہلین گی ناخن شمشیر سی گرہین انامل کی

ضعیفی آتی ہے مضمون ہستی کا غلط پایا
سپہر پیر کی پیشانی ہے شاید خط باطل کی

ٹکیون کہاؤن ہوونگی عشق کی تلوا مین قدم تیرا
کہ تاریخ ولادت بیت ہی ابروی قاتل کی

بنائے دلکا نقشہ اپنی انگیا مین وہ رکہتی ہین
بچہاتے ہین نئی بنگلے مین کرسی خانۂ دلکی

سند کامل ہوئی ابجان تیری گلعذاریکی
خط رخسار پر مہرین ہوئین چشم غزال کی

نظر آتی ہے کیفیت تجلی کی ہر انگلی مین
شراب حسن سے لبریز ہین قلمین انامل کی

مری میراث مین کیونکر نہون جوہر صفائیکی
سکندر سے ہی مجہ تک ایک پشت آئینہ دلکی

ہوا ہے مہر جنونکی داور ٹگی تیری نگہی کو
لگادے چوکڑی ہی بت غزال وحشت دلکی

رہی سرقہ سے نفرت عرش کی مضمون لے آئی
منیر اسطرح مشق شعر گوئی ہمنے حاصل کی

غزل

کیفیتین ہین فیض جناب امیر کی
رکہی سبیل بادۂ خم غدیر کی

دل خیر مانگتا ہے بتان شریر کی
ناقوس برہمن ہین صدا ہی فقیر کی

یارب نہین تلاش قلیل و کثیر کی
سائل نہون کسی سی دعا ہی فقیر کی

مستی رہیگی عشق جناب امیر کی
توبہ نہین ہے بادۂ خم غدیر کی

تاکو نشانہ کرد و رہائی اسیر کی
حاجت ہے مرغ روح کو پر کی تیر کی

مجہپر زیادتی ہوئی برنا و پیر کی
حد ہوگئی گناہ صغیر و کبیر کی

پہندو نہین پہانستا ہون تہاب نے برہنگی
جالی بنا رہا ہون نقوش حصیر کی

الله تک پہونچتی ہین ارباب سلسلہ
تار کمند عرش ہے سیلی فقیر کی

دم مارنے کا حکم نہین قید خانہ مین — زنجیر بولتی نہین تیرے اسیر کی
حیرت سے تنگ ہاہی جو منہہ ایک یک کا — آئینہ کو تلاش ہے کسکے نظیر کی
دریا کو باندہ دیتے ہین اللہ والی لوگ — پانی مین ڈوبتی نہین کشتی فقیر کی
مجلس مین ہون روح مری انس لفظ مین — ممکن نہین کہ جان بہی چہوٹے اسیر کی
کہینچے ہین چلے گوشۂ عزلت مین مدتو — دی ہے بہت زکوۃ نقوش حصیر کی
شیرین لبونکا عشق ہی جنت مین بہی ہو — صورت بنی سے نہر لبن جوے شیر کی
لازم ہے کلیون کے لیے آب تیغ بہی — مسواک ہی دہان جراحت مین تیر کی
تہوڑا بہت یہانکا بہا ابر ہی آنکہہ مین — بہرتے ہین ہم قلیل مین بڑہتی کثیر کی
پیدا ہوئے ہین خلق مین سب نیکی کے واسطے — اول سے جانتے ہین حقیقت اخیر کی
دنیا کو آسمان دنی سے ہی دست بیع — یہ پیرزن مرید ہوا ایسے ہمسر کی
پورا کیا سوال ید اللہ نے مرا — دست خدا سے بہر گئی جہولی فقیر کی
طوفان وہ اٹہائے آپنے کہیلا جو کوئی کہیل — دریا بہی جو روی زمین پر لکیر کی
پہونکین گی بوریے مین یہ باے فقیر کو — خاصیت آتشی ہے نقوش حصیر کی
طوفان نوح ہو تو نہ بہیگے کسیکا بال — کافی ہے کائنات کو کملی فقیر کی
آیا جنون خرد کو دیا عشق نے جواب — کی آج بادشاہ نے بدلی وزیر کی
خالق نے عمر بہر کے تڑپنے کیواسطے — بسمل کی خونمین مری مٹی خمیر کی
تردامنونکو رحمت حق کی ہے جستجو — میخوارونکو تلاش ہی ابر مطیر کی
اہل فنا ہی وارث اہل فنا ہوئے — پائی حباب بحر نے ٹوپی فقیر کی
مجروح عشق کو دک شیرین دہن ہوا — آئی وہان زخم سے بو شہد و شیر کی
یہ ہے خلاف وضع جو چہوٹین تعلیان — ہے شرط میکشونمین گناہ کبیر کی
بیڑا غم جہان سے ہوا پار نزع مین — باد مراد سانس تہی رفت اخیر کی

حاسد کا سینہ چاک ہے سنکر مرا سخن
منہہ مین مرے زبان ہے پیکان تیر کی

قید قلم سے اپنی رہائی محال ہے
تصویر بہی اسیر رہے گی اسیر کی

کہنچکر کسیکا پوست کہین پوستین بنا
خالی نہین فقیر سے گدڑی فقیر کی

دوزخ مین آگ پوجتے ہین جا کے برہمن
کیا گرمیان ہین عشق بتان شریر کی

ہم جنسونکا شکار ہوا مین ضعیف و زار
پھانسی ہوئی گلے مین صدا ہمصفیر کی

کیا سرنگون زمانہ رہا تیرے سامنے
گردن جہکی سلام کو برنا و پیر کی

کیون لنترانیون سے جلاتے ہین گلبدن
کیا تہی چراغ طور مین بتی حریر کی

اللہ رے مرے نفس سرد کا اثر
سردی ہے آگ مین کرۂ زمہریر کی

اللہ مشتری ہے مزا دل دکان ہے
سوداگری ہے بادۂ خم غدیر کی

اے خضر میرے فقر کو حاصل نہین فنا
آب بقا مین چلتی ہے کشتی فقیر کی

میٹہا ہے خوب شہد قناعت سے منہہ مرا
چکہتا ہون چاشنی لب نان شعیر کی

اب طوق خاردار کا کیا اور ہو خراش
ہر آہ دل خراش ہے تیرے اسیر کی

تزئین تن ضرور ہے ترک لباس سے
خلعت کو میرے چاہیے کشتی فقیر کی

ہستی مری زمانہ مین ہے جائے گومگو
تصویر ہون تری دہن بے نظیر کی

سے پہنے جو پہول ماہ رخان صبیح نے
پہٹتی ہوئی ہے صاف کف جوئے شیر کی

اے روشنی طبع تو بر من بلا شدی
سیدہی کہی تو ہو گئی اولٹی کبیر کی

شام شب وصال سحر ہو گی بات مین
قلعی کہلے گی آئینہ چرخ پیر کی

ہوگا یہ اضطراب جو میرا مزار مین
کس طرح آنکہہ ٹہہر گی منکر نکیر کی

ہر غم مین روح مانگتی ہے جسم سے مدد
دیتا ہے بادشاہ دوہائی وزیر کی

میخوارون پر ہے سایہ فگن رحمت خدا
چہتری لگائے پہرتے ہین ابر مطیر کی

خالق نے خاکسار کو اپنے کیا لطیف
مٹی کر عطر مین مری مٹی خمیر کی

یکسان ہوا اخیر کو انجام جزو و کل / میزان برابر آئی قلیل و کثیر کی

کوڑی کے مول اطلس گردون عدو سمجھے / مردون کے آنکھ مین نہین حرمت حریر کی

سودائے زلف یار سے پیدا ہوئے طلسم / مار سیہ بنا جو جنون مین لکیر کی

آئے ہوا آفتاب قیامت کے بہشت مین / پہیلی ہے دہوپ جلوۂ حسن شریر کی

دریا سے گھٹے جو آنسو ونکے قطرے بڑہ گئے / کثرت قلیل کی ہوئی قلت کثیر کی

مجہسے ہی میری طبع کو ہین سرد مہریان / شاید ہے عنصرون مین ہوا زمہریر کی

میرے ہجوم آہ وفغان سے نیائی راہ / اولٹی پہری سگلے کو صدا ہمصفیر کی

ایمان فروش ہونگے خریدار سلطنت / دنیا نہین دکان ہے تاج و سریر کی

جاتا ہے کوئی کعبہ کو بتخانہ کو کوئی / منزل جدا جدا ہے ہر اک راہ گیر کی

تار نگاہ دیدۂ یعقوب تار ہین / یوسف کا پیرہن کفنی ہے فقیر کی

صحن زمین سے رونیکا طوفان لے اوڑا / موجین گئین فلک کو نقوش حصیر کی

سایہ ہے دام زلف کا بازوے صاف پر / مچہلی تمہارے جال مین ہے جوی شیر کی

کیا ہم کو لطف زیست کہ مرتے ہین آپ پر / حالت تمام عمر ہے وقت اخیر کی

جام جہان نما ست ضمیر منیر دوست / ساقی سے کچہ چہپی نہین حالت منیر کی

غزل

دل عشاق سے حسن قد و عارض کی شہرت ہے / ہمارے سینہ کوبی نوبت صبح قیامت ہے

میسر عاشقونکو حسن روز افزونکی دولت ہے / زر گل کا نہین توڑا اگر بلبل سلامت ہے

دل وحشی بسان کشتۂ شمشیر حسرت ہے / ہمارا قالب خاکی نہین مجنونکی تربت ہے

وفور خون پا ہی بیڑیونکے حلقہ حلقہ مین / ہمارے خانۂ زنجیر مین یاقوت کی چہت ہے

ازل سے ہے سیہ روزی تری وحشی کی قسمت مین / مرا سر ہے وہ نافہ جسکے اندر مشک ظلمت ہے

پتا کیا پوچھتے ہو غافلو گور غریبان کا
سواد اس شہر نا پرسان کا دود شمع تربت ہے

خبر سے بے پھرتے ہین ہمسری دہ دل وحشی غنا کر
ہمیشہ چار کی کانہ ہو مقام اہل غفلت ہے

توانگر اپنے سامان طرب پر ایسے غافل ہین
کہ ہر نقار خانہ مین نفیر خواب غفلت ہے

مین وہ دیوانہ ہون جسکی جنونکا غل ہی محشر مین
کف میزان مین بھی میری لیے سنگ ملامت ہے

ملایا ہے فلک نے خاک مین کیا کیا صبیحونکو
مری نظرون مین جو ڈھیلا ہی کافور صباحت ہے

شب ہجران بسر ہوتے ہوی دیکھی نہین ہمنے
سفیدی بیضۂ عنقا کی شاید صبح فرقت ہے

مرید حسن جانان شمع مہ کو ہم سمجھتے ہین
مگر فانوس گردون آستین دست بیعت ہے

خجل ہے میکدہ اتنا ہماری وسیاہی سے
کہ ہر شیشہ نظر مین قطرۂ اشک ندامت ہے

سمجھتا ہون نہین خود بینی کو بدتر سنگساری سے
بت پندار میری نظرون مین سنگ ملامت ہے

لگادے سبزۂ رخسار کی تصویر رضوان نے
تبون کا طوطی خط سبزہ دیوار جنت ہے

منیر اس گھر مین آکر حشر تک باہر نہ نکلے ہم
جو دیکھا چشم باطن سے لحد گنج قناعت ہے

غزل

تمہاری زلف رخ کا لطف ہم ای مہ لقا سمجھے
اسی بال آئینہ کا اور اوسکو آشنا سمجھے

اگر اس صاف پھبتی پر ہو برہم تو جانیدو
کسوٹی زلف کو عارض کو ہم لوح طلا سمجھے

سیہ قلبونکی صورت کھوٹی باتین کیون سنین توبہ
پری چہرے کو سمجھے زلف کو کالی بلا سمجھے

وہ دیوانہ ہی جو آسیب سے تشبیہ بیجا دے
اسے ہم دولت حسن اور اوسکو اژدہا سمجھے

خزانہ زر رو ہے سانپ ان پر زہر کھاتے ہین
کہین لفونکو عارض کو منہ پھنیا سمجھے

لگائین داغ اس تشبیہ سے دونونکو کیون ناحق
دھوان سمجھا اسے اور اسکو شمع مدعا سمجھے

معاذ اللہ ہم کیونکر جلی چیزون سے نسبت دین
بنفشہ اسکو اور اوسکو گل باغ وفا سمجھے

جو اس تشبیہ سے بھی ہو پریشانی طبیعت کو
اسی کافور سمجھے اوسکو مشک جانفزا سمجھے

اگر نازک مزاجی سے نہو منظور نسبت
شب قدر اوسکو سمجھو اور اوسی بدر الدجا سمجھی

اگر گھٹتی نہو قدر حسن اس تشبیہ ناقص ہے
اسے شام مراد اوسکو چراغ مدعا سمجھے

عجب اندھیر ہے جی جل رہا ہے ایسی باتونسے
اسے ریا خوبی اور اوسے موج صفا سمجھے

نہین کچھ آبرو اسمین بھی لف روی زیبا کی
اسے آئینۂ دولت اوسے بال ہما سمجھے

جو یہ تشبیہ بھی گیسو و عارض پر نہو صادق
شب معراج اسکو اور اوسی نور خدا سمجھے

غزل یہ نظم کی فرمایش نواب سے ہینے
قصور اوس کا ہے میری فکر کو جو نارسا سمجھے

میں ان ساری تشبیہونکے بعد اب اور کیا کہیے
اسے قرآن اوسے سطرین اگر سمجھے بجا سمجھے

غزل

وہ زلف ہوا سے مجھے برہم نظر آئی
اور اڑتی ہوئی ناگن قد آدم نظر آئی

ہے پنجۂ رنگین مین ہمارا دل بیتاب
یہ آگ تو سیماب سے باہم نظر آئی

آغاز مین ہستی کی اجل آگئی اے دل
جو چیز موخر تھی مقدم نظر آئی

شبنم کی ہے انگیا تلے انگیا کی پسینا
کیا لطف ہے شبنم تہ شبنم نظر آئی

مجروح کیا الفت ابرو نے قسم ہے
محراب حرم ناخن ضیغم نظر آئی

اونی ہے یہ ایجان سراپا کی لطافت
پیرہن مین تری حور مجسم نظر آئی

زنجیر پہننے سے ہوا قیدیون کا نام
ہر ایک کڑی حلقۂ خاتم نظر آئی

توبہ کی مگر تشنہ سے اوس حور شیم نے
کیون آتش مے نار جہنم نظر آئی

تم بالونکو کھولے ہوئے گلشن مین جو آئی
ہر شاخ شجر زلف نمط خم نظر آئی

بدظن نہو کس طرح منیر آج خدارا
مسکی ہوئی انگیا تری محرم نظر آئی

غزل

[illegible] نکے واسطے مسکن بنائینگے
شاخ غزال شاخ نشیمن بنائینگے

مرکر بھی بتکدہ ہی مین مسکن بنائینگے
مینا ہی گو گنبدِ مدفن بنائینگے

گلشن مین گیسوے بتِ پرفن بنائینگے
موج نسیم صبح کو ناگن بنائینگے

دردِ دہن کو قاتم زر سمجھے گا جہان
اکسیر کا ترے لیے منجن بنائینگے

باریکیان جراحتِ نشتر کا تکی دیکھہ سے
عینک برای دیدۂ سوزن بنائینگے

قاتل سے بسملونکو علاقہ ضرور ہے
سیلی چھری کی شہرگِ گردن بنائینگے

وصفِ مسی مین خامہ بنیگا جو موج دود
شاعر دوات کو گل سوسن بنائینگے

مرنے کے بعد صحبتِ گردش وہی ہی
لوح مزار سنگ فلاخن بنائینگے

نقاش چاکے طور سے آئین کی چراغ
تصویر یار کے لیے روغن بنائینگے

برباد ہونے پر بھی کرا ہین گے کہانیکو
دشمن ہوا مین قلعۂ آہن بنائینگے

سرخی تری کتاب کو اے ترک چاہیے
شنجرف خون گاؤ برہمن بنائینگے

دشمن کو ساتھہ دست کے لائینگے تری پاس
قصاب کو رفیق برہمن بنائینگے

عیسی تمہارے زخمیونکے جسم زار کے
پلکین برای دیدۂ سوزن بنائینگے

ہنس ہنس کے کہتے ہین خط عارض کو دیکھہ کر
ہم صاعقہ کو حافظ خرمن بنائینگے

لکھنے مین ہم کو وہبی بیساختہ وصف
خامہ بدون منتِ قط زن بنائینگے

دیوار سے پڑے تھی نظر اہل دید کی
منگوا کے بجلیان تری چلمن بنائینگے

جلوے یہی رہے جو بتان فرنگ کے
ٹھنڈی سڑک کو وادی ایمن بنائینگے

مستی لگا کے آپ لکھین گے جو ہمکو خط
نامہ کی مہر کو گل سوسن بنائینگے

رکھین گے پھر کسی سے ملاقات ظاہری
جبین یہ ہے منیر کو دشمن بنائینگے

غزل

آنکھیں خدا نے بخشی ہیں رونیکے واسطے
دو کشتیاں ملی ہیں ڈبونے کی واسطے

عریاں چلو نہیں قبر میں سونیکے واسطے
کافی ہے مجکو پوست بچھونیکے واسطے

کشتوں کے کھیت میں جو حضور آج ہنس پڑے
موتیکے دانے ملگئے بونیکے واسطے

نیند اوڑ گئی ہے رنگ طلائی کی یاد میں
پارس کا سرمہ چاہیے سونیکے واسطے

افسوں سامری کو جلاتے ہیں وصل میں
جادو جگا رہے ہیں وہ ٹونیکے واسطے

تڑپا ہوں خاک پر تو کیا چرخ نے کرم
بجلی گرائی میرے بچھونیکے واسطے

خوابیدگان خاک ہیں گریاں مزار پر
سوتوں کی آنکھیں کھل گئیں رونیکو واسطے

یہ گھل سکے مرگیا ہوں کہ میرا کفن تمام
جالا بنا ہے قبر کے کونے کی واسطے

جینا ہے سبکو موت ہے تصویر کیطرح
نقشے جمے ہوئے ہیں نہ ہونیکے واسطے

سنگین دلی سے جیبی نگوں کی ہے چمک
سنگ محک ضرور ہے سونیکے واسطے

گویا زبان ہوں وہ ہیں روزگار میں
کیا کیا مزے ملے مجھے کھونیکے واسطے

نقش نگین مہر مرا نقش آب ہے
پیدا ہوا ہوں نام ڈبونیکے واسطے

دانتوں کے عشق میں یہ ہوا غرق لاغری
دوڑا ہوں موتیوں کے پرونیکے واسطے

چسکی لگی ہے بوسۂ حسن ملیح کی
زخموں کے منہ کھلے ہیں سلونیکے واسطے

میلا ہے فرش پرتو مہ آج میکشو
لاؤ شراب چاندنی دھونیکے واسطے

شاید کرینگے چشمۂ خورشید میں وہ غسل
شبنم چلی ہے پانی سمونیکے واسطے

اوس حسن پر نمک ہیں شبیہ نمود خط
دیکھا ہجوم مور سلونیکے واسطے

قارون کا بھی خزانہ لٹا دیجئے منیر
ممسک کا مال لوٹیئے کھونیکے واسطے

غزل

ثابت رہا فلک مری نالوں کے سامنے
ٹھہری سپر حباب کے بھالوں کے سامنے

موسیٰ ہیں غش میں گیسوؤں والوں کے سامنے — گل ہے چراغ طور بھی گالوں کے سامنے

پھولوں کا رنگ زرد ہے گالوں کے سامنے — سنبل میں بل نہیں ترے بالوں کے سامنے

رکھوائے جھاڑ اوس نے نہالوں کے سامنے — قلمیں لگیں بلور کے ڈالوں کے سامنے

جاتا ہوں جب خزان میں نہالوں کے سامنے — آنکھوں سے نہریں بہتی ہیں تھالوں کے سامنے

پھولے شفق تو زرد ہو گالوں کے سامنے — پانی بھرے گھٹا ترے بالوں کے سامنے

تارے ہوئے غروب خط و خال دیکھ کر — گوروں کے پاؤں اوٹھ گئے کالوں کے سامنے

آنکھوں میں پھرتے ہیں نہیں آتی ہیں روبرو — پردے پڑے ہیں دیکھنے والوں کے سامنے

دیکھا ہے عاشقوں نے برہمن کی آنکھ سے — ہر بت خدا ہے چاہنے والوں کے سامنے

چھوٹ جائینگے اسیر جو پیا زلف خم بخم — کٹتی ہیں بیڑیاں ترے بالوں کے سامنے

بیتاب دست شوق ہیں جوبن کے روبرو — بوسہ میں جان بلب تری گالوں کے سامنے

افراط مے سے مجھکو یہ جوش سرور ہے — بجواؤں جلترنگ میں پیالوں کے سامنے

جلد بدن سے ہے تختۂ مشق سیاہ غم — رہتی ہے یہ کتاب رسالوں کے سامنے

آنکھیں تمہاری دیکھ کے کچھ سوجھتا نہیں — بھولا ہوں چوکڑی میں غزالوں کے سامنے

دروازوں پر بتوں کے لگایا گئے الاؤ — ہولی جلائی ہمنے شوالوں کے سامنے

زلفوں میں دیکھتا ہوں ترا چہرۂ صبیح — لبریز جام شیر ہے کالوں کے سامنے

تیری گدا سے بند ہے عالم کا ناطقہ — آتے نہیں جواب سوالوں کے سامنے

کھینچے بتوں اپنی طرف نالہ نے انکے دل — قبلہ نما پھرے ہیں شوالوں کے سامنے

چوری سے بوسۂ کف پا لیں جو اے پری — ہونٹ اپنے چوم لوں ترے گالوں کے سامنے

پوچھا فلک کو فقر کا رتبہ حضور عیش — کمل چڑھے ہیں چرخ دوشالوں کے سامنے

اہل کتاب ہیں صف مژگاں کے روبرو — کاغذ کے دستے آئے رسالوں کے سامنے

فیاض سائلوں سے نہیں کرتے سرکشی — شیشوں کے سر جھکے ہیں پیالوں کے سامنے

دست جفا اوٹھائین گی کیا جسم زار پر
کانٹا ہون تیغ ناز کے چھالونکے سامنے

شیشے کو حسن گرم نے پارہ بنا دیا
آئینے اوڑ گئے ترے گالونکے سامنے

تیغ نگہ کو موتیونکی آب چاہیے
آئینہ رکھہ کے دیکھیے چھالونکے سامنے

جلتے رہے بتونکی حضور مین شمعرو
پریان ستی ہوئی ہین شوالونکے سامنے

ہمچشمون پر لگائی ہین اوس بت نے گولیان
توڑے ہوئے ہین شیر غزالونکے سامنے

جادہ بنت بنا مری وحشت کی فیض سے
گوٹے سے کے گوکھرو ہوئے چھالونکے سامنے

میرے ہنر کا کوئی نہین قدردان منیر
شرمندہ ہون مین اپنے کمالونکے سامنے

غزل

سخت جانی کا صحیح افسانہ ہے
شاہد تیغ زبان دندانہ ہے

مقتل عالم مرا ویرانہ ہے
دیدۂ بسمل چراغ خانہ ہے

شمع روشن عارض جانانہ ہے
خال مشکین شمع کا پروانہ ہے

دل مین عکس چہرۂ جانانہ ہے
آئینہ کا آئینہ مین خانہ ہے

کون دنیا مین رہے دیوانہ ہے
ایک اوجڑا سا مسافر خانہ ہے

تیری محفل کعبہ ہے اے شمعرو
طائر قبلہ نما پروانہ ہے

آنکھین ملتا ہون تمہاری زلف سے
پنجۂ مژگان برنگ شانہ ہے

شمع رویون کی تجلی دیکھیے
کرمک شب تاب ہر پروانہ ہے

آب خنجر کیا شراب ناب تھی
رقص بسمل لغزش مستانہ ہے

خلق عالم کو لہو نچتا ہے گزند
نفس امارہ سگ دیوانہ ہے

بادہ نوشان ازل ہین سیرچشم
جس طرف دیکھین اودہر میخانہ ہے

ابر آتا ہے تو بکتی ہے شراب
نقد رحمت حاصل میخانہ ہے

ایک تیرے نام کا کرتا ہون ذکر
مجکو ورد سبحۂ یکدانہ ہے

کہاتے ہین انگور پیتے ہین شراب
بس یہی مستون کا آب و دانہ ہے

کس طرف کرتے ہو سجدے زاہدو
کعبہ ایک اوجڑا ہوا بتخانہ ہے

چشم موسیٰ سے کہون پردے کا نہین
لن ترانی کا بیان افسانہ ہے

ٹھنڈے ٹھنڈے سوتے ہین زیر زمین
گور اپنے واسطے تہ خانہ ہے

کیا سنے سودا ترا اے خود فروش
مول جو ہمنے کہا بیعانہ ہے

دیکھتے ہین بت مری بیتابیان
سر پٹکنا سجدۂ شکرانہ ہے

کیا ترا آئینۂ رو صاف ہے
زنگ جبین سبزۂ بیگانہ ہے

خوب تعزیر گناہِ عشق ہے
نقد جان لیتا یہان جرمانہ ہے

گرمیان سے سرد ہین اے ہمصفیر
ظاہرا کنج قفس خسخانہ ہے

کی ہے مفت آج قاضی نے حلال
فی سبیل اللہ ہر میخانہ ہے

اختلاط اپنے عناصر مین نہین
جو ہے میرے جسم مین بیگانہ ہے

کیا سمندر کو دکہائین گرمیان
دوزخ اپنا ایک آتشخانہ ہے

ہو گئے مثل سلیمان اہل عشق
اے پری کیا ہمت مردانہ ہے

دل ہے آئینہ تو اسکندر ہو نہین
حسن کی دولت مرا نذرانہ ہے

عرش تک گردون سے دیکہا اے صنم
سات زینہ کا یہ بالاخانہ ہے

کہیل جاتے ہین ہزارون جان پر
عشقبازی بازیٔ طفلانہ ہے

جان دیتا ہون مگر آتی نہین
موت کو بہی ناز معشوقانہ ہے

پاتے ہین نقدِ زرِ گل بے حساب
باغ عالم اوسکا دولت خانہ ہے

آج ہے محوِ شناوہ شمعرو
ہر پر ماہی پر پروانہ ہے

دل کہان یہ نفس اتارہ کہان
آئینہ پیش سگ دیوانہ ہے

عفتِ مشاطہ کس سے ہو بیان
پنجۂ مریم تمہارا شانہ ہے

میکدہ سے کے کام دلسے لیجئے
خمّ کا خمّ پیمانہ کا پیمانہ ہے

لکھنؤ کا مجھکو سودا ہے منیر
دل حسین آباد پر دیوانہ ہے

غزل

دہیان بتخانہ کا ہے کعبۂ ایمان ہوئے
یاد ہے روی صنم صوتِ قرآن ہوئے

لطف ہے پنجۂ وحشت کہ گریبان ہو تنگ
مدد اے خضر جنون راہِ بیابان ہوئے

چمن کوچۂ جانان کے جو افسانے سُنے
شیخ سعدی بھی حکایاتِ گلستان ہوئے

محو یادِ لبِ جان بخش ہے برسون تک
حضرتِ خضر رہِ چشمۂ حیوان ہوئے

تیری رفتار اوڑاتا ہے مجھے کھٹکا ہے
چال اپنی نہ کہین کبکِ خرامان ہوئے

آپ کو شرم پیا میوۂ جنت کہایا
بوسہ ہونٹونکا لیا چاہِ زنخدان ہوئے

قتل کرکے مرے لاشے کو کفن بھی نہ دیا
سر مرا یا در ہا پر [illegible] ہوئے

خارخارِ دلِ وحشت زدگان جب دیکھی
[illegible] مغیلان ہوئے

خود فراموشونکو تکلیف بہت دیتا ہے
[illegible] گردش نہ کہین گنبدِ گردان ہوئے

یہ تو فرمایئے چاند آج کدہر نکلا ہے
کس طرف ماہِ تمام آیا مہِ رخشان ہوئے

وحشتِ دل سے پریشان ہوئے ہو [illegible]
اے پری جیسی تری زلف پریشان ہوئے

لبِ لعلین پہ اگر پان کی [illegible]
گلنشین جو ہونٹکی یاقوتِ رقم خان ہوئے

دیدۂ غول سے ہم چشم [illegible] تیغ
راہِ جنت نہ کہین روحِ شہیدان ہوئے

طاقِ نسیان سے بہت [illegible] برقِ ابرو
عاشق اوس کا نہین جو سجدۂ یزدان ہوئے

اے صنم مصحفِ رخ [illegible] جو تیرا دیکھا
صاف آموختہ اطفالِ دبستان ہوئے

جب سے خورشید کی [illegible] ہو سحر و منیر
فکرِ اشعار تو کیا فکرِ تن و جان ہوئے

غزل

فصلِ بہار آئی ہے پیمانہ چاہیے
بلبل کے ساتھ نعرۂ مستانہ چاہیے

عشاقِ شمعِ حسن کو کیا کیا نچا ہیے
پروازِ رنگ کو پرِ پروانہ چاہیے

پیری مین رات دن ہمین پیمانہ چاہیے
رعشہ کے بدلے لغزشِ مستانہ چاہیے

وحشت مین بات عقل کی مستانہ چاہیے
کانون مین پنبۂ کفِ دیوانہ چاہیے

کنگھی بناؤن چوب عصاے کلیم کی
تسخیر مارِ گیسوے جانانہ چاہیے

دریاے وحدت و چمنِ دہر سے ہمین
دُرّ یگانہ سبزۂ بیگانہ چاہیے

آب و غذاے عاشقِ زندان محال ہے
روز آب و دانہ دُرِّ یکدانہ چاہیے

مین سائلِ کمالِ جنون ہون مرے لیے
کجکول کاسۂ سرِ دیوانہ چاہیے

اسرارِ حق ہین دلمین مگر دل ہے بیخبر
اس گنج کے لیے بھی ویرانہ چاہیے

سیرِ بہشت چاہتے ہین نشہ مین مدام
مستونکو چشمِ حور کا پیمانہ چاہیے

گو بے نقاب رہتے ہو پر دلمین ہی حجاب
در پردہ ہم سے آپ کو چھپنا نچاہیے

عاشق بنا کے ہمکو جلاتے ہین شمع رو
پروانہ چاہیے نہین پروانہ چاہیے

اے پیرِ مے فروش درِ توبہ کی طرح
وا روزِ حشر تک درِ میخانہ چاہیے

تا مرگ آشنا نہوا ایک سبزہ رنگ
تربت پہ اپنی سبزۂ بیگانہ چاہیے

دشمن سہی وہ تو تم بھی نہو دوست اے منیر
اپنا برا نچاہیے اچھا نچاہیے

غزل

بے مانگے جام دلمین لبالب شراب ہے
کاسہ فقیر کا قدحِ آفتاب ہے

نا پائدار خلقتِ دہرِ خراب ہے
گھر ہوا گر فلک کے برابر حباب ہے

آہِ شرارہ بار سے دل نقشِ آب ہے
جس مین ہوا ہو گرم وہ پیدا حباب ہے

بخت زبون سے کام مرا نقش آب ہی
منزل مرے ستارہ کی برج حباب ہے

کیا آج کل سے گردش جام شراب ہی
اول سے دورۂ قدح آفتاب ہے

تازہ مرے مسیح کو ذوق شراب ہے
بریان اب آفتاب سے مرغ کباب ہے

سوز خیال گیسوئے پرپیچ و تاب سے
پہلو مین دل نہین یہ شامی کباب ہے

دریا مین بے ثباتی عالم کو دیکھ لے
جام جہان نما سے زیادہ حباب ہے

دل ٹکڑے ٹکڑے ہے مری الفت کے جوش سے
شیشہ کو توڑ دیتی ہے یہ وہ شراب ہے

کھلتا نہین ہے اسکے وجود و عدم کا حال
پیچ پوچھئے تو عقدۂ لاحل حباب ہے

افراط مے کشی سے خم بادہ بنگیا
بدلے لہو کے میرے بدن مین شراب ہے

مجکو بتا رہا ہے ترے گھر کی راہ خضر
شیطان آج ہادی راہ ثواب ہے

اہل فنا کو ننگ رسائی [illegible]
دل توڑنا کسیکا شکست حباب ہے

کیا ہوسے خضر زندگی مستعار پر
آب حیات مین بھی فنائی حباب ہے

روشن ہوا ہے نام زمین آسمان مین
کیا آفتاب آپکی مہر خطاب ہے

ہے گورے گورے گالون مین سرخی بہار کی
غازہ تمہارے چہرے کو رنگ عتاب ہے

پرتو فگن رہا ہے جو تا صبح روئے یار
آئینہ مین جلائے شب ماہتاب ہے

دریا دلون کے جاہ و حشم کو کہان ثبات
موجون کی چوب دشمن کوس حباب ہے

ہم بادہ کش ہین عالم بالا کی مے پرست
اڑتے کے ہاتھ مین قدح آفتاب ہے

کس کس بت امیر کا عاشق ہون ای خدا
ہر داغ میرے سینہ مین مہر خطاب ہے

مرکر بھی مین بتون کے دلون کا غبار ہون
کعبہ مین دفن عاشق خانہ خراب ہے

پھر جہان مین اہل فنا دردمند ہین
دنیا مین جو حباب ہے چشم پر آب ہے

چن چن کے خال یار کے مضمون لکھ لئے
نقطہ مری غزل مین جو ہے انتخاب ہے

مرتا ہے وہ بلا سے تمہین جسکو تم سے ہو
اللہ کی جناب تمہاری جناب ہے

میٹھی چھری ہین آپ کی شیرین کلامیان
تلوار کا حضور کے منہ مین لعاب ہے

دہو دہو کے پاؤن گلبدنون کو پیا کیا
میری زبان ماہئ نہر گلاب ہے

آئینہ رو کوئی مرے دل سے نہین ہے صاف
مدت ہوئی کہ آئینہ خانہ خراب ہے

کوڑا لگاؤ توسن باد بہار کو
قمچی تمہارے ہاتہ مین شاخ گلاب ہے

ہے میری قبر پر نگہہ گرم آپ کی
اپنا غبار تو وہ تیر شہاب ہے

کیا احتیاج شہر عدم کو حصار کی
سیفا مدہ کمر مین حسینون کو ڈاب ہے

دیکہا جو اوس مین منہ ہوئی شمشیر ناز تیز
قاتل کے آئینہ مین بہی خنجر کی آب ہے

جز گریہ اور کچھ نہین پایا مین تیرہ روز
بخت سیہ نہین ہے الہی سحاب ہے

جز و ضعیف کو بہی سمجھتے ہین ہم قوی
ہر پشہ حقیر نظر مین عقاب ہے

اللہ رے ناتوانون کی نازک دماغیان
درد سر انکو باعث بوئے گلاب ہے

تار شعاع بن کے کمر آتی ہے نظر
کیا تیری گرد ہی مین زر آفتاب ہے

دیکہا ہے ساری خشک و تر روزگار مین
دریا اگر حباب ہے صحرا سراب ہے

پیری عبث چڑاتی ہے وقت اخیر مین
ہم صحبت ایک عمر کا عہد شباب ہے

آب روان کا رونے نے بخشا ہی پیرہن
زیبندہ میرے سر کو کلاہ حباب ہے

پیری مین ہے کمال سیہ کاریون کا شوق
ریش سحر کو حاجت رنگ خضاب ہے

بیت الشرف ہے ساغر مے سے مرا مکان
برج حمل مین طاق شراب آفتاب ہے

حورون سے دم خفا ہے ہمارا بہشت مین
سچ ہے کہ غیر جنس کی صحبت عذاب ہے

کرتا نہین نگاہ ادہر غیر کے سبب
ابلیس آج مالک تیر شہاب ہے

مہمان گہر مین چور ہے سوتے ہین پاسبان
دل مین خیال جار ہی آنکہون مین خواب ہے

خود بینیون کی دہوم ہے تا چرخ ای پری
آئینہ تیرے دیکہنے کا ماہتاب ہے

پردہ کی احتیاج نہین تجکو ای پری
دامن شعاع حسن کا جائے نقاب ہے

قطرہ ہین عرق کے گل رخ پر بنگ عطر ان موتیون مین آب کی بدلے گلاب ہے
مدت ہوئی کہ گور مین انکی ہوئی ہین پاؤن اپنے ہی گھر مین آپ مجھے پا تراب ہے
دیوانون سے گریز ہے اوس شہسوار کو چشم پری مگر عوض ہر رکاب ہے
نام بتان لیا ہے نکیرین سے گے حضور کیا شیشہ سوال کا پتھر جواب ہے
دروزبان ہین اہل زبان کو حکایتین دروازہ تیرے گھر کا گلستان کا باب ہے
مستی دہان تنگ ہین سمجھے ہین جو ہین شاید عدم کی بوکون کو ذوق خضاب ہے
حیرت زدونکو فکر نہین انقلاب کی تصویر کے ابھارے ہین عہد شباب ہے
جولانگہہ جہان مین نہین جاے بود و باش ہر شہسوار دیکھیے پا در رکاب ہے
برباد ہے کہین تو کہین ہے غبار دل کیا میری مشت خاک کی مٹی خراب ہے
کیا کہہ سکون پردہ شیخ و برہمن کا حال الله شبہہ حجاب مین بت بے حجاب ہے
کھینچا کسی نے عطر کسی نے اوڑا دیا مٹی میرے غبار کی کیسی خراب ہے
قندیل مین چراغ قمر کی ہے روشنی جالی کی تیرے چہرے پہ اے بت نقاب ہے
رنگت بدل گئی کف ساقی مین دیکھیے پھولون کی یہ چھڑی ہی کہ سیخ کباب ہے
انجام دیکھتے نہین دیوانونکا کبھی شاید کہ ناتمام جنون کی کتاب ہے
الله ری ہماری تلون مزاجیان بت کو خدا سمجھتے ہین کیا انقلاب ہے
حصہ ہین بادہ خوارون کو ہی رحمت خدا میخانہ کے دھوئین سی وجود سحاب ہے
پڑھتے ہین فاتحہ مری تربت پہ آشنا لوح مزار صفحہ ام الکتاب ہے
کیا احتیاج ہے تری کاکل کو دوڑ کی سررشتہ حیات مین کیا پیچ و تاب ہے
انجام دیکھتا ہون مین آغاز عشق مین خطبہ مین کیا لکھی ہوئی ساری کتاب ہے
اصلاح خاص حضرت ناسخ سے ہو ای منیر میرے گمان مین یہ غزل لاجواب ہے

اکسیر ہم کو خاک در بوتراب ہے

جینا خلاف وضع بتان حمات ہے
اے خضر آبرو ہے مجھے آب حیات ہے

ان روزوں لطف حسن ہی آؤ تو بات ہے
دو دن کی چاندنی ہے پھر اندھیاری رات ہے

پریوں کو جو حبشیوں کی طرف التفات ہے
افسانۂ جنون یہ نہیں خاطرات ہے

ہے خضر بھی اسیر عجب واردات ہے
وہ زلف دام ہاتے آب حیات ہے

طب اللسان تراجمیں کائنات ہے
شبنم نہیں لعاب زبان نبات ہے

ہر مدح سے غنی مرے خالق کی ذات ہے
تعریف کائنات کی کیا کائنات ہے

شاعر ہوں ای منیر فنا سے نجات ہے
ہر ایک بحر جدول رنگ ثبات ہے

موتی پروتے بال ہیں جوبن کی بات ہے
کیا پیاری پیاری تاروں بھری آج رات ہے

ہوتی ہے صبح لیجئے تھوڑی سی رات ہے
کروٹ ادھر کو لیجئے یہ کون بات ہے

دائم حیا کریں گے حسینوں کی چیرتی
آئینہ جمال میں آب حیات ہے

محروم تشنگان شہادت چلے گئے
تیغ ادا کے بار میں آب فرات ہے

اس لطف ظاہری کو سمجھتا ہوں خوب میں
میری نہیں ہے آپ کے کہنے کی بات ہے

اے ہوش الفراق وہ جاتے ہیں شام سے
اے جان الوداع یہ رخصت کی رات ہے

اس سرو قد کی یاد جگاتی ہے رات بھر
سونی یہ آئی ہے کہنے کی بات ہے

کس چال سے وہ جاتی ہیں دیکھو تو صبح
دشمن کے گھر چلے ہیں قیامت کی رات ہے

قسمیں ہزاروں کھائی ہم چھوڑتے نہیں
قابو میں ہو گئے ہو نکلنے کی گھات ہے

پھر ٹالتے ہیں وعدۂ فردا پھر آج آپ
اک عمر ہو چکا ہے ابھی کل کی بات ہے

مقتل میں عاشقوں کو بلایا ہے یار نے
ہے روز حشر جائزہ کائنات ہے

رنگت ہے مہندی کی تر و بالا نہیں ہیں
شاید یہ خون طائر سب تپات ہے

لا پیار کا مزا نہیں بال سلیقے باندھ لو
کچھ تجکو سوجھتا نہیں اندھیری رات ہے

دیوانہ تیرے حافظ شیراز کیون نہ ہو

سر گو نہ ہنسنے سے ہین جو اچھا ہو لطف سخن

آہو نسے سے ہے فروغ مری بزم نیست آئینا

پردہ زمین کا رہے کیا روزگار مین

جاتا ہون مین جہان سے گہر کو چھپائے ضرور

کرتے ہین سب صفات کی پردہ مین گفتگو

اللہ کے بھی لفظ مین نقطہ کہین نہین

افشان کی بھی چمک نہ رہی اب نشان لیے

روشن ہے نور حق سے شبستان داغ دل

ہم روسیاہ اچھے ہین ستم سے جیتے پہر

گل جس نے کہا ئے نا ناٹ کو نہین لگا پھر

پرچھائین تک تو حور مجسم ہے آپ کی

حورین کہان سے لائین رخ دلفریب پر

ملجاتی ہین نگاہ تو جہت سے خاک مین

سرو ہو رہے ہو مین نہ ہٹو تکا کسی طرح

پیتا ہے منہ لگا کے وہ شیرین دہن شراب

وہ منہ سے منہ ملا کے سناتی ہین گالیان

سودائے زلف یار مین گل کہائی شیخ نے

لالہ سے لیکے تا بہ شفق سرخ پوش ہین

پھر کیا مزا جو ڈھونڈہ نکالین عدم مین ہم

اے صبح ہجر میرے ستانے سے فائدہ

شاخ غزال دشت مین شاخ نبات ہے

باقی ہے ایک نصف ابھی آدہی رات ہے

آندہی سے روشنی چراغ حیات ہے

ہے خیمہ سپہر مگر بے قنات ہے

طیاریان ہین کوچ کی تہوڑی سی رات ہے

مہر دہان خلق ترا اسم ذات ہے

حقا کہ لا شریک لہ تری ذات ہے

بے نور تارے ہوگئے تہوڑی سی رات ہے

ہر گل چراغ قافلہ مدرکات ہے

منہ سے اوٹھاؤ زلف سیہ چاند رات ہے

چھلہ ہتون کا دائرہ کائنات ہے

کتنا بدن سڈول ہے کیا خوب گات ہے

اسواسطے بہشت مین دن ہے نہ رات ہے

سیل فنا تری نظر التفات ہے

کیا گہر سے کوئی نکلے کہ ساونکی رات ہے

شیشہ ہر اک کوزۂ قند و نبات ہے

ڑتی نہین زبان لڑائی کی بات ہے

گور کے پہول پہول دوالی کی رات ہے

شاید شہید تیغ ستم کی برات ہے

ایناؤ ہین تم آپ بتاؤ تو بات ہے

شکر آج وصل کی پہلی ہی رات ہے

ہین چاہتا ہون اور کسیکو خدا کی شان — چپ رہیے بس یہ آپ کی کہنے کی بات ہے

سچ تو یہ ہے کہ تم آج پریزاد بن گئے — سایہ سے بھاگتے تھے ابھی کل کی بات ہے

حیرت ہے جسم زار کو تشبیہ کس سے دون — موے کمر بتاؤن تو موتی سے بات ہے

نوکر ہین ہم قدیم سے غنچہ دہانون کے — گنجینہ ہاے غیب پر اپنی برات ہے

دنیا لٹاؤن آنکھین بچھاؤن جو آئیے — اپنی یہی بساط یہی کائنات ہے

وصف دہن مین لکھتی ہون تشبیہ غیب کی — فیض اثر سے بیضۂ عنقا دوات ہے

جسمون نے کیا سمجھ کے گھلایا ہرا بدن — کیا نقد زیست داخل حکم زکات ہے

پیلے ہمین کو آج اگر کچھ کمی کرے — اے دست شوق وصل کی پہلی ہی رات ہے

مستون کو کردگار نے آزاد کر دیا — اے شیخ کسکو نشہ مین حکم صلوٰۃ ہے

میرا لہو ہئین جو چبا مین حضور پان — خلطے کی رات ہے کہ شب خون کی رات ہے

لکھتا ہون شعر رحمت پروردگار کے — کہتے ہین جسکو ابر وہ صوف دوات ہے

عشرت کا نام صحبت عشاق مین نہین — اس گنجفہ سے بازی خارج برات ہے

ملتا ہے یار عرفہ کی شب اس قمر سے — یارب مرے کلیسہ مین چاند رات ہے

تحریر مین دکھاتے ہین تقریر کا مزا — اپنا قلم زبان دہان دوات ہے

بوسہ نہ دینے کے لیے بنتے ہو بے دہن — جو کچھ کہو بجا ہے بن آئی کی بات ہے

گندہ ہوا کے چوٹی دہوتے چکنے منہ ایک بوسہ بھی — خیرات آج حسن کی دو چاند رات ہے

جاتی ہے مفت دولت بیدار ہاتھ سے — للہ اٹھو جاگئے تھوڑی سی رات ہے

ہے بہیڑ دوستون کی جنازے کے ساتھ ساتھ — دولہا فقط سوار ہے پیدل برات ہے

یہ بیقراریان ہین تو بس جان بچ چکی — اے ہجر ہم ہین اور ابھی ساری رات ہے

ہے اس غزل کا مصرعہ تاریخ اے منیر — زیبا عجب کلام ہے کیا خوب بات ہے

کلکتے مین ڈال مین جاتا ہون اے منیر

فکر غزل ہے راہ میں کیا خوب بات ہے

دم گریہ جو خیال عرق رو ہو جائے / گیسوئے موجۂ سیلاب میں خوشبو ہو جائے

وہ بغل میں ہو تو آسائش پہلو ہو جائے / دل بیتاب ابھی کبھی قابو ہو جائے

خم میں خورو کشش ابروی جفا جو ہو جائے / غم سے تلوار یہ گھٹ جائے کہ چاقو ہو جائے

فقر کا حسن ہے جو عشق سر مو ہو جائے / ابھی درویش کی کملی شب گیسو ہو جائے

ممتحن جو خط رخسار جفا جو ہو جائے / سبزۂ تیغ ابھی شہر [illegible] ہو جائے

پاس ابرو کے جو گیسو میں الجھ جائیں بال / ناخن تیغ سے وا عقدۂ گیسو ہو جائے

آپ کا وصل اگر ہو تو ملے لطف بہشت / زانو حور مرا تکیہ سر پہلو ہو جائے

خاکساروں کی تواضع میں ہوں گم گشتہ / قد مرا دوستے زنجیر [illegible] ابرو ہو جائے

اے پری دست [illegible] / کنگھی جاروب کش [illegible] گیسو ہو جائے

روزن در پہ بٹھا ہو جو تو رکھے ہاتھ / دست موسیٰ ترے دروازہ کا بازو ہو جائے

کفر و اسلام میں تولیں جو حقیقت تیری / بتکدہ کیا کہ حرم سنگ ترازو ہو جائے

بادہ خواری جو کرے وہ صنم سحر طراز / دو و مینا نہ مجھے افعی جادو ہو جائے

کسقدر جوش صباحت ہے جو وہ گل ہنس دے / موج خندہ ابھی شاخ گل خوشبو ہو جائے

ناتوانی سے سراپا نظر آتی ہیں رگیں / سادہ کپڑا مجھے پہنا تو الو ہو جائے

کفر و اسلام کے اسرار کھلے جاتے ہیں / سب کا پردہ رہے بے پردہ اگر تو ہو جائے

تو بغل میں جو نہ ہو عضو کریں نیش زنی / مچھلی ہر بازو سے عشاق کی بچھو ہو جائے

جانب آب رواں آنکھ لڑائیں جو حضور / آہوئے چشم ابھی خال لب جو ہو جائے

میں وہ دیوانہ دانا ہوں کہ اگر سو جاؤں / پنبۂ بالش سر مغز ارسطو ہو جائے

زلف اس بت کی جو یاد آئی خدا کے گھر میں / پوشش کعبہ سواد شب گیسو ہو جائے

حوریں زلفوں سے مچل جائیں جو تم فرماؤ / سنبل گلشن فردوس کی جا دو ہو جائے

بے ہوا سے دمِ عیسیٰ مری میخانہ میں
قطرۂ مے جو اڑے جام سے جگنو ہو جائے

اسقدر ضیق معیشت ہے گلوگیر جہان
شیر مادر ہے میں اطفال تو اچھو ہو جائے

کوئی زخم بدن اپنا نہ ہو یارب بیکار
ہر زبان دمِ شمشیر کو تالو ہو جائے

آنکھیں گیسو سے معطر سے جو ملکر روؤن
مشک کے عطر کے شیشے ہر آنسو ہو جائے

شوخ چشموں کی صحبت کا مزا ہے وہ بلا
نبض بیمار کی موج دمِ آہو ہو جائے

گدگدا سے جو مجھے نالۂ دلچسپ کروں
کنجی ارگن کی ہر انگشت پر یدو ہو جائے

مری وحشت سے شبِ غم میں اڑیں ہوش فلک
کہکشاں نظروں میں موجِ رمِ آہو ہو جائے

کشش زلف جو کھینچے تنِ لاغر کو کبھی
سبحہ گاہ ریا سبحۂ گیسو ہو جائے

مجکو رسوا کرے وہ جلاد اگر بھائے شکار
گولی بندوق کی ڈبل ڈبل کی ہر آنسو ہو جائے

وصفِ قد وصفِ رخِ صاف سے پہلے جو لکھوں
سروِ قامت الف آئینہ رد ہو جائے

پہنے وہ شمع شبِ وصل جو کاہی پوشاک
جھاڑ بلور کا شرما کے لجالو ہو جائے

موسمِ گل میں جو کھیلوں میں لٹا مٹی کا شکار
چنگل باز سے بڑھ کر کہیں چلو ہو جائے

زلف منہ سے جو ہٹا دو دمِ گلگشتِ چمن
زرِ گل نقرۂ صبح شبِ گیسو ہو جائے

بال کو بٹنے پر اگر کھول دے وہ حورِ مثال
سنبلہ شرم سے ای چرخ لجالو ہو جائے

ران پر چاند سے چہرے کا اگر عکس پڑے
چاندنی قلعی آئینۂ زانو ہو جائے

سایۂ زلفِ صنم میں جو کروں یادِ خدا
ہر نماز اپنی نمازِ شبِ گیسو ہو جائے

عطر پوشاک میں ملئے سرِ ساحل جو کبھی
کفِ دریا بھی حضو آب کی چلو ہو جائے

سر کو وحشت میں جھکا کر میں بنا دوں تتلیم
صورتِ چشمِ پری کاسۂ زانو ہو جائے

سحر کی چال چلو تم دمِ گلگشتِ چمن
جو کلی پا تلے میں ہے گل جادو ہو جائے

حلقۂ زلف میں پھنس جائیں جو کاہیدہ زلف
ای پری خانۂ زنجیر میں جھاڑو ہو جائے

حسن سے کھیل چمک جائیں اگر کھلیے آپ
پھونک سے پھر جو اڑا دیجیے جگنو ہو جائے

سانپ کی طرح جو بل کھا کے کنجوری چوٹی
مجکو او بھاو تو تم بھی نہ سلجھنے پاو
باغ میں کاکری جو پہنے وہ سراپا افسوں
تر بل سینے کا وصف اگر نظم کروں
سرنگوں فکر سخن میں جو رہوں بہتر ہے

لیجلی کا تری موباف پرانو ہو جائے
دل مرا زلف میں پہنسکر گرہ مو ہو جائے
ہر کلی کرتی کی برگ گل جادو ہو جائے
مرغ مضمون ابھی شاہیں ترازو ہو جائے
خط تقدیر یہ خط کا سہ زانو ہو جائے

اسد اللہ رسد گر بمدد گار سے دل
اے منیر افسر شاہان جہاں تو ہو جائے

ابرو کا بوسہ بدلکے سر ہی لگائے
دیر و حرم میں کیا دل وحشی لگائے
آواز پاٹ دار ہے اونچی لگائے
بو باس آپ کے لئے پہرتی ہے چار سو
بعد فنا بھی ہوں اسی گھر کا میں پردہ دار
آنکھیں لڑانے دیجئے محرم سے ایکدن
کوچہ سے آپ کے نہ اٹھیں کوچی کاٹئے
پیوند خاک کیجئے اس تیرہ بخت کو
نشو و نما کہاں نمکیں حسن سے نصیب
ہو جسم شوق زخم میں ٹکڑے تو کیا عجب
مخفی نظارہ کیجئے دریائے دھر کا
کشتہ کا مرغ روح ہے مشتاق خال رخ
واقف کہاں ہم بھی شہر عدم کے سواد سے
دیتا ہوں میں عناصر اربع کا امتحان

ہم جان ہار جائیں جو بازی لگائے
مطلوب سب ہی ہو تو کہاں جی لگائے
زہرا کی آسمان میں تہنگلی لگائے
باد صبا کو عطر کی چوری لگائے
دیوار یار میں مری مٹی لگائے
انکھیا کی گھات پر کوئی کشتی لگائے
پاسے طلب میں شوق سے مہندی لگائے
صاحب دہان گور میں مٹی لگائے
کیونکر زمین شور میں کھیتی لگائے
تلوار اگر لگانی ہے جلدی لگائے
مثل حباب دہو کی ٹٹی لگائے
اوڑتے ہوئے شکار کو گولی لگائے
صاحب دہان تنگ میں مسی لگائے
چورنگ مفت کا ہوں سر ہی لگائے

سینہ میں راہ کیجئے دل لینے کے لئے
مطلب ہو زخم سے کوئی برچھی لگائیے

گنبد ہوا کے روز کوڑی کی چوٹی وہ کھتو گئیں
کس کو سمند عمر کو قمچی لگائیے

تلووں سے ملئے دیدہ پر خون کشتگاں
سوہی مژہ سے پاؤں میں مہندی لگائیے

ناحق نہ کانپور میں گھبرائیے منیر
پھر لکھنؤ میں جا کے کہیں جی لگائیے

ابرو کی تیری ضرب دو دستی چلی گئی
جتنی کسائی سیف یہ کستی چلی گئی

پیش نظر حسینوں کی بستی چلی گئی
آئینہ کی بھی حسن پرستی چلی گئی

اچھا کیا خدا نے شراب حرام کی
رندوں کے ساتھ بادہ پرستی چلی گئی

کس شہر سے مثال دوں اقلیم عشق کو
جتنی یہ اجڑی اور بھی بستی چلی گئی

روزے مہ صیام میں توڑے شراب سے
ہم فاقہ مستوں کی وہی مستی چلی گئی

وحشت کدے سے رحمت حق نے بھی کی گریز
بدلی ہمارے گھر سے برستی چلی گئی

کھائیں خدا کی راہ میں لاکھوں ہی ٹھوکریں
تا لامکاں بلندی و پستی چلی گئی

مستوں نے ترک مے کی قسم کھائی ہو تو کیا
توبہ کہاں وہ بات جو مستی چلی گئی

ان ابرووں نے ایک اشارہ میں جان لی
یکدست تیری تیغ دو دستی چلی گئی

دل ہی گیا تو کون بتوں کا کرے خیال
کعبہ کے ساتھ سنگ پرستی چلی گئی

ہے آسماں تک تری گریاں کا مضحکہ
بجلی بھی رو تو دیکھ کے ہنستی چلی گئی

گو دل کے بدلے دولت دنیا و دیں ملی
تو بھی یہ جنس ہاتھ سے سستی چلی گئی

داغ شراب دامن تقوے میں رہ گیا
نشہ کو روح شیخ ترستی چلی گئی

تحت الثرے کو پہنچی ہماری فروتنی
ہم جتنے پست ہو گئے پستی چلی گئی

کیونکر ہو اجتماع نقیضین سے منیر
آتے ہی ہوش کر مری ہستی چلی گئی

زخمی نہ بھول جائیں مزے دل کی ٹیس کے
للہ چھڑکے جاؤ نمک ہیں پیس کے

غصہ ہے زہر حق میں دل بے انیس کے
الماس پیستے ہو عبث دانت پیس کے

میلی نگاہ ہوتی ہے آئینہ دیکھ کر
نظارہ مدتوں سے ہیں دو نفیس کے

خلوت میں ہی تصور جانان ندیم سب ہے
طالب جلیس کے ہیں نہ خواہان انیس کے

معنے نہ پائے جوہر شمشیر یار کے
ٹکڑے جگر کے ہو گئے لکڑی سیس کے

پھیکا ہی ذائقہ دہن زخم کا رہا
کیا بدمزا ہوا ہیں نمک ہیں پیس کے

پیر فلک کسی کو نہ دیگا زر نجوم
یعنی درم ہیں یہ کف دست خسیس کے

کٹ کٹ گیا میں دیکھ کے مضمون قتل کو
اے بت قلم ہوں ہاتھ تری خوشنویس کے

دس ہیں ہر مہینے میں ابرو نظر پڑے
اس سال سارے چاند ہوئے تیس تیس کے

حرف آگیا شکستگیٔ دل کے لکھنے میں
ٹوٹے قلم ہزار دو شکستہ نویس کے

لکھتے ہیں چھپ کے کاتب اعمال سبکا حال
اعمال نامہ پرچہ ہیں خفیہ نویس کے

مکتوب میں عبارت رنگیں لکھو منیر
فقرے نہیں پسند رقیق و سلیس کے

زہر ہو گئی محجوب تری تقریر ہنسی کی
تقدیر سے الٹی ہوئی تدبیر ہنسی کی

دیواروں میں ہے قہقہہ دیوار کا نقشہ
اوس شوخ نے بنوائی ہے تعمیر ہنسی کی

فقروں میں جو ہے رمز تو لفظوں میں کنایہ
سیکھی یہ کہاں آپ نے تحریر ہنسی کی

سرتاقدم ہوں دہن زخم سے خنداں
اے جان سراپا ہوں میں تصویر ہنسی کی

ہیں خواب میں رویا ہوں ترے سامنے ہیہات
دیتے ہیں معبر مجھے تعبیر ہنسی کی

خوش ہو گئے ایسے کہ جما نقش مسرت
ہر دانت پر اُن کے کھنچی تصویر ہنسی کی

ضحاک سے کچھ کم نہیں غمازی کی باتیں
افزوں سم افعی سے ہے تقریر ہنسی کی

پامال تراں ہوتے ہیں ہنسنے کے سبب پھول
انجام برا رکھتی ہے تاثیر ہنسی کی

جلجائیں نہ کیوں ہم برق تبسم سے سراپا
اے جان بری ہوتی ہے تاثیر ہنسی کی

روتے ہوئے دیکھا تو کیا آپ نے زخمی
کیا خوب نکالی ہے یہ تدبیر ہنسی کی

میں نے انہیں چھیڑا ہے وہ رلوائیں گے مجھکو
وہ عفو نہیں کرنے کے تقصیر ہنسی کی

بھولے سے بھی ہنسنے کا نہیں تجھسے منیر اب
کھائی ہے قسم اے بت بے پیر ہنسی کی

رنجش ہو تو پھر لطف ملاقات نہیں ہے
چپ ہو مری باتوں سے یہ کچھ بات نہیں ہے

چلمن میں وہ اگلے سے اشارہ نہیں ہوتے
درپردہ بھی ان روز عنایات نہیں ہے

میں نے جو کہا تم ہو پری بولے وہ ہنسکر
بے پر کے اڑانا تو کرامات نہیں ہے

احسان نہیں خواب میں آئے جو مرے پاس
چوری کی ملاقات ملاقات نہیں ہے

قطرے بھی کم ہے مری آنکھوں میں یہ بارش
بھرتے نہیں دو جام یہ برسات نہیں ہے

زلفوں کو ہٹا کر رخ انور شب وصل
کہتے ہیں سر شام سے اب رات نہیں ہے

للہ جو بوسہ کبھی مانگا تو وہ بولے
یہ حسن خدا داد ہے خیرات نہیں ہے

کعبہ ہوں کہ مسجد ہوں بھویں آپ کی لیکن
مطلب مجھے اے قبلہ حاجات نہیں ہے

للہ منیر اب ہمیں سونے دو نہ چھیڑو
لو دیکھو وہ صبح ہوئی رات نہیں ہے

قاصد بتوں کا قاصد رب جلیل ہے
دستار نامہ بر میں پر جبرئیل ہے

کہدو قریب مرگ تمہارا علیل ہے
بجنے لگی ہے نوبت کوس رحیل ہے

تو خوش قدوں میں قدرت رب جلیل ہے
اے سرو تیری قمریوں میں جبرئیل ہے

معراج معصیت کو مری طاعت ذلیل ہے
میزان حشر میری سخن کی دلیل ہے

سیراب تشنگان شہادت ہوئے تمام
شاید کہ تیغ یار میں آب سبیل ہے

بیمار مجھکو شوق شہادت نے کر دیا
شہ رگ میں آج جنبش نبض علیل ہے

شور فنا ہے قلزم ہستی میں غافلو   دریا میں جو حباب ہے کوس رحیل ہے
کھلتے ہی چشم زخم نے دیکھا خدا کا در   بریھی تمہاری سرمۂ عرفاں کا میل ہے
کوچے گئیں اگر نہ چلیں لوگ سر کے بل   تلوار سے زیادہ تمہاری سبیل ہے
ستے تو ہم مقابلہ کرتے حباب سے   کیا کہئے اپنی زیست کا وقفہ قلیل ہے
باندھا ہے بیخودی میں تری آنکھوں کو مریض   میں ہوں علیل رای بھی میری علیل ہے
کرتا ہے اوس کے قامت موزوں سے ہمسری   ہر سرو بیوقوف قد اس کا طویل ہے
محروم بندگان خدا ہیں سلام سے   پتھر کوی مزاج بتاں ہیں وخیل ہے
کعبہ سے اور دل سے بھلا کیا مناسبت   معمار اس محل کا خدای جلیل ہے
لاکھوں ہی حسرتوں کا کیا خون آپ نے   جو داغ میرے دل میں ہے چشم قتیل ہے
قانع ہوی وفور طلب سے تری فقیر   صد شکر احتیاج ہماری کفیل ہے
اے شیخ شہر حسن پرستی نہیں گناہ   بندے ہیں جمیل کو نام اوسی کا جمیل ہے
فرعون ڈوبتا ہے اوترتے ہیں مست پا   کشتی مے سفینۂ دریای نیل ہے
تزئین احتیاج نہیں منہ سے منہ ملو   مسی تمہاری ہونٹوں کو لیپ کا نیل ہے
کس درجہ لاغری نے کیا مجکو پایمال   ہر رونگٹا بدن کو مرے پای فیل ہے
اہل دوئی تنگ اوس کو سمجھتے ہیں بے نظیر   احول ہی لکھ رہے ہیں کہ وہ بے عدیل ہے
لاریب فیہ عالم علم خدا ہے تو   اک طفل مکتب آگے ترے جبرئیل ہے
نقد صفا حضور کے ولسے کسے ملا   آئینہ آپ کا کف دست بخیل ہے
میں ناتوان نکہت گل کا اسیر ہوں   موج ہوا مرے لیے زنجیر فیل ہے
آئینہ میں بھی منہ نظر آتا نہیں کبھی   ثانی ترا کہیں نہیں تو بے عدیل ہے
او نگلی اوٹھا کے کہتی ہے منصور سے یہ دار   اس راستے سے شہر وصال ایک میل ہے
الیٹی جو عام تیری ہے سافر نوا شیان   گویا وطن میں انکے ہر ابن السبیل ہے

حکم نجات پائیں گے ہم روز باز پرس
اللہ کا رسول ہمارا وکیل ہے

دیکھا ہے ہمنے خواب میں کل تاجدار شب
گیسو ہیں آج شانہ دندان فیل ہے

جیسے مقام میں تری کوچہ کے راہ رو
کہتے ہیں چوبدار کو یہ ایک سیل ہے

جاتے ہیں تیرے کوچہ سے عشاق نالہ کش
فریاد صور حشر صدا ئے رحیل ہے

اہل التجا ہے کعبہ ہے اصنام کے لئے
اس بتکدہ کا میر عمارت خلیل ہے

دشت جنون میں سیکڑوں پریاں نظر پڑیں
ہر نوک خار محمل سلیماں کا میل ہے

ہم جنس غیر جنس ہی ہیں سوز عشق میں
اس آگ میں ہر ایک سمندر خلیل ہے

دانتوں میں پان لیکے وہ کہتے ہیں نازسے
دیکھو تو ہر گلوری میں ہر کی کیل ہے

اکثر مرا سخن ہے پسند اہل علم کو
پر اے منیر رحمت رب جلیل ہے

شب کے ہیں ماہ مہر ہیں دن کے
روپ دیکھے بتان کم سن کے

بوسے ہیں بے حساب ہر دن کے
وعدے کیوں ٹالتے ہو گن گن کے

ہیں وہ دیوانے جذب باطن کے
اُتری ہے شیشہ میں پری جن کے

اہل دل دیکھتے ہیں آپ کا منہ
آئینہ میں صفائی باطن کے

دل رواں ہو خیال یار کے ساتھ
جائے مسکن بھی ساتھ ساکن کے

لاغروں پر ہے ظلم جان شکنی
اے اجل توڑتی ہے کیوں تنکے

رہے کلکتہ میں بخیر منیر
صدقے اپنے امام ضامن کے

سایۂ قد سے نہایت قدر عالی ہو گئی
تیرے ہاتھوں میں چھڑی طوبا کی ڈالی ہو گئی

عاذبار دے سخن معجز بیانی کیوں نہو
شرح قرآن تری ہونٹوں کی لالی ہو گئی

ہو گیا معمور عالم جب کیا دربار عام
تخلیہ چاہا تو دنیا صاف خالی ہو گئی

جو گلے سے تان نکلی آ گیا چکر مین چرخ
پر تو دندان انور نے منور کر دیا
زندۂ جاوید ہین مارے نہین اوس شوخ نے
سر ہرا اپنا جو سودا بادا خواری کا ہوا
آسمانون کو کیا پامال تیرے رقص نے
ناوک مژگان سے آئینہ مشبک ہو گیا
دی سزا گلچین نے خندان دیکھکر تیرے بغیر
سیکڑون پریان اسیر مین ہین حلقہ بگوش
تو نے تارون کو گرایا مثل کرم شب چراغ
گریۂ شبنم رطوبت زا یہان تک ہو گیا
روسیاہی ہی جوانی کی یہان پیری نہین
بوسے لیتا ہی تیری فرش منقش کی قمر
دیکھ اے سفاک عکس روی رنگین کی بہار
بدزبانی ہی ہکر رنے لگے جب دونون شوخ

تیر گردون شمع فانوس خیالی ہو گئی
تیری تہالی جو ٹرکی ہیرے کی تہالی ہو گئی
ہر طرف جو سو گئے اون کی بحالی ہو گئی
جوش مے سے گردش جام سفالی ہو گئی
ای پری زہرہ بہی تصویر تہالی ہو گئی
سد اسکندر جو تہی چاندیکی جالی ہو گئی
باغ مین ایک ایک گل کی گوشمالی ہو گئی
ہر کڑی زنجیر کی سونے کی بالی ہو گئی
شور محشر رقص مین ایسا ن تالی ہو گئی
نکہت گلشن ہوائی برشکالی ہو گئی
ظلمت اعمال شب سی صبح کالی ہو گئی
شمع گردون بہی زبان شیر قالی ہو گئی
سامنے تیری سپر پہولون کی ڈالی ہو گئی
چار شربت کی عبارت تیری گالی ہو گئی

رنگ الامن صحبتین بنگالیون کی ای منیر
جو فرنگن آئی کلکتہ مین کالی ہو گئی

یک رنگی صحبت سے نکلنے نہین دیتے
لخت جگر آنکھون سے نکلنے نہین دیتے
ابرو کے لئے بجا ہی نکلنے نہین دیتے
پچہواتے نہین لب روی گلعذار کا سرمہ
تصویر رخ و زلف کو کہینچنے نہین پاسے

ہنسر کو بہی ہم رنگ بدلنے نہین دیتے
ان ہتلیون کو لعل ادہ گلنے نہین دیتے
رستہ وہم شمشیر کا چلنے نہین دیتے
شمشیر سے نو کو بہی ہٹنے نہین دیتے
ہم ابلق ایام کو سپ چلنے نہین دیتے

تم سامنے ہو یا نہو نقشہ تو ہو دل میں
ہم آئینہ سے عکس کو ٹلنے نہیں دیتے

موباف کی کلیوں میں بساتی نہیں مجھکو
چینپا کا کبھی عطر وہ ملنے نہیں دیتے

میرے دل پر داغ سے گرمی نہیں کرتے
سونا پہ طاوس کا گلنے نہیں دیتے

بریاں رہوں یکدست نہ کیوں انکے ستم سے
کٹا ہے اگر ہاتھہ تو تلنے نہیں دیتے

کرتے نہیں تلواریں بنا موئیں پری رو
دریا پہ نہنگوں کو نکلنے نہیں دیتے

دہلواتی نہیں وقت شنا دست حنائی
مہندی کف دریا میں وہ ملنے نہیں دیتے

گرمی میں نہیں لیتے وہ مصحف کی ہوا بھی
اعجاز کا نیکہا مجھے جھلنے نہیں دیتے

رفتار نے بھی جنبش ابرو میں ہے پرہیز
تلوار کہیں راہ میں چلنے نہیں دیتے

آزردگی دل اونہیں منظور ہے ایسی
گرتا ہے جو شیشہ تو سنبھلنے نہیں دیتے

گھوڑی کو منو کی ہے ابز نہ آگڑ انیا
بانکین پہ کاہون کو وہ ڈہلنے نہیں دیتے

خط جاتے ہیں آتا نہیں دو حرف کا پرزا
اوستاد ہیں فقرہ کوئی چلنے نہیں دیتے

پیمانہ مگر عمر عدو کا نہ بھرو گے
تاڑی جو کٹاری کی ادبلنے نہیں دیتے

رکتے ہیں رگ جاں میں تری نوک مژہ کو
ڈوبے ہوئے نشتر کو اچھلنے نہیں دیتے

جس کو وہ جلاتے ہیں تڑپنے نہیں پاتا
اسپند انگیٹھی سے اچھلنے نہیں دیتے

کیا لطف منیر آپکو ہے عشق بتا نہیں
خود جل رہے ہو غیر کو جلنے نہیں دیتے

فروغ آتش مے ہو خم شراب گرے
سے چھٹے انار اگر برج آفتاب گرے

سنو جو کان سے او فتادگان خاک کا حال
برنگ شبنم گل موتیوں کی آب گرے

تری شراب محبت سے ہو اگر بیہوش
ہوا چمن میں مع خیمہ سحاب گرے

فروغ آہ ہے موقوف بے قراری پر
جلاؤں شمع اگر برق اضطراب گرے

ہمارے دل کی طرح ہو اگر فلک شفاف
چھلکے گنبد مینا سے آفتاب گرے

دکھائیں جذب تری خاکسار اگر اپنا
ابھی تو شیشۂ تصویر سے گلاب گرے

کھنچے تلون طبع حضور کی تصویر ٭ ٭ ٭
تم فلک سے اگر رنگ انقلاب گرے

خم شراب جو ٹوٹے تو توڑوں سر اپنا
بہا دوں آب عناصر اگر شراب گرے

کسی سے تھم نہین سکنے کا بوجھ مستونکا
زمین شق ہو اگر شیشۂ شراب گرے

اس انجمن مین ہے افتادگی کی ساتھ عروج
خود اوٹھ کھڑا ہو اگر شیشۂ شراب گرے

زمین میکدہ خستہ دلون کی قدر بڑھاے
بنے عقیق اگر سیخ سے کباب گرے

بنا دون جعد مسلسل کو واسطے موباف
سر فلک سے جو دستار آفتاب گرے

سوا سے سبزۂ شمشیر کچھ نہ پیدا ہو
جو تیغ یار کا ای باغبان لعاب گرے

شہید قہر علی ہو اگر بقول صبا
فلک زمین پہ ذرہ پہ آفتاب گرے

فنا کے بعد بھی ہے داغ جستجو باقی
لباس زیست پھٹا رہ گیا رفو باقی

ہمارے کاغذ تصویر کا ہے آبی رنگ
ہر ایک رنگ مین ہے اپنی آبرو باقی

کھنچا حسینون کی مٹی کا عطر دنیا مین
فلک نے رنگ مٹایا مگر ہے بو باقی

ہجوم یاس یہان تک ہے خانۂ دل مین
کہ نام کو بھی نہین چاہے آرزو باقی

خمار رنج سے خم خانہ مین کوی نہ بچا
پڑے در در رہا ہے سر سبو باقی

کہان سے آئے گی انگشت تیر کو مہندی
کہ ضعف سے مری تن مین نہین لہو باقی

برنگ شمع خموشی سے باتین کرتا ہون
زبان قطع ہوی پر ہے گفتگو باقی

چلی ہے آپ کی تلوار ساری گلیون مین
رہا ہے ایک مرا کوچہ گلو باقی

لگا ہے داغ عناصر کو اپنی خلقت سے
ہمارے نام کا اسکے ہے چار سو باقی

ریاض دہر ہے نظرون مین گلشن تصویر
کسی شجر مین نہین قوت نمو باقی

خدا نے عالم پیری مین آبرو رکھی
نماز صبح کی خاطر رہا وضو باقی

منیر کو بھی نہیں اپنی موت کا کھٹکا
کہ زندہ کون رہے گا اگر ہے باقی

دنیا و دین کے شغل ہوئے یاد کس لئے — دونا ہوا ہے نشۂ ایجاد کس لئے
خوش قد تمام بن گئے شمشاد کس لئے — بندے خدا کے ہو گئے آزاد کس لئے
ہولی وہ کھیلتے نہیں کیون فوج مین سگ منہ — اڑتا ہے رنگ گلشن ایجاد کس لئے
قاتل ہمارے خون کا پیاسا اگر نہ تھا — نکلی زبان خنجر فولاد کس لئے
اے حور تیرے کوچہ کا شہرہ اور عبث — نکہت ہوئی بہشت کی برباد کس لئے
ہم عاشقون مین ثانی منصور کون ہے — سولی بنا کہو قد جلاد کس لئے
تصویر بھی کھینچی نہیں مژگان یار کی — نیزا بنا ہے خامۂ بہزاد کس لئے
کیون ہے فروغ داغ دل اہل عشق میں — گل ہین چراغ عالم ایجاد کس لئے
قاتل نمک فشان ہے دم قتل طعن سے — شیرین ہے آب خنجر فولاد کس لئے
قبضہ میں آپ طوطے خط اوڑ کر آ گئی — کاہی ہے رنگ جامۂ صیاد کس لئے
حیرت ترے زبون کے زخم کو مرہم سے فائدہ — توڑے گئے ہیں بیضۂ فولاد کس لئے
سایۂ جنون زلف کے مجنوں بنائے گا — لیلیٰ بنا ہے آپ کا ہمزاد کس لئے

راہ سخن مین خضر کا طالب ہون کیون منیر
کرتا ہوں روز خدمت استاد کس لئے

تشنہ کامان شہادت آب خنجر پی گئے — سیر سب پیاسے ہوئے گو ایک ساغر پی گئے
ناتوان عشق اکثر اپنے آنسو پی گئے — سور جون کی تشنگی دیکھو سمندر پی گئے
پائے رنگین آنسوؤن مین دھو کر اکثر پی گئے — آب شبنم آتش گل میں بہا کر پی گئے
کیا قیامت گرمیاں ہیں تشنگان دید کی — دم میں آب چشمۂ خورشید محشر پی گئے
کس مزے سے کی لب دندان کو بوسوں پر معاش — دانت یاقوت کھایا آب گوہر پی گئے

اپنی عالی ظرفیوں سے ہوگیا قحط شراب
ساتوں خم ہائے فلک ہفتی کے اندر پی گئے

خوب بوسے ہونٹوں کے اے حور دلبر لیلئے
ہر لب زخم جگر سے حوض کوثر پی گئے

اشکباری روزیٔ مقسوم کی ہارج ہوئی
آنسوؤں میں گھول کر قسمت کا دفتر پی گئے

سیر کب ہوتے ہیں مستسقی حظ شاداب کے
العطش کہتے رہے دریائے اخضر پی گئے

بوسۂ لبہائے شیرین کی فرقت میں جان دی
مرتے مرتے شربت قند مکرر پی گئے

آمد و رفت جہان کو ایک دم میں طے کیا
شیر مادر نزع کا شربت برابر پی گئے

پاسبانوں کی خطر سے تشنہ مردان عشق
خون شیروں کا سگان کوئے دلبر پی گئے

کثرت عصیان سے سیل رحمت حق ہوگئی
دامن تر جب نچوڑا اہل محشر پی گئے

محتسب سے کب ہیں رند و قدح کا ہو دماغ
قلقل مینا کو بھی ہم مست سنکر پی گئے

سر سے آسیب اونکو اوترا خوف روز حشر کا
نقش پائے یار جو چالاک ہو کر پی گئے

جان کنی میں لذت ایمان اوٹھائی ای منیر
شربت بزم غم سبط پیمبر پی گئے

ایذا نہ ہوگی دیدۂ بد کی گزند سے
کاجل ترا زیادہ ہے دود سپند سے

ساون کا لطف قامت و گیسو سے چاہیئے
طوبا میں آج ڈالئے جھولا کمند سے

کیا اوٹھے فرط ناز سے آپ گہر کا بوجھ
اوتری کلائی موتیوں کی دستبند سے

کیا لاغری میں توڑی گی گولی حضور کی
لاغر ہوں اسقدر کہ نکلجاؤں رند سے

زلفوں کے بوسے سانپ بھی مسموم ہوگئے
چڑھتا ہے زہر صحبت اہل گزند سے

طراریوں سے پیچ سے پہنچی ہے عرش تک
سر پر چڑھی ہے زلف تمہاری کمند سے

گھر میں خدا کے زلف کی طولانیاں دکھاور
کعبہ کی بت گراؤ خدارا کمند سے

مشتاق ترک ناز ہیں دل بستگان عشق
عقدے کھلیں گے ناخن پائے سمند سے

سایہ و دھوئیں کی طرح پریشان ہے مرا
فرقت میں ہوگیا ہے جدا بند بند سے

چمکین گے وہ دونوں عارض الوز جدا جدا — نکلے گی دوہری چاندنی حسن دوچند سے

کچھ بھی لگاؤ چاہیے پستان کی عشق مین — بنگلا خریدتے ہین ترو سینہ بند سے

فرہاد کو نصیب ہو شیرین کی صبح وصل — میٹھی ہوئی شیر کہین نیشِ قند سے

بحر جہان مین زلف کی سو دو نسو دن پھرے — کھینچا جہاز عمر گذشتہ کمند سے

ای سرو سرفراز یہی ہے اگر شکوہ — قدسی نہین گر سایۂ قد بلند سے

جلتا ہے آج بزم مین کس خوشخرام کے — برپا ہے شور حشر خروش سپند سے

حور و پری نے غازہ بنایا خدا کی شان — چھوٹی جو مہندی پای محبت خود پسند سے

مطلع بھی صاف ہو تو نمود روئیت ہلال — دیتا ہے ماہ نو تری نعل سمند سے

گھوڑا اوڑا کے کھیلتے ہین وہ شکار حسن — پریوں کی شکلین باندھتے ہین زین بند سے

بحر غزل ہین حد سکندر بنادون گا — پتلی نکال دیجیئے پائے سمند سے

واعظ کے منہ مین کیا سگ لیلی کی ہے زبان — مجنون ہوا وہ سن کے کیا ہوا اسکی پند سے

مدح علی مین ہون مین سراپا زبان منیر
لڑتا ہے بند بند مرا ہفت بند سے

ثابت کیا بقا کو تیری ذات کے لئے — کونین نفی ہو گئی اثبات کے لئے

مرتا نہین ہین حرف و حکایات کے لئے — منکر نکیر آئین گے کس بات کے لئے

دل سے یہ مدعا ہے کہ آپ یہان رہین — کعبہ بنا ہے قبلہ حاجات کے لئے

کیا دین جواب حشر مین خوبان بیدہن — اس معرکہ مین چاہیئے منہ بات کے لئے

موزون کیا ہے حال نشیب و فراز دہر — میزان بنا ہون عرض سماوات کے لئے

اللہ ری میری حسن پرستی کی گرمیان — دوزخ نہین ہو یہ آئین ملاقات کے لئے

ہمچشمون سے وطن کو جو جا آنکھین بیچ دین — عینک خریدتے ہین سوغات کے لئے

پردہ خفا کا مانع تردامنی رہا — خیمہ لیا حباب کا برسات کے لئے

غفلت مین جانب لحد تیرہ جاتے ہین
آندہی چلی نظارۂ ظلمات کے لئے

ثابت ہے جرم حیرت عشق ای خدا اگر
تصویر بہیجدین گے مکافات کے لئے

اے کردگار عابد حسن فرنگ ہون
گرجا بنا رہا ہون مناجات کے لئے

تصویرین جان پائین گی نیرنگ دہر سے
مردے اوٹہین گے سیر طلسمات کے لئے

انداز گلرخون سے جو موزون کیا کئے
کانٹون مین تل رہے ہین مکافات کے لئے

بخشو مجھے تو بخشدون ساری جہان کو
فردوس کا سوال ہے خیرات کے لئے

دیکھو ہماری حسن پرستی کا جذب اگر
یوسف عدم سے آئی ملاقات کے لئے

نالون سے خفتگان عدم کو جگائے
مردون سے نیند مانگئے ایک رات کے لئے

سو بار ہجر یار مین آئے ہوئے ملی
دہوکا بنا مین مرگ مفاجات کے لئے

کلکتہ مین منیر نے کی سوانگ گہر کی سیر
آیا وطن سے بزم طلسمات کے لئے

تلوارین مارین ڈہنگ جو دیکھے لگاؤ کے
پہنائے مجکو یار نے کپڑے کٹاؤ کے

ہین بحر غم مین شعر سفینے بچاؤ کے
ہم لوگ چڑہنے والے ہین کاغذ کی ناؤ کے

کرتے ہین قتل دوستونکو دوست فخر سے
ٹیکے دئے برہمنون نے خون گاؤ کے

تصویر ہی کہنچی ہوی ہے ہم سے آپ کی
جتنے نہین ہین رنگ ہماری بناؤ کے

مسند سے پادشاہ کی تکیہ فقیر کا
جہالر کرن کی بن گئی تنکے الاؤ کے

زندان آب وگل سے نہین روح کو نجات
ثابت ہوا جو مقبرے دیکھے لداؤ کے

پلکون کا وصف چاہئے لکھنا خطوط مین
دستہ کرو اسطے ہوے محتاج تاؤ کے

گردون سے کم نہین بت ترسا کی نیزی
خورشید و ماہ قرص ہین زنار باؤ کے

کہا تا الذیذ زہر ہلاہل ہے ہجر مین
الماس کی کنی ہوی چاول پلاؤ کے

زخمی کیا ہے یار کی میٹہی نگاہ نے
مصری کی ڈلی ہوی چاہئیے بخیہ کو گہاؤ کے

قیمت کے پوچھتے ہی نچاتے ہیں انگلیاں
توڑی ہزار لیتے ہیں پردہ میں بھاؤ کے

دریائے مے میں اہل فنا کو ثبات ہے
لنگر حباب بنتی ہیں شیشے کے ناؤ کے

فرقت میں کاٹتی ہیں نجوم فلک مجھے
گویا ہے زہر دانتوں میں اس نیل گاؤ کے

کرتے ہیں کبر خاک کے پتلے حضور سے
مٹی کے بت اُتار دو گھوڑوں سے باؤ کے

وحشت سے سامنے نہیں آتا سنگار دال
بگڑے ہوئے ہیں روپ تمہارے بناؤ کے

مثل نسیم صبح سبکدوش ہیں منیر
بحر جہاں میں ہم نہیں محتاج ناؤ کے

بوسے سوفتِ یار کرے بہرہ ور کسے
ہاتھ آئے نخل طور کا دیکھیں ثمر کسے

دروازے میں کروگے اسیر اے قمر کسے
رہنے کو دوگے خانۂ زنجیر در کسے

دنیا میں ہے ہوائے فنا سے مفر کسے
دریا میں سونپ جائیں حباب اپنا گھر کسے

میرا سمند عمر اوڑا شام سحر کو
کوڑا لگائے موج نسیم سحر کسے

آغاز خط میں عاشق جانباز ہو گئے
دیکھیں تو خضر لائیں گے اب راہ پر کسے

آنکھوں سے گر رہے ہیں دُرِ اشک گرم آج
درکار ہے نہانے کو آب گہر کسے

بحر قدِ خمیدہ کو کیوں دیکھتے ہو تم
سمجھے ہوئے ہو ناخن پای تظر کسے

محو طپش ہے پیکر وہمی کا عضو عضو
درکار ہیں اوڑانے کو عنقا کے پر کسے

ہنگام گریہ یاد ہیں رخسار آتشیں
قطرے جلائیں دیکھئے ہیں کر شرر کسے

زاہد ہے چور نشہ میں دیکھا جو خط جام
یارب ہوا دعائے قدح کا اثر کسے

چاک قفس کے واسطے پیوند ہو گئے
گردوں نے میرے بعد دیئے ہیں پر کسے

رنگ چمن حضور رکے جاتے ہی اوڑ گیا
باندھو کمند موج نسیم سحر کسے

کیوں رشک سے جلا کے کیا خاک چاند کو
کہلوائیں گے وہ کشتۂ سیم قمر کسے

جو چاہتے ہیں لکھتے ہیں چھپ چھپکر رات دن
گردوں امین کاتب اعمال پر کسے

کس کو ہوا ہی پھل تری تلوار کا نصیب
اِس باغ سے ملا ثمر بے شجر کسے

مالکِ غم و الم کا خریدار کون ہے
لکھدوں زمین کوچہ زخم جگر کسے

صدمہ سے بال شیشۂ گردون مین پڑگیا
تُنے دکھائی کوٹھے پر اپنی کمر کسے

تحریر حال سینۂ زخمی سے فائدہ
بھیجون چنگیر مین گل داغ جگر کسے

پیوند خاک ہوگئے کیا کیا سفید پوش
پہنائے آسمان قبائے سحر کسے

کس واسطے ہے رنگ طلائی عرق فشان
کیوڑا ملا کے دیجئی گا آب زر کسے

دربان ہے مسیح ترے قصر پاک کا
کعبہ دکھائی فیض رگ سنگ در کسے

کس سے لڑائی آنکھ سیہ ور شراب مین
بہٹکا گیا حضور کا پائی نظر کسے

فخر جناب مسیح ہوسے رشک ای منیر
ترجیح ہو سکے مرے اُستاد پر کسے

لے اوڑا ہر داغ کو نالۂ دل مایوس سے
ای ترو طاوس نکلا بیضۂ ناقوس سے

غیر جلجاتا ہے داغ خاطر مایوس سے
سانپ پر گرتی ہے بجلی جلوۂ طاوس سے

تیری مجنون کی جہپ والون کو حاصل ہو کشش
شمع لیلی بن کے نکلے خیمۂ فانوس سے

ہر مہ نو کو سمجھتا ہون محرم کا ہلال
ناخن غم کو تعلق ہے دل مایوس سے

عالم پنہان کی لاتا ہے خبر میرا خیال
حال دل کا چھپ نہین سکتا اس جاسوس سے

آبرو ہی عشق رکھی کوہ کن نے دہر مین
ٹکرا کے پتھر کو اوڑائے شیشۂ ناموس سے

ناز ہے سکہ کو تیرے نام سے اے شاہ حسن
فخر ہے زر کو جلوس میمنت مانوس سے

رو برو کہنا خوشامد ہے جو ہوتا دسترس
آپ کو فرصت نہ دیتے ہم کنار و بوس سے

اسفل و اعلی کو یکجا کر دیا ہے دہر نے
داغ مصحف کو لگایا پہر پر طاوس سے

مین وہ تیرہ بخت ہون سایہ پڑی میرا اگر
زاغ تیرہ ہو ہما بہی طالع منحوس سے

ہوگیا رسوا کسی مطرب پسر کے عشق مین
بانگ نے آئی صدائے شکست شیشۂ ناموس سے

بت پرستو کفر اپنا پردۂ ایمان ہے
کعبہ کی پوشش بنائی خرقۂ سالوس سے

تو وہ یوسف ہے کہ نور چشم یعقوب اک طرف
دیدۂ سوزن ہوا روشن تری ملبوس سے

دور گردون میں نہین ہین خوبرو بھی بیگزند
شمع کب نکلی سلامت گنبد فانوس سے

بادہ خوارون مین نہو گا کوئی مجھسا نامور
بونے سے آتی ہے میرے شیشۂ ناموس سے

نشہ مین کرتے ہین میکش سلطنت کا بندوبست
جام سے بنتا یہ بنا ہے خاک کو کاؤس سے

بیخودی مین دیکھکر گردون کو بولی بت پرست
اوڑ گئی چہت بتکدہ کی نالۂ ناقوس سے

عقل کامل کی ہدایت سے ہوا جوش جنون
مجھکو سودا ہو گیا تعلیم جالینوس سے

فصل گل میں اسقدر جوش رطوبت بڑہ گیا
رنگ گلشن مین ٹپکتا ہے پر طاؤس سے

دیکھ کر میرے سیہ خانہ کو ایسے اوڑ گئے
روشنی باہر نہ نکلی شمع کی فانوس سے

ہند میں تنگ آ گئے چلیے خراسان ای منیر
لیجیے خلعت حضور بادشاہ طوس سے

کپڑے ہین سرخ میان سے شمشیر کھینچیے
مریخ کی زمین میں تصویر کھینچیے

یہ چٹکیوں میں مجھکو اڑایا ہے آپ نے
اوڑ جائیگا رنگ اگر مری تصویر کھینچیے

آج آبرو بہائیے صبح فراق کی
پھر علاج دل عرق شیر کھینچیے

باغ جہان مین سرو سخن گو کہین نہیں
گلشن مین آپکو دم تقریر کھینچیے

کیون پیچ دیکے باتون مین مجھکو اڑا دی
انپر پتنگ پر مری تصویر کھینچیے

منظور ہے جو داد و ستد ہمسے آپ کو
ایک تیر دل مین مارئیے ایک تیر کھینچیے

اوڑ جائینگے بشکل طائر وحشی مرے حواس
پر کا قلم بنا کے جو تصویر کھینچیے

لوح مزار لوح جبین کو بنائیے
تا چند رنج شوخی تقدیر کھینچیے

جوش جنون مین مجھکو ٹھہرنا محال ہے
تصویر بھی مری سر زنجیر کھینچیے

جس طرح چاہیے خلش دل نکالیے
حاضر ہون کانٹون پر دم تشہیر کھینچیے

زردی برنگ عشق نہیں اور رنگ میں
میری ہی رنگ سے مری تصویر کھینچیے

اوس گل کو داستان عنا دل بہلائیے
دم میں ہزار نالۂ شبگیر کھینچیے

کیوں لکھیئے رنج کشاکش دہر ای منیر
لازم ہے ہاتھہ ہی دم تحریر کھینچیے

اس غزل کی فکر میں دل کو پریشانی ہوئی
اے خضر بحر رمل میں ناؤ طوفانی ہوئی

ہجر میں ہے نور شکل عیش اے جانی ہوئی
صبح عید اپکی بیاض چشم قربانی ہوئی

انتشار دل فروغ طبع محزوں ہو گیا
دود شمع بزم غم میری پریشانی ہوئی

کر دیا مجروح بار منت احباب نے
مدا احسان مجھکو شمشیر صفاہانی ہوئی

عکس آئینہ کے اندر نقش حیرت بنگیا
میری صورت گر وہ تصویر حیرانی ہوئی

غور ہو کر دیدۂ اہل جہاں میں گھر کیا
چشم عالم کشتی ملبوس عریانی ہوئی

دامن شب کیا تمہاری چوٹی کا موباف ہے
رات فرقت کی نہایت آج طولانی ہوئی

خوبرو دور فلک سے اڑ کے جا سکتے نہیں
جو پری تھی شیشۂ گردوں میں زندانی ہوئی

صورت مرغان وحشت خود وہ رنگ اوڑ گئے
میری تصویر ای جنوں وقف پریشانی ہوئی

پردہ در پر کھڑے ہیں خوبرو بگڑے ہوئے
آپکی چلمن تیوروں کی چیں پیشانی ہوئی

نقش زر کے ہیں مسخر اہل عالم آج کل
اشرفی اس عہد میں مہر سلیمانی ہوئی

چشم تنگ محتسب میں پھر گیا دور شراب
کشتی مے چشمۂ سوزن میں طوفانی ہوئی

تیرے قیدی کے قدم سے آنکھیں پریوں نے ملیں
پاؤں کی زنجیر تسبیح سلیمانی ہوئی

پردہ دار فقر اے بیمہر ہے ترک لباس
پوستین شمس تبریز اپنی عریانی ہوئی

ہو گیا آئینۂ رخ کو پسینے سے فروغ
شبنم گل روغن تصویر حیرانی ہوئی

تیرہ روزی کی سبب سے اشکباری بڑھ گئی
ای فلک میری گلیم بخت بارانی ہوئی

یار رہا جبکہ ہوا حاصل کیا کیف شراب
بیشتر قصر حباب مے میں مہمانی ہوئی

منہ کی کھائی جب علو عمر دوروزہ پر غرور
سیلئے غم سرخی کیف مے افشانی ہوئی

نام پیدا کرکے داغ ظاہری کھوتے ہیں لوگ
آبرو پوشاک دھونے کے لئے پانی ہوئی

وہ مٹایا کرتے ہیں لکھ لکھ کے خط سرنوشت
تختۂ رمال میری لوح پیشانی ہوئی

پنجۂ خورشید میں بھی یہ اثر دیکھا نہیں
سارے تسبیح آپ کی ہاتھوں میں انشانی ہوئی

شام سے ہیرلوں کی نظارہ اوڑائی صبح تک
رات میری آنکھوں میں کحل سلیمانی ہوئی

چشم دریا بار نے رتبہ گھٹایا اسقدر
خشت محراب در دل میری پیشانی ہوئی

پنجۂ مژگاں کف افسوس ملتے ہیں بہم
الفت چشم و مژہ میں یہ پشیمانی ہوئی

جلوہ ہمہ ہوگیا جز و جمال اے مہ جبیں
چاندنی کا نور شمع روے نورانی ہوئی

عشق حیرت نے بچایا خوف عقبیٰ سے ہمیں
صبح محشر بھی کف دریا سے حیرانی ہوئی

اپنے دل پر جو گذرتی ہے کہیں کس سے منیر
دوستی ناداں کی سخت نادانی ہوئی

باغ جہان میں خواہش دولت فضول ہے
سکتے ہیں اشرفی جو گولر کا پھول ہے

دانتوں کی یاد کاہش جان ملول ہے
ہر ساعت فراق میں ہیرے کی چول ہے

نقد بہار حسن جو ان کو پہنچ گیا
خط چہرۂ حضور کا قبض الوصول ہے

بے سبب بار عشق اوٹھایا ستم کیا
انساں ازل کے دن سے ظلوم و جہول ہے

کھاتے ہیں زہر یاس تری جستجو میں لوگ
الماس سودہ راستہ کی خاک دھول ہے

کام آئیں گے کبھی نہ کبھی طالع سیاہ
آخر تو ہر حسین طلبگار سیہ ول ہے

عاشق کے ہوش اوڑنے سے رونق کسی کی
رنگ پریدہ آپ کی ہیکل کا پھول ہے

مجروح کرکے دل کو بچاؤ نہ تالیاں
ہونے دو رقص بسمل اگر بے اصول ہے

کم قدر کر دیا ترے جلنے نے اسقدر
نظروں میں اطلس شفق صبح لوٹ ل ہے

سب کچھ ملا اگر دل سے مدعا ملا
ترک طلب سے مطلب کل حصول ہے

الفت سے ایک جان دو قالب ہوں یار کے
اے شیخ اتحاد ہے یہ یا حلول ہے

آنکھیں سو جائیں ہم نے لہو رو کے ہجر میں
اے اشک گرم کیوں تجھے فکر نطول ہے

اہل غنا کے کاسۂ سر میں ہے جوش سے
پوشیدہ ہر حباب کی ٹوپی میں پھول ہے

دیتے جو اشک آنکھوں میں آئیں تو ڈر نہیں
عرش بریں سے رحمت حق کا نزول ہے

سو ہو کمر کا عقدہ کھلا تیری ناف سے
تار رہِ عدم کا گرہ ہجر کا طول ہے

منہ دیکھنا عجوزۂ دنیا کا ہے گناہ
یاد آیۂ حجاب کی شانِ نزول ہے

خالی نہیں ہے تیری محبت سے کوئی دل
اِس حال کا ہر ایک محل میں حلول ہے

رفعت غبار دل کو ملی قید زلف میں
مشک سحاب کوچۂ گیسو کی دھول ہے

بیگانگی کا پان بھی لینا نہیں پسند
دست ادا سے زہر بھی کھانا قبول ہے

مرکہ بنا دیا تو مزا آب حیات کو
بہر شراب زیست نمک تیری بھول ہے

کیا فائدہ دعا سے اثر ہے عدم میں قید
عنقا کی روح طائر رنگ قبول ہے

کانٹوں میں کھینچتی ہیں تری بد زبانیاں
جو گالیوں کا جھاڑ ہے گویا ببول ہے

غیروں کے پاؤں پڑ کے جو آئیں گے تیرے گھر
یوں ایڑیاں رگڑ کے بھی مرنا قبول ہے

افضل یہی ہے سب سے کہ ہو اس میں تیری یاد
دل کے سوا جو عضو بدن ہے فضول ہے

ہے عشق روح تو لب شیریں یار کا
زنبور شہد طائر جان ملول ہے

مکڑی کی لذت اس کو وہاں نعمتوں کی چاٹ
درویش کم خوراک ہے سلطان اکول ہے

اس ناتواں کا سایہ ہے بخت سیاہ پر
چیونٹی کا پوست فیل شب غم کی جھول ہے

تیرے حضور چاند کی شیخی ہے کرکری
بجا بھی نور کا ہے تو کیا خاک دھول ہے

دل لیکے دیں وہ حشر کو دن یہ بھی ہے محال
لیں نقد جاں بھی قرض تو سہل الوصول ہے

عاشق ہی کی دعا ہے زمانہ میں بے اثر
شاید رقیب حاجب باب قبول ہے

قطع حیات تیغ دو دستی سے کیجئے
میری کمند عمر کا دو ہاتھ طول ہے

مغرب سے اٹھے پاؤں پھرا وڑکر آفتاب
حکم علی سے کس کو مجال عدول ہے

لوگوں کو آپ چال سے گمراہ کرتے ہیں
یا پوش کی کرن مژۂ چشم غول ہے

سہوا ہوئیں ہیں معصیتیں مجھ سے بیشما
یا رب مری حساب میں لاکھوں کی بھول ہے

خورشید لکھنؤ میں ہے پہیں کانپور میں
کیا تیرہ روزیوں سے مرا دل ملول ہے

نفس نبی سے رتبۂ ذات بنی کھلا
تفسیر مرتضیٰ ہے تو مصحف رسول ہے

جزو کلام حق ہیں ائمہ سب اے منیر
ام الکتاب نور الٰہی بتول ہے

دل چھپا ہے تری محرم میں تماشا اور ہے
اے پری انگیا کی بنگلے میں یہ گھرا اور ہے

انقلاب حیرت دل سے تماشا اور ہے
رنگ ہر تصویر کے کاغذ میں میرا اور ہے

جس سخن کی نہ نکالی اوس میں نکتا اور ہے
نکتہ سنجو بات کی پہلو کا تکیہ اور ہے

مست گل پیش نظر تھے اب ہیں عاشق سامنے
گھاٹ پر تیغ نگہ کے آج میلا اور ہے

کام ہے گز در سے زیادہ ہے رہ سودائے زلف
کوچۂ زنجیر میں جانیکا رستا اور ہے

حسرتیں سب دل کی نکلیں پر سیہ رو رہی ہی
اس چمن میں آشیان مرغ عیسیٰ اور ہے

سنبھل سودائی مجنوں پر بہار آئی نہیں
پھولنے پھلنے کو شاخ زلف لیلیٰ اور ہے

کٹ گئی ہیں انتظار یار میں راتیں تمام
تارے گنے کو شب مرگ تمنا اور ہے

وصلیوں پر لن ترانی کی بہت تحریر رقم
مشق کرنے کو بیاض چشم موسیٰ اور ہے

ذبح کر مجکو بھی ہی ملبوس کی زینت اگر
ٹکنے کیواسطے گردن کا پٹھا اور ہے

آتش گل کسطرح بھڑکے ہوا ہے باغ سو
شمع کشتہ کو جلا دے وہ مسیحا اور ہے

رقص بسمل تمنے دیکھا ساغری بھی چلے
ناچنے کے واسطے طاؤس مینا اور ہے

میری شہ رگ میں کھٹکتی ہے تری نوک مژہ
چنبر گردن کی ہنسلی میں یہ کانٹا اور ہے

سونے کی آواز ہے گل کیا سنوں اس ابر میں
نعرۂ مستانہ طاؤس مینا اور ہے

کوٹھی پر تیری قد و بالا کا جلوہ دیکھکر
لوگ کہتے ہیں فلک پر ایک طوبیٰ اور ہے

محتسب ہوتا ہے اندھا شیشۂ دل دیکھکر
چشم افعی ہیں زمرد ہے یہ مینا اور ہے

موئے آتش دیدہ ساں جل کھا رہی ہے کہکشاں
دیکھ لے اے چرخ برق داغ سودا اور ہے

کاغذ سوزن زدہ تصویر میری بن گئی
عاشق مژگاں کا اے بہزاد نقشا اور ہے

غافلو مٹتا ہے نقش کن فنا آئی قریب
وصل کاف و نون ابت گذرا ہے تھوڑا اور ہے

بوسوں کے نیلے نشاں ہر دل ہیں خط سبز میں
ساغر عمر خضر پر ہے یہ مینا اور ہے

کشتیاں لاکھوں ڈبوئیں تو نے اے بحر فنا
غرق کر دے کو جہاز عمر دنیا اور ہے

پھر حباب کر کا بیاں ایسی ہے جو حاضر ہوئیں
ابر پر ہے رو کوئی اس گوڑی کا پھاہا اور ہے

خط میں ہے مضمون خونخواری ڈرا دینے کیلئے
شیر کے ناخن سے لکھا ہے یہ فقرا اور ہے

جو ہوا عصیاں سے نادم تو نے بخشی سلطنت
کیا در توبہ کے اندر لال پڑا اور ہے

سب میں شہرہ ہو چکا باقی رہا وحشت کا نام
کھود ے مجھکو ایک مہر داغ سودا اور ہے

آپ فقرا دیں تو بیش محتسب ساغر چلے
کشتی نے جس سے بہ جائے وہ چھینٹا اور ہے

ساقی سرکش نے کچھ اعتنائی ڈہل گیا
مے پرستو گردن مینا کا منکا اور ہے

کوئی کہدے یوں صبا سے جا کے پیغام منیر
اب ہمارا صدمۂ فرقت سے لقشا اور ہے

آتش فشاں رہیں گی جو جلوے جمال کے
داغ اور ڑیں گے آگ سے بار دو خال کے

کیا آتی ہیں وہ عطر حنا سر میں ڈال کے
کانوں آبلے ہوئے پائے خیال کے

سرخی سے بڑھا ہی گئی بن جال کے
سورج بنا و آگ سے جوہر نکال کے

رنگت نکالنے کو ترش رو ہوا سے لمسر
چمکا دو سیم ماہ کہتائی میں ڈال کے

تلخی الم سے جراحت کو التیام
سیتا ہوں زخم پوست کی ڈورے نکال کے

ٹھہرے عیب قد خمیدہ کے اڑتے چلے
پر دار ہو گئے ہوئے تیغ ہلال کے

منظور ہے جو چاندنی کی سیر آپ کو
پھینکوں ہوا میں آنکھوں کی تارے نکال کے

کیں سرد مہریاں سے گلگوں پلا کے کیوں
دی آبرو حضور نے شوری میں جہال کے

ابرو کا وصف کرتے ہیں ای آفتاب حسن
مضمون تیغ لاتے ہیں سانچے میں ڈہال کے

پیش نظر مجھے بنت انگیا کی چاہیے
چکی بناؤں آنکھوں سے تارے نکال کے

رکھا خضاب خدا نے جوانی میں بھی ہمیں
بھیجا ہو شباب کو شیشے میں جہال کے

موج سخن کا رنگ بڑی اعتراض سے
چھڑیاں بناؤں باتیں شاخیں نکال کے

افسردہ سرد مہریوں سے اشک چشم ہیں
تیغ بستہ چشمے ہیں مرے کوہ ملال کے

تیری کدورتوں سے مکدر ہے دل مرا
کیا کیا بگولے اٹھتے ہیں گرد ملال کے

سر رشتہ سب کو سر میں ہے ابرو کی عشق کا
چلے ہیں پگڑیوں میں کمان ہلال کے

لاکھوں ہی منتوں سے ملے دل کو داغ غم
کلگی کے چراغ لعل ہیں کوہ ملال کے

بازی لگا کے جیت لئے عاشقوں کے دل
کرتی ہے گوٹ رنگ دکھاتی ہے چال کے

وحشت سے تیرے تن کے پرزے اور اڑا دیئے
تیری خزاں میں گر گئی شاخ غزال کے

عاشق لہو میں ڈوب گئے اس کے واسطے
کیا کیا جمے ہیں رنگ تمہارے اوس گال کے

اللہ رے اوس صنم کی نقدر کے شبدیز
نا تو ہیں آپ ہی ہوئے پائے خیال کے

وہ شہسوار حوصلہ افتادگی ہے یہ بس
اوٹھ اوٹھ گئے ہیں پاؤں صف نعال کے

سارا چمن ہے حلقہ بگوش اوس کی زلف کا
گلہائے تر کے کان میں حلقے ہیں جال کے

کیا دلبری کی مشق بڑہائی ہے لے بتو
دل ڈہونڈہتے ہو بات میں پہلو نکال کے

خواب اجل مدام تصور کے ساتھ ہے
سوزی ہیں مخملی مری پائے خیال کے

شرم گنہ سے دست تاسف نہ کٹ سکا
دانت اپنے قطرے ہیں عرق انفعال کے

رویا ہوں خوب ہجر میں ای یار لا شراب
رکھے ہیں جام دیدۂ پرنم کھنگال کے

رونے سے میرے کام روا ای ہوئی محال
تر ہو کے سخت ہو گئے عقدے سوال کے

اسباب جمع کرتی ہیں دانتوں کی یاد کا
طاؤس دلسوز زلف میں زیر ناگ ہو گیا
گذری شب شباب کہاں تازگی کا لطف
دانتوں کی یاد دیکھ وہی کے ساتھ ہے
نقشے لکھے گئے ہیں ترے طالبوں کو آج
کیا سخت ظلمت شب فرقت ہے الاماں

دیوانی تیری چنتے ہیں تنکے حلال کے
بننے کے چھلے بن گئے سب حلقے جال کے
باسی ہوئے ہیں پھول حسینوں کے گال کے
عنقا کے آشیاں ہیں ہیں تنکے خلال کے
چھاپڑ گئے ہیں خط کف دست سوال کے
گھر میں مری چراغ نے پھول ڈھال کے

نظارہ کر رہی ہیں غزل پر جو لے منیر
آنکھوں سے صاد ہوتے ہیں اہل کمال کی

کسے ہوتی ہوا ترک اسقدر پیاس آب تیغ کی
گلے کے نور سے بڑھ جائے گی تنویر جوشن کی
صدا گانے کی سنکر اہل محفل مست ہوتے ہیں
شراب سرخ کی رنگت گلے سے ہوش کر نکلو
عبث آویزۂ یاقوت کا عالم کو دھوکا ہے
چاپ ہر عضو نورانی کی حسن عضو ثانی ہے
گلے میں آپنے رومال دھانی آج باندھا ہے
بہار تازہ تیرے قرب سے کمخواب پر آئی
پڑی ہیں تنگئے دوراں سے سر پیچ آفت کے
زمرد کی چھڑی ہے سبزہ عارض سے ہر تیلی تیتے
دل عاشق کے جلنے سے مگر محفل کی رونق ہے
نہ ہو گا پست قسمت کوئی مجھسا باغ عالم میں
ملے ماتھا جو تیرے تلوؤں سے رتبہ بڑھا دونیں

تری تلوار کا پٹا ہے شہ رگ میری گردن کی
تری بازو کے آگے ہیں چڑھیں گی شمع گردن کی
تمہاری گنگری قلقل نہ ہو مینا سے گردن کی
ہوئی لال آتش مے سے صراحی تیری گردن کی
تمہارے کان میں ایجاں لو ہے شمع گردن کی
سر پستاں نہیں گھر ہیں دو شمع گردن کی
ہوئی ہے سبز مردنگی میں روشن شمع گردن کی
ہری ہو ہو کے پھولیں بوٹیاں ایجاں چکن کی
مری گھڑی نے سنجاف کو غم کی دامن کی
بنا ہے سوت سینہ کا ڈوری تیری چلمن کی
کہ میرے عنصر آتش سے تیز شمع روشن کی
کف قاروں ہے ہر تپی مری شاخ نشیمن کی
ترا شوں بت جو سنگ پاؤں بشانی برہمن کی

نہیں وہ طائر ہوں جسکے زمزمہ کا غل ہی جنت میں ۔ یہ جبریل ہی کویل مری شاخ نشیمن کی

زباں ہوج سے حال اوس بت کافر کا کہتی ۔ بیاض گردن مینا ہے پوتھی برہمن کی

تڑپ نعلوں کی گویا جنبش ابروی خوباں ہے ۔ اشارہ کرتی ہے اے ترک چپلی پا ی توسن کی

تری راہ طلب میں رنج راحت کی برابر ہے ۔ نہی سنگ جراحت مجکو سختی قلب رہزن کی

جوانان چمن لوٹیں گے جوبن اپنے آپسمیں ۔ خضاب ہوی سنبل ہوگی مسی جھڑکے سوسن کی

بھر آیا منہ میں پانی اسقدر جیسے تجھے دیکھا ۔ چمن میں ہر طرف مسی بھی پھرتی ہے سوسن کی

تری آواز سنکر نقش دیوار تحیر میں ۔ ہمارا قد خم گشتہ ہی حلقی گوش روزن کی

جنہوں نے حسن کے ناموس میں رخنے کئے ایسے ۔ نہی ہر جال سلمہ کا تجلی دشت ایمن کی

نہ کیوں کر بل کریں دیباگی کیصورت ناتوانی ۔ ہمارے پاکپن نے نوک پیدا کی ہے سوزن کی

تڑپتا ہی جو تیرا ناتوان زخموں کو ٹانکو نسی ۔ نہی ہیں دام ماہی گیر موجیں آب سوزن کی

زر گل ہاتھ فریاد بلبل ہی گلستان میں ۔ اوٹھی ہے کوچہ منقار میں دیوار کندن کی

بہی جو آب تیغ یار دل کی حسرتیں نکلیں ۔ نہا کر اوڑھ لوں چادر جو چھوڑی آب آہن کی

جگر ٹکڑے ہے کیا ظاہر کی اس شیریں کلامی نے ۔ تری میٹھی چھری کا دستہ کیا ہڈی ہے دشمن کی

جلے جاتے ہیں اے بت تو جو مسی پیچ کرتا ہی ۔ تری صحبت کی گرمی آگ ہی سنگ فلاخن کی

کھنچا جاتا ہے تیر خنجر ابرو اسی جانب ۔ نہی ہی سنگ مقناطیس سختی قلب دشمن کی

تم اپنی کبر کی تعریف مجھسے روز سنتے ہو ۔ بت پندار کو بھی ہو گئی حاجت برہمن کی

منیر اللہ نے ایسا کیا آتش زباں مجھکو
کہ برق طور معنے ہے تجلی طبع روشن کی

رہرد ملک عدم یہ جو جوان و پیر ہے ۔ اس مرقع میں ہر ایک چلتی ہوئی تصویر ہے

ای پری میری صباحت کی عجب تاثیر ہے ۔ تیرے دامان نظر کا پاٹ جوئی شیر ہے

آجکل جوش صفا سے اور ہی تنویر ہے ۔ رنگ تیرے چہرے پر آئینہ تصویر ہے

پختگی ہندی زبان کی باعث توقیر ہے
ریختہ کی سرزمیں شعر میں تعمیر ہے

جوش حیرت سے فروغ آدو بے تاثیر ہے
میرے گھر میں چاندنی صبح شب تصویر ہے

اپنے بخت بد کا تجھکو حال کرتا ہوں رقم
جو میری تحریر ہے نقل خط تقدیر ہے

ابروے خمدار سے مژگان برگشتہ ملیں
ریشہ شاخ کمان ہر جو تمہارا تیر ہے

تیرے پرتو سے ہرا ہر داغ دل گلگوں ہوا
دھوپ اس گلشن میں گویا روغن تصویر ہے

عقدہ کا ہیدگی حیرت سے لاحل رہ گیا
ہو شکست استخوان یا غنچہ تصویر ہے

کیا سلسل گفتگو میں ہو دروغ بر فروغ
ہار جھوٹے موتیوں کا آپکی تقریر ہے

جس نے دیکھا تو تمہارا منہ وہ آوسیکا ہو گیا
جواب مرگ اہل جہان کو سر تسخیر ہے

خط جو روے صاف پر نکلا ہوی شیریں بیان
سبز مینا آئینہ کا طوطی تقریر ہے

مصحف رخسار پر کیا بالیں ہی اعجاز ہیں
جو ترا فقرہ ہوا کی بیت آیہ تفسیر ہے

صورت حرف غلط بنکی بگڑہ ہی سیکڑوں لت
دفتر ایام مشق کاتب تقدیر ہے

دام گیسو میں نہیں محبا کوی آتش قدم
سوی آتش دید میری پاؤں کی زنجیر ہے

جوہر تیغ آپکی رفتار پر ہیں معتبر ار
آج کل طاؤس رقصان سبزہ شمشیر ہے

قید کی گردش میں ہی آرام تیری زار کو
پاے خوابیدہ کی کروٹ جنبش زنجیر ہے

یاد کا ریونک تیغ غم ہی باطن کی خلش
پھانس میرے دل کی سو ہی ابروے شمشیر ہے

ڈھونڈتی ہی صبح کو اس روشنی میں بارہا
دست زیرہ میں چراغ نالہ شبگیر ہے

بے ثباتی کو شکنجہ میں پھنسی ہیں شعلہ رو
ہو گیا ثابت کہ لا ریبی آتشگیر ہے

ابرو پر خم کی ہیں مداح سرتا پا بشر
سیکڑوں جلد و نمین بسم اللہ کی تفسیر ہے

ہو گیا منہ پر نشان سرخ سہم پر توفندوں
چپکی لینا شمع رخ کو واسطے گلگیر ہے

نکتہ ہیں معنی رنگین ہیں اے مطرب تمام
تیز طغرا میری نظر و نمین تری تحریر ہے

گنج استغنا ہی مجھکو آبرو شمل گہر
فقر میں گردیں ہی چہرہ پیا اکسیر ہے

سر میں رباب و رنج سودائی مے رکھتے لگو — خشت خم سے گنبد دستار کی تعمیر ہے

دیکھ کر کشتوں کی حیرت صاف کھنچ کر تیغ نے — آپ کی تلوار نے ہر گلشن تصویر ہے

ہم وہ مجرم ہیں تیمم کر لئے ہونگے غبار — دو تماچوں کی ہماری واسطے تعزیر ہے

پڑ گئے اس درجہ دنداں تاسف کے نشاں — پنجۂ نجات کی ہر انگلی مجھے قط گیر ہے

ہم سے وحشی چند فقروں میں مقید کر لئے — آپ کی باتوں کا پھندا دام آہو گیر ہے

نیت خالص بنا دیتی ہے راحت تجکو — جو غبار آیا دل غمدیدہ میں اکسیر ہے

سیکڑوں دیوانے ہیں سودائی گیسو اسیر — وادی وحشت میں خود رو سنبل زنجیر ہے

حال افتادوں کا میری پائمالی سے کھلا — بہر خواب مخمل فسانہ مرا تعبیر ہے

پردہ دار قید گیسو ہے ہماری آبرو — روزن گوہر میں پنہا افعی زنجیر ہے

ہجر میں میری طرح بیکار رہیں میری حواس — میری نظروں میں یہ ششپنجہ نخچیر ہے

کیا کروں تعریف نواب بہادر اے منیر — جن کی فکر خوب میں اعجاز کی تاثیر ہے

گیا جوانی و پیری کی داغ یاس مجھے — کیا نصیب نے پیوند ہر لباس مجھے

عدم کو لی ہی گیا بیخودی کا پاس مجھے — تلاش کرنے نہ پایا میری حواس مجھے

خدا کی حمد سے خوشبوئے باغ ہستی ہے — بہار دیتی ہے عطر گل سپاس مجھے

پیا جو خون جگر آب زر کی حرص گئی — خبر نہ تھی کہ ہے اثر لہو کی پیاس مجھے

بہائیں مدرکہ غمسہ وقت ہوش لہو — ملے برنگ حنا پنجہ حواس مجھے

امید رحم ہے اے کام بخش کل مدد ہو — بچایا جا گزیں دنداں میں یاس مجھے

تری گلی میں تصور بھی نہ پہنچا میں — عبث اوڑا دیا میرا طائر قیاس مجھے

ہوئی ہے گرمی بزم طرب سے محرق — خدا بچائے خوشی ہی نہ آئی راس مجھے

میرے دماغ میں ہے نشہ سے غیرت — ملا ہے شیشۂ [illegible] موتی کا گلاس مجھے

نمو کیسا تھی ہی کشت امل کو قطع کیا
اثر میں ناخن تدبیر بھی ہی ویاس مجھے

فنا قبول ہے اپنی بھی رخت ہستی سے
حباب دیتی ہیں کیوں لقمۂ لباس مجھے

میری لحد سے اوگا سبزۂ پر طوطے
رہی تھی آب زبان سخن کی پیاس مجھے

صدائے سینہ زنی قہقہہ سے آتی ہے
زیادہ غم سے خوشی کر گئی اداس مجھے

خرد سے روٹھ کے آیا ہوں وحشت میں
سنائی آتش نہ یارب مری حواس مجھے

تمہارے حسن نے اب گھر میں غرق کیا
غلاف تیغ تبسم ہوا لباس مجھے

پھرون پر ملک الموت بالش سر میں
کہ دیو خواب اجل سی نہو ہراس مجھے

میں اپنی جان سے دھوتا ہوں ہاتھ وحشت میں
ہوئی بہار میں داغ پلنگ طاس مجھے

دکھا رہی ہیں جو شمشیر حسن کے جوہر
سمجھ چکے ہیں پری رو اوشناس مجھے

ذرہ بخیل سے یارب بچائیو مجھکو
کہیں گرا ہو نہ اندھے کنوئیں میں پیاس مجھے

سفید داغ سمجھتا ہوں صبح محشر کو
شب فراق میرا تنہ تو ہیں حواس مجھے

کیا ہے تلخ شکر بخیوں نے کام امید
ملا ہے شہد تبسم میں زہر یاس مجھے

دکھاؤں آکے اگر اہل ہوش کو حیرت
کہیں سے آئینۂ مجلس حواس مجھے

سفید آمد پیری نے کر دیا ایسا
کہ جوئے شیر ہوا دامن لباس سے مجھے

سنے گی حال اگر خانہ خرابی کا
پھٹکنے دیگی اجل بھی نہ اپنے پاس مجھے

غریق بحر کرم ہوکے بھی گئی نہ طمع
ستاتی ہے دریا کے نیچے پیاس مجھے

منیر گنج قناعت ہے نسخۂ اکسیر
سوا خدا کے نہیں ماسوا کی آس مجھے

صبا کو دی ہے ایسی قلعی بہار نے
حوروں کے کان چھیدے ہیں ہر نوک خار نے

ورد سفر کے چمن سے بدلا مزار نے
پہلو ہمارے خوب دبائے فشار نے

پھیری نگاہیں سرمۂ چشم نگار نے
بر بھی ہلائی زنگی ابلق سوار نے

کی یہ یتیم پروری اہل وقار نے
دامن سے آنسو پوچھے مری کوہسار نے

لازم تھی قدر زندگی مستعار کی
مانگے کی چیز کھوئی دل بیقرار نے

اہل فنا کے زخم میں پنہاں ہوئے تمام
بھر دی ہم حباب میں تار ی کی کثار نے

دم بھر تھم آئے سبزۂ گلشن کے سامنے
دیکھا یہ خواب مخمل رنگ بہار نے

نالوں نے کیں سپہر پہ آتش فشانیاں
افشان چنی جبیں قمر پہ شرار نے

غرق عرق ہے دیدۂ گریان سے خط سبز
غوطے کھلائے خضر کو دریا کی دھار نے

بخت سیاہ بعد فنا بھی ہے پردہ پوش
کملی اڑھائی ظلمت کنج مزار نے

مثل قلم چلے جو ترے تیر صید پر
وصلی کیا زمین کو مشق شکار نے

مردان عشق ہیں تہ ہیجان سے زیر دست
شیرون کی بچہ پھیر دئے مشت غبار نے

سبزہ نہ سمجھو کشتۂ گیسو کے کھیت میں
سرسبز کر دیا ہے اثر زہر مار نے

دشمن کا دل بھی میری رسائی سے تنگ ہے
بن بن کی پھانس کی ہے جگہ جسم زار نے

خونریز چھپے مال کو کیا کیا چھپاتے ہیں
سینہ کی پاس رکھی ہے کوڑی کثار نے

رو رو کے تیر سے صید نے گیسو کو تر کیا
سوتے بنائے چشمۂ دام اس شکار نے

پھولوں کی آبرو یہ بھی تیرے سامنے
کیں کلیان گلاب سے پر آبشار نے

آنکھیں ملا کے دور کئے خار خار دل
پھانسیں نکالیں سوزن مژگان یار نے

راحت دہی یاد قامت جانان نے وقت نزع
سایہ کیا مسافرون پر نخل دار نے

عارض کے بوسے ملگئے بالون کی آڑ میں
کروائیں چوریاں شب گیسوی یار نے

ہمسائیوں کی بھی آنکھوں سے پامال کر دیا
دیوارین پھاندیں ابلق لیل و نہار نے

زلفوں میں تمنے ہار لپٹے جو سے تجمو
دامن میں پھول بھر لئے شبہائے تار نے

رونق بڑھی جو جامۂ تن پر برہنگی کی
بیلیں رو پہلی چھاپ دیں گور کے بار نے

کہنے ہو لکھنو کو چلا ہون اب ای ظہیر

بارہی دعا قبول کی پروردگار نے

ملگئی ابرو و مو چندار کی تصویر سے کیسے
دیدیا ہیک اجل نے خط شمشیر کیسے

دیکھئے زہر دے وہ زلف گرہ گیر کیسے
کاٹئے اے بار خدا افعی زنجیر کیسے

بارہی خواب میں ہو بخت بھی خوابیدہ ہو
دیکھیں بیدار کرے نالۂ شبگیر کیسے

ہر مہینے میں مری واسطے رسوائی ہے
اتنے شہروں میں کیا عشق نے تشہیر کیسے

کسکو ہاتھ آئے ترے سرخی لب کا مضمون
دیکھیں پڑھنے کو ملے پان کی تحریر کیسے

کھل سکے کس سے مری حیرت دل کا عقدہ
خواب تصویر کی معلوم ہے تعبیر کیسے

مرے خونریز کی باتوں کا ہے عالم مشتاق
دیکھیں آ راز سنا ہو لب شمشیر کیسے

کس کو اوصاف خط سبز سنائیں گے آپ
مل گئی پالنے کو طوطی تقریر کیسے

کس کا دل چین منظور زبان بندی ہو
آپ کھلوائی گا سرمہ تسخیر کیسے

نقشۂ زلف کی افشاں نظر آئی کس کو
دیکھئے تار ہر دکھائے شب تصویر کیسے

شکوہ بھی لکھ نہیں سکتا ہوں میں احمد کو منیر
صدمہ ہجر سے ہے طاقت تحریر کیسے

عیب داغ جگر اے رشک مسیحا کیا ہے
سچ کہو اشرفی مہر کا بٹا کیا ہے

جان شیریں کیو نہیں دم بھر کی مزہ [illegible]
بوسہ لوں ہونٹوں کا ایسا مجھے میٹھا کیا ہے

رونمائی کی عوض بیچی گا کیا مجھ سے
آپ کی مصحف رخسار کا ہدیا کیا ہے

کہئے شیرینی تقریر کیسے سکتے ہیں
آپ کی باتوں کا پھیکا مزا کیا ہے

زخم اس درجہ ہرے ہیں کہ مری آنکھوں میں
چمن جوہر شمشیر کا سبزا کیا ہے

دیکھکر میرے تن زار کو گھبراتے ہو
پھانس ہی پائے نظر میں کوئی کانٹا کیا ہے

مری رو رو کی حقیقت نہ سن اے رشک چمن
سبزۂ گوش کو شبنم سے علاقا کیا ہے

دیکھ مجروحوں کا ہر روز تڑپنا ای ترک
رقص بسمل کا تری عہد میں توڑا کیا ہے

تری الفت میں جوانانِ چمن مرتے ہیں
کھا کی افیون جو لالے نے اچنبا کیا ہے

کس کے رونے سے نہ کانپا یک اقصورا اپنا
بند پر قفل دریا ر تو کھٹکا کیا ہے

ہم نہ چھوڑیں گے تجھے حکمِ سلیماں سے بھی
اے پری دیو سیاہ شبِ یلدا کیا ہے

داغِ سودا شبِ تاریک میں ہے راہ نما
مشعلِ شعلۂ ادراک کی پروا کیا ہے

نہیں لازم لبِ لعلیں کی حلاوت کا غرور
لال شکر کے لیے شہر میں رتبا کیا ہے

سفر عمر میں نہیں نقصان اپنا
گشتۂ عمر کو دنیا میں کرایا کیا ہے

نقدِ جاں قرض دیا تھا جو طلب کرتے ہو
دی ہوئی چیز کا ایجاں تقاضا کیا ہے

پوچھتا کیا ہے تمنائے ضمیر اسے فتنہ گر
تجھکو معلوم نہیں دل میں مرے کیا کیا ہے

وہ اگر قتل کریں جادۂ مشہد ملجائے
سبزۂ تیغ سے خضرِ رہِ مقصد ملجائے

عیش میں روزِ قیامت ہو ہمکو کا روانگا
عید کو دن جو گلے میرے وہ خوش قد ملجائے

سبزۂ خط ہو تو ناک تو بوسے لوں
پیاس بجھ جائے اگر آبِ زبرجد ملجائے

خاکِ عاشق کی پس مرگ بھٹکتی نہ پھرے
دفن کو شہرِ ساست کا جو گنبد ملجائے

چمنِ حسن کا گلدستہ کوئی ہاتھ آئے
تیرے مکتب کی گلستان مجلد ملجائے

حوریں جا بار در زنداں کی لگائیں آکر
اے شہ حسن اگر بوسہ مسند ملجائے

ہماری پھرتے تجھے چوم کر چھوڑونگا میں
نشہ میں بوسہ اگر اے بت بدمست ملجائے

موت بہتر ہے کہیں وصل بت تو خط سے
ایسی طوطی کو عوض سبزۂ مرقد ملجائے

ڈھونڈھتے پھر گرد کدورت میں متاعِ دلِ زار
مال گم گشتہ ای خاک میں شاید ملجائے

قریب ترسا بچوں کا ہو جو سیہ بختوں کو
شام کو شہر سے کلکتہ کی سرحد ملجائے

اوس کی کحل اب کی بوتی سے بنا ہیں اکسیر
خاکساروں کو جو وہ زیبا شاہد ملجائے

قمقمِ زہرہ کی صدا آئے گل تیوں سے
فصلِ گل کو جو پری خوب آمد ملجائے

چوکھٹا آئینۂ دل کا لگاؤں اوسپر
جو ترے ہاتھ کی لکھی ہوئی ابجد ملجائے

طوق قمری کا پڑے پاسے نظر میں جانا
خواب میں مجھکو جو وہ سرو ہی قد ملجائے

یہ کرے بیٹھے در دولت الوزرا بھی
شاہ خاور کو اگر آپ کی مسند ملجائے

آنکھیں پر نور کرے کحل جواہر سے منیر
یا الٰہی مجھے خاک در احمد ملجائے

تیرے حضور حسن حسینوں کا ماند ہے
تصویر ماہ مصر کی کاغذ کا چاند ہے

ہم مست ناتوانیوں میں بھی ہیں اسیر چشم
آنکھوں کا ہر گڑھا ہے گلگلوں کی ناند ہے

مریخ میغر وغ ہے شیکی کے چاند سے
دستار آفتاب کا طرہ بھی ماند ہے

خوش صورتان دہر ہوا پر ہیں اندنوں
رخسار ہر حسین کا گل کا چاند ہے

نقدی کی فکر رہتی ہے صوفی کو وجد میں
یہ جست و خیز جو ٹھو نکی کو پھاند ہے

رحمت خدا کی جوش میں ہر سے ہے نصیب
پیل سحاب کی لئے ہر موج پھاند ہے

ہو سر چڑھا نگاہ سی ساقی اوتر گیا
میخانہ جہان میں بھی کو دیہا ند ہے

پھولوں کی فصل گل میں قبا کیوں نہو سفید
تھالا ہر ایک درخت کا دہوبی کی ناند ہے

رونق چولا غری سو ہے بخت سیاہ کی
قد خمیدہ کیا سپر شب کا چاند ہے

پیدا ہر عکس چہرہ گلگوں دم شنا
لبریز رنگ پانچ سو دریا کی ناند ہے

مانگا جو بوسہ یار نے خالی دیا جواب
یا رب ہلال لب پر کہ خالی کا چاند ہے

کیا کہکشان کا دستہ قبا میں لگا ہے یار
اے چرخ نیل تیری ستاروں کی ماند ہے

دریا میں عکس رخ نو دکھایا نیا طلسم
ابرو ترا حباب کی ٹوپی کا چاند ہے

بے آب موج خندہ ہوئی حسن ڈھل گیا
بیٹھا تمہاری تیغ کا تسمہ ماند ہے

جاتا ہوں لکھنو سے بہت دور اے منیر
خال میں کیوں کہوں کہ صفر کا چاند ہے

عدو سے لڑتی ہیں آنکھیں خبر نہیں کہتیں
تم اپنے قبضہ میں تیغ نظر نہیں رکھتے

ہوائے کوچۂ قاتل نہ نکلے دل سے کہیں
کھلا ہوا در چاک جگر نہیں رکھتے

کسے ہے عمر دو روزہ پہ اے صنم تکیہ
سپر حباب کی ہم دوش پر نہیں رکھتے

چلی ہے باغ جہاں میں مفلسی کی ہوا
کہ اپنی گانٹھ میں غنچے بھی زر نہیں رکھتے

جو میری آہ کا کھٹکا ہے تم کو ہر ساعت
گھڑی میں کس لئے زنجیر در نہیں رکھتے

کھڑی ہیں کوٹھے پہ آپ اور دیکھنا ہے محال
ہمارے طائر نظارہ پر نہیں رکھتے

غبار دل اہل صفا ہے یا کینہ
گرہ میں گرد بھی گوہر نہیں رکھتے

نقاب یاد رخ کی نقد جاں کو بدو زندی
کرو تم آئینۂ رخ کا گھر نہیں رکھتے

تو ٹھہرے زیر فلک ہم عروج وحشت میں
کلاہ آبلہ پا لا سے سر نہیں رکھتے

کبھی پیام نہ بھیجا تمہوں نے میرے پاس
خدا ہیں کیسے کہ پیغامبر نہیں رکھتے

کریں خرید جوان مہر خوبان کا نقد جمال
گرہ میں سکۂ سیم و زر نہیں رکھتے

کبھی ہوئی نہیں وہ ایک بات پر قائم
سر غرور سخن تکیہ پر نہیں رکھتے

خیال خال میں مایوس آبرو سے ہیں ہم
امید بارش ابر سپہر نہیں رکھتے

منیر کیا کریں ہم دعوی سخنگوئی
کسی طرح کا کمال و ہنر نہیں رکھتے

آنسو اے رشک قمر بہتے ہیں چشم تر سے
ایسے طوفان میں جائیں تمہارے گھر سے

فاقہ تو ہو دن کو کہ خال رخ دلبر سے
روزہ افطار ہو یا رب نمک اختر سے

کھیت کشتوں کا جو پامال ہوا بے اثر
چونک اے شب سیرہ خوابیدہ تیری ٹھوکر سے

مفت میں بار علائق نے ڈبویا ہم کو
کشتی عمر رواں بیٹھ گئی لنگر سے

ہمر گرانی سے تن زار پہ اب تاب ہے
ہڈیاں چور ہوئی جاتی ہیں بار سر سے

ذرہ دانگیا کو ہیں گر جو ترے غم روئے آپ
دانت کٹے ہوئے شاید کہ ترنج زر سے

نور مہتاب بچھونے کی برابر کیا ہو
چاندنی چھوٹی ہے ایا وہ تیرے بستر سے

زلفیں زہو گئیں آیا جو عرق ابرو پر
رات سب بھاگ گئی آب دم خنجر سے

دانت تم پیستے ہو سنگدلی سے ہر روز
طرفہ ہیرا ہو کہ پس جائے لگا پتھر سے

نکہت زلف کے آنے سے جلے داغ جگر
آتش گل بھڑک اوٹھی نفس اژدر سے

آبرو والوں کے دل چھید لئے پلکوں پر
آپ نے موتیوں کو بیدھ دیا نشتر سے

کر دیا خاک مجھے نالۂ آتش زا نے
نکلے گا سیفۂ قفس میرے خاکستر سے

تیغ قاتل سے گل زخم کھلے سینہ میں
لائے ہم پھولوں کی ڈالی چمن جوہر سے

تیری مسند کا تصور رہے میری آنکھوں میں
صف مژگاں نہیں کم بالی کی جھالر سے

تری مستی کی دھڑی کا ہے زنخدان میں عکس
بھر گیا چاہ ذقن شربت نیلوفر سے

عرق رنگ طلائی ہیں کٹورے رنگے
پان انگیا کا بھی دھوی آب زر سے

جام خورشید عطا کر کے کیا نورانی
خم گردون کو بھرا یار نے اک ساغر سے

فتنۂ حشر سے سبقت کا ارادہ نکرو
کیا غضب کرتے ہو آگے نہ بڑھو محشر سے

شادروا آباد ہوں نواب نصیر الدولہ
بھر دیا دامن امید زر و گوہر سے

نخیر آنکھیں نہ دکھائیں سحر و شام مجھے
نہیں درکار یہ پھوٹی ہوئے بادام مجھے

نہ سے بعد فنا تا کبھی آرام مجھے
مردوں کی ہاتھ وہ بھجواتی ہیں پیغام مجھے

ئے گلرنگ پلا کعبہ میں ایساقی شوخ
ساغر ناف زمیں دی عوض جام مجھے

تیری فرقت میں ہو ہر رنگ بہار گردوں
مثل خون حبشی ہے شفق شام مجھے

فرقت یار میں کیا حوروں کی آنکھیں دیکھوں
پھوٹی کوڑی نظر آتی ہیں یہ بادام مجھے

کعبہ کو جاؤں اگر چھوڑ کے کوچہ اوس کا
یا الٰہی ہو کفن جامۂ احرام مجھے

عکس آئینۂ گردوں میں ہے کس گل رو کا
اطلس چرخ نظر آتی ہے پھولدار مجھے

منہ لگا کر قدح بادہ دیا کرتے ہو
کب تلک ایجان ملے بوسہ بہ پیغام مجھے

بال الجھیں نہ کہیں گالیون کے پیچ مین
چوٹی گندھوا کے دیا کیجئے دشنام مجھے

اوسی نقاش کی ہین ہر نگین سب مہرین
ہر نگینہ مین ملا ایک وہی نام مجھے

کمر یار کی الفت مین ہوا ہون معدوم
ڈھونڈکر بھی نہیں پانے کا مرا نام مجھے

نقطۂ خال کی الفت مین ہوا سرگردان
دور پرکار ہوی گردش ایام مجھے

نام رکھنے ہی سے بدنام مین ہوجاونگا
راس آتا نہیں ای جان جہان نام مجھے

نئی رسم نکالی ہی خدا خیر کرے
عوض بوسہ دیا کرتے ہیں الزام مجھے

مثل گل پانچون کی باغ مین کلیان کھلین
طرز گلگشت دکھا ای جو وہ گلفام مجھے

ای پری قدر بڑا ہی عرش کو تارے توڑون
بوسہ لینے کو جو ہاتھ آئے لب بام مجھے

بے بقا بسکہ ہی اسباب نشاط ای ساقی
ساغر بادہ ہے خورشید لب بام مجھے

تب ہجران کی حرارت کی نئی گرمی سے
ہوی تبخالہ لب گنبد حمام مجھے

شجر قد مین ہی یہ لونگی چھڑی کا عالم
پھول ہاری جو چمن مین وہ گل اندام مجھے

بوسۂ سیب ذقن میٹھی ادا سے بخشا
یار نے آج مربی کا دیا آم مجھے

آفت جان ہین وہ نوخیز انار پستان
ہاتھ ملوائین گے کب تلک ثمر خام مجھے

جھاڑ کانٹون کے ہین اور آبلون کی فانوسین
شیشۂ آلات کا منظور ہی نیلام مجھے

بادہ خوارون مین ہی ابھی طفل دبستان منیر
مکتب دہر مین پڑھنا ہی خط جام مجھے

عیش زندان رنج اسیری ہی بہت ای صیاد
صدمہ سے خانۂ زنبور ہے گلدام مجھے

ہون جدا رشک سے استاد کے خدمت سی منیر
فرخ آباد مین کیون کر ملے آرام مجھے

پرہیز فقیرون سے کسے سزاوار نہین ہے
کملی مری کچھ سایۂ بیمار نہین ہے

چڑھتی ہین بھوین ہونٹون کا جب لیتی ہون بوسہ
میٹھی چھری ہے آپ کی تلوار نہین ہے

کیا سینۂ پر داغ کو مرہم سے علاقہ
شایان چمن سبزۂ زنگار نہین ہے

کچھ زہر نہین شیشۂ جو منہ سے لگاتا
یہ پیتا ہے کف مار نہین ہے

نباض رگ جان ہین لگاوٹ کی نگاہین
خردہ ہے جو ان آنکھوں کا بیمار نہین ہے

دل باتون سے ٹھنڈا تو کیا منہ نہ دکھایا
تبرید مین بھی شربت دیدار نہین ہے

حسن نمکین کا لب ہر زخم ہے مداح
ایسا کوی قاتل کا نمکخوار نہین ہے

رسواتے ہین الفت سے اشارے نہین کرتے
برسات ہی پر تیرون کی بوچھار نہین ہے

کیون بوسۂ اغیار کا ہے سم داغ لگا ہے
جھوٹھا ابھی تک لعل شکربار نہین ہے

ایسا ہی سبک اون کی نگاہوں مین ہے دل زار
فرماتے ہین یہ آئینۂ دلدار نہین ہے

ہے شور زمانہ مین عبث اوس کی ہنسی کا
کہاری نمک خندۂ دلدار نہین ہے

دیوانے نظر آتے ہین مجروح اسی کے
ابرو پری ہے تری تلوار نہین ہے

تصویر جو مانگی عوض دل تو وہ بولے
ہدیہ کے لئے مصحف رخسار نہین ہے

پوشاک مسالے کی ہے حسن نمکیں سے
کس طرح ترا وصل مزیدار نہین ہے

کیوں خواب مین آتی نہین ہر رات اندھیری
ایسی مین مرا بخت بھی بیدار نہین ہے

موزون کئے یہ شعر منیر ایک پہر میں
تقصیر مری فکر کی زنہار نہین ہے

کیوں سیکھے ورد زبان تعریف ابرو ہو گئی
تیری بسم اللہ کیا اے طفل گلرو ہو گئی

بے ثبات اسدر جہ پیش چشم گلرو ہو گئی
ناو کاغذ کی نظر میں چشم آہو ہو گئی

پوچھتے کیون ہین نجومی اون بھوؤں کا حال دو
ماہ نو کی چیستان کیا بیت ابرو ہو گئی

قیس کے ہمنام ہونے سے ملا وحشت کا پھل
بید مجنوں کی چھڑی بھی شاخ آہو ہو گئی

ترک عصیان سے ثواب حج کعبہ مل گیا
باب توبہ سے عیان محراب ابرو ہو گئی

دستگیری کر رہی ہے تیرہ بختی آج کل
خود بخود میری چھڑی کی شام گیسو ہو گئی

عاشقوں کو مارتے ہیں تیر قرّاش اندنوں — دستۂ ترکش تمہاری گھر کی جھاڑو ہوگئی
لے بیٹھتے ہیں جبکی بھویں چشمان تر میں رات دن — دیکھ کر وہ جھریں تیری مثبت ابرو ہوگئی
توڑتے ہو روز تم تلواریں ہم مرتے نہیں — سخت جانی ای صنم سنگ ترازو ہوگئی
قد کی موزونی وہ شالہ سے زیادہ بڑھ گئی — ای پری یہ چار پلوں کی ترازو ہوگئی
ملتے ہیں دست تاسف ہم بھووں کے عشق میں — ہر ہتیلی نقش بسم اللہ ابرو ہوگئی
زخم کھانے ہی بڑھی پیاس آب تیغ یار کی — میری مشت استخواں کھل کھل کے جلو ہوگئی
سنبل گیسو چمن میں کیوں دکھایا آپ نے — کنگھی کی ہر شاخ شرما کر لجالو ہوگئی
موج دود آہ سوزاں سے معطر ہے دماغ — اس دھوئیں کی لٹ میں زلف یار کی بو ہوگئی

آبداری پائے نطق رشک کی باعث منیر
ہار سچے موتیوں کا نظم اردو ہوگئے

جلسوں میں گذرنے لگی پھر رات تمہاری — اس بھیڑ میں جاتی نہ رہے بات تمہاری
ہے جلوہ گہ دیر و حرم ذات تمہاری — ٹھیری ہے دو عالم میں ملاقات تمہاری
جلوہ صنعت شمع ہے گردن سے کمر تک — کس نور کے سانچے میں ڈھلی گات تمہاری
کھولے ہوئے گیسو نہ دکھاؤ مجھے صورت — مہمان مرے گھر نہ ہوئی رات تمہاری
پھبتی بہت کھیلتے ہو غیر سے ایجال — کوڑی کی نہ ہو جائے کہیں بات تمہاری
آنکھوں میں نہیں سلسلۂ اشک شب و روز — تسبیح پڑھا کرتے ہیں ذرات تمہاری
کٹوا کے مرے دست تمنا کو وہ بولے — دو ہاتھ گھٹی آج ملاقات تمہاری
فرماتے ہیں ہنس ہنس کے مجھے دیکھ کے گریاں — لو ڈوبی گی آخر تمہیں برسات تمہاری
مستی جو لگا کر مجھے باتوں میں اڑا دو — اڑ جائے دھواں جن کی طلسمات تمہاری
پامالوں کی آنکھوں میں سبک مجھکو نہ کرنا — ڈرتا ہوں کہ ہلکی نہ پڑے بات تمہاری
کہتے ہیں تغافل سے مجھے زہر کھلا کر — ان روز دل بہت تلخ ہے اوقات تمہاری

جو کچھ کہو عکس کوئی کہہ نہیں سکتا ، کیا تاب ہے اُوسے جو کوئی بات تمہاری
کہتا ہوں کہ بوسہ بھی ملا جان بھی پائی ، وعدہ نکرو خیر عنایات تمہاری
آنکھوں میں بھی سینہ میں بھی دلمیں بھی تم ہیو ، کس پردہ میں پوشیدہ نہیں ذات تمہاری
حوروں میں ہوا کرتی ہیں تقریر کی نقلیں ، ڈر ہے نہ بگڑ جائے کہیں بات تمہاری
پنہا کے کفن خاک کی پردے میں چھپایا ، ڈھیر کچھ دئے خلعت یہ عنایات تمہاری
ہونٹوں سے جو پھر جاتی ہے منہ کیطرف پیچان ، کیا نشہ میں بہکی ہوئی ہے بات تمہاری
کی قطع عبث زلف تنہا کوئی گرفتار ، تنہا ہے بے لطف کٹی رات تمہاری
بدگو ہو یہ افسانہ رہے اہل جہاں میں ، غصہ ہو بگڑ جائے اگر بات تمہاری
زخم ایک کٹاری کا عنایت نہیں ہوتا ، کوڑی کوئی ملتی نہیں خیرات تمہاری
اُلجھا ہے مگر زلف میں تقریر کا لچھا ، سلجھی ہوئی ہمنے نہ سنی بات تمہاری
اللہ ری صفا منہ نظر آتا ہے بدن میں ، آئینہ ہے اعجاز کرامات تمہاری
فرمائشوں کا بوجھ رقیبوں سے نہ اُٹھا ، صد شکر کہ ہلکی نہ ہوئی بات تمہاری
شیریں سے نہو دل کہیں فرہاد کا کھٹا ، ڈرتا ہوں کہ شیریں ہے بہت بات تمہاری

کیا شعر مزیدار منیر آج پڑے ہیں
ہر بات میں اعجاز ہے کیا بات تمہاری

فوج مژگاں کا کچھ ارادہ ہے ، زلف پیچاں نے لام باندھا ہے
لب رنگیں کو کٹنے چوسا ہے ، دیکھ لو یہ عقیق جھوٹا ہے
کون آیا چھڑی سواری سے ، نے سواری کا کس کی ٹھہرا ہے
دانت کھٹے ہوئے اناروں کے ، اُن کا سیب ذقن یہ میٹھا ہے
بوسۂ لب دیا جو بگڑے غیر ، ہوش میں تنے قند ڈالا ہے
کاٹتے ہو ہمارے نام کے حرف ، خوب شوشا ہے زور فقرا ہے

وصف قد کے وہ چند مین مضمون ۔ کوئی مصرع نہین ہے دوسرا

وانت لنگھی کا ہے کر مجھہ پر ۔ مارگیسو جو کاٹے کہا تا ہے

خوب ہے وصل عاشق و معشوق ۔ یہی جوڑ یکا ایک نسخا ہے

زخم دل پر نمک چھڑک دو اوُ ۔ ذائقہ میرے منہ کا پھیکا ہے

غیر کے گھر بجا رہے ہو ستار ۔ تنتنے در پردہ ٹھاٹ بدلا ہے

کوئی تازہ کنواں جھکائین گے ۔ اندنوں اختلاط گہرا ہے

چنگی انگیا مین تم نہ ٹکو او ۔ گورنے سینہ مین نیل پڑتا ہے

بوسہ ہونٹوں کا ل گیا کس کو ۔ دل مین کچھہ آج درد میٹھا ہے

چین سے ہین فقیر بعد فنا ۔ قبر کی بھی سرہانے تکیا ہے

اے منیر آپ کیوں ہین آزردہ
یہ تو کہئے مزاج کیسا ہے

کیا کوئی میکدہ مین چشم پر آب آتا ہے ۔ آج کشتی مین جو مینائے شراب آتا ہے

بس کہ ہے پیش نظر پست و بلند عالم ۔ ٹھوکرین کہا کی مری آنکھوں مین جو خواب آتا ہے

کثرت عیش ہو کیا ملک عدم مین یارب ۔ رقص کرتا یم دنیا مین حباب آتا ہے

کوئی ہمسر نہین دریائے فنا مین میرا ۔ سمجھیے دستار بدلنے کو حباب آتا ہے

باغ عالم مین بہار آئی نمود خط سے ۔ بن کے نوروز ترا عہد شباب آتا ہے

سارے گل آب ہوئی شرم سے تیرے آگے ۔ چمن دہر مین طوفان گلاب آتا ہے

مجکو وحشت ہوئی آغاز جوانی مین شروع ۔ نجد مین ہو کر گذر عہد شباب آتا ہے

جب سے دنیا مین برستا ہی مرا ابر فرہ ۔ کمل اوڑھے ہوئے ایک ایک سحاب آتا ہے

غافلو رتبہ ایام جوانی سمجھو ۔ پندرہ سال کی رستہ سے شباب آتا ہے

آئینہ خواب مین ہی پیش نظر روز منیر

میرے نامہ کا مگر صاف جواب آتا ہے

دور سے ہی کبھی ملنے کے اشارے نہ ہوئے
دعوے نور ہین خورشید سے سچے نکلے
مجھسے لپٹے رہے کی غیر کی جانب داری
سامنے میری نہ کی شرسے تیر اندازی
دل برباد میں آتی نہین افشاں کی یاد
نہ کیا وصل کا اقرار کبھی بھولے سے
کس کی مل دل سے رہا کرتی نہین محرم سکے
بھولے سے پھانس نکالی نہ ہماری دل کی
ٹھوکروں سے مجھے پامال کیا بے خنجر

ہم کہین لگے رہے تم جو ہمارے نہ ہوے
کبھی جھوٹے تری انگیا کی ستارے نہ ہوے
مثل دریا کبھی تم ایک کنارے نہ ہوے
نیچی آنکھین ہر لونگ اشارے نہ ہوے
جمع اس برج ہوائی میں ستارے نہ ہوے
ہم تو کہنے کبھی ممنون تمہارے نہ ہوے
تری انگیا کی کبھی پان کرارے نہ ہوے
ایک تنکے کبھی شرمندہ تمہارے نہ ہوے
ناچ مین ابرو پرخم کی اشارے نہ ہوے

جان و دل کھو دے محبوبوں کی الفت میں منیر
کس کی ہونگے جو یہ بیرحم تمہارے نہ ہوے

آجلد کہ زیست کوئی دم ہے
خوش چشم اتنا تو اے صنم ہے
چھٹتا نہین ہر خطوں کا لکھنا
ساقی کا ہے وانت میرے دل پر
دونی ہین پیچ راستی سے
دم تم کو نہ دین گے زیر خنجر
جی تری ہمدمی نہ چھوڑے
جان آگئی پتلیوں مین دیکھو
تم گاتے ہو بجاتے ہیں غیر

جانی تری جان کی قسم ہے
سایہ بھی آہوے حرم ہے
انگشت شہادت یہان قلم ہے
الماس تراش جام جم ہے
قد راست ہے گیسوؤں مین خم ہے
یہ جان تو زیست ایک دم ہے
دل سوز الیا و فور غم ہے
آنکھون مین روح آئی صنم ہے
ہر تال ہماری حق مین سم ہے

کوچۂ کٹ جائیں تو پہنچ جاؤں / باقی رہ عشق دو قدم ہے

جب بڑھ گئی عمر گھٹ گئی زیست / جو حد سے زیادہ ہو وہ کم ہے

کہتے ہیں دکھا کے جادوئے تیغ / نزدیک اس سے رہ عدم ہے

یعنی جھک کر ملیں اجل سے / بوڑھوں کی کمر اسی سے خم ہے

دیتے ہو عدو کو چکنی ڈلیاں / ہم سے رو کے ہو کیا ستم ہے

منہ تم کو نہیں لگاتے اب ہم / بوسہ لینے کی بھی قسم ہے

اللہ ری اون کی بدگمانی / مرتا ہوں تو کہتے ہیں کہ دم ہے

صاحب دیتے ہیں کیوں زر داغ / بندہ تو غلام بے درم ہے

اوس بت نے جگر کیا ہے پانی / دریا میں جائے کوہ غم ہے

غم کھانے کا ہے اثر نرالا / سینے جسم فربہی ورم ہے

فانوس نہیں شب الم میں / ہر شمع کو جسم پر ورم ہے

کیا جانیں منیر شاعری ہم / استاد شفیق کا کرم ہے

کربلا کے جانے کا ساماں اگر یا رب بنے / حرزِ خاکِ شفا ہر عقدۂ مطلب بنے

چپکے چپکے ہونٹوں کے بوسہ کا کوئی ڈھب بنے / مہر خاموشی کا نگ تیرا عقیق لب بنے

اژدہا سے زلف کا غم زہر مار ایسا کیا / پھانس جو دل میں لگی موئے دم عقرب بنے

بادۂ انگور کا کھٹ ہی علاج درد سر / جب زیادہ ہو بخارے یہ نسخا تب بنے

عشق مژگاں میں نکالوں پاؤں کا کانٹا اگر / سوزن عیسیٰ بھی کج ہو کر دم عقرب بنے

سیکڑوں ہونے لگے رنگ حلاوت پر شہید / خون شیریں ہو گر تیرے عقیق لب بنے

تری انگیا کے ستاروں کی حضور اے رشک ماہ / داغ چیچک رو ہو زہرہ کے لئے کوکب بنے

کیا غضب ہو آتش صہبا سے گر تیں جلوں / دانۂ یاقوت میری جنت کا کوکب بنے

ہونٹھ اگر غصہ میں تو کاٹے کمال حسن ہو
جوہر فواتی ترش کر صاف لعل لب بنے

ہیں تو کیا میری شکیبائی نہ مکھ روی غیر
چشم حیا و صبر یارب دیدۂ عقرب بنے

زلف مشکیں کی او بجھنے پر جو میں دانت پ
سو وہ الماس و ندان عنبر اشہب بنے

فقر میں اندھیر کر دی کاسۂ دل کی شکست
سوئی چینی سو میری خاطر گلیم شب سے بنے

آپ پٹوں میں جو چھپتا ہے رقیب اب آنکھو
کاسہ موتی کا روزن خانۂ عقرب سے بنے

سحر کی باتیں وہ گل کرتا ہے کہدے اے نسیم
مشت غنچہ ہونٹھ جادو کی چمن میں آ سے بنے

راہ بستی کی خلاف گردوں میں چلنی پڑی
کیا تعجب ہے اگر گاو زمیں مرکب سے بنے

ہم سبق تصویر حیرت بن گئی تیرے حضور
کیا عجب ہے آئینہ خانہ اگر مکتب سے بنے

فقر ساماں سیلاب حوادث سے بچا
کشتی درویش بحر عشق میں مرکب سے بنے

تم جو گیسو کھول دو شادی ہو بر آئے مراد
رات کو دولہا ہمارا شاہد مطلب سے بنے

ہم وہ مجنوں ہیں چلیں احکام وحشت اگر
مانگ لیلیٰ کی ہمارا جادۂ مذہب سے بنے

وہ کھلاتے ہیں گال اسواسطے تا جیب بھول
پوٹلی سیندور کی ہر عقدۂ مطلب سے بنے

ان حسینوں کی صفائی ہے فقط خواب و خیال
دھوکی کی مٹی کے آئینہ پہ چہری سب سے بنے

مذہب عشق دہن ہیں اوس مسیحا نطق کی
سوزن عیسیٰ کا تانا کا مکھو مشرب سے بنے

آنکھوں سے چھپڑوں اگر حیلہ نزاکت کرو
گد گدی انگشت عقرب کا لسی ہو الیا ذہب بنے

ابروی دیں حق تر دامنی ہے اے خضر
تنگ جس کپڑے میں جہانیں صافی مشرب بنے

چاند کی صورت نکل کر جام جب جلوہ کرے
خم شراب ارغوانی کا چہ نخشب سے بنے

اے قمر عشق زنخداں کے اثر سے کیا عجب
جو کنواں مجکو جھکاے تو چہ نخشب سے بنے

شرح ہونٹھوں نگار زنخدا ہے اگر پرتو پڑے
شربت عناب لب آب چہ نخشب سے بنے

کان کی زیور کا مینا اوڑنگی چمکار رات کو
بالی کی مچھلی کی چھلکے اے قمر کوکب سے بنے

تم جو بیدل کی پڑھو انشا تو دل کی قدر ہو
چاہ گر نصیر ہمارا شاہد مطلب سے بنے

ظرف عالی ساقی کوثر اگر بخشے ہمین — دورہ گردون ہماری وسعت مشرب بنے
عقدہ مشکل نیا پڑنے لگا ہے ہر برس — کیا عجب تار نفس میری رگ گانٹھہ سر بنے
نور کا گانا جو تو گائے طلسم تازہ ہو — شعلہ آواز مطرب نخشب سے بنے
یہ زمیں ای چرخ ہے ایجاد ذوق دلہوی — کیون نہ نقطہ غزل میں غیرت کوکب بنے
دل ہو ٹوٹی تیرہ روزی میں پیشانی پڑے ہے — بال اس شیشہ کا ٹوٹے پر نہ زلف شب بنے

رند مذہب دیکھکر کہتے ہیں مجھکو سب منیر
اس کا غم کہانا عبث ہے ایسی گڑہی رب بنے

نور افشان اسقدر گرد سواری ہو گئی — ٹٹنے گھوڑے کو بڑی دہی کناری ہو گئی
کاٹ پلکون کا ہماری خاکساری سے بڑہا — یہ وہ ریتی ہے کہ جس سے تیز آری ہو گئی
بزم عالم سے ہوا کہاتی چلے روشن ضمیر — شمع کو زیبندہ اگلی سواری ہو گئی
کوئی تر دامن چمن کی سیر کو آیا نہین — خود بخود مرطوب کیون فصل بہاری ہو گئی
کہول کر زلفیں جو کی تقسیم ساقی نے شراب — کشتی مے سنبل گیسو کی کیاری ہو گئی
آبروی باغ تیری تیرے گالوں کی ہوئی — خوبروی پنبہ ابر بہاری ہو گئی
بیٹھے تو خونخواروں کو پامال ہم کرتے رہے — شیر قالین پر ہمیں مشق سواری ہو گئی
ناتوانی میں تڑپا رنگ گریہ جم گیا — چڑھ گئی جو رگ رگ ابر بہاری ہو گئی
صحبت باد صبا سے بڑہ گئی آوارگی — کوچہ گرد اس شوخ کی خاک سواری ہو گئی
جب کیا بلبل نے تیری گلشن عارض کا وصف — طفل غنچہ کو گلستان حفظ ساری ہو گئی
خاک مین دست حنائی سے ملایا جب مجھے — رنگ ماہی مہندی کی ہتیلی تمہاری ہو گئی
ہے پری پیکر چراغ زندگی گل ہو گیا — تیری دامن کی ہوا باد بہاری ہو گئی
سخت جانی ہو گئی نازک مزاجی کو مفر — شیشہ دل پس گیا جب زیست بہاری ہو گئی
یا حشو مصحف عارض چلی جاتی نہین — ضعف سے قرآن کی منزل بہی بہاری ہو گئی

قتل کی وعدہ خلافی سے ملمع کھل گیا
آپ کی تلوار بھی جوتی کٹاری ہو گئی

بوجھ سے کوہ شب فرقت کی دبکر مر گیا
گر پڑی چہپت مجہپر ایسی رات بھاری ہو گئی

ڈوریہ کی تو نے جب رخسار پر ڈالی نقاب
جدول قرآن رخ ایک ایک دہاری ہو گئی

ہو گئے لاکھون تمہارے پائجامہ پر شہید
خون مین رنگ بدن کی ہر کٹاری ہو گئی

جب خواصی مین رقیب نیش زن کو دی جگہ
برج عقرب ای قمر تیری عماری ہو گئی

فقر کامل خاک مین تیری کدورت سے ملا
کرگری آرزون اپنی خاکساری ہو گئی

دیکھی سب رشک کو اک ہمنے اپنی بو میں
ایک لحظہ مین تمام اختر شماری ہو گئی

منہ دہو یا آپ نے تر ہو گئین پلکین تمام
نشتر مژگان کی دونی آبداری ہو گئی

آبروے اشک کہوی ہمنے رو کر ہجر مین
دیکھنا پانی سے پتلی اشکباری ہو گئی

زلف کی افشان کا آئینہ کر لیا ہمنے حساب
اس شب گیسو کی بھی اختر شماری ہو گئی

ضعف سے جوش جوانی مین بڑہی دل کی طپش
رعشہ پیری ہماری بیقراری ہو گئی

مسکرانا آبروے گلشن خوبی ہوا
تیر شمشیر تبسم نہر جاری ہو گئی

تم جو بوچہ پر سوار آئے چمن کی سیر کو
نوعروس حجلہ گل پر کہاری ہو گئی

رشک سے استاد کی فیض تلمذ سے منیر
فکر صائب مدح کی لایق ہماری ہو گئی

میری پیشانی کو ٹہکرائی اگر تو پاون سے
پر نہ چہوٹے ناخن محراب ابرو پاون سے

سینہ پر داغ مین چمکی جوتی تو پاون سے
خوب اس کمخواب پر ہو جاے اتو پاون سے

ہم حسینون کی بہون پر رکہتے ہین پانی نگاہ
روندتی ہین سبزۂ شمشیر ابرو پاون سے

بال اڑی تاک بڑہا ہے زلف مشکین کی عبث
خاک مین ناحق ملا یا مشک گیسو پاون سے

ناخن پا سے جو زخم گلو کہجلائیے
گردن عاشق کی ٹہوکر پر ہوا تو پاون سے

آج پہنا ہے مجھے مہندی کی جو پر رونکا لہو
دیکھو رنگ حنا دو چار چلو پاون سے

زلف میں موتی پرو کر تا قدم چھوڑ دو گے
ٹوٹ جائیں بیضۂ افعی گیسو پاؤں سے

پاؤں کی ٹھوکر سے محل طور جب مرجھا گیا
بول اوٹھی ہنسکر چھپا منہ لجا لو پاؤں سے

صاف کہدے مجھے اے شمشاد کیا لپٹا ہے کیا
دو د شمع ساق یا زنجیر گیسو پاؤں سے

تم جو ال منہ پر ستش ای صنم پیران کی ہو
بت نہیں چھو لو اگر سنگ ترازو پاؤں سے

سنبل سودا ای مجنوں سبز ہو جاے ابھی
مجکو ٹھکرا ای اگر لیلا ای گیسو پاؤں سے

دل کا ؤ کہنا مانگیا اونکی جو آ ہو پیچھے قدم
کھو دیا یکدست میرا دو پہلو پاؤں سے

پھلیوں میں شور محشر کا نمک پیوستہ ہے
چھو لئے رفتار میں کیا تیر بازو پاؤں سے

زلف ایڑی تک لٹکتی رہتی ہے رفتار میں
سیکھتا ہے چال کیا ہندو کی گیسو پاؤں سے

سر کو رکھکر وصل میں لپٹا جو وہ سرو روان ابھی
قد آدم بڑھ گیا رتبہ میں زانو پاؤں سے

سحر کی رفتار کا سکہ بٹھا دو چرخ پر
کھو دو دو لوح قمر پر نقش جادو پاؤں سے

کب فلش کھوے کسی کی سوزن تدبیر غیر
نیش سے کیوں کر نکالی پھانس بچھو پاؤں سے

قلقل مینا صدای پاے گویا بند ہے
کھو دیا بنت العنب کا تو نے اچھو پاؤں سے

کفش پا میں جان پڑتی ہے دم رفتار یار
ہر ستارہ آنڈ رہا ہے بن کے جگنو پاؤں سے

میرے آنیسے ہوا پر نور صحراے جنون
ہو گئی روشن چراغ چشم آہو پاؤں سے

ای پری کا غذ حنائی ہو بیاض چشم کا
وصل میں آنکھیں جو ملنے دی مجھے تو پاؤں سے

زینت اپنی سمجھے ہیں پا مالئے اہل خرد
ملتے ہیں جای حنا خون ارسطو پاؤں سے

بیٹھی پوئی جب کنارا و ٹھا ہو فرس
بوسہ لینے میں جھٹکتے ہیں لبچے پاؤں سے

پاے بوسی کی بہت مشتاق ہے لعل شاہ
پوچھی آنکھوں میں بھر کر میری آنسو پاؤں سے

ہو خراماں گلشن تحریر میں وہ سرو قد
یار نجھے گیسو لالہ لب چھو پاؤں سے

وہ دل پر داغ کو تلووں سے ملتے ہیں منیر
آتی ہے عطر گل خورشید کی بو پاؤں سے

ره رسم و یار عشق ای غافل چه می پرسی
درین جا سهل دشوار است این مشکل چه می پرسی

چه داند لذت آوارگیها قیس درمانده
جفای خار از آسوده منزل چه می پرسی

خبر نبود ز اهل حرص پابندان الفت را
تکاپوی صبا از سرو پا در گل چه می پرسی

چه آگاهی ز اسرار جنون قیس لیلی را
سوز وحشت ای دیوانه از عاقل چه می پرسی

سوای مشت خاکستر نیابی در مزار من
بگشت عمر برق افتاده از حاصل چه می پرسی

رگ برق تجلی گشت موج اضطراب من
دگر ذوق طپیدن از دم بسمل چه می پرسی

مبادا باز دار از شهادت مرگ این شاهی
دم کشتن مزاج عاشق بیدل چه می پرسی

فلک را کی پسند آید مکافات جفای تو
ز مسکین خون بهای عاشق بسمل چه می پرسی

غریق بحر عصیانی و جنت آرزو داری
هنوزت کار با طوفان است از ساحل چه می پرسی

ربودی سوختی بر باد دادی کار خود کردی
حسرت کردم دگر از من سراغ دل چه می پرسی

تکلف برطرف حال منیر البته میدانی
تغافل تا کجا از سعی بے حاصل چه پرسی

ترچھی نظر سے دیکھئے تلوار چل گئی
زخم جگر کی راہ سے حسرت نکل گئی

مل دل سے وصل میں تری محرم نکل گئی
چٹکی سے اوپری بہت انگیا کی مل گئی

بلبل کو مست کرتی ہے خوشبو لباس کی
شاید نسیم عطر بہار اج مل گئی

کنگھی سے اتنی دیر میں سلجھائی ایک زلف
ای جان آدھی رات بکھیڑے میں ڈھل گئی

مضمون تیری زرد حنا کا نہ بند سکا
منہدی کی کھلی ہاتھ میں آکر نکل گئی

اتنا نہ کیجئے گل رخسار پر غرور
وہ دن کئی یہ بہار ہے آج آئی کل گئی

انداز تیری چال کی سیکھی جو رات کو
تیغ ہلال کبک پر اے ماہ چل گئی

سر سے ہمارے پھر گئی شمشیر برق دم
ای جان گرتے گرتے یہ بجلی سنبھل گئی

کیا صاف گال ہیں کہ نہ ٹھہرے نظر کہیں
بیساختہ نگاہ ہماری پھسل گئی

رنگ وفا اوڑا دل سخت رقیب سے
بوتل مین یہ شراب نہ ٹھہری اُبل گئی

کیون چشم مست ہو گئے جام شراب آج
کیا ہو گیا جو آنکھہ تمہاری بدل گئی

مضمون گرم پر میرے طعنہ نہ کر سکے
انگشت اعتراض حریفون کی جل گئی

مٹی میری خراب ہوی راہ عشق مین +
برباد کرکے اون کی سواری نکل گئی

مجھہ سے ہی پوچھتا ہے مرا نامہ بر پتا
ایسی فراق یار مین صورت بدل گئی

اے شوخ تیری دست درازی سے نشہ مین
گردون تک آفتاب کی پگڑی اُچھل گئی

دیکر مئے دو آتشہ اُس سے لپٹ گیا
دو انکھون مین رقیب کی کیا دال گل گئی

جنت سے بہرہ ور ہون ظفر گنج ای منیر
جو جو تھی آرزو مرے دل مین نکل گئی

نا طاقتی نہ پوچھیے اس ناتوان کی
مینا دل کو ٹھیس ہے جنبش زبان کی

ہیکل زمردی نہین اوس دہان پان کی
کہتے ہین لوگ بیل ہے انگیا کی پان کی

جدول بیاض صبح مین شنجرف کی کھنچی
سُرخی گلے سے پھوٹ کے نکلی جو پان کی

یارب ہمارے کعبۂ دل کو بچائیو
بجلی چھپان کی سمت چمکتی ہے کان کی

اے مہر آنسو ہو گئے سقف فلک کو پار
شبنم سے چھت ٹپکنے لگی آسمان کی

بیمار عشق گوش بر آہ ہے گل مین طفل اشک
سینکین ہون جھاڑ کے لئے تیری کان کی

ابرو کا عشق ہے خط تقدیر مین رقم
ہر حرف مین کشش نظر آئی کمان کی

مذکور ضعف سے نہین ہوتا مرا کہین
چلتی نہین ہے بات بھی اس ناتوان کی

اندھیر دیکھنا شب تاریک ہجر کا
کانون کی راہ بھولی صدا پاسبان کی

آئینہ سے بھی صاف ہے فرش اے قمر ترا
پرچھائین چاندنی مین نظر آئی حباب کی

بالعکس بات ہے کہ مجھے قتل کرتے ہو
سر بار اولٹی پڑتی ہو سیفی زبان کی

کھائین گلوریان جو سر قبر آپ نے
قلعی لحد پہ آج ہوئی خاصدان کی

روتے ہیں آکے عاشق طفلان گلفروش — کیوڑے سے چہرگی جاتی ہو بو وکان کی

ہوتا کسطرح آشکارا سایہ — تھا غیرت زلف حور پیارا سایہ
سب ڈھونڈھتے تھے اور کسیکو نہ ملا — بیشک شب قدر تھا تمہارا سایہ

ایضاً

دیکھا حضرت نے احتشام قدرت — اپنے کانوں سنا کلام قدرت
معراج میں تا عرش رسائی پائی — تھا گیسوئے شب کمند بام قدرت

ایضاً

تائید الٰہی سے مؤید ہے علیؑ — افضل سب سے پس محمدؐ ہے علیؑ
واللہ عقیدہ یہی اپنا ہے منیر — بے فاصلہ جانشین احمدؐ ہے علیؑ

ایضاً

تاج سر کونین ہے احسان علیؑ — دل صدقہ ہزار جان قربان علیؑ
کیا صدمہ قبر و خوف محشر ہو منیر — ہر حال میں دست من و دامان علیؑ

ایضاً

حیدر ہے رسول ایزدی کا بازو — ایسا ممکن نہیں کسیکا بازو
معنی ید اللہ سے ظاہر ہے منیر — اللہ کا ہاتھ ہے نبیؐ کا بازو

ایضاً

اے نفس جناب مصطفٰے ادرکنی — اے عقدہ کشائے انبیا ادرکنی
ہوں شوق زیارت نجف میں بیتاب — اے نائب نائب خدا ادرکنی

ایضاً

دربار معلی میں مجھے یاد کرو — زندان مصیبت میں ہوں آزاد کرو
دشمن ہیں ہزاروں اور تنہا ہے منیر — اے غالب کل غالب امداد کرو

ایضاً

کس منہ سے امام کے غلاموں میں ہوں — کیا عرش مقام کے غلاموں میں ہوں
یا شاہ نجف یہ عرض کرتا ہے منیر — قنبر کے غلام کے غلاموں میں ہوں

ایضاً

دنیا مین جو قدر دین کی جانتے ہین
وہ رتبہ بضعہ نبی جانتے ہین
صدیقہ و معصومہ سمجھنے کے سوا
زہرا کو نور ایزدی جانتے ہین

ایضاً

جسدن سے ہون خاکپائے عشاق حسین
ہے خضر رہ نجات اشفاق حسین
ہونگا مسرور نکہت جنت سے
سونگھا ہے مین نے عطر اخلاق حسین

ایضاً

ہے مہر امامت رخ گلگون حسین
ہے حبل متین زلف ہمایون حسین
صورت بخشش کے دیکھتے ہین مومن
ہے سرخی مصحف کرم خون حسین

ایضاً

بلوالو کربلا مین للہ مجھے
ملجائے وہان سے خلد کی راہ مجھے
صدقہ رخ رسول کا روضہ مین
تربت بھر کی جگہ یا شاہ مجھے

ایضاً

وہ باب چہارم کتاب رحمت
یہ نور ہے جس سے آفتاب رحمت
کی گشت نجات امت عاصی سبز
تھا گریہ سجاد سحاب رحمت

ایضاً

ہمنام رسول طیب و طاہر ہے
منکر جو ہے اُس جناب سے کافر ہے
ثابت ہے حدیث احمدی سے واللہ
وہ باقر علم اول و آخر ہے

ایضاً

معشوق نبی ہے اُسکا جو عاشق ہے
بیشک وہ امام صامت و ناطق ہے
دل سے ہون غلام حضرت جعفر کا
کاذب ہے وہ جو منکر صادق ہے

ایضاً

اسرار لدنی کا وہی عالم ہے
ہر دوزخ و جنت کا وہی قاسم ہے
خورشید قیامت بہی ید بیضا بھی
نقش کف پائے موسی کاظم ہے

ایضاً

ہر مصحف اعجاز کا متن ہے وہی
مہر فلک ظاہر و باطن ہے وہی
واللہ منیر آٹھ بہشتون کا امین
ضامن ہے وہی امام ضامن ہے وہی

ایضاً

روضہ اپنا دکھائیے یا مولا
اپنا خادم بنائیے یا مولا
روضہ کے فدا طوس کے صدقے ہو منیر
جلدی مجھکو بلائیے یا مولا

ایضاً

ہم شوکت و ہمشان محمد ہے تقی
آرام دل و جان محمد ہے تقی
ہے بلبل سدرہ فاختہ مثل منیر
شمشاد گلستان محمد ہے تقی

ایضاً

سب قدسیون کا نقی ہادی ہے امیر
خلقت مین سراپا ہے علی کی تصویر
وہ چند ہوئے مہر امامت کی ضیا
پائے جو علی چار مین کی تنویر

ایضاً

جینے سے تنگ دہر برباد مین ہون
پابند کمند آہ و فریاد مین ہون
واللہ غلامون کے غلامون کا ہون ننگ
ہر چند کہ مین آپکی اولاد مین ہون

ایضاً

بے شبہ چراغ نور یزدان کے ہین
یہ لخت جگر صاحب قرآن کے ہین
ہمنام حسن اور امام برحق
سردار یہی عسکر ایمان کے ہین

ایضاً

زندہ ہین برنگ عیسی چرخ نشین
اقبال سلیمان کا ہے زیر نگین
کیون حلقۂ بیعت نہو گردن مین منیر
عبداللہ امام عصر ہین مہدی دین

ایضاً

معمور کرو عدل سے سب عالم کو
پڑھواؤ نماز جیسے مریمؑ کو
مصحف مین ہے یومنون بالغیب لکھا
سر غیب ہے جز ایمان ہمکو

ایضاً

مجھپر ہے ہجوم لشکر غم مددے
مجموعہ زندگی ہے برہم مددے
دو داد منیر صاحب عصر ہو تم
یا مہدی دین امام عالم مددے

ایضاً

شبیر کیطرح اشجع و صفدر ہین
اخلاق حسنؑ مین ثانی شبر ہین
حسن فاطمہ کا شکل نبیؐ نام علیؑ
مجموعہ پنجتن علی اکبرؑ ہین

ایضاً

ہے سیف خدا خطاب عباسؑ علیؑ
محراب حرم رکاب عباسؑ علیؑ
بیدست ہین پر مثل یداللہ منیر
کرتے ہین مدد جناب عباسؑ علیؑ

ایضاً

عبداللہ پاک مخزن عرفان ہین
اور آمنہ تاج تارک نسوان ہین
کیا رتبہ ہے والدین پیغمبر کا
دونون بحرین گوہر ایمان ہین

ایضاً

مطلوب جناب حق ابوطالب ہین
یعنی پدر ہر غالب ہر غالب ہین
پاک و طاہر ہین والدین حیدرؑ
ایمان کی جان نور کے قالب ہین

ایضاً

بزم ایمان مین زینت مسند ہین
اعمام نبی مین اکرم و امجد ہین
اعلی ہے وقار حضرت حمزہ کا
گو احمد فضائل بیحد ہین

ایضاً

داماد پیغمبر کے برادر ہین یہ
رتبہ مین ملائکہ سے بہتر ہین یہ
کیا مرتبۂ جعفر طیار کہون
بازوی بازوئے پیغمبر ہین یہ

ایضاً

فخر شہدا و فخر ابرار ہین یہ
اللہ و پیمبر کے مددگار ہین یہ
کیون مالک اشتر نکرین نصرت حق
یعنی دست خدا کی تلوار ہین یہ

ایضاً

ہے خدمت فاطمہ مین جائے فضہ
کونین کی دولت ہے برائے فضہ
مین طالب سیم و زر ہون کسطرح منیر
اکسیر ہے مجھکو خاکپائے فضہ

ایضاً

چودہ معصوم خلق مین نامی ہین
واللہ دوائے درد ناکامی ہین
کیا خوف ہو رزق و آبرو کا مجھکو
چودہ آقا غلام کے حامی ہین

ایضاً

لخت دل بضعۂ پیمبر ہو تم
مانند بتول پاک و اطہر ہو تم
یا حضرت زینب میری امداد کرو
حلال مہمات کی دختر ہو تم

ایضاً

گو صدمۂ دوری سے بہت مضطر ہون
پر دل سے غلام و بندۂ بے زر ہون
مین کیا شہدائے کربلا پر ہون نثار
اُن پر جو تصدق ہو فدا اُسپر ہون

ایضاً

کلکتہ کو ڈاک میں چلا ہوں جو میں آہ — غیروں کے پاؤں سے ہوئی قطع رہ آہ
ہیں تیز کہار پالکی میں ہوں سوار — کیا خانہ بدوش میں چلا ہوں واللہ

ایضاً

مضمون اگر راہ میں ہاتھ آتا ہے — خامہ چلنے میں ٹھوکرین کھاتا ہے
حالِ خطِ تقدیر کھلا آج منیر — اپنا لکھا پڑھا نہیں جاتا ہے

ایضاً

عاشق سے فقط نہیں ہے جنجالونمین — ہر طائرِ دل پھنسا ہے ان جالونمین
باہر اس سلسلہ سے ہے کون منیر — بوڑھے بھی ہیں اس جوان کی بالونمین

ایضاً

پھوڑے نے سفر میں سخت گھبرایا ہے — کلکتہ کی راہ میں یہ دکھ پایا ہے
کیا دردِ کنار نے ستایا ہے منیر — یہ گرگ بغل راہ میں ہاتھ آیا ہے

ایضاً

جراح کے سامنے جو کھولا پھوڑا — میزانِ نظر میں اس نے تولا پھوڑا
پھوڑے کی جگہ بغل میں دیکھے جو منیر — سب کہنے لگے دل کا پھپولا پھوٹا

ایضاً

اپنے آقا کے ہر گھڑی یاد میں ہوں — ہر وقت منیر آہ و فریاد میں ہوں
اس شہر کے نام میں ہے تشدید بلا — آرے کے تلے میں فرخ آباد میں ہوں

ایضاً

بے فائدہ رکھتا نہیں سر ہاتھوں پر — سر پر جو ہے ہاتھ اسمیں ہے لطف دگر
آقا کے سلام و نذر کی حسرت میں — رہتا ہوں منیر سر بکف بے ست بسر

ایضاً

ہے ذکر علیؑ سے طور سینا منبر
افضال خدا کا ہے خزینا منبر
ذکر اللہ تک پہونچتا ہے منیر
گویا ہے عرش حق کا زینا منبر

قطعات تاریخ رحلت اکمل العلما حضرت والد ماجد طاب ثراہ

میرے والد ماجد ہے ہے
جو کامل تھے علم دین مین
احمد اور حسین اسم ان کا
تھا مشہور افلاک و زمین مین
شاکر و شاد تخلص دونون
کندہ تھے یہ نقش نگین مین
سید پاک فقیہ محدث
یکتا علم شرع مبین مین
منشی شاعر عابد زاہد
ایسا کون ہے اہل زمین مین
باغ جہان ویران ہوا اب
پہونچے وہ فردوس برین مین
کہتا ہون تاریخ منیر اب
گھر پایا ہے خلد برین مین
۱۲۹۵ھ

تاریخ رحلت مادر مصنف

مادر من آنکہ در یاد جناب فاطمہؑ
از درود و سبحہ نگشتی قاصرہ
در طریق خدمت بنت نبیؐ رفتی بچشم
خاک راہ فضہ اش بودی ضیای باصرہ
نوحہ کردی در عزای بضعہ خیر الوری
داغہای ماتمش بودی بدور ساخرہ
رفت در جنت ازین وحشت سرای عاریت
یافت از عفو الٰہی حلہ ہای فاخرہ
مصرع سال وفاتش نظم کردم اے منیر
باد قائم در جوار بتول طاہرہ
۱۲۸۴ھ

تاریخ عقد مصنف دیوان

میری شادی منیر آج ہوئی
برکت ہو خوشی ابد تک ہو
بنیات زبر مین ہے تاریخ
کہ شب عقد یہ مبارک ہو
۱۲۵۱ھ

تاریخ خلعت یافتن امیر کبیر نواب نظام الدولہ بہادر از نواب خورد محل صاحبہ

فزایندۂ قدر اہل کمال ‌‌ ‌ ‌‌ سخن آفرین و سخن دان پناہ
بہ بحر سخاوت گران مایہ دُر ‌ ‌ بہ برج شرف ہمچو خورشید و ماہ
گہر بخش فیاض اشراف دوست ‌ ‌ باتسلیم اخلاق صاحب کلاہ
برآورد کام دل دو جہان ‌ ‌ شدہ دوست شادان ہم دشمن تباہ
رسول خدا ایش مددگار باد ‌ ‌ مدامش بصد عیش دارد الٰہ
چنین گفت تاریخ خلعت منیر ‌ ‌ ہمایون بود خلعت و اوج و جاہ
۱۲۵۵ھ

تاریخ تولد فرزند بشکوہ حضور پر نواب نظام الدولہ بہادر

فرزند ماہرو دیا خالق نے ‌ ‌ نواب نے آج جشن فرمایا ہے
بانٹے ہیں زر و سیم و گہر سائل کو ‌ ‌ دنیا میں ابر فیض برسایا ہے
پر نور حضور کا ہے قصر امید ‌ ‌ ایسا فرزند مہ لقا پایا ہے
روشن ہے محل تمام اس جلوے سے ‌ ‌ بہتر ہے نور سے جہان سایا ہے
لایا ہے یہ بھر نذر تاریخ امیر ‌ ‌ برج دولت میں آفتاب آیا ہے
۱۲۵۵ھ

ایضاً

کروں پھر فکر تاریخ تولد ‌ ‌ تعلّی پر ہے طبع عرش پیما
منیر الہام غیبی ہے یہ مصرع ‌ ‌ گلستان وزارت کا گل اچھا
۱۲۵۶

ایضاً

مژدے نواب فلک جاہ کے ہوا فرزند ‌ ‌ گوہر قلزم افضال خدا پایا آج

ہے بہت خوب تولد کی یہ تاریخ منیر	آیت رحمت معبود جہان آیا آج ۱۲۵۶ھ

ایضاً

حق نے دیا حضور کو فرزند دوسرا	یہ گوہر گرامی دریائے جود ہے
تاریخ یہ منیر نے اس مادہ کی کہی	نور جہان قدرت رب ودود ہے ۱۲۵۶ھ

تاریخ سواری نواب نظام الدولہ بہادر دز بجرہ

نواب نامدار جو بجرے مین ہین سوار	مدحت سرا زبان سے ہے ہر شیخ و شاب کی
اب عرض کر جلوس کی تاریخ اے منیر	ہے آج برج حوت مین جا آفتاب کی ۱۲۵۶

تاریخ رحلت فاضل جلیل الاخ الاعظم جناب مولوی سید اولاد حسین طاب ثراہ

میرے بھائی متقی و فاضل اولاد حسین	واصل حق ہوگئے وہ صاحب ادراک ہائے
پیشوائے عارفان و مقتدائے زاہدان	چھپ گیا وہ نور بارے آج زیر خاک ہائے
قبلہ و کعبہ کے شاگرد اور دریائے علوم	سید دیندار آل صاحب لولاک ہائے
منطق و علم کلام و ہم ریاضی و حدیث	سب مین تھے یکتا و کامل وہ جناب پاک ہائے
عازم جنت جوانی مین ہوئے وہ نور حق	لکھنؤ مجھکو ہوا صحرائے وحشتناک ہائے
جسکے مرنے سے باغ عالم مین اُٹھے ایسا بزرگ	کیون نہ ڈالے مثل صرصر اپنے سر پہ خاک ہائے
مصرع تاریخ رحلت مین پایا اے منیر	آج ڈوبا آفتاب علم و شرع پاک ہائے ۱۲۵۶

تاریخ

پیش نظر ہے سیر گلستان لکھنؤ	ہر ایک سمت نور کا جلوا ہے دیکھلو
جلسے مشاعرون کے ہین یارون کی صحبتین	ہر ایک فن شعر مین یکتا ہے دیکھلو

پریون کی دید ہے سر بازار راتدن
ہر کوچہ مین طلسم کا میلا ہے دیکھلو

کھلی ہے یہہ جو عشاقون کو پایا بیابان ذلیل
کشمیر سے یہ شہر زیادہ ہے دیکھلو

کسطرح حال حشمت سلطان بیان ہو
بس قدرت خدا کا تماشا ہے دیکھلو

فیاض ہین تمام امیران دیار کے
گھر گھر مین رقص و عیش کا جلسا ہے دیکھلو

معراج فاضلون کو ہے عرش کمال پر
ہر ایک اپنے رتبہ مین اعلا ہے دیکھلو

اسلام کا عروج ہے ایمان کا فروغ
صوم و صلوٰۃ کا یہین چرچا ہے دیکھلو

درگاہین اور تعزیہ خانے ہین نور کے
یہ فیض بزم ماتم مولا ہے دیکھلو

اس شہر کو مین کیون نہ کہون جنت نعیم
اسکا نظیر ہند مین عنقا ہے دیکھلو

تاریخ میرے آنے کی ہاتف نے یون کہی
زندہ منیر خلد مین پہونچا ہے دیکھلو ۱۲۶۹

تاریخ

ظفر جنگ باقر علی خان امیر
مہ و آسمان علوم و عطا

جگر بند دستور شاہ اودہ
فن و شعر طب مین نہایت رسا

انھون نے بلایا سوے کانپور
کیا قرض ہمت سے میرا ادا

مکرر کیا لکھنو سے طلب
مرا نام اہل سخن مین لکھا

کہی مین نے تاریخ اسکی منیر
ادا قرض نواب نے اب کیا ۱۲۵۹

تاریخ جشن نوروز سرکار نواب حشمت جنگ مرحوم رئیس فرخ آباد

میرے نواب کے گھر آج ہے نوروز کا عالم
فروغ اختر دولت خداوندا ابد تک ہو

بطرز زیبا تا بدل کہی تاریخ یون مین نے
الٰہی جشن کامل رنگ ہے مسعود و مبارک ہو

تاریخ غسل صحت حضور مرحوم مغفور نواب رئیس فرخ آباد

بنواب من ملے شافی مطلق ۔ بہار گلشن عشرت مبارک
ہمایون باد یارب عہد صحت ۔ شباب و طاقت و قوت مبارک
بقائے خضر و اقبال سکندر ۔ بہر صورت بہر حالت مبارک
دعا ہائے منیر بے سر و پا ۔ برائے صحت و شوکت مبارک
بگفت فرخندہ تاریخ ہاتف ۔ دعائے جشن این صحت مبارک

تاریخ

امیر عہد تجمل حسین خان نواب ۔ خطاب جنکا ظفر جنگ نام ہی نکلا
زمانہ بین انہین کہتے ہین لوگ حشمت جنگ ۔ مہ سپہر کرم فیض و حلم مین یکتا
انہون نے شقہ مع صرف راہ بھیجا ہے ۔ طلب کیا ہے کمال اشتیاق سے بلا
چلا ہون لکھنؤ سے سوی فرخ آباد آج ۔ ہزارون حسرتین رنج و ملال ہین صد ہا
چلا ہون لکھنؤ سے ہے منیر یہ تاریخ ۔ بہشت ہند سے افسوس ہای مین نکلا

تاریخ تعمیر باغ نواب رئیس مرحوم فرخ آباد

چون بباغ خاص نواب رئیس ۔ نہر صافی شد روان مانند نیل
آب پاکش آبروے قدسیان ۔ موج او تار نگاہ جبرئیل
وصف طول او اگر موزون کنم ۔ بحر اشعارم بود بحر طویل
سال تعمیرش چو جستم اے منیر ۔ شد سرودش عالم بالا کفیل
یافتم این مصرع تاریخ نہر ۔ رشک جوے شیر زیبا سلسبیل

ایضاً

حکم نواب ہمایون مرتبہ سے ۔ ہو گیا سرسبز گلزار تمنا
نہر کی تاریخ تازہ مین نے پائی ۔ آے جنت دستان مین تسنیم زیبا

ایضاً

فیضِ نواب نصیر الدولہ سے ۔۔۔ ہے بہارِ رنگ عشرت باغ مین
شش جہت تھا لا بنا ہر نخل کا ۔۔۔ دیکھی ہے ایسی بھی وسعت باغ مین
جو گرا قطرہ دُرِ غلطان بنا ۔۔۔ بڑھ گئی شبنم کی عزت باغ مین
مین یہی سمجھا اگر چٹکا گلاب ۔۔۔ جشن کی بجتی ہے نوبت باغ مین
آئینہ سے صاف ہین ہر برگ گل ۔۔۔ دیکھتے پھرتے ہین صورت باغ مین
سیر کو آئے معطر ہو گئے ۔۔۔ عطر مل دیتی ہے نکہت باغ مین
تخت مسند ہے سلیمان آپ ہین ۔۔۔ رہتی ہے پریون کی صحبت باغ مین
نہر بنوائی ہے مثل سلسبیل ۔۔۔ یا روان ہے بحرِ رحمت باغ مین
خضرِ سبزہ ہے تو نہر آبِ حیات ۔۔۔ زندگی کی ہے لطافت باغ مین
عیسوی تاریخ کی بھی فکر کر ۔۔۔ لگ گئی ہے اب طبیعت باغ مین
کہہ رہا ہے ہاتفِ غیب اے ہنر ۔۔۔ آئی نہرِ پاکِ جنت باغ مین
۱۸۴۵ء

تاریخ عطیۂ انبہ از پیشگاہ نواب مرحوم مغفور رئیس فرخ آباد

عجائب آم نواب نصیر الدولہ نے بھیجے ۔۔۔ پھلا نخلِ تمنا پیر و مرشد کی عنایت سے
خمیدہ قامت اُنکی صورتِ ابروئے شیرین ہے ۔۔۔ حلاوت مین مشابہ ہے لبِ حورانِ جنت سے
مزہ مین شیرۂ جانِ زلیخا ان سے پھیکا ہے ۔۔۔ سوا ہے انکا رس قندِ لبِ یوسف کے شربت سے
نگاہِ اہلِ دانش مین ہے تاریخ قمر پھیکا ۔۔۔ ترنج مہر ہے زرد آب ان آمونکی رنگت سے
مزا نوروز کا حاصل ہوا یہ آم جب پائے ۔۔۔ لڑایا مین نے انکو بیضۂ شہباز ہمت سے
کرون مین کسطرح تحریر وصف انکی حلاوت کا ۔۔۔ چپکتا ہے شگافِ خامہ شیرینی کی کثرت سے
فرشتے بوسے مانگین غیر بر دیون کے زنخدان کے ۔۔۔ اگر سیب ذقن کو دون مین نسبت اس حلاوت سے

مرے نواب کو خالق سلامت رکھے دنیا مین — تو سن سا رکھے عالم کو رہے وا مان دولت سے
فلک تابع رہے اقبال حاضر ہو کمر بستہ — سپاہی مین آپ فرصت ایکدم کی عیش و عشرت سے
خدا فرزند با اقبال بخشے میرے آقا کو — کرے فرمانروائی سارے عالم کی حکومت سے
منیر اس میوۂ نادرہ کی تاریخ اب مناسب ہے — ثمر ایک سرو ہے میوہ گلزار جنت سے
۱۲۶۲ھ

تاریخ مکان دوستے کہ از تحریر نامش نتوان برد

چون بنا کرد قصر پاکیزہ — یکے از دوستان عالیشان
سال تاریخ او نوشت منیر — صاف شد آبا و قصر نور افشان
۱۲۶۲ھ

تاریخ مرگ نواب حشمت جنگ مخاطب بنظفر جنگ رئیس فرخ آباد حشره الله مع ائمۃ الاطہار

جہان تیرہ ہوا مثل فرخ آباد آج — ہجوم یاس سے ہے خانہ امید خراب
ستم ہوا ہوئے اہل کمال خاک بسر — برنگ برق ہین اہل سخن کے دل بیتاب
اٹھا زمانہ سے افسوس قدردان ایسا — نظیر جسکا ہے سارے جہان مین نایاب
سحاب فیض تجمل حسین خان اب — معین ملک ظفر جنگ تہا اسکا خطاب
امیر باذل دریا دل و محیط کمال — طبیب و شاعر و یوسف جمال عرش جناب
علوم دہر کا جیا وے محیط موسیقی — نماز و روزہ کا پابند تھا میرا نواب
ہوے نہ تھے ابھی چوبیس سال بھی پورے — ہزار حیف یہ موت اور ابتدائے شباب
پری کیسا تھ کبھی سونا جو جانتا تہا ننگ — عروس مرگ سے افسوس ہوگیا ہم خواب
ہزار حیف وہ ماہ کمال و ظلمت گور — ہزار حیف وہ جسم لطیف و فرش تراب
بحق پنجتن پاک بخشدے اسکو — لحد مین کھولدے یا رب بہشت کے ابواب

منیر نے لکھی تاریخ اس شب غم کی ۔۔ چھپا زمین میں ہاے آفتاب عالمتاب ۱۲۹۳ھ

تاریخ تعمیر کوٹھی بعہد نواب تفضل حسین خان بہادر رئیس خلد بنیاد شہر فرخ آباد

کوٹھی سجوائی جو نواب فلک درگاہ نے ۔۔ ہوگیا ہر کمرہ مین عالم دل مسرور کا

قد آدم آئینے پیوستہ ہین دیوار سے ۔۔ چاندنی کے بدلے بچھا ہے دوپٹا حور کا

ہے مرقع مانی و بہزاد کا گلگون چھتین ۔۔ سقف مین ہر سو معلق جھاڑ ہے بلور کا

ہے بلند اسدرجہ یہ کوٹھی کہ اپنے ہاتھ سے ۔۔ بارہا توڑا ہے خوشہ خلد کے انگور کا

اسکے ہر روزن سے پیوستہ ہے چرخ نیلگون ۔۔ حلقۂ خاتم مین فیروزہ ہے نیشاپور کا

گلشن فردوس اس کوٹھی کا پائین باغ ہے ۔۔ پست تر تہہ خانہ سے ایوان ہے فغفور کا

صحن سے اسکے برابر چرخ اطلس کیون نہو ۔۔ دیکھ جاتے ہین فرشتے آکے عالم دور کا

حضرت موسیٰ تجلی دیکھنے کو آتے ہین ۔۔ ہر طرف جنگلا لگا ہے چوب نخل طور کا

لال ٹہنین جنگلے پر کرتی ہین نور افشانیان ۔۔ رات کو چھپتا نہین ہے نقش پاے مور کا

نور سے نواب کے روشن ہے کوٹھی اسطرح ۔۔ نور حق سے جسطرح معمور ہو دل حور کا

اتنی چیزونکی ہے تاریخ ایک مصرع مین منیر ۔۔ نور کی کوٹھی ہمایون بام جنگلا نور کا ۱۲۹۳ھ

تاریخ طبع دواوین پیر و مرشد جناب استادی حضرت سید علی اوسط رشک دام ظلہ

جب دواوین جناب سیدی ۔۔ قبلۂ کونین استاد زمان

ہوگئی طغراے لوح انطباع ۔۔ آشکارا ہوگیا سر نہان

غیب سے مجکو دم فکر اے منیر ۔۔ ہوگیا تاریخ کا مصرع عیان

ہے یہی تاریخ سال انطباع ۔۔ چھپ گئے دیوان رشک شاعران ۱۲۹۳ھ

ایضاً

جناب قبلہ و کعبہ نے وہ دیوان چھپوائے — نظارہ گلشن فردوس کا جسکا نظارہ ہے
سفینہ ہے جو ہر دیوان دریائے کرامت کا — نہین ہر حاشیہ بحر افادت کا کنارا ہے
مگر سمجھو اشعار پر دست مزہ رکھنا — پئے تکمیل فن شعر واجب استخارا ہے
تجلی دیکھ لو ہر مطلع روشن کے مشتاقو — یہ سب ہے ابروئے معشوقان مضمونکا اشارا ہے
منیر معتقد نے عیسوی تاریخ موزون کی — تصاویر معانی کا مرقع آشکارا ہے

۱۸۷۷

تاریخ ولادت فرزند عالم اکمل فاضل اجل جناب مولانا احمد حسن خان بہادر عروج دام مجدہ

قبلۂ فضل و کمال و کعبۂ جاہ و حشم — جسکا سایہ باغ ہمت کو ہے طوبیٰ کا درخت
مولوی احمد حسن خان تاجدار ملک علم — کشور شعر و سخن کیواسطے زیبائے تخت
خوشنویس و منشی و حبر مدقق بحر فیض — صاحب ایثار و بذل و سرور مسعود بخت
محسن و ممدوح میرے قدردان اہل فضل — انکے فیضان سخن سے موم ہو ہر سنگ سخت
حق تعالیٰ نے انہین فرزند ہے بار را دیا — پائے عمر خضر ہو اسکندر اقبال بخت
ہو وحید الدہر اپنے والد ماجد کیطرح — جامۂ عمر مسیحا ہو اسے ملبوس رخت
عیسوی ہجری ہے تاریخ ایک مصرع مین منیر — مہر شہرستان عزت ہی مہ بیدار بخت

۱۲۹۴ ۶۱۸ ۸۹

تاریخ غسل صحت جناب عالیہ محل خاص نواب ذوالفقار علی بہادر بحکم نواب مرحوم مذکور

غسل صحت کر چکین جب بیگم والا جناب — ہو گیا فرط طرب سے سب زمانہ شادمان
دہو گئی گرد مرض آب شفا کے نام سے — شافی مطلق نے بخشا خلعت آرام جان

شہزادیاں نے جشن صحت کے بیچے گھر کا میں
خلق میں آب گہر کا ہر طرف طوفاں اٹھا
غلغلہ ہے باغ عالم میں مبارکباد کا
مانگتے ہیں حق تعالی سے دعائیں پے بشیر
تا شبستان جہاں میں جلوہ گر ہوں مہر و ماہ
تا کہ بام آسمان پر ہو ستاروں کا چمن
تا خزاں ہو زرد رو فصل بہاری کے حضور
بوستاں میں تا کہ ہو مسند نشیں خاتون گل
زیب مشکوی جہاں ہو ذات بیگم صاحبہ
صحت و طاقت زیادہ ہو بہی اقبال و جاہ
ہر مرض سے تا ابد محفوظ رکھے کردگار
حضرت نواب سر پر ہوں سلامت تا ابد
میرے مرشد زادہ کو تخت سکندر ہو نصیب
غسل صحت کی کہوں تاریخ عدد حسب حکم
مصرع واحد میں بیٹے دو ہری تاریخیں کہیں
تعمیہ کے تخرجہ کے داغ سے بھی پاک ہیں
عیسوی سال اور ہجری سن اسی مصرع میں ہیں

کر دیا نواب نے خیرات گنج شایگان
جب ہوا سرکار کا ابر سخاوت زرفشان
تہنیت کے زمزمے کرتے ہیں مرغ بوستان
شکر کے سجدے میں ہیں مصروف سب پیر و جوان
مہر و ماہ دائم ہوں جب تک شمع بام آسمان
تا ستاروں کے چمن سے دور ہو فصل خزان
تا کہ ہو فصل بہاری سے شگفتہ بوستان
تا کہ ہو خاتون گل سے زیب مشکوی جہان
عیش افزوں ہو شفا ہو دائمی ہو توامان
آئین ہجر کیلئے آفاق کی شہزادیان
پردہ عصمت سرا ہو منزل امن و امان
دودہ دولت سرا ہو گوہر تاج شہان
خضر و عیسی کی طرح حاصل ہو عمر جاودان
فکر میری ہے رسا نواب لاقدر دان
طرز یہ مشکل بہت ہے درمیان شاعران
داد اسکی دیں مجھے سرکار تا ہوں شادمان
یہ مراد غسل صحت ہو فرح بخش جہان
۱۲ ۴۸ ۱۲۶۴

ایضاً

شفا پائی بلقیس دوران نے آج
کہوں غسل صحت کی تاریخ اور
دعائیہ تا وہ ہے ...

اٹھی قلزم دہر میں موج عیش
کہ ہو مالک دل منزل فوج عیش
سلامت رہیں ہو سدا اوج عیش
۱۲ ۶۴

ایضاً

اچھی ہوئی ہیں آج جناب مقدسہ — زیبا ہے حال جو رجو صرف سپند ہو
شیرین ہے کام جان جہان آج اسقدر — گویا دور ہے کہ ہر سخن تلخ قند ہو
بیجا نہیں جو آج طبیب حضور کا — رتبہ مسیح سے بھی زیادہ بلند ہو
تاریخ اس خوشی کی لکھوں کلک فکر سے — شاید حضور کو بھی مصرع پسند ہو
یہ یاد رہے خوب دعا یہ نے منیر — سایہ بتول کا رہے دولت دوچند ہو

ایضاً

بیگم صاحبہ کو ہوئی صحت — فضل خدا کی عید مبارک
خوب ہے یہ تاریخ مسیحی — غسل شفا کی عید مبارک

ایضاً

آج بیگم صاحبہ اچھی ہوئیں — عشرت افزا ہو گیا اسباب غسل
ہو گئی تاریخ کی فکر اے منیر — قدسیدان کی سن کے آب و تاب غسل
سال فصلی خضر نے یوں کہہ دیا — ہو گیا آب بقا یہ آب غسل

تاریخ حفظ قرآن برادر امیر الامرا ولی نعمی جناب نواب علی بہادر دام قبالہم

حفظ کیا کلام حق بحر عطا کا جوش ہے — دیتے ہیں گوہر مراد معدن فیض آپ ہیں
گوہر و مال و زر کیوں تجھے سائلو نکو روز — معدن لطف آپ ہیں مخزن فیض آپ ہیں
صورت عندلیب سب پھول گئے سرور — باغ جہان میں ہے یہ غل گلشن فیض آپ ہیں
لطف سخن کہیں نہیں ساز زمانہ میں ہے بجا — قول منیر راست ہے مخزن فیض آپ ہیں
ہجری و عیسوی سنین وصف حضور میں کہی — حافظ مصحف مجید خرمن فیض آپ ہیں

ایضاً تاریخ بطرز صدری و معنوی

صبا جو مژدۂ جانبخش لائی باندھ سے ‌‌ لو سب سے پہلے کیا مین نے اُسکا استقبال

سلام کر کے یہ پوچھا کہ کیون ہی تو مسرور ‌‌ دیا جواب تعجب سے سنکے اُس نے سوال

کہ ارے اسیر بلا تو بہی سخت غافل ہے ‌‌ ذرا تو نشۂ افیون غم سے دل کو سنبہال

عجب بہار ہے آنکہین تو کہول ہوش مین آ ‌‌ بغور دیکہہ زمانہ کا حال فرخ فال

خوشی سے پیر فلک آج ہو رہا ہی جوان ‌‌ ہلال بدر ہوا بڑہ کے ہر ستارہ ہلال

زمین عیش سے پہولی نہین سماتی ہے ‌‌ ہوا وفور مسرت سے باغ دہر نہال

کیا ہے مصحف گل حفظ بلبلان نے تمام ‌‌ بیان کرتے ہین اطفال غنچہ غیب کا حال

سبب یہ ہے کہ کیا حفظ اُس نے قرآن آج ‌‌ کہ جسکے وصف مین ہے ہر زبان ناطق لال

امیر ابن امیر و رئیس ابن رئیس ‌‌ معین دین نبی آفتاب علم و کمال

مہ سپہر صباحت شجاع ضیغم کش ‌‌ کہ جسکے سامنے رستم ہے ایک ادنی زال

جو اپنی تیغ ہلالی وہ کہینچے روز دغا ‌‌ تو بہاگ جائے چہوڑ کے مریخ آفتاب کی ڈہال

وہ شہسوار ہے جسکا سمند برق نظیر ‌‌ ازل سے تا با بد جاے مثل پیک خیال

یہ تیز رو ہے جو ڈالو سپند مجمر مین ‌‌ کرو جنوب سے اسکو روانہ سوے شمال

سپند آگ سی کرنے نپاے جست ابہی ‌‌ کہ شش جہت مین پہر آئے یہ اسپ برق خصال

جو مدح فیض کا اُسکے کوئی کرے دعوے ‌‌ نرا ہے تصور باطل نرا ہے خیال محال

فقیر اُسکے کرم سے غنی ہوئے ایسے ‌‌ کہ جام جم سے زیادہ ہین کاسۂ سوال

غلام اُسکے وہ عالی دماغ دہر مین ہین ‌‌ نہین سمجہتے کہ قارون کا گنج ہے کچہ مال

سخن شناس سخنور نواز و فیض رسان ‌‌ اُسیکی مدح سے ہر شاعرونکو فیض کمال

سپہر ہمت و کوہ وشکوہ عرش وقار ‌‌ مسیح رفعت و نواب آفتاب جمال

علی بہادر عالم پناہ بندہ نواز ‌‌ کہ جسکے نام مین ہے مرتضی کا جاہ و جلال

ہوا وہ حفظ کلام اله سے فارغ ‌‌ خوشی سے ہے جشن ہے لٹتا ہے آج دولت و مال

بڑی حضور نے دربار مین کیا ہے جلوس | پکارتے ہین نقیبانہ دولت و اقبال
امیر آتے ہین مجرے کو بجتی ہے نوبت | ادب سے سامنے حاضر ہین حشمت و اجلال
ہزارون حافظ و قاری کا ہی وہان مجمع | بڑے بڑے علما اور صاحبان کمال
لکھا ہے مجکو بھی شقہ کہ نظم کر تاریخ | طلب کیا ہے پہنچ اے ہمارے اوج خیال
براے نذر کمر باندھکر روانہ ہو | قصیدہ کہہ کہ جو ہو تیری بندگی پردال
کہا یہ مین نے کہ مین کسطرح وہان پہونچون | چمن سے دور ہین ہون عندلیب بے پر و بال
دیے یہین سے مین دست دعا اٹھاتا ہون | کہ اے خداے توانا و بیعدیل و ہمال
رہین حضور سلامت ہمیشہ دنیا مین | خضر کی عمر سلیمان کا ہو جاہ و جلال
صحیح و سالم و محفوظ و خورم و آباد | جدا ہو دامن دل سے مدام گرد ملال
جو خیر خواہ ہو سرکار کا رہے شادان | عدو کو جز لحد تنگ ہو پناہ محال
بدون تعمیہ و تخرجہ کہدون تاریخ | کہ جسمین نظم ہو تاریخ و روز و ماہ و سال
ہوا ہے حکم معلی اسی شرائط سے | ہوا یہ سے کہ کھلجاے زور طبع کا حال
حضور قدر شناس سخن ہین سمجھین گے | کرینگے قدر میری دینگے مجکو داد کمال
کہی منیر نے صوری و معنوی تاریخ | دو شنبہ اول شہر صیام نیک اقبال

ایضاً

حفظ مصحف سے ہوے فارغ حضور | جشن مثل بہمن و دار کیا
حافظون کے آگے بالکل پڑھ دیا | دیکھنے والون نے نظارہ کیا
مین نے یہ تاریخ پائی اے منیر | یاد قرآن خدا سارا کیا

تاریخ عقد نکاح نواب تفضل حسین خان بہادر رئیس جدید فرخ آباد

وصال عمر و مس اسکو حاصل ہوا | گل آسا کھلا سرور عدل و داد

کھلا گل مراد و سرور آیا	کھلا لوح دل کو دعا کا سواد
عروس اور دولہا کو مسرور رکھ	الٰہی کامل ہو طرح وداد
الم اور دکھ درد کو دور کر	عدو کو دکھا راہ صلح و سداد
لکھا کلک دُر سلک نے مصرع سال	سرور دل دہر عیش مراد ۱۲۶۲ھ

ایضاً

شادی ہے نواب کی آج	عیش جہان مین بجد ہے
گلشن عالم سبز ہوا	فصل گل کی آمد ہے
عمر رفتہ پھر آئی	پیر فلک بھی امرد ہے
بسکہ ہرا ہے باغ جہان	ہر گل جام زمرد ہے
ہنستے ہین ذرے ذرے	پتھر سنگ زبرجد ہے
پریون سے ہے قلعہ بھرا	کوہ قاف کی سرحد ہے
کعبہ مقصد ہے کوٹھی	چوکھٹ سنگ اسود ہے
دولہا اور دولہن ہین شاد	حاصل عشرت سرمد ہے
فضل الٰہی ہے اُن پر	حافظ روح محمد ہے
اُنکا دولت خواہ منیر	ہے خوشوقت عدو رد ہے
دوست کا گھر ہے بیت العیش	حاسد کا گھر مرقد ہے
ہین تاریخ کے دو مصرع	ہر مصرع موزون قد ہے
ثانی بلقیس دولہن	دولہا سلیمان مسند ہے ۱۲۶۲ھ

تاریخ ولادت فرزند متوسد وسادۂ جلالت و نبالت سید محمد نصیر خان صاحب دام مجدہٗ

سید ذی حشم و عالی جاہ ‌ ‌ ‌ چمن آرائے بہار اجلال

نام نامیش محمد نصیر ‌ ‌ ‌ خان صاحب کرم و اہل کمال

مورد فضل الٰہی گردید ‌ ‌ ‌ یافت فرزند ہمایون تمثال

عمر چون خضر مسیحا یابد ‌ ‌ ‌ باد مانند ہما فرخ فال

سال میلاد چنین گفت منیر ‌ ‌ ‌ مہر برج شرف و صد اقبال

۱۲۶۴

تاریخ مرگ محبوبۂ مصنف تجاوز اللہ عن سیئاتہا

دیدیا داغ فراق ابدی دل کو میرے ‌ ‌ ‌ ہائے ای جان جہان تیری جوانی ہے ہے

ہائے وہ حسن وہ ناچ اور وہ گانا تیرا ‌ ‌ ‌ رہگئی ساری کمالون کی کہانی ہے ہے

تیرے اخلاق کو رووُن کہ وفاداری کو ‌ ‌ ‌ کوئی آفاق مین تیرا نہین ثانی ہے ہے

زخمی خنجر ابرو کو تڑپتا چھوڑا ‌ ‌ ‌ نہ پلایا مجھے تلوار کا پانی ہے ہے

ہائے وہ چشم سیاہ و نگہ شرم آلود ‌ ‌ ‌ وائے ان گیسوون کی مشک فشانی ہے ہے

کہاکے قسمین یہ کہا کرتے ہین موسیقی دان ‌ ‌ ‌ آج دنیا سے اٹھی زہرۂ ثانی ہے ہے

ہائے اٹھارہ برس ہی مین ہوا کام تمام ‌ ‌ ‌ لٹ گیا گلشن آغاز جوانی ہے ہے

سب مین مشہور ہے جو مجھسے وفا کی تونے ‌ ‌ ‌ کہی جاتی ہے مروت کی کہانی ہے ہے

اہل مقدور سے میرے لئی پرہیز کیا ‌ ‌ ‌ قدر میرے لئے دولت کی نہ جانی ہے ہے

ہے تیرے ای گل تر بلبلونکو باغون مین ‌ ‌ ‌ ہے ترانہ کیعوض مرثیہ خوانی ہے ہے

کی طبیبون نے دوا خاک شفا کہلوائی ‌ ‌ ‌ موت نے ایک ہی تدبیر نہ مانی ہے ہے

ہائے وہ خوبی تقریر و سخن فہمی حیف ‌ ‌ ‌ خاک مین ملگئی ساری ہمہ دانی ہے ہے

ہائے مین مرنگیا تیری عوض ای گلرو ‌ ‌ ‌ رہگیا دلمین ترا داغ جوانی ہے ہے

رو کے پڑھتا ہے یہی مصرع تاریخ منیر ‌ ‌ ‌ زہرہ مہر لقا لیلی ثانی ہے ہے

ایضاً

وہ پری مرکے مجکو مار گئی — زیست مین جان کنی کے تلخی ہے
اسکی زلفون کے غم مین شام شباب — بخدا قبر کی اندہیری ہے
زندگی مین مزا نہین ہے منیر — زہر سان تلخ شہد ہستی ہے
خواب ہی مین مجھے دکہا یارب — بس یہی شکل زندگی کی ہے
بخش دینا اسے بحق بتول — بندہ پرور جناب تیری ہے
چہاپے کے گل ہون یا ہون داغ جگر — جو نشانی ہے اس پری کی ہے
ہے یہ تاریخ ان نشانیون کی — چہاپے کے گل ہین داغ دل بھی ہے ۱۲۶۴ھ

ایضاً تاریخ در دائرہ مجتلبہ کہ بسہ بحر ہزج در جز ورمل مسدس سالم است اول ہزج مسدس سالم مفاعیلن شش بار

عضب سن وہ پری یون مرگئی ہی ہے — ہوا یہ غم عجب دلکو مرے حاصل
کہا یون سال رحلت میں نے اسدم — نیا یہ اب مجھے غم ہوگیا ابدل ۱۲۶۴

رجز مسدس سالم مستفعلن شش بار

سن وہ پری یون مرگئی ہی ہے غضب — یہ غم عجب دلکو میرے حاصل ہوا
یون سال رحلت کا منیر اسدم کہا — یہ اب مجھے غم ہوگیا ابدل نیا ۱۲۶۴

رمل مسدس سالم فاعلاتن شش بار

وہ پری یون مرگئی ہے ہی غضب سن — غم عجب دلکو مرے حاصل ہوا یہ
سال رحلت کا منیر اسدم کہا یون — اب مجھے غم ہوگیا ابدل نیا یہ ۱۲۶۴

تاریخ رحلت امیر العلما رئیس الحکما سلطان المتکلمین جناب سبحان علی خان طاب ثراہ

صدمۂ رحلت سبحان علی خان کے سبب — کہتے ہیں بیٹھ کے سب اہل صفا ہے ہے وائے
مرجع روح و ملک ثانی عقل اول — زائر حضرت شاہ شہدا ہے ہے وائے
زاہد و عابد استاد حکیمان جہان — قطب اسلام و امام العلما ہے ہے وائے
منطق و علم و کلام و ادب و فقہ و حدیث — کہتے ہیں ہو گئے ہم بے سر و پا ہے ہے وائے
حکمت و علم ریاضی ہیں یتیم انکی بغیر — ہو گئے خاک بسر مجد و علی ہے ہے وائے
مسند دولت و دیں ہو گئے خالی افسوس — آج بیکس ہیں ملوک و امرا ہے ہے وائے
انکی تصنیف ہیں کیا کیا کتب مبسوطہ — باقیات الصالحات شمس ضحی ہے ہے وائے
شوق میں صحبت مرغان اولی الاجنحہ کے — اڑ گیا اوج کرامت کا ہما ہے ہے وائے
زیب افزائے جہان ہو گئی وہ گلشن قدس — خاک اڑاتی ہے یہان باد صبا ہے ہے وائے
خلعت نور انہیں رب نے پہنایا — چاک ہم کرتے ہیں دامان قبا ہے ہے وائے
مجھسے رضوان نے کہا مصرع تاریخ منیر — قبلہ دہر ملاذ الحکما ہے ہے وائے
۱۲۶۴ھ

تمام شد

تاریخ این دیوان تصنیف امیر الامرا حضرت ولی نعمی نواب علی بہادر دام اقبالہ تخلص بہ علی

استاد کے دیوان کی تاریخ محال — برج معنی کا نیر اعظم لکھہ
تھی فکر علی کو نام تاریخی کی — ہاتف نے کہا منتخب العالم لکھہ
۱۲۶۴ھ

تاریخ تصنیف دیوان از جناب پیر و مرشد استادی سید

علی اوسط رشک دام ظلہ

مطلع مہر درخشندہ ہے دیوانِ منیر
رشک نے ختم کی تاریخ یہ شفاف کہی

استعارے ز اعجاز بیانی ہے صاف
معدن گوہر شہوار معانی ہے صاف

ایضاً منہ دام ظلہ العالی

اے رشک چہ دیوان چہ فیضان منیر
از روشنی کامل او شد تاریخ

ہر چند زیادہ است ازین شان منیر
این ماہ منیر است کہ دیوان منیر

تاریخ دیوان از اکمل الفصحا فاضل یکتا مطبب اللوذعی حکیم محمد حسن خان طبیب لطف نجیب

حلیہ اتمام در بر کرد با صد حسن و زیب
از سواد ش دیدۂ اہل بصیرت سرمہ سا

در زمین شعر او مہر درخشان ذرہ
کوچۂ بین السطورش جادۂ راہ کمال

از سوادش گرد کشتی کحل سلیمانی بچشم
تافتہ صد آفتاب نکتہ از ہر مطلعش

گفت سال عیسوی و فصلی و ہجری طبیب

شاہ نظم منیر مقتدائے شاعران
ہم بیاضش غیرت صبح بنا گوش بتان

گوہر پاکیزہ معنی ز بحرش عیان
ہم ورقہا از در مضمون کف گوہر فشان

بیگمان دیدی پریزادان مضمون عیان
چون نگردد ہر زمین شعر رشک آسمان

نظم سحر و جوہر منظوم و کاخ شعر خوان

تاریخ از رشحات خامہ استاد اجل محقق اکمل وحید المتجددین عالی جناب مرزا دبیر صاحب دام ظلہ چکیدہ

ایسے دیوان منیر سخن آہا

مطلع سے ہے درشن کہ قمر جلوہ فگن ہے

دیوان ہے یا مصر زلیخاے معانی ۔ دیوان ہے یا یوسف مضمون کا وطن ہے

مصرع کو مہ نو جو کہا عدل پکارا ۔ یہ بیس سے ہے وہ دس یہ نیا ہے وہ کہن ہے

کیا دبدبۂ شاعری تازہ کا ہے شور ۔ روح اسدی بیشۂ قالب سے ہرن ہے

ہے مدح یہ سرسبز ہے بزم شعرا مین ۔ بے فصل ہرا جیسے بہشتونکا چمن ہے

مضمون وہ ہین شوخ کہ ہوش اڑتی ہین جن سے ۔ جو بیت ہے موج رم آہوی ختن ہے

ہر بیت مین انگشت کرامت کی ہین اعجاز ۔ شق القمر اوراق کے مسطر کی شکن ہے

ہرچند یہ ہندی ہے مگر اہل عجم نے ۔ خط اسکو جو بھیجا تو رقم قبلۂ من ہے

کیا منہ صدف بحر جو کہوے دہن الف ۔ جو نقطہ ہے دندان شکن دُرِ عدن ہے

جو فقرہ ہے وہ منش زن شہرگ عنبت ۔ ہر شاہد ترکیب مین ہمیاختہ پن ہے

دیوان کی تاریخ یہ کہتا ہون دبیر اب ۔ انجم کدہ یا قاف پریزاد سخن ہے

ایضاً منہ دام ظلہ العالی

منیر یاکہ از طبع منیرش ۔ کمال انوری عین زوال است

عجب دیوان روشن ساخت موزون ۔ کہ برج نظم را ماہ کمال است

مثال معنی و لفظ لطیفش ۔ حدیث تشنہ و آب زلال است

بوصف بندش و مضمون سرسبز ۔ زبان طوطیان ہند لال است

براوج رتبۂ نظمش رسیدن ۔ محال است و محال است محال است

دبیر انشا نمودہ سال ختمش ۔ بگردون مصحف جلی الہلال است

ایضاً منہ دام فضلہ

سبحان اللہ منیر و دیوان منیر ۔ وہ بحر سخن ہے در مکنون سے ہے

سال تمام نظم کرتا ہون دبیر | زیبا فلک کوکب مضمون ہے یہ ۱۲۶۴

ولہ دام ظلہ العالی

ہر آنکہ دید دبیر این صحیفۂ قدسی | بے مصنف عالیش داد تحسین داد
بحرف معجم این مصرعست تاریخش | بود مرقع مضمون شاعری آباد ۱۲۶۴

تاریخ مصنفۂ غوث العرفا نائلا ذ الفصحا جناب مولانا عبد الہادی صاحب

نو طرز نمود طرح دیوان جدید | فخر الشعرا جاص نواب علی
مصحف بکف است مصحفی زاخلاص | منت گل کرد چون گلستان زحلے
سرعت بنمود در وح جرات نوا | زانجان جہان جانجانان دلی
ورد است بدست از کلامش خواجہ | میراست بمیرزاے بے بدلی
ذوقی بمذاق ذوق او سائل شد | رنگین جو شفق بغنچگی کرد گلے
کردہ بہ نثار او ثریا افشان | اختر زبیان صادق لم یزلی
سودا پے سود او بجان حاضر شد | آتش خبرے نیافت از بید خلی
سالش زرجوع قلب ہادی چون جست | از صدق ولا این مولاے علے
ہاتف زسرور کیف بے جدانہ بگفت | دیوان منیر سکر سرجوش جوش دلی ۱۲۶۴

تاریخ در صنعت نبیات از نتایج طبع اکمل الاطبا افضل الشعرا علامی حکیم محمد حسن خان طبیب

ہو چکا ختم جو دیوان جناب استاد | وہ ہین اقلیم سخن مین فلک آسا نامی
نام انکا ہے منور صفت مہر منیر | اے طبیب اہل سخن مین نہین ان سا ...

صنعت بینہ مین نظم کی ملتی تاریخ
باغ گلہاے معانی ہے سراپا نامی

ایضاً منہ دام مجدہ در صنعت زبر و بینات

عطرافشان ہوا جو عالم مین
عنبر موجۂ کلام منیر

مستفید اس سے اے طبیب لبیب
واقعی ہے یہ فیض عام منیر

ہے یہ دیوان مصحف اعجاز
فلک نظم ہے مقام منیر

ہے شبستان بیت برج قمر
خوب روشن ہوا ہے نام منیر

سال تاریخ کی ہوی مجھے فکر
دیکھے جو نظم خوش نظام منیر

بینات و زبر مین ہے تاریخ
دل کو مطبوع ہے کلام منیر

تاریخ تصنیف اخ الشفیق متوقد کی اخوی سید حسین مطیر غفرلہ القدیر

اخی اعظم و استاد بندہ
شمیم گلشن معنی سے بو یا

وہ ہین مہر منیر صبح الہام
سر و گلشن فیض حق اُنکا ہر جو یا

زمین شعر ہے کشت مضامین
نیا تخم معانی اسمین بو یا

ہوا دیوان اول ختم اُن کا
ہزارون ہے در معنی پرو یا

مطیر خستہ نے تاریخ لکھی
سفینہ ہے یم مضمون کا گویا

از افکار عالیشان نواب واجد علی خان متخلص برضوان

اللہ رے دیوان جناب اُستاد
کیونکر نہ کرین اہل سخن شکر خدا

تحقیق و کمال و فن نظم و انشا
اُستاد کو ان سبھون مین پایا یکتا

اشعار و قصائد و رسائل اُنکے
آیات کمال ہین نہین شک اصلا

مضمون نئے ہین بند شین اعلے ہین	ہر مصرع تر ہے سرو جنت سے سوا
ہر مطلع تازہ غیرتِ ابرو حور	ہر معنی صاف آئینۂ غیب نما
جو اہل سخن ہین سمجھینگے لطف سخن	حاسد جاہل ہے اُسے مطلب سے کیا
رضوان نے یہ دیوان کی تاریخ کہی	واللہ کلام غیب الہام ہوا ۱۲۶۴ھ

ایضاً

دیوان مرقع ہے کہ از رنگ معانی	ہے نقش بدیوار یہان چشم نظر باز
تعریف مین دم بند ہوا بلبل دل کا	رہ رہ گئی مرجھا کے ہزاردن گل آواز
ڈورے چمن درج مین جب کلک کے ہمراہ	دم پھول گیا بار گئی طبع فلک تاز
ہنگام روانی ہے عجب حسن قلم پر	جسطرح کہ طاؤس نگارین دم پرواز
یہ شعر جھکتی ہوسے جو شخص پڑھیگا	بنجائیگی زربفت ابھی اطلس آواز
[illegible] کی کس روپ کی تاریخ ہی رضوان	گلدستۂ فردوس بہارین ہر اعجاز ۱۲۶۴

تاریخ ایضاً

[illegible] ہے تجلی دیوان اول اُستاد	نیافت [illegible] جہان آفتاب نور کلیم
نوشت خامۂ رضوان سنین ختم کتاب	سپہر عرش معانی کلیم طور کلیم ۱۲۶۴

ایضاً

زبان بلبل و طوطی بہت لال در مدحت	بہار باغ طبیعت کلام رشک چمن
عجائبات مضامین نہان چو گنج درا و	طلسم منتخب العالم و جہان سخن
بسال فصلی او طرح تازہ ریختہ ام	شگوفہ زار مرصع کلام باغ چمن

ایضاً

ہر ایک غزل مین معانی صاف کا جلوہ	میری نگاہ مین رضوان در صدف ہے
عجیب تازہ فصلی و سیحی ہے	ریاض مہر چراغ دل شریف [illegible]

ایضا

دیدۂ مہر و ماہ شد روشن — از کلام منور استاد
عیسوی سال یافتم رضوان — پرتو ستان آفتاب مراد ۱۸۹۶ع

ایضا منہ

نہ خوشامد ہے یہ نہ لفاظی — مدح استاد حق سرائی ہے
ظاہر اس قول سے ہو سال مسیح — عرفی و فیضی و ثنائی ہے ۱۸۹۶ع

ایضا

نقش اول یہی ہے ثانی بھی ہے — ہے یہ دیوان آیۂ نور خدا
مصرع تاریخ ہجری دیکھئے — حسن صورت کا مرقع واہ وا ۱۳۱۴ھ

ایضا

اے اہل نظر دورۂ ساعات خوشی کے — ہیں زیب دہ برج شرف اختر اشعار
تابندہ او دیر نجم ثریا ہیں فلک کے — ہنستے ہیں ستاروں پہ دُر گوہر اشعار
ہجری و مسیحی کہیں فصلی کے تکلف — خورشید قدم خضر حرم دفتر اشعار

ایضا منہ

میرے استاد کا کہاں ہمسر — شاعری میں دم انکار اسنخ ہے
ہے یہ تاریخ ختم دیوان کی — برق زیبا دبحر و ناسخ ہے ۱۳۱۴ھ

ایضا در صنعت بلیغہ

ما جواب و انتخاب عالم یکتا دُور — چون ید بیضا دست کلک با تسبیح ذکر
چون شمارم گفت سال ختم او در بینہ — نامہ اعجاز و دانش مصحف لہلہ فکر ۱۳۱۴ھ
سواد خط دیوان پہ کہہ دمہ عقد ہے ہوتی ہیں — فلک سے ہے صفو صفر نقطہ نقطہ ماہ کامل ہے
عجب آمد تاریخ پایا دست خامہ نے — طلسمات دل آرا ہے پریزادوں کی محفل ہے ۱۳۱۴ھ

تاریخ تصنیف سخنور نامی شاعر گرامی لالہ مادہو رام جوہر سلمہ اللہ تعالی

اللہ رے فیض نظم پاک استاد	دونون عالم مین شور تحسین ہے آج
کب آنکھ پڑے حدیقۂ جنت پر	فردوس بہ باغ رنگین ہے آج
دیوان بیاض صبح صادق ہے یہ	جو صفحہ ہے رشک لوح سیمین ہے آج
شیرینی بندش مصفا کے سبب	جو شیشۂ دل ہے شہد آگین ہے آج
تالیف کی تاریخ کہی جوہر نے	دیوان یہ مصحف مضامین ہے آج ۱۲۶۴ھ

از نتائج طبع فخیم پنڈت سندر لال فہیم

چونکہ دیوان حضرت استاد	ختم گشتہ بفضل ایزد پاک
زارتفاع زمین شعر بلند	پست گردید گنبد افلاک
سرمہ آسا سواد ابیاتش	نور افزاے دیدۂ ادراک
دید چون جلوۂ کلام سنیم	روح شوکت طپید در تہ خاک
سال تاریخ ختم گفت فہیم	بے خزان گلشن معانی پاک ۱۲۶۴ھ

محو فرخ آبادی

مرتب جب ہوا دیوان استاد	اٹھا اہل سخن مین شور تحسین
روا ہے معجزہ کہنا اسی کو	کہاں ہوتی ہے ایسی نظم رنگین
لکھی سالے محو یہ تاریخ اس کی	طلسم آباد معنی و مضامین ۱۲۶۴ھ

افسر فرخ آبادی

چون کلام جناب استادی	منتظم شد چو گوہر شہوار

گفت تاریخ انتظام افسر — سال دہ و دو صد اند شصت و چہار ۱۲۶۴ھ

ایضاً

ختم استاد کا ہوا دیوان — چشم ادراک ہوگئی روشن
بھی افسر نے اسطرح تاریخ — جلوۂ شمس صبح اوج سخن ۱۲۶۴ھ

تاثیر فرخ آبادی

دیوان استاد کا سراسر — گویا گلدستۂ سخن ہے
تاثیر اسکی یہی ہے تاریخ — زیبا گلدستۂ سخن ہے ۱۲۶۴ھ

پنڈت جودت فرخ آبادی

استاد نے ارباب معانی کیلئے — فرمایا ہے مرتب اپنا دیوان
سبحان اللہ عجب صحیفہ ہے یہ — لوح اعجاز کا طغرا دیوان
ہیں جلوہ شاہد مضمون کیا کیا — گویا ہے بیاض چشم حورا دیوان
انصاف سے کہتے ہیں سخنور سارے — ابتک دیکھا نہیں ہے ایسا دیوان
جودت نے بہ نظم کی یہ تاریخ — فخر شعرا منیر و زیبا دیوان ۱۲۶۴ھ

ایضاً

استاد کا دیوان ہے نظم در شہوار — بیشک یہ ہے دریائے فصاحت کا سفینا
ہر شاہد مضمون نشئے وحدت سے ہے سرمست — ہر مصرع تر سے ہے صفت گردن مینا
ترتیب کی تاریخ یہ جودت نے رقم کی — گویا یہ ہے اسرار الٰہی کا خزینا ۱۲۶۴ھ

ایضاً

چون شد کلام حضرت استاد منتظم — بشگفت در ریاض سخن صد گل طرب
تاریخ ختم جودت مخزون حزین نوشت — معنی نو ہے لطیف بزیخانۂ عجیب ۱۲۶۴ھ

نجشش فرخ آبادی

یہ التماس کر استاد سے اب بخشش ۔ کہ نقل کے لئے فدوی کو ہو عطا دیوان
یہ بینات و زبر مین ہے عیسوی تاریخ ۔ تمام ہو گیا ہے ایک آپکا دیوان

پروین فرخ آبادی

مژدہ باد اے اہل معنی کاندرین عہد نکو ۔ حضرت استاد ما دیوان خود را ختم کرد
سال ہجری و مسیحی گفتم اے پروین تمیز ۔ مخبر اہل ہدی دیوان خود را ختم کرد

ہشیار اکبر آبادے

حضرت استاد کے دیوان کا لکھا جو وصف ۔ ہو گئی نطق مسیحا میری خامہ کی صریر
بیت اے بروے پری ہر مطلع پرنور ہے ۔ مثل اسکے آگے مصراع ہلال چرخ پیر
کہکشاں ہے ہر منور کوچہ بین السطور ۔ نقطہ نقطہ ہے سویدا ہے دل روشن ضمیر
صفحہ صفحہ لوح پیشانی حور خلد ہے ۔ زلف ہر مصراع مین ہے طائر معنی اسیر
ایک مصراع مین دو تاریخین لکھے ہشیار ۔ موج بحر نظم ہے دیوان با فیض منیر

ایضا

لکھا مجھے پئے تاریخ نامہ اے ہشیار ۔ ہوا تمام جو دیوان حضرت استاد
خطاب کرکے یہ استاد سے کہی تاریخ ۔ منیر مطلع دیوان ہے آفتاب مراد

مرزا سلطان حسین ارم ساکن باندہ

بے مثل ہے دیوان جناب استاد ۔ ہر ایک ورق خدا کی قدرت دیکھا
تاریخ ارم نے ختم کی موزون کی ۔ یہ مصحف آیات فصاحت دیکھا

از افکار براعت آثار فضیلت و کمالات دستگاہ مولوی محمد ناصر صاحب الہام

استعاریمین کیا دیوان نظم اُستاد نے — آرہی ہے گور شوکت سے صدا واہ واہ
دیکھ لے دیوان رنگین جو مری اُستاد کا — رشتہ گلدستہ بنجائے وہین تار نگاہ
عرض کرتا ہے یہی الہام سال اختتام — گلشن نازک خیالی کا ہوا پھول واہ

تاریخہائے مصنفہ جناب فضیلت مآب محقق عارف شاہ غلام اعظم افضل الہ آبادی

اے منیر اہل جوہر واہ کیا ہی فکر صاف — شاعری نے پائی رونق آپ ہی کی ذات سے
ہے استعاریمین کیا تصنیف دیوان نفیس — ہر کلام صاف بالکل پاک ہے حشوات سے
یان تک گویا آپکی بالکل زبان — انکشاف قاعدہ ہوتا ہے ہر ہر بات سے
فکر مین تاریخ کے تھا افضل معجزبیان — دل سے تھا مستخرج اعداد ان ابیات سے
ولولے سے بول اُٹھی ناگہان طبع رسا — پاک دیوان آپ کا ایضا ہے تعقیدات سے

ایضاً منہ مرحوم مجددہ

منیر صاحب علم و دکا نے — ہے جس سے آب و تاب استعارہ
کہا ہے استعارہ کا جو دیوان — کھلا ہے جس سے باب استعارہ
کیا افضل نے قصد فکر تاریخ — اُٹھا سے تا حجاب استعارہ
کہا دل نے مخاطب کر کے کہدے — نہ ہے مست شراب استعارہ
خدا نے اے منیر صاف طینت — عجب دی ہے کتاب استعارہ

از نتائج افکار طبع وقار منشی سید فرزند حیدر رضا صاحب صفدر فرخ آبادی

اندرین میکدہ جز بادہ بہاری نو زد — باد شاداب گلستان منیر والا
یافت این مصرع تاریخ ز ہاتف صفدر — گشت مطبوع چہ دیوان منیر والا

ایضاً

دیوان استاد کا سراپا — واللہ ہے گنج استعارات
صفدر نے کہی اسکی تاریخ — کیا داہ ہے گنج استعارات

ایضاً

کھل گیا غنچہ روح مشتاق — جب یہ نظم طرب آگین دیکھی
سال اتمام یہ صفدر نے کہا — موج دریاے مضامین دیکھی

تقریظ مجموعۂ فضیلت و کمالات شاعر نامی و منشی گرامی مولوی محمد ناصر صاحب الہام خلف الصدق اورع زمان کشاف رموز عرفان جناب مولانا عبد الہادی صاحب دامت افاداتہ این کلیتہ نگاشتہ اند

خدایا بار مضمون وہ نہال خامۂ ما را — گل فرق بلاغت ساز رنگین نامۂ را
[illegible] نم کہ نیسان تحریرم قطرہ زن میدان — وصف کیست کہ قطراتش با لولوی آبدار
[illegible] ت میکند و رشحہ اش ستارہ سیار را بر زمین می افگند و نمی سنجم کہ رقاص خامہ
[illegible] ہم سراید کہ نوایش نواے زہرہ را خارج آہنگ می شمارد و سرود دیگہ سر مید ہد
حجازیان بمقام عشاق مے آرد نمے نی خامہ ام نواے می نوازد کہ بزرگ کوچک رنگ
حیرت میبازد و فاختہ عبارتم بہواے وصفی کوکو میزند کہ نور سے شمس قمری قمر میتابش
پرمے افگند فقرہ اش از بلندی مضمون کلاہ خورشید بر زمین می اندازد و سطرش
از اوج عبارت نثرہ و شعرہ الست میبازد آری عندلیب خامہ ام از صفیر صریر سخن
دلفریبے چون نسراید کہ بتحریر توصیف نوازندۂ قانون سخن میگراید چہ نوازندۂ قانون سخن
بل استاد نادرہ فن سکہ زن علم و معانی فرمانرواے کشور سخندانی ہر ہفت ساز
شاہد اوسو دوری طراز آستین قبلے سخنوری نور حدقہ مروت و حیا نور حدیقۂ
صوت فی صفا مرآت مصفا فصاحت مشکات ضیاء بلاغت ربط قصص عجائب
ضابط حکایات غرائب بانداز فصیح البیان سحبان طلیق اللسان گوہر اکلیل معانی

درة التاج سخندا ... علم اول گره کشائی عقد مالاینحل مقدمة الجیش معرکهٔ فصاحت
فارس مضمار بلاغت ... مده کشائی غوامض معانی فارس مضمار سخندانی معمار سرای
معانی پروری بنای بنای سخنوری فیصل خاص فصاحت جوهر عرض بلاغت ستر
اسرار آلهی نور انوار آگاهی ناظم خطبه دقیقه طرازی جالس مسند بے انبازی معنے
دان حفظ همه دانی مضمون مصرع شیوا بیانی جان قالب سخنوری چشم جسم معانی پروری
بوی گل اخلاق مروت نشهٔ صهبای اشفاق و محبت منبع انهار مروت و علم مطلع شموس
کمال و علم سر دفتر بالغ نظران نکته رس سر حلقهٔ خورشید ضمیران صبح نفس پست نمای
پایه باوج رسیدگان آسمان خیال بلند فرمای رتبه بحضیض افتادگان پستی کمال درج سخنوری
را گوهر و گوهر نکته پروری را آب برج معانی پروری را اختر و اختر بلند فکری را تاب
نیام فصاحت را تیغ و تیغ بلاغت را جوهر قلزم سلامت را صدف و صدف لطافت
را گلشن سخن را گل و گل مضمون را رنگ بزم آگاهی را چنگ و چنگ سخن پناهی را
نغمه ... مشک و مشک کمال را بو خمخانهٔ علم را باده و بادهٔ فضل را سبو قصیدهٔ شیوا
بیانی را مطلع و مطلع فصیح بیانی را مضمون محفل سخندانی را مطرب و مطرب معانی را
قانون چرخ چارم فصاحت را مسیح و مسیح بلاغت را اعجاز صیدگاه سخن آفرینی را شهباز
و شهباز دوربینی را پرواز انگشتری خیال را نگینه و نگینهٔ کمال را نقش عشرتکدهٔ نکته پروری را
نغمه و نغمهٔ سخنوری را تاثیر و جسم نثر را چشم و چشم نظم را روشنائی قالب تقریر را زبان
و زبان بیان را گویائی سجنجل علم را صیقل و صیقل کمال را صفائی بام اندیشه را کمند و کمند
فکر را رسائی حجلهٔ سخندانی را شاهد و شاهد فصیح بیانی را چهره پرداز معشوق نکته دانی را شباب
و شباب شیوا بیانی را آغاز زاهد عبادت را سبحه و سبحهٔ طاعت را امام نبی نغمه سنج
را هاتف و هاتف عظمت را الهام برج شرافت را خورشید و خورشید نجابت را
تنویر باین صفات موصوف استاد راقم الحروف سید اسمعیل حسین متخلص بمنیر سلمه الله العلی القدیر

نظم

اوست سلطان کشور معنی | اوست خورشید آسمان سخن
عیشو زینت مکان مسکین | او مکین ست در مکان سخن
آسمان زینتیست از بامش | چه بلندی گرفت شان سخن
نخبر آن روح قالب معنی | جسم دیگر نیافت جان سخن
شور استادیش چو برخیزد | نمکے افگند بخوان سخن
تیغ توصیف و بلبل اندم | شد زبان نخل گلفشان سخن
تا ابد زو گلشن سیحباد | باد سرسبز بوستان سخن

تعالی الله نسخه فرمانروای معانی که آوازه فصاحتش در هفت اقلیم رفته
سبحان الله نسخه سامان قلمرو سخندانی که علم قلمش شش جهت را فرا گرفته
تحریرش نسخه خوان فصاحت نداخته تا آوازه کوس ... است

کوس کار کلام و زبان ساخته نقد فصاحت در ترازوے رقم اوست و زر طلا عشق
در بازوے قلم او ریخته تا از نیسان تحریرش ریخته آبروے گوهر عدن بر خاک ریخته
و گر یتیمی بر فرق در یتیم ریخته و تار شعاع خورشید گسیخته سنبل زلف محبوبان و دود
شمع رقمش سرمه چشم معشوقان گردیده پیک قلمش نهال رخسار شاهدان نقطه
از کتاب نکته دانی اوست سویدای دل گلرخان سپند مجمر سخندانی او تا نگینی عبارتش
در صدف گوشش طرح رنگ زر برانداخته برده گوهرش عالم را دوگوش پرید
بیانی ساخته تار قانون سخندانیش چه رجه بلند صدا است که آهنگ چنگ مغنیان
زهره سرائیست نوا است وقتش هر مضمون عبارتش بهتا شیرینی داست که گردن
فرهاد معنی در کمند لفظش زیبا است کام و زبان در شکر اتاده شیرینی گفتارش
چشم و گوش جهان مائده نمکینی اشعارش روشنی شمع بیانش صیقل سا

آئینه سخن و دائره حیم جالش قفل در خزینه راز فگن کوس شاعری بنام استادی می نوازد
و سامعه ها از نغمه قانون سخن‌پیرا نوازد ۞ ای تخت سخن ز شاهیت زینت یافت
تیغ قلمت دل عدو را بشگافت ۞ آنجا که سمند کلک تو جولان گشت ۞ مضمون عقلش
بر زده دامان بشتافت ۞ عقل را ادراک علمش نامعلوم و فهم را اندازه کمالش نامفهوم
بهار طبعیکه چون خامه را بنگارش آرد صد نقطه شک بر ورق گل گذارد و بنیان
فکریکه چون در از قلمش بار دنامیه جا کدانه لولوی بر ترار د فاخته مضمون در سایه شمشاد
خامه اش بآرمیدن آمد کبک معانی در خیابان گلشن عبارتش بناز خرامیدن از حیرت
گل کلامش صدف دندان از جگر افشرده و از رشک نگینی فکرش خون در جگر شقایق مرده
[illegible] ستان استعداد نخل موجودش بدرو سر سبز و شاداب نشده که در موسم بهار امتحان گل
و آفتاب [illegible] شاهد جلا نپذیرفته که چشم کور سواد ان السنه [illegible]
نخوانند [illegible] سخن و سلخ سیاست بر دار کشیده [illegible]
شمع ها [illegible] و ردی مضمون [illegible] عقل [illegible] خورشید [illegible]
عبارتش [illegible] پنجه شعاع دست [illegible] از حیرت [illegible]
در جگر تا حافظ بلبل سوره خلاصش نخواند لب [illegible] بکشد [illegible] قاری
قمری عشر او بش بزبان نرساند مد واکشید سر و شجر [illegible] دامانش
زلف شاهد سخنش باندازه شانه در کف استادی [illegible] پیاده [illegible] نگار مضمونش
بر بنیاد سر عطر دان غنچه کشادن صبا تا شمیم نفسش [illegible] گره تا نه بندد و نسیم تا
بوسی گل اخلاقش نیابد عطر پیرهن گل نساید تا بهار مصحف گل را تصحیحش نرساند حافظ
عندلیب نخواند و تا چرخ مصرع هلالش را باصلاحش نگذراند بکمال نرساند ملاحت از
نمک خواران نمک انگیزی بیان اوست و حلاوت از نمکستان شکر ریزی زبان او ۞
هر شعر که از خامه تو سر بزند ۞ با گیسوی حور خلد می آویزد ۞ ای دست تو امروز نثر معنی

صد نغمه زنالهٔ کلک مے انگیزد و چه بیاست نیست که زبانش مداد بیانش نماد چه مجمل و چه مفصل و کتابے نه که تحقیقش حق تحقیقش دانکرده چه مختصر و چه مطول گوهر از انفعال تازگی کلامش آب مے میگردد و سنبل از رشک رنگینی فکرش بتاب مے سوزد تا برود و بهم شوند و جا در دوا آتش کنند عالی طبیعکه مرغ اندیشهٔ اش خبر بسا به طوبے بال نکشاید و بلند فطرتیکه شهباز فکرش جز بمرغ سدره چنگ دمساز نه نماید دست فکر رسایش گلدستهٔ مضمون را بر طاق بلندی نه نهاده که دست بر پست حوصله نیک انی بدزشناخته نگردد گردد و طائر اندیشهٔ عرش سایش آشیانه را بشاخ طوبے ساز نداده که شهباز دست پرواز هر دون همت اسپ بمیدان جهالت تاخته پراموشش رسد بل عالی طبعے کمند اندیشهٔ ببام عرش رسانیده و مرغ سدره را صید عقاب فکر گردانیده باید که سالها زانوے سبق خوانی بر ادب ته کرده قرنها اوقات را باستفاده بصرف آورده خود را بزمرهٔ تلمیذانش برآرد تا دقیقه مطول سرو صرع اش بر مختصر گل نقطش بخوبی کشاید نظم

مشکل سینه راز ها ‌ ‌ بر دوش بر دوش نجا زها
انتهاے فکر سر گشت او ‌ ‌ گل کلی خمس در مشت او
پیکر تحقیق را آشنا ‌ ‌ توان گفت او را شه اولیا
رخش سبز مهر فیض ازل ‌ ‌ دلش مشرق جلوهٔ لم یزل
بود شعر او شعری آسمانش ‌ ‌ جگرهاے حسادا و دو خراش
تمیز آمدیش است انصاف کن ‌ ‌ ز زنگ حسد سینه را صاف کن
چو فکر قصائد در آرد بکار ‌ ‌ بطرف سخن گل کند نوبهار
بعلم و عمل دار اوج کمال ‌ ‌ گواه سخن از جمالش جلال
خطش سرمهٔ دیدهٔ انس جان ‌ ‌ شود سنبلیش عارض نوخطان
همان استادان اردو زبان ‌ ‌ بشاگردیش حلقه در گوش جان

بلے تا نیش نیست الہام کس		ملقب بلا تانیش خوار دین

تا شاہ سخنش قباے مضمون در بر و تاج فصاحت بر سر زدہ و درایں صفحہ نشست ہر
لفظ را البصیادے طائر دل تمدید دام گستردن ہر نقطہ را بگرفتاری مرغ نگاہ تاکید دانہ
افگندن است تعالی زہے دیوانیکہ ہر نقطش بفانوسے کہ شمع طور سوزد و سبحان اللہ
خنے مجموعہ کہ ہر حرفش لفتیلگی چراغ خورشید زیبد خمسہ اش چو این خمسہ قالب خندانی
اعیش چار برگ گلشن معانی ماہ ہر ماہ از غم میکاہد و جا ورا و دراقش میخواہد اگر چرخ
از رو داغ ندیدی دہ جلدش کشیدی تار نگاہ بنگاہ تماشائیش رشتہ گلدستہ و خامہ
ہنگام عزم توصیفش چون غنچہ نو رستہ رنگینی اشعار رنگینش رنگ سرخ گلشن شکستہ و صفا
معانی صافش آئینہ را بزنجیر حیرت بستہ ہر صفحہ اش فردوسیکہ در بین السطورش کوثرے
در ہر سطرش قلزمے کہ در صدف ہر لفظش گوہرے شاہان ابیاتش از غزل و قصیدہ
و قطعہ و رباعی و مخمس کہ در صفحہ صفحات با نداز دلربائی نشستند و کمر دلفریبی
بستند لا بل عیار سخن اکنون نداشتی نکہ بہزار و نہ صد و یک اندر آمد حال مردمک
عرق پیشانی پشیمانی نالہ بلبل و در افتادہ از آشیان آرشیب
ابجد خوان مکتب حیرانی خار و پا خلیدہ صحرائے نا کامی سر
بہ پشت پا دوختہ تشویر آہ بے شرر اشک کباب جگر سوختہ عنان گسستہ
مضمار ناکامی خاکپاے سخنوران تنگ خاندان نہال نام الہام ولد مولانا
الہامی مولوی عبد الہادی و نامی کہ یکے از زلہ ربایان خوان افادت وست و خوشہ
چینان خرمن افاضت او اگر قفل سکوت بر در بیان نہ اندازد و چہ سازد کہ بیم دراز نفسے
کوتہ اندیشان دارد مبادا کسے پندارد کہ مطارحات عرفیہ بکار بردہ عنان ستایش
بمبالغہ سپردہ است ہیہات من از چار تشبیع چو خنجم از ہیچدانی آفریدہ را چہ یارا کہ زبان بعدا
گستوئے ستودہ عالم بیاراستو و ستے آما گوہر نا آبردہ ہم از نیسان ہست و گل سازنگ

دلو ہم از سہالی خداوند حکمت شاہ سخنش در قلمرو زبانہا جاری و ساری شود
جنبش [illegible] در گلشن [illegible] تیز تر از باد بہاری باد فقط

آنکہ [illegible] گلشن مضمون	[illegible] فکر تا نخل فصاحت برگ و بار آرد
[illegible] آبیاری گل معنی	[illegible] خورشید را [illegible] کرد

قطعہ تاریخ

دیوان [illegible] شد امروز	مخفی ست بہر نقطہ حکایات افادات
الہام چنین مصرع تاریخ رقم زد	دیوان نکو مصحف آیات افادات

تمام شد

تاریخ طبع ثانی کلیات منیر از نتیجہ فکر [illegible] بار صاحب
حسین صاحب متخلص بہ [illegible]

[illegible]	چھپا شکر خدا [illegible]
	سب ہی خواہان تھے امیر و فقیر
[illegible]	جنس نایاب ہے اور بے نظیر

تاریخ دل سے کہا
کلام منیر